نیویارک میں صبح کے پانچ بجے جہاں سب ہی میٹھی نیند کے مزے لے رہے تھے۔ وہی ایک شخص ٹریکنگ شورٹ ٹراؤزر، اور باریک سی شرٹ میں مارننگ واک تیز رفتار سے دوڑ رہا تھا۔

چھ فٹ قد، سفید کسرتی جسم، بلیو گہری وحشت سے بھرپور خوفناک آنکھیں، کھڑی مغرور ناک، کالے سیاہ بال پیشانی اور گردن پہ بکھرے ہوئے تھے۔ پیشانی پہ لکیریں کسی گہری سوچ کا پتہ دے رہی تھی۔

جسم پہ باریک شرٹ کی وجہ سے سینے پہ دل کے مقام کے نیچے ایگل) چیل (نما ٹیٹو بلکل واضح ہو رہا تھا۔ جو کے اسے اور خوفناک بنا رہا تھا۔

پسینہ سے پورا جسم شرابور تھا۔ لیکن اسے کوئی پرواہ نہیں تھی۔ کتنا ہی وقت گزر گیا۔

لیکن اسکی سوچ کا تسلسل نہ بدلہ۔ ٹھیک پندرہ منٹ بعد وہ تھوڑی دیر کے لئے روکا۔

اسکے پیچھے جو ملازم کب سے اپنے مالک کے روکنے کی دوا لررہے تھے۔ اللہ کہ شکر کیا اور فوراً حرکت میں آئے تھے۔ ایک کے ہاتھ میں تولیہ تھا۔

جبکہ دوسرے کے ہاتھ میں پاین اپیل جوس۔

ٹاول سے پسینہ صاف کیا اور جوس لے کے اسے گھونٹ گھونٹ پینے لگا۔ اور اسکے بعد پھر سے پنی اسی سپیڈ سے دوڑنا سٹارٹ کر دیا۔ لیکن اب رخ گھر کی طرف تھا۔

جہاں ایک شاندار محل اپنی شان سے کھڑا تھا۔ جسکے نیم پلیٹ پے دورانی پیلس لکھا تھا اور ساتھ میں ہی ایک جنگلی ایگل)باز (بنا ہوا تھا کوئی دیکھتا تو دیکھتا ہی رہ جاتا۔ اسکی آنکھوں سے ہی وحشت جھلک رہی تھی۔

بڑا سا بیرونی گیٹ تھا جہاں پے گارڈز پہرا دے رہے تھے ساتھ ہی بڑا سا پارکنگ ایریا تھا جہاں اسکی لینڈ کروزر کی ایک سے بڑھ کر ایک شاہکار موجود تھی جو اپنی مثال آپ تھیں دیکھنے والے دیکھتے تو رشک ہی کرتے رہ جاتے۔

اسکے سائیڈ پے ہی ایک وصعی و عریض گارڈن موجود تھا۔ جس میں ہر قسم کے پھول موجود تھے خاص کر بلیک روز۔

املی اور آم کے درخت جو کے کسی خاص کے لئے تھے یہ پورا گارڈن ہی کسی کی پسند کے مطابق ڈیزاین کیا گیا تھا۔

اور گارڈن میں ایک عدد بڑا اور شاندار جھولا تھا جسکی سائیڈوں کو چمبیلی اور للی کے پھولوں سے پوری طرح سجایا ہوا تھا۔

مالی ہر وقت ییں پودوں کی دیکھ بھال اور کانٹ جھانٹ میں۔ مصروف نظر اتے۔ اگر کبھی بھی کسی چیز کی ضرورت ہوتی یہ کوئی بھی ایسی چیز جو چاہے کتنی ہی مہنگی کیوں نا ہو فوراسے آویل کی جاتی ان چیزوں پے تو پیسہ وہ پانی کی طرح بہاتا تھا۔ آخر یہ سب اسکی جان کی پسند کی چیزیں تھیں۔

گھر کیا تھا مانو محل ہی تھا وہ جیسے ہی گھر میں انٹر ہوا تو شیشے کا فرش جسکے نیچے رنگ برنگی مچھلیاں غرض پانی کے اندر کا حسین منظر پیش کر رہیں تھیں۔

اس شاہانہ سفید محل میں اس کے قدموں کی دھمک ہر در و دیوار سن رہا تھا.

ایک راہداری سے گزرتے ہوئے اس نے خود کو ایک نظر دیوار میں لگے آئینے میں دیکھا،اور آگے بڑھ گیا.

اس محل میں کسی چیز کی کوئی کمی نہ تھی. . . . . .

سفید رنگ کا یہ محل درانی پیلس کے نام سے مشہور تھا . . . .

سیڑیاں عبور کرتے راہ داری میں ہی اس مغرور سے شہزادے کا کمرہ تھا . . . . .

وہ مغرور چال چلتا اپنے کمرے میں داخل ہوا . کمرے میں داخل ہوتے ہی اندھیرے نے اسکا استقبال کیا۔

کمرہ کیا تھا؟

کسی شہزادے کی خواب گاہ جیسا !

فرش پہ بچھا نرم ملائم قالین، جس پر قدم رکھتے ہی پاؤں اندر دھنس جاتے !

۔اوف وائٹ رنگ میں نہایا یہ کمرہ درانی پیلس کا گویا دل تھا !

جہاں خود ایک ضدی، جنونی قلب بستا تھا .... !

ہر چیز اوف وائٹ اور سکن کلر کے امتزاج میں ڈوبی ہوئی، اس کمرے کے مالک کے اعلی ذوق کا پتا دیتی تھی

۔

جہازی سائز کے پلنگ کے اوپر، عین وسط میں اس مغرور سے شہزادے کی شاہانہ سی تصویر تھی، جو کسی کو بھی لمحے بھر کے لیے مبہوت کر سکتی تھی۔

کشادہ کھڑکیاں، کمرے سے ملحقہ بالکونی !!!!۔

یہ اس مغرور شہزادے کے کمرے کا منظر تھا.

وہ شہزادوں کی آن بان والا شہزادہ مغرور چال چلتا ڈریسنگ کے پاس آیا اور سیکرٹ بٹن پریس کرتے ہی سامنے آل اے ڈی وال روشن ہو گئی۔

اسکی نظر سامنے لگی بڑی سی آل اے ڈی وال پہ پڑی۔ اسے دیکھتے ہی ایک سکون کی لہر اسکے جسم میں سرایت کرنے لگی۔

مانو تصویر میں حجاب میں موجود گرین آنکھیں اسے ہی دیکھ رہی ہوں۔ کتنی ہی دیر وہ تصویر دیکھتا رہا۔ اس وقت اسکی آنکھوں میں ایک الگ ہی چمک تھی۔

نیلی آنکھیں روشن تھی۔ اور زندگی سے بھرپور مسکراہٹ رقص تھی۔

اسکے وجیہیہ چہرے پے. اگر اس وقت کوئی اسے یوں مسکراتے ہوئے دیکھ لیتا تو یقیناً غش کھا کہ بے ہوش ہو جاتا۔

کیوں کہ وہ مغرور انسان کسی کے سامنے مسکرانا تو دور کی بات کبھی سیدھے منہ بات تک کرنا گوارانہ کرتا۔ اسے کہا گوآرا تھا۔

کہ کوئی اسکے سامنے اف بھی کرے۔ وہ کوئی عام انسان تو نہیں تھا۔ نیویارک کے نمبرون بزنس مینز میں سے ایک۔

درانی انڈسٹریز کا مالک، اپنی زندگی کے پندرہ سال لگادیے اسنے یہاں تک پہنچنے میں۔

اسکا ایک ہی مقصد تھا درانی انڈسٹریز کو بلندیوں تک پہنچانا۔ اور وہ کامیاب بھی رہا تھا۔

اور اب جانا تھا اسے پاکستان واپس ایک ادھورا کام پورا کرنے۔

اب دیکھنا تھا۔ وہ اس کام میں کامیاب ہوتا ہے یا نہیں؟

وہ دونوں بھاگ رہے تھے کافی دیر سے خوف انکے چہرے پے واضح دیکھ رہا تھا

انہیں بس نکلنا تھا یہاں سے اور وہ بارہ سالہ لڑکا تیز رفتار سے بھاگ رہا تھا۔

اپنی چار سال کی ڈول کو لیکر۔

اسکا ہاتھ مظبوطی سے تھام رکھا تھا۔ مانو کوئی چھین نہ لے اس سے اسکی ڈول کو۔

رات کے اس پہر جب سب سو رہے تھے۔ وہ جنگل میں بس بھاگی جا رہے تھے۔

انکے پیچھے آدمی لگے ہویے تھے۔ جنگل میں عجیب وحشت پھیلی ہوئی تھی۔ جنگلی جانوروں کی آوازوں سے ماحول اور وحشت ناک ہو گیا تھا.

ایسے میں بس دونوں کے بھاگنے کی وجہ سے پتوں میں ارتعاش پیدا ہو رہا تھا۔

اور وہ دونوں مسلسل بھاگ رہے تھے۔ وہ گڑیا بھی اسکے ساتھ کھینچتی چلی جا رہی تھی۔

آچانک ٹھوکر لگنے سے وہ دونوں گرے اور جنگل کی خاموش فضا میں انکی چیخے بلند ہوئی۔ "

نہیں۔ ی۔ ی۔ ی۔ ی۔ ی۔ ی، ی، ی، ی، "۔

ایک چیخ کے ساتھ اسکی آنکھ کھلی تھی۔ پورا جسم پسینہ میں نہایا ہوا تھا۔

سانسیں تیز تیز چال رہی تھیں۔ پورا جسم خوف سے کانپ رہا تھا۔

پچھلے پندرہ سال سے وہ یہ خواب دیکھ رہی تھی۔ اور آج تک یہ سمجھ نہیں آیا تھا۔

کہ اس خوآب میں آخر وہ دونوں کون تھے؟

کیا یہ محض ایک خواب ہے یا حقیقت؟؟

بہت سوال تھے جن کے جواب اسکے پاس نہیں تھے۔ اور نہ ہی اسے کچھ یاد تھا۔

کافی دیر بعد جب وہ کچھ سمجھنے کے قابل ہوئی تو نظر سامنے وال کلاک پہ پڑی۔ اور نظر پڑتے ہی وہ تیر کی تیزی سے بیڈ سے اتری اور واشروم کا رخ کیا۔

وضو کر کے فوراً سے باہر آئی۔ گلابی رنگت، معصوم سی صورت، سبز آنکھیں، گھنی پلکیں، گلابی ہونٹ، بھرے بھرے گلابی گال، براؤن کمر سے نیچے تک اتے بال، صراحی دار گردن اور گردن میں ایک چین تھی۔

جو بچپن سے اسکے پاس تھی۔ اور اسے بہت عزیز بھی تھی۔

سفید دوپٹہ کو حجاب کی طرح اوڑھا ہوا تھا۔ اور نماز کی نیت باندھی تھی۔

وہ واقعی آسمان سے اتری کوئی حور لگ رہی تھی۔ نماز کے بعد لمبی دعا مانگتی تھی۔ اور آپنے گھر کی خوشیاں۔

بیشک وہ ذات پاک ہے اور کوئی بھی خالی ہاتھ نہیں جاتا۔

ہم کوئی دعا مانگتے ہیں تو سوچتے ہے جلدی سے پوری ہو جائے یہ جانے بغیر کے وہ ہمارے حق میں بہتر ہے بھی یا نہیں۔

لیکن وہ ذات تو بر حق ہے وہ ہمیں وہ دیتا جو ہمارے حق میں بہتر ہے۔ بے شک ساری تعاریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔

جائے نماز کو تہہ کر کے اسکی جگہ پہ رکھا۔ اور آب اسکا رخ مسکان کے روم کی طرف تھا۔

ایسا تو ہو نہیں سکتا کہ مسکان میڈم خود سے اٹھ جائے۔ "

ارے بیا میری گڑیا اٹھ گئی "۔

آمنہ بیگم جو نماز کے بعد آب شجاعت صاحب کے لئے چائے بنانے جا رہی تھیں۔ اپنی پیاری بیٹی کو دیکھ کے رک گئیں۔ "

جی امی مسکان کو جگانے جا رہی ہوں۔ آب آپ کو تو پتہ ہی ہے وہ نیند کی کتنی پکّی ہے۔ ایسا تو ہو نہیں سکتا کے وہ خود اٹھ جائے۔ "۔

"ایک تو یہ لڑکی کبھی نہیں سدھر سکتی اتنی بار کہا ہے جلدی سو جایا کرو۔ پھر صبح اٹھنا بھی ہوتا ہے۔ لیکن مجال ہے جو مشی سن لے "۔ آمنہ بیگم کی بات سن کے بیا کے چہرے پے مسکراہٹ آ گئی۔

"امی بچی ہی ابھی ہو جایئگی عادت آپ پریشان نہ ہوں "۔
"تم نے اور تمہارے بابا نے بگاڑ کے رکھا ہوا ہے پتہ نہیں کیا ہو گا اس لڑکی کا "۔ کہتے ہوے آمنہ بیگم نے کچن کا رخ کیا۔

بیا جیسے ہی کمرے میں داخل ہوئی تو دیکھا مشی میڈم خواب خرگوش کے مزے لے رہی ہیں

اور کمرے کی ہر چیز بکھری پڑی تھی۔

بے بی پنک کلر کے امتزاج سے یہ کمرہ کسی چھوٹی بچی کا روم معلوم ہوتا تھا۔ مشی کی سبے بی پنک کلر کے امتزاج سے یہ کمرہ کسی چھوٹی بچی کا کمرہ معلوم ہوتا تھا۔

مشی کی سوچ ہی نرالی تھی جب پنک کلر لڑکیوں کے لئے ہے تو۔ پھر بس ہر چیز پنک لیپ ٹاپ , سلیپرز۔ یہاں تک کے واشروم کا کلر بھی پنک۔

" افففف ف۔ف۔ف۔ف۔ف۔۔۔۔۔۔،

مشی اٹھ بھی جاؤ " !۔

بیا جو کے مشی کو اٹھانے کی کوشش کر رہی تھی آخر میں۔ تنگ آ کر بولی۔

لیکن مجال ہے مشی میڈم ہلی بھی ہو۔ "مشی اٹھ جاؤ ماما آ گئی "۔

اور یہ۔ سننے کی دیر تھی مشی میڈم جو جان کے اپنی آپی کو تنگ کر رہی تھی چھلانگ لگا کے بیڈ سے نیچے اتری۔ اور دروازے پے امی کو دیکھنے لگی جو وہاں نہیں تھی۔

اور آب رخ بے اختیار آپی کی طرف تھا، جسکے چہرے پے شریر مسکراہٹ تھی۔

اور اپنے الو بننے پے خفگی کی وجہ سے پھولا چہرہ لیکر واشروم کی طرف بڑھی۔ تو بیا کی آواز اسکے کانوں میں پڑی۔

"

میری جان صبح صبح مجھے الو بنانے کی تیاری تھی، جبکے جانتی بھی ہو آپی تمہاری رگ رگ سے واقف ہے "۔

یہ سننے کی دیر تھی کے مشی کے چہرے پے سمائل آگئی تھی۔ اور جلدی سے بیا کے گلے لگ گئی۔ "

آپ کتنے اچھے سے جانتی ہے نہ اپنی مشی کو "۔ اور بیا کو کچھ بھی سوچنے کا موقعہ دئے بغیر اسکے دونوں گال چٹاچٹ چوم لئے اور آب اپنی آپی کا چہرہ دیکھ رہی تھی، جو کے پورا گلابی ہو گیا تھا۔

وہ ایسی ہی تھی فوراََ سے شرما جاتی۔ اور آب بھی یہی ہوا تھا۔ جبکہ مشی فوراواشروم بھاگ گی تھی۔

ابھی نماز بھی پڑھنی تھی۔ جب کہ آمنہ بیگم کی آواز صاف آ رہی تھی۔ وہ نیچے بُلا رہی تھی دونوں کو۔ وہ بھی واقف تھی۔

کہ ضرور مشی آب بیا کو تنگ کر رہی ہوگی۔ وہ ایسی ہی تھی شرارتی اور چُلبلی سی۔

پورے آفندی ولہ میں رونق لگ جاتی تھی جب مشی اور غازی) گوزائل (ساتھ ہوتے دونوں کا دن ہی نہ گزرتا جب تک کوئی کارستانی نہ انجام دے لے۔

اسکے بعد انکی معصوم شکلیں دیکھنے والی ہوتیں۔ جیسے ان سے معصوم تو کوئی ہیے ہی نہیں۔

ڈائننگ ہال میں سر براہی کرسی پہ شجاعت آفندی اخبار پڑھنے میں مصروف تھے۔

جبکہ انکے ساتھ والی چیئر پے انکی شریک حیات آمنہ بیگم موجود تھیں۔

اور آب انتظار تھا تو اپنے بچوں کا۔ اسی اثنا میں بیا ڈائننگ ہال میں داخل ہوئی۔

" السلام علیکم بابا جانی، ماما جانی "۔ مسکراہٹ کے ساتھ دونوں کو سلام کرتے ہوئے اپنی نشست پر بیٹھ گئی۔ "
وعلیکم السلام "!،

دونوں افراد نے خوشی سے جواب دیا۔

ایک وہی تو تھی انکی معصوم اور بھولی بیٹی۔

جسے باقی تو بعد کی بات وہ دونوں بہن بھائی ہی نہیں چھوڑتے تھے اپنی آپی کو۔

وجہ اسکی معصومیت تھی۔ جو انکی باتوں میں آجاتی تھی۔

اسی اثنا میں وہ دونوں بھی ڈائننگ ہال میں داخل ہوئے "السلام علیکم ماما، بابا " !۔،

اور فوراسے اپنی جگہیں سنبھال لی اور خاموشی سے ناشتہ کرنے لگے۔

سب ملازم فوراسے حرکت میں آیے تھے اور خشگوار ماحول میں ناشتہ کیا گیا۔

ناشتہ کے بعد غازی اور مسکان یونیورسٹی روانہ ہو گے

جبکے بیا گھر پے ہی تھی کیوں کہ وہ کچھ دنوں کے لئے ہر آئی تھی۔ وہ میڈیکل کے تھرڈ ایئیر میں تھی اور اب گھر آئی ہوئی تھی۔

وہ وہاں ہوسٹل میں رہائش پذیر تھی۔ لیکن اسکے بابا جانی نے اسے ایک فلیٹ بھی دیا ہوا تھا۔ جب بھی مشی اور غازی ملنے جاتے وہ تینوں وہاں پے بیا کے ساتھ سٹے کرتے۔

یہ تھا آفندی ولہ جسے جنّت بنانے میں بڑا ہاتھ آمنہ بیگم کی خوش مزاجی اور صبر کا تھا۔

وہ ایک فرمابردار شریک حیات ثابت ہوئی تھیں۔ شادی کے دو سال بعد بیا آئی تھی۔ انکی زندگی میں۔ اسکے بعد گوزائل اور مسکان نے انکی زندگی مکمل کر دی تھی۔

انہوں نے پوری توجہ انکی پرورش پے لگادی خاص کر اسلام کے ہر پہلو سے آگاہی دینے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی۔

وہ جتنا اللہ کا شکر ادا کرتی کم تھا۔ کہ اسنے انھیں نیک اور صالح اولاد عطا کی۔

جاری ہے_

Surprise surprise surprise 😍😍😍🙈🙈🙈

Don't copy paste without my permission📷📷

ناول#مریض_ء_عشق

از#سندس_پری

قسط_2

مشی اور غازی یونی پہنچتے ہی اپنے اپنے ڈپارٹمنٹ میں چلے گئے۔

لیکن جانے سے پہلے غازی وارن کرنا نہیں بھولا تھا ":

اگر ٹائم پے مجھے یونی کے گیٹ پے نہ ملی نہ خود آنا گھر ۔ "

اور مشی بھی کہاں کم تھی فورا سے منہ بنا کر نقل اتاری اور زبان دیکھا کر فورا بھاگ گئی

اور پیچھے غازی بیچارہ لب بھینچ کے رہ گیا۔

یہ بات تو تہہ تھی کے بدلہ تو لینا تھا۔ شیطانی دماغ میں ایک خیال کوندا تھا اور آنکھوں میں پراسرار چمک تھی.

اور اگلا لائحہ عمل سوچتے ہوئے ڈپارٹمنٹ کی طرف بڑھا۔

"مشی کہاں تھی یار! سر جنید کی کلاس سٹارٹ ہو گئی

ہے.

آج پھر تیری وجہ سے ڈانٹ پڑے گی!" مشی کے آتی ہی شازیہ اس پہ چڑ دوڑی۔ کیوں کے وہ بھی ایک نمبر کی ڈرپوک تھی۔

اور آج مشی کی وجہ سے یقیناً ڈانٹ پڑنی تھی۔

مشی کے چہرے پے اطمینان دیکھ کے اسے اور غصہ آرہا تھا۔ آب ضرور مشی نے کیوں کچھ کرنا تھا۔

کیوں کے اسکا ذہن مسلسل کسی سوچ میں تھا۔

اور پھر وہی ہوا مشی کی آنکھوں کی چمک دیکھ کے شازیہ سمجھ گئی۔ کے مشی نے اپنے دماغ کے گھوڑے دوڑا لئے ہیں۔

شازیہ نے افسوس کی نظر سے مشی کو دیکھا اور مشی نے اسی ٹائم ایک آنکھ دبائی تھی۔

وہ دونوں نے اس وقت حجاب سٹایل سکارف میں موجود تھیں۔

”چل مشی کلاس میں جلدی تو مروآے گی ایک دن“۔

”اوہو تو کیوں ٹینشن لے رہی ہے میں ہوں نہ۔بس بیچاری سی شکل بنا“

”السلام علیکم سر !میں آئی کم ان سر ؟“۔

سر جنید جو کے لیکچر دینے میں بزی تھے۔ان دونوں کی آواز پے انکی طرف متوجہ ہوے۔

”نو۔۔۔یو آرر نوٹ ! آپ بتانا پسند کرے گی کہ آپ دونوں لیٹ کیوں آئیں ہیں“۔

”جنید سر تو فل غصے میں لگ رہے ہیں آج تو گئے مشی ہم “ ،

شازیہ نے مشی کے کان میں سرگوشی کی تھی۔

مشی نے ایک بھرپور غصے کی نظر اس پے ڈالی اور دنیا جہاں کی معصومیت آپنے چہرے پے سجا کے سر کی طرف متوجہ ہوئی۔

"سر آپ سہی کہ رہے ہیں لیکن آپ ہی کہتے ہیں نہ ہمیشہ دوسروں کے کام آنا چاہیے انکی مدد کرنی چاہیے

تو ہم بھی وہی کر رہے تھے۔ نیو کمرز کو انکی کلاس تک چھوڑنے گئے تھے ہم دونوں !

وہ بیچاری کب سے اتنی سردی میں باہر کھڑی ہیلپ مانگ رہی تھی لیکن سبکو اپنی ہی پڑی تھی۔ تو ہم تو بس اسے اسکی کلاس تک چھوڑنے گے تھے۔ لیکن اگر آپ کی نظر میں ہم غلط ہیں تو ہمیں سزا دیدیں آپ"۔

اتنی معصومیت سے یہ ڈرامہ کیا کے سر جنید کیا کوئی بھی ہوتا تو مشی کی بات پے ایمان لے آتا۔

اور سر جنید وہ تو خوش ہی ہو گئے":

آئی ایم پراوڈ اوف یو۔ گو اینڈ ٹیک یور سیٹ "۔

مشی نے شازیہ کو دیکھ کے آنکھ دبائی اور جا کے سیٹ پے بیٹھ گئی۔"

میں نے کہا تھا نہ جب مشی ہے تو پھر کیا ٹینشن ہے "!۔

جیسے ہی پیریڈ اوف ہوا مشی کی تو جان میں جان آئی۔ چل شازی مجھے بہت بھوک لگی ہے۔

اور آب دونوں کہ رخ کنٹین کی طرف تھا۔ دونوں باتیں کرتے ہویے جا رہیں تھیں

جب اچانک سے مشی کا زوردار تصادم ہوا اور وہ مقابل کے چوڑے سینے سے ٹکرائی ایسا محسوس ہوا جیسے کسی چٹان سے ٹکرا گئی ہو اس سے پہلے کہ وہ زمین بوس ہوتی۔ مقابل نے اسے گرنے سے بچا لیا۔

اسے تو بچا لیا لیکن اپنے دل کو نہ بچا پایا جو کے پہلی ہی نظر میں اس حسینہ نے چرا لیا تھا۔ اور وہ مبہوت سا اسے تکے گیا۔ اتنا مکمل حسن۔

مشی جس نے خوف سے سے آنکھیں بند کر لی تھی اپنے آپکو کسی کی مضبوط گرفت میں محسوس کر کے پٹ سے اپنی آنکھیں کھولی۔

اور چڑ دوڑی مقابل پہ۔ ”آپ کو دکھائی نہیں دے رہا اتنی بڑی بڑی آنکھیں کیا ادھار دے کے آئے ہیں“۔

”مشی چپ کر اور چل یہاں سے!“۔

”ارے اسے کیسے پہلے یہ مجھے سوری کرے گا ورنہ میں چھوڑوگی نہیں اسے۔ یہ سب انکی ٹرکس ہوتی ہیں جہاں لڑکی دیکھی نہیں کے ہو گے شروع“۔

اور وہ جو کب سے اسکی نشیلی آنکھوں میں کھویا ہوا تھا۔ ایکدم سے اسے چھوڑا اور مشی زمین بوس ہوئی.

شازی نے فوراسے اسے اٹھایا۔

” تم تمہاری اتنی ہمت پہلے مجھ سے جان بوجھ کے ٹکرائے اور آب تم نے مجھے نیچے گرایا۔ تم سمجھتے کیا ہو خود ہو۔“۔

” ہینڈسم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ “۔ مقابل نے بھی جلانا ضروری سمجھا تھا۔

"تم۔۔۔۔ تمنے اپنی شکل دیکھی ہے بندر لگ رہے ہو وہ بھی بیرڈ والے "۔ مشی نے اسکی وجہیہ چہرے پے سجی داڑھی پے چوٹ کی۔

جو کے اچھی تو اسے بھی بہت لگی لیکن بدلہ بھی تو لینا تھا نہ۔ اور مقابل کا منہ تو دیکھنے لائق تھا۔

آگ ہی تو لگ گئی تھی اسے۔ کہا برداشت تھی اپنی اتنی پیاری بیئرڈ کی توہین۔ وہ تو آگ بگولہ ہو گیا تھا۔

اب تو وہ بھی سینہ تان کے میدان میں اتر آیا تھا۔ "پہلے تو مجھے لگا تم پاگل ہو لیکن آب پتہ لگا تمہاری چوائس بھی خراب ہے تمہارے دماغ کی طرح۔

تبھی تو تمہیں چھلے ہوئے مرغے اچھے لگتے ہیں ۔

ہمممم نوٹ بیڈ چوائس مممم"۔

طنزیہ کہہ کے اگے بڑھ گیا۔ اور مشی کا۔ دماغ تو بس پاگل۔ والی بات پے ہی اٹک گیا تھا۔

اور وہ یہ جا وہ جا ہو گیا تھا۔ جب تک مشی تو اب تک حیران تھی کوئی اسے پاگل کہہ کے گیا ہے وہ بھی مشی کو ۔غصہ سے اسکا دماغ خراب ہو گیا تھا۔

اور جب مشی کا دماغ خراب ہوتا تو میڈم کو بھوک لگتی۔ اور پچھلے آدھے گھنٹے سے بس کھائے جا رہی تھی۔ "

مشی یار بس کر سب ہمیں ہی دیکھ رہے ہیں۔ تو اور کتنا کھائے گی۔ 3 برگر دو پیپسی 4 پلیٹ فرنچ فرآئز کھا چکی ہے"۔

"شازی وہ مجھے پاگل کہہ کے گیا ہے کیا میں پاگل ہوں؟"۔

اتنا معصوم فیس بنا کے کہا کے شازی بھی ہنس پڑی۔ "

تو ہنس رہی ہے۔ جا میں اب تجھ سے بھی بات نہیں کروگی"۔

" اچھا اچھا سوری۔۔۔۔ لیکن تو غصہ میں اور بھی کیوٹ لگتی ہے "۔اور مشی مسکرا دیتی ہے۔

"چل اب نیکسٹ کلاس سٹارٹ ہونے والی ہے"۔

"ہاں چل۔۔۔۔ لیکن میں اسے چھوڑوگی نہیں اگر وہ مجھے دوبارہ ملا تو " ! ،

یہ بات کوئی دس مرتبہ مشی خود کو ذہن نشین کروا چکی تھی۔
📷 کلاس اوف ہوتے ہی مشی اور شازی باتیں کرتی ہوئی یونی کے گیٹ تک آئ

۔"اور یہ کیا غازی بھائی کہاں ہیں واچ مین انکل؟"۔"

بیٹیا وہ تو کہہ رہے تھے آپ اپنی دوست کے ساتھ جاؤ گی "۔

"غازی بھائی آپکو تو میں چھوڑوگی نہیں"۔

"چل مشی میں تجھے چھوڑ دیتی ہوں"۔

اور مشی میڈم تو غازی سے بدلہ لینے کے بارے سوچ رہی تھی

اور اس وقت اسکا دماغ سو نہیں دو سو کی سپیڈ سے کام کر رہا تھا۔اور اسکی انکھوں میں ایک چمک آئی تھی۔

جاری ہے۔

Yeh ly gi surprise episode 🙈😍😍 ab respons b acha ana chaye warna mainy b phir week mai 2 ya 3 episodes deni hain 😏 or mujy pta hi ap acha respons dy gy 🙈🙈🙈😍😍😍

1st episode 👇👇👇👇👇👇👇

https://www.facebook.com/groups/NovelBank/permalink/1197703330566252/

Surprise Surprise 🙈🙈😍😍😍

Don't copy paste without my permission💣💣

ناول#مریض_ء_عشق

از#سندس_پری

قسط_3

"سر آج آپ کی دو بجے اے—کے جویلرز کے ساتھ میٹنگ ہے اسکے بعد آپ نے جو سائٹ دیکھنے کہا تھا وہاں جانا ہے آپ نے۔اور نیو ڈیزائنز بھی آگئے ہیں۔وہ آپ کی ٹیبل پے رکھ دئے ہیں آپ وہ بھی چیک کر لے—"

جیسے ہی وہ آپنے آفس میں انٹر ہوا اسکی سیکٹری نے پورے دن کا شیڈیول اسکو ریمنڈ کروایا تھا۔

انٹر کام بجا تھا۔اور اسکی نظر گئی تھی وہاں:"او کے مس تاشہ آپ جا سکتی ہیں—"

''اوکے سر! ہیو آ گڈ ڈے ''!۔

پروفیشنلی جواب دے کے وہ کیبن سے باہر چلی گئی تھی۔

اور وہ انٹر کام کی طرف متوجہ ہوا تھا۔ ''یس؟''، وہی مغرورانہ لہجہ۔

''سر آپ سے ملنے کوئی شمس الدین آۓ ہیں''۔شدید غصہ کی لہر دوڑی تھی پورے جسم میں۔

اور جب بولا تھا تو لہجے میں چٹانوں سی سختی تھی۔
''مسٹر باقر کیا انہوں نے اپوئنمنٹ لی ہے؟''۔

''نن نن نو سر۔۔۔۔۔''۔

''تو پھر مجھے کیوں انفارم کر رہے ہیں آپ۔ اگر کسی کو ملنا ہے تو پہلے اپوئنمنٹ لے۔

اور ہاں اگلے دس دن تک میرا شیڈیول بزی رہے گا۔

گوٹ دیٹ۔.....

اگر کوئی آپوئنٹمنٹ ہے بھی تو اسکے بعد ہو گی۔اور دوبارہ مجھے یہ بات بتانی نہ پڑے“۔

اور کھٹاک فون بند کیا تھا۔آنکھوں میں پھر سے سرد جنگ شروع ہو گئی تھی۔

اور وہ بڑے انہماک سے دوبارہ لیپ ٹاپ پہ جھک گیا۔

اور اب کسی میں بھی اتنی ہمت نہیں تھی کے وہ اس بھپرے شیر کے سامنے جانے کی گستاخی کرے۔

مشی گھر آتے ہی سیدھا غازی کے روم میں گئی۔اب بدلہ بھی تو لینا تھا نہ۔

مشی اور چھوڑدے کسی کو ایسا ہو نہیں سکتا۔ خود ہی اپنی سوچ پے مسکر آئی

اور   جلدی سے اپنا کام کرنے لگی۔ آخر جو کارنامہ سوچا تھا وہ بھی تو سرانجام دینا تھا۔

اور ٹھیک بیس منٹ بعد وہ خاموشی سے اپنا کام سرانجام دے کر اپنے روم میں اکے لیٹ گئی۔

اور غازی کے ری آیکشن کا سوچ سوچ کے مسکرانے لگی۔

" غازی بھائی آپ بھی نہ جب آپکو پتہ ہی آپ مشی کو تنگ کرے گے تو وہ بھی تو بدلہ لے گی نہ۔

اور مشی کا بدلہ تو پھر مشی کا بدلہ ہوتا ہے،

چلو جب تک بھائی نی اتے تھوڑا ریسٹ کر لیتی ہوں۔

پھر ڈرامہ مس بھی تو نی کرنا نہ" 😜

"پلیز میرے ساتھ یہ سب مت کرو تمہے اللہ کا واسطہ ہے۔ مجھے چھوڑ دو"۔"

"ایسے کیسے چھوڑ دوں۔ جان من۔ تمارا تو سودا پکّا ہو گیا ہے پچاس لاکھ دے رہا ہے وہ پاگل تمہارے لئے۔

ہم بھی تو دیکھے ایسا کیا ہے تم میں، تو کیوں نہ پہلے خود ہی ٹیسٹ کر لیں"۔ خباثت سے کہتے ہوئے اسکے قریب جانے لگا۔

اس سے پہلے کے وہ اسے کچھ کہتا روم کا دروازہ کھولا اور اسکا آدمی اندر آیا۔

"شیخ بوس کا فون آیا ہے۔ آپ بات کر لو۔ ایمر جنسی ہے"۔

"چلو۔۔۔ یہ بوس کو بھی آرام نہیں ہے۔

اور تم خود کو تیار کر لو۔ زیادہ چوں چرا اں کی نہ تو ہڈی پسلی توڑ دوں گا۔"۔

جیسے ہی شیخ باہر گیا وہ نوکر فوراً اسکے پاس آیا۔
اور وہ ڈر کے دو قدم پیچھے ہوئی۔

خوف اسکے چہرے سے آیاں تھا۔"

بی بی ڈرو نہیں اور یہ چابی لو یہ اس کمرے کی چابی ہے، میں بوس کو بزی رکھوں گا۔ وسے بھی اب بوس باقی کم ختم کر ہی آپ کے پاس آ ہے گا تب تک آپ بھاگ جانا۔

یہ لوگ بیچ دے گے آپکو بہت ظالم ہیں یہ لوگ۔ اور بوس کی نیت وسے بھی آپ پے خر آب ہو گئی ہے

بھاگ جاؤ یہاں سے۔۔۔ بھاگ جاؤ۔۔۔
ـ

اگر بھاگ گئی تو ہاتھ مت لگنا انکے ورنہ چیڑ پھاڑ کے کھا جائے گے۔ اب میں چلتا ہوں۔"ـ

پر وہ وہی پے بیٹھ گئی۔ اور خاموشی سے آنسوں بہانے لگی۔

اپنے رب کے اگے سجدہ ریزہ ہو کے اپنی عزت کی حفاظت مانگنے لگی۔

کچھ دیر بعد جب رات گہری ہو گئی تو وہ آرام سے بغیر شور پیدا کیے دروازہ کھول کے اندھا دھند جنگل کی طرف بھاگ لگی۔

اسکے پاؤں میں نجانے کتنے ہی زخم آے لیکن اسے اس وقت صرف اپنی عزت بچانی تھی بغیر اپنے زخموں کی پرواہ کیے وہ بس بھاگے جا رہی تھی کے سامنے روڈ پے گاڑی نظر آئی۔

وہ فوراً سے اسکی طرف گئی مدد مانگنے کے لئے۔

یہ جانے بغیر کے وہ جس طرف مدد مانگنے جا رہی ہے وہاں سے اسے مدد تو کیا ہی ملے اگر وہ انکے ہاتھ لگ گی تو جو عزت بچا کر بھاگی ہے۔ اپنے مرنے کی دعا کرے گی۔

وہ تو آخری امید سمجھ کے گئی تھی اسکے پاس۔

لیکن اب اسکے ساتھ کیا ہونا تھا اس بات سے بلکل انجان تھی وہ،

جیسے ہی بھاگتے ہویے وہ گاڑی کے پاس گئی گاڑی کے ٹائر چر چرا ے تھے۔

اور وہ وہیں ہوش و خرد سے بیگانہ ہو گئی۔ آنے والے پلوں سے انجان۔

جاری ہے۔

1st episode 👇👇👇👇👇

https://www.facebook.com/groups/NovelBank/permalink/1197703330566252/

2nd episode 👇👇👇👇👇

ناول#مریض_ء_عشق

از#سندس_پری

#قسط_4

Surprise Surprise 😍😍😍🙈🙈🙈

Don't copy paste without my permission💣💣

غازی کو اپنے دوستوں کے ساتھ آج کافی دیر ہو گئی تھی رات آٹھ بجے واپسی ہوئی تھی اسکی۔

آتے ساتھ ہی پہلے وہ روم میں گیا، کپڑے لئے اور فریش ہونے واشروم چلا گیا۔

اور ٹھیک پانچ منٹ بعد اسکی چیخ برامد ہوئی۔

یخخ خ خ خ خ خ خ خ خ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیوں کے مشی میڈم نے شیمپو کی جگہ انڈا ڈال دیا تھا بوتل میں۔

اور غازی صاحب وہی انڈا بڑے مزے سے سر میں لگا کے مساج کرنے لگے

اور جب عجیب سی سمل آئی تو اسی ہاتھ کو ناک کے قریب لے جا کے سونگھا.

تو پتہ لگا جناب شیمپو کی جگہ انڈے کا مساج کر رہے تھے۔

گندے سے منہ کے ذاویہ بناتے ہویے وہ چیختے ہویے باہر آیا۔

"مشیییییییی................"—

ابھی اتنا ہی کہا تھا کہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکے پیر جو کے باتھ سلپر میں تھے اگے بڑھنے سے انکاری تھے

وجہ سلپر میں لگی ایلفی تھی اور اب وہ اسی جگہ سٹک تھا۔

اور مشی جو کے روم کے باہر کان لگا کے کھڑی تھی فورا اندر آئی اور زور زور سے ہنسنے لگی۔

"بھائی آپ۔۔۔۔۔۔۔۔

آپ..........ہاہاہاہاہاہاہاہا۔۔۔۔۔"۔

ہنسی کی وجہ سے بولا بھی نہیں جا رہا تھا۔

"بھائی کتنے کیوٹ لگ رہے ہو۔ایک سیلفی تو بنتی نہ"۔

اور فوراسے اسکی تین سے چار پکچرز بنالی۔

"مشی کی بچی میں چھوڑو گا نہیں تمہیں"،دانت پیس کر غازی نے کہا۔

"بھائی آپ خود کو سلیپرز سے آزاد تو کروالو پھر مجھے پکڑیے گا"

۔زبان چڑاکے بھاگ گئی غازی کے روم سے۔

اور پیچھے غازی بیچارے نے کوسہ تھا۔خود کو کے کیوں نہیں پک کیا مشی کو۔

اگر کرلیتا تو اب اس طرح باتھروب میں یوں ایک جگہ کھڑا نہ ہوتا۔

خیر مشی کی کلاس وہ بعد میں لینے کا سوچ کر پہلے خود کو سلیپرز سے اور انڈے کی بدبو سے آزاد کروانے کے بارے میں سوچنے لگا۔

کیوں کہ انڈے کی سمل تو برداشت سے باہر تھی۔

"السلام علیکم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سر!"

"وعلیکم السلام۔۔۔۔

آئیے اے سی پی رزم۔۔۔۔۔۔

ہم اپکا ہی ویٹ کر رہے تھے،

اب یہ کیس آپ ہینڈل کرے گے۔یہ ایک گروہ ہے جو ڈرگ کے ساتھ معصوم لڑکیوں کی بھی اسمگلینگ کرتے ہیں۔

ہمیں انکو انکے دردناک انجام تک پہنچانا ہے۔ انفارمیشن کے مطابق انکا ایک گروہ سٹوڈنٹس کی شکل میں لاہور یونیورسٹی میں بھی موجود ہے۔

اور وہ نئی نسل کو ڈرگ کا عادی بناتے ہیں اور جھوٹے پیار کے جال میں پھنسا کر انکی اسمگلینگ کرتے ہیں۔

اور زیادہ تر نوعمر لڑکیاں انکا شکار ہوتی ہیں جو انکے بہلاوے میں آجاتی ہیں۔ اور بعد میں پچھتاتی ہیں۔

یہ گروہ بہت جلد دوسرے شہروں کا بھی رخ کرنے کا سوچ رہے ہیں۔

ہمیں جلد سے جلد انکو پکڑنا ہے۔ اس فائل میں ان سے ریلیٹڈ ساری انفارمیشن موجود ہے۔

ڈی ایس پی شفیق نے ساری انفارمیشن رزم کے گوش گزار دی اور فائل اسکے حوالے کر دی۔

"آج سے اور ابھی یہ کیس آپ کے حوالے ہے۔

اے۔ سی۔ پی رزم جعفری!"۔

"ڈونٹ وری سر یہ کام اب میرے زمے۔

بہت جلد میں انکو انکے انجام تک پہنچاوں گا۔ اپنے ملک کی معصوم کلیوں کو مسلنے نہیں دو گا!"۔

اپنی کیپ لیکر وہاں سے روانہ ہو گیا۔ اب اسکا رخ لاہور یونیورسٹی کی طرف تھا۔

رزم ایک چھبیس سال کا خوبرو نوجوان تھا۔ چھ فٹ لمبا قد۔ کسرتی جسم چہرے پے داڑھی جو اسے اور مغرور بناتی تھی۔

اور کالی گہری سرد آنکھیں جن میں ہمیشہ اپنے ملک کے غداروں کے لئے کوئی احساس نہیں جاگتا تھا۔

اور جب بات لڑکیوں کی آتی تو اسکے اندر کہ حیوان جاگ جاتا اور ان لوگوں کو وہ عبرت کا نشان بناتا۔

اسکا ایک ہی مقصد تھا اپنے ملک کو جرم سے پاک کرنا۔ بہت کم عمر میں ہی اسنے یہ مقام حاصل کر لیا تھا۔

اسکی ایمانداری کے ہر جگہ چرچے ہوتے۔ لوگ بھی عزت کی نظر سے دیکھتے تھے اور جو لوگ پولیس کے بارے میں غلط سوچتے تھے

کہ یہ تو رشوت خور ہوتے۔ انکا لوگوں کا نظریہ بدل دیا تھااے۔ سی۔ پی۔ رزم جعفری نے کہ پولیس بھی ایماندار ہوتے ہیں۔

اور انکے رہتے کوئی بھی گندی نظر اٹھا کہ انکے ملک پاکستان کی طرف دیکھ نہیں سکتا۔

اور کوئی شک نہیں کے اللہ نے مسلمان قوم کو بہادر پیدا کیا ہے۔ وہ اپنے ملک کو بچانے میں اگر شہید بھی ہو جائے تو اسے اعزاز سمجھتے ہیں۔

اور اپنے ملک کی حفاظت کے لئے جان دے سکتے hainb تو اسی ملک کے لئے جان لے بھی سکتے ہے۔

اور اپنے اسی مقصد کو پورا کرنے وہ آج یونیورسٹی آیا تھا۔

اور وہاں پہ پہنچتے ہی اسکا سامنا براون آنکھوں والی حسینہ سے ہوا جو کے لون کے سوٹ میں ساتھ ہی میچنگ کھوسہ پہنے آنکھوں میں کاجل گھنی پلکیں، بھرے بھرے گلابی ہونٹ جن پہ ہلکی گلابی رنگ کی لپسٹک لگی ہوئی تھی،اور گلابی ہی گال اور میک آپ سے پاک چہرہ۔

وہ حسینہ پہلی ہی نظر میں اسکا دل دھڑکا گئی۔اور پہلی نظر کا پیار کیا ہوتا ہے آج کوئی اے۔سی۔پی رزم سے پوچھتا۔

وہ کوئی حسن پرست نہیں تھا لیکن حجاب کی طرح دوپٹہ سے اپنے معصوم چہرے کو کور کیے وہ حسینہ اسکا دل چرا لے گئی تھی۔

اسے وہ کوئی گڑیا ہی لگی تھی جو کے محض سترہ سال کی ہی ہوگی۔

لیکن کیا اسے اسکی محبت ملنی تھی؟۔۔۔۔۔۔۔۔

یا پھر پا کے بھی کھودینی تھی یہ محبت وہ بھی اپنے ہی ہاتھوں سے؟۔۔۔۔۔۔۔۔

ان سب سوچوں سے انجان وہ تو بس اپنی قاتل حسینہ کے بارے میں سوچ رہا تھا۔

وہ حسینہ جتنی حسین تھی اسکی زبان توبہ۔"

رزم بیٹا تو تو گیا!ہاہاہاہاہاہاہا!"،۔۔۔۔۔۔۔

اپنی سوچ پے خود ہی ہنستے ہویے اب اسکا رخ پرنسپل کے آفس کی طرف تھا۔

جہاں سے جوائننگ لیٹر لے کر اسنے ایز۔ آ ٹیچر اپلاۓ کرنا تھا۔

اب قسمت کیا کھیل کھیلنے والی تھی اسکے ساتھ اس بات سے انجان وہ خوش تھا۔ کہ دوبارہ ملے گا وہ اپنی حسینہ سے،یہ سوچ ہی اسے سرشار کر رہی تھی۔

جاری ہے۔

Ye ly g epi😍🙈🙈🙈🙈ab jaldi sy coments krdy pyary pyary❤️😍mai to read krny ky liye bechain hun🙈🙈🙈😜😍😍😘to cly ap log kry epi enjoy.or plzplz🙏🙏ab short na kehna.mai new writer hun to itna hi type kr pati hun.but still try kr rahi hun ky lon kro epi ko wo b just ap logo ky liye.or han 🤔 kia psand ni araha novel.to ap log bta dy mujy.😢😢😢😢or Mujy nahi pta ab 500 sy above likes hongy to hi epi do gi .wrna tb tk rest kro gi.aj buhat head ache ho raha tha .phir b km sy free ho kr ap ky liye epi lkhi hai.🤕🤕 ab respons b acha ana chehye🙈😍😍😍😍😍😍

Don't copy paste without my permission💣💣

ناول#مریض_ء_عشق

از#سندس_پری

#قسط_5

جلال کی آج بھی وہی حالت تھی جو پندرہ سال پہلے کی تھی۔ جب جب وہ اس رات کو یاد کرتا انتقام کی ایک نئی آگ بھڑک جاتی اسکے سینے میں۔ ایک درد سا ہوتا تھا سینے میں۔

وہ لوگوں کو مظبوط نظر انے والا بے رحم اور مغرور بادشاہ کمزور پڑ جاتا جب بھی ماضی کی کوئی یاد تازہ ہوتی۔

وہ بھی خوش تھا اسکی خوشیوں کو بھی نظر لگ گئی تھی یا کسی نے لگا دی تھی۔

اور پچھلے پندرہ سال سے وہ اس آگ میں جل رہا تھا کوئی آیسا دن نہیں تھا جب اسے بھی سکون میسر ہوا ہو۔ اور سکون کہا تھا اسکے پاس۔ اسکے پاس تو کچھ بھی نہیں تھا۔ جو تھی وہ بھی دور تھی۔

اور اب وقت جلال کا تھا۔ وہ لے آئے گا اپنی روپنزل اپنی حدی کو اپنے پاس۔

پھر اسکے پاس بھی سب ہو گا اسے بھی کسی چیز کی کمی نہیں ہو گی۔ اور یہ وقت جلدی آنے والا تھا۔

کہ کوئی ہو گا جو اسے دیکھ کے خوش ہو گا کوئی ہو گا جو اسکا انتظار کرے گا کوئی ہو گا جو صرف اس سے پیار کرے گا۔ اور کوئی ہو گا جو اس سے لڑے گا اور یہ حق صرف اسکی جان کا ہے اسکی حدی کا۔ یہ سوچ ہی اسے سکون دے رہی تھی۔

تو جب وہ خود ہو گی۔ تو دنیا کتنی حسین ہو گی۔ بس وہ اور اسکی حدی۔ جب جب وہ اسکے بارے میں سوچتا تو وقت کا پتہ ہی نا چلتا۔ گھنٹوں بس اسے سوچی جاتا۔

جسے وہ یاد بھی نا تھا۔ آخر اسکی عمر ہی کتنی تھی۔ محض پانچ سال۔ وہ تب اتنی کیوٹ تھی۔ تو اب تو وہ اور حسین ہو گئی ہو گی۔

ایک خواہش ابھری تھی دل میں کے وہ اسے دیکھے اسے سنے اور بس کھو جائے اس میں۔ انہیں سوچوں میں کب وہ نیند کی وادیوں میں گیا اسے بھی پتہ نا چلا۔

صبح کا سورج طلوع ہوا اور اسکے ساتھ ہی جلال کی زندگی میں بھی ایک نئی کرن لایا تھا۔

صبح اٹھتے ہی وہ جاگینگ پے چلا گیا اور واپس آتے ہی اکرم کو آواز لگانے لگا اور اکرم بوتل کے جن کی طرح حاضر ہوا۔"

اکرم میری پیکنگ کرو میری آج کی فلائٹ ہے پاکستان کی"۔

ایئرپیس لگا کر مینیجر کو کال کی۔"

بشر کام کہاں تک ہوا؟

مجھے میرے آنے سے پہلے ہر چیز پرفیکٹ چاہیے اور غلطی کی کوئی گنجائش نا ہو۔ میں کوئی بھی غلطی برداشت نہیں کرو گا۔ کیوں کہ جلال دوسرا موقع نہیں دیتا۔

گوٹ۔۔۔۔اٹ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"۔۔

لہجہ ایسا تھا کہ جلا کر خاکستر کر دینے والا اور آنکھوں میں وہی سرد پن تھا۔

اسکارخ اپنے روم کی طرف تھا۔ سیڑیاں عبور کرتے وہ اپنے روم میں آیا۔

جہاں ہر مشکل کا حل، ہر دکھ کا مداوا، ہر پریشانی کا سکون، ہر غصّے کی دوا تھی۔

روم میں آتے ہی وہ پرسکون ہو گیا۔ جب نیلی آنکھیں گرین آنکھوں سے ٹکرائی تھیں۔"

بس کچھ گھنٹے اور پھر میں تمہارے پاس ہو ونگا۔ تمہیں محسوس کر سکوں گا۔"-

آج وہ خوش تھا بہت خوش۔ اور آیندہ بھی یہ مسکراہٹ اسکے چہرے پر رہنی تھی ہمیشہ۔

لیکن کیا یہ سب اتنا آسان تھا؟........

پر جو بھی تھا وہ اسکے سامنے ہو گی اسے اور کیا چاہیے تھا۔ کہ وہ اسے روبرو دیکھ سکے گا۔

وہ تو اتنے میں ہی خوش تھا۔ وہ تو بچپن سے اس سے محبت کرتا تھا اور اب وہ محبت عشق میں بدل گئی تھی۔

جیسے ہی کومل کو ہوش آیا تو خود کو انجان جگہ پہ پایا۔ خوف کی ایک لہر دوڑی تھی اسکے جسم میں۔

اسے جانا تھا یہاں سے بس۔ ابھی وہ انہی سوچوں میں تھی کے روم کہ دروازہ کھلا۔ اور وہ اندر آیا۔"

آپ ٹھیک ہے۔۔۔۔۔۔

آپ اچانک سے میری گاڑی کے اگے آ گئی تھی۔ آپکو لگی تو نہیں تھی لیکن آپ شاید خوف سے بے ہوش ہو گئیں تھی۔

اب کیسی ہے آپ کی طبیعت۔۔۔؟"

"مم۔۔۔۔۔ میں ٹھ۔۔۔ ٹھیک ہوں۔"- خوف سے اسکی زبان بھی لڑکھڑا رہی تھی۔

"مجھے بس جانا ہے ابھی"۔

"ایسے کیسے ابھی آپ ٹھیک نہیں ہیں آپ کے پاؤں میں چوٹ بھی لگی ہے۔ آپ آرام کریں۔

کسی بھی چیز کی ضرورت ہو تو آپ آواز لگا دیجیے گا۔

آپ آرام کرے اب"،

اور آرام سے اسے بیڈ پے لیٹا دیا تھا۔ لیٹاتے ہوے جس طرح سے اسکا ہاتھ اسے ٹچ ہوا تھا۔ اسے فیل ہوا تھا کے یہ لمس ٹھیک نہیں ہے۔

اور اس شخص کی آنکھیں اور انکی چمک۔ وہ پھر سے خوف میں مبتلا ہو گی تھی۔

اسے بس اب جلد از جلد جانا تھا۔ اسکے روم سے جاتے ہی وہ فوراً اٹھ کے بیٹھ گئی۔ اور جگہ تلاش کرنے لگی کے کیسے یہاں سے باہر جائے۔

یہ ایک فرنیشڈ روم تھا ضرورت کی ہر چیز موجود تھی۔ لیکن اسے وحشت ہو رہی تھی ان سب چیزوں سے۔

اسکی نظر ایک کھڑکی پے پڑی اور فوراسے اسکی طرف لپکی۔اور کھولنے کی کوشش کرنے لگی۔اپنا سارازور لگا کے وہ اسے کھولنے میں لگی ہوئی تھی

اسے بس جانا ہے یہاں سے یہ ایک ہی سوچ اسکے ذہن میں تھی۔

اسی ٹائم روم کا دروازہ کھولا اور S.A روم میں انٹر ہوا۔

"اوہہہہہ جان کہا جانے کی تیاری ہے۔میں نے کہا نا تم کہی نہیں جا سکتی"۔کومل کے جبڑے کو سکتی سے پکڑے وہ غرایا تھا۔گرفت اتنی مظبوط تھی کے کومل کو اسکے ہاتھ اپنے جبڑے میں دھنستے ہوے محسوس ہوے۔تکلیف کی شدت سے اسکی آنکھوں میں آنسوں آگے۔

"چلو اب تمہیں اگر یہ لگتا ہے کے تم یہاں سے جا سکتی ہو تو تمہاری بھول ہے بے بی۔

تم کہی نہیں جا سکتی۔تم میرے پاس رہو گی ہمیشہ ہمیشہ"۔

اسکی باتوں سے کومل کو اور ڈر لگنے لگا۔ہاتھ جوڑ کے اس سے گڑ گڑانے لگی۔ "پلیز مجھے جانے دو۔ میں کسی کو کچھ نہیں بتاؤ گی"۔

"ہاہاہاہاہا۔۔۔۔۔۔۔۔"۔

کومل کی بات سن کے اسکا قہقہ بے ساختہ تھا۔"

میری جان تم یہاں سے جاؤ گی تب کسی کو بتاؤ گی نا۔یہاں سے تو اب تم کبھی نہیں جا سکتی کبھی نہیں۔

پہلے تو تم پے رحم کر لیتا کہ نکاح کا فیصلہ کیا تھا کیوں کے تم حسین بہت ہو۔

لیکن یہاں سے بھاگنے کی غلطی کر کے تم نے بہت غلط کیا۔اور اسکی سزا یہی ہے کہ اب تم یہاں رہو گی لیکن بغیر نکاح کے۔جب میرا دل کرے گا دل بہلاؤں گا تم سے۔

بھاگنے کی غلطی کر کے تم نے اپنے لئے ہی مشکلات پیدا کی ہیں۔ چلو اب ہمیں بھی خوش کر دو۔ ہم پے بھی نظر کرم کر دو۔"۔

خباثت سے کہتے ہویے اپنے قدم اسکی جانب بڑھاے۔ اور اپنی۔ گرفت میں لے لیا اسے۔

"نہیں نہیں پلیز۔۔۔۔

چھوڑ دو مجھے چھوڑ دو۔۔۔۔۔۔۔۔

چھوڑ دو مجھے۔۔۔۔۔۔

میں ہاتھ جوڑتی ہوں تمارے اگے رحم کرو مجھ پے"۔ وہ اپنی پوری جان لگا کے اسکی گرفت سے نکلنے کی کوشش کر رہی تھی۔

لیکن نا کام رہی اور اس درندے کو رحم نا آیا۔ اور وہ اپنی عزت کی بھی حفاظت نا کر سکی۔ اسکی ساری مزاحمت بے کار گئی۔ اور وہ ہمیشہ کے لئے ایک رکھیل بن کر رہ گئی۔

اسکی زندگی کو اجاڑ کر وہ آرام سے چلا گیا تھا وہاں سے۔

اور وہ بیچاری اپنی ذات کی کرچی کرچی کو سمیٹنے میں لگی ہوئی تھی جو کے ناممکن تھی۔ اچانک ایک خیال کوندہ تھا۔ اسکے ذہن میں۔ اور اس پہ عمل کرنے لے لئے وہ بھاگی تھی۔

آخر کون تھی وہ۔۔۔۔۔۔۔۔؟

اور کیوں ہوا اسکے ساتھ یہ سب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟

اور اگے کیا ہونا تھا اسکی زندگی میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟

جاری ہے۔

Ly g ap sb log episode enjoy kary🙈😍😍or mai apky coments ka wait kr rahi😍😍🙈😊next episode Monday ko post hogi.lekin acha respons hua to kl surprise epi mil skti hai 🙈🙈🙈😍

Surprise Surprise Surprise 🙈😍😍😍

Don,t copy paste without my permission💣💣

ناول#مریض_ء_عشق

از#سندس_پری

#قسط_6

بیا کو گھر آے کافی دن ہو گئے تھے اسکی چھٹیاں بھی ختم ہونے والی تھی۔

اور اب کچھ ہی دنوں میں اسکی کلاسز سٹارٹ ہو جانی تھیں۔اس لئے آج انہوں نے شوپنگ کا پلین بنایا۔

بس اب غازی کو بتانا رہ گیا تھا جو کام بیا نے مشی کو دیا تھا۔

اور مشی ابھی تک نہیں آئی اسکا تو یہی مطلب ہے کے وہ دونوں پھر شروع ہو گے ہیں۔

"مجھے ہی جانا پڑے گا ان دونوں کو بلانے۔

مجال ہے یہ دونوں ٹک کے بیٹھیں ہوں"۔ تاسف سے کہتی وہ انکے روم کو طرف بڑھی۔

جہاں ضرور جنگ عظیم سٹارٹ ہو گئ ہو گی۔

غازی جو کے کام کرنے میں بزی تھا۔ دڑھام سے دروازہ کُھلنے کی آواز سے اسکی طرف متوجہ ہوا۔

اور غصّہ سے گویا ہوا۔

"مشی کتنی بار کہا ہے۔ڈور ناک کر کے آیا کرو"۔

"اوہو بھائی کیا ہو گیا ہے۔ آپ کونسا اتنا بزی ہوتے ہیں۔

یا پہاڑ توڑ رہے ہوتے جو ناک کر کے اؤں۔

اور وسے بھی یہ روم بھی میرا ہی اور آپ بھی۔

ہاں جب بھابی آے گی۔ تو ناک کر کے آیا کرو گی"۔

"اچھا اسکا مطلب ہے پھر بھابی لے ہی اؤ تمہارے لئے!"۔

آنکھ۔ دبا کر غازی نے مشی کو چڑایا تھا 😜

"خبردار بھائی جو آپ نے ایسا کیا تو؟۔۔۔ 😈

بھابی تو میں لاؤں گی پیاری سی۔ 🙈😊

آپکا کیا بھروسہ کوئی بھی اٹھا کر لے آے۔۔ویسے بھی آپکو کیا پتہ ان سب چیزوں کے بارے میں!"-😏

"اچھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مجھے نہیں پتہ۔

اب لاؤں گا تو میں اپنی ہی مرضی سے"۔

"نہیں بھائی۔۔۔۔۔۔۔.

میری مرضی سے۔۔۔۔"۔۔۔۔۔

"نہیں میری بیوی آیئگی تو میری مرضی سے۔۔۔۔۔"-

"میری سے۔۔۔۔۔۔"۔۔

"نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میری مرضی سے۔۔"۔۔

یہ کیا چل رہا ہے یہاں۔۔۔۔۔۔۔۔

میں کب سے تم دو نو کہ باہر ویٹ کر رہی ہوں اور تم دو نوں۔۔۔۔۔۔

بیا جو کے کب سے دو نوں کا انتظار کر رہی تھی غصہ سے روم میں انٹر ہوئی۔ غصہ سے گویا ہوئی تھی کیوں کے پیار سے تو سننے سے رہے دو نوں۔

اور اب دو نوں کی شکل دیکھنے لائق تھی۔ کیوں کے بیا سچ میں غصہ تھی۔ اور اب ان دو نو کو اپنی خیر منانی تھی۔

"۔یہ کیا ہو رہا ہے کیوں تم دو نوں لڑ رہے ہو ہاں ؟"

بیا نے جیسا سوچا تھا اسکے عین مطابق یہاں جنگ عظیم ہی چل رہی تھی۔

تو غصّہ سے گویا ہوئی۔ "مشی میں نے کیوں بھیجا تھا تمہے یہاں ؟"۔

"وہ۔۔۔۔۔وہ۔۔

آپی یہ غازی بھائی ہیں نا یہ ہی نہیں مان رہے"۔

سارا الزام غازی پے ڈال کر خود بری از ذمہ ہو گئی۔ لیکن غازی کو دیکھ کے آنکھ دبانا نا بھولی 😜۔

"میں تم دونوں کو اچھے سے جانتی ہوں۔ میں وہاں ویٹ کر رہی ہوں اور تم دونوں یہاں لڑ رہے ہو؟"،

اور وہ دونوں مزے سے اپنی آپی کو دیکھ رہے تھے جو غصّہ کرتے ہویے اور بھی کیوٹ لگ رہی تھی۔

سرخ چہرہ اور پھولے ہوے گال۔ "تم دونوں ایک کام کرو۔ لڑو مجھے نہیں جانا کہیں بھی"۔

وہ دونوں جو آرام سے ڈانٹ سن رہے تھے بیا کے واپس جانے کا سن کے فورا بیا پاس گئے اور گلے لگ گئے۔

"سوری آپی پلیز ناراض نا ہوں۔۔۔۔۔۔۔

نا ہوں نا ناراض پلیز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں آئس کریم بھی کھلاؤں گا آپ کو وہ بھی آپ کی فیوریٹ چاکلیٹ آئس کریم۔

چلے ابھی چلتے ہیں۔ پکا اب نہیں لڑے گے ہم۔"،

اور وہ جو اپنی ہنسی کنٹرول کر رہی تھی خود بھی مسکرانے لگی۔"

چلو اب جلدی کرو۔ پھر ٹائم سے گھر واپس بھی آنا ہے۔ میں ماما جانی کو بتا کر آتی ہوں"۔

رزم آج کل اپنے کیس میں بزی تھا اسے کیسے بھی کر کے اس گینگ کو پکڑنا تھا۔

اور وہ اپنی پوری جان لگا رہا تھا اس کیس میں۔ اسے کچھ سراغ ملے تھے۔ لیکن سولڈ ثبوت چاہیے تھے۔

اور اسکے لئے اسے کالج میں جوائننگ دینی تھی۔ کیوں کے گینگ کا ایک گروہ وہاں ہی موجود تھا۔ بس اسے ان لوگوں کو پہچاننا تھا۔

پر اسکے لئے اسکا وہاں ہونا ضروری تھا۔

اور اب تو حسینہ سے بھی ملنا تھا۔ ایسا کوئی دن نہیں تھا کہ اسے اس حسینہ کی یاد نا آئی ہو۔

وہ تو ان براون آنکھوں کا دیوانہ ہو گیا تھا گھایل کر دیا تھا ان آنکھوں نے پہلی ہی ملاقات میں۔ اسکے بارے میں سوچتے ہی اسکے وجیہہ چہرے پے مسکراہٹ در آئی تھی۔

وہ ایک خوبرو نوجوان تھا کالی گہری آنکھیں تھی جن میں ہمیشہ ہی سرد پن ہوتا اسکا کام ہی ایسا تھا۔

پولیس میں جاب کرنا اسکا کریز تھا۔ بچپن سے بس ایک ہی رٹ تھی کے بننا ہے افسر۔ کیوں بننا ہے۔ یہ تو بس وہی جانتا تھا۔

وہ اپنے انکل انٹی کے ساتھ رہتا تھا۔ماں باپ کے ساتھ ہوے حادثے کے بعد وہ تو جیسے اکیلا ہی ہو گیا تھا۔

لیکن اسکے بابا کے فرینڈ جو کے بے اولاد تھے انہوں نے اسے سنبھالا بلکل اپنی اولاد کی طرح۔اور وہ مانتا بھی تھا انکو بہت۔اسی لئے انکو ماما اور بابا بلاتا تھا اور یہ خواہش زرینہ بیگم کی تھی۔جسے اس نے دلی خوشی سے قبول کیا تھا۔

اور اسی حادثے سے ہی اسکی جان بھی لاپتہ تھی۔جو کے اس وقت محض سولہ سال کی تھی۔

لوگ تو کہتے کے وہ بھی حادثے کہ شکار ہو گئی۔لیکن وہ پھر بھی اسے تلاش کرتا رہا۔اور اسکے کچھ دنوں بعد ہی وہ اسے مل گئی لیکن جس حالت میں وہ ملی تھی اس سے وہ اور ٹوٹ گیا۔

فوری طور پے ہسپتال لے کر گئے تو لاکھ کوشش کے باوجود اسکے وجود میں کوئی جنمبش ناپید اہوئی اور وہ کوما میں چلی گئی۔

اور تب سے آج تک وہ جاتا اسکے پاس جب بھی ٹائم ملتا۔ لیکن اسنے رکھا اسے دنیا کی نظر سے چھپا کے ہوا ہے۔ کے کوئی اس تک نا پہنچ سکے۔

ایک الگ گھر میں اور اسکی کیر کے لئے ہی نرسز بھی رکھی ہوئی ہیں۔ تب سے بدلے کی ایک آگ تھی جو گزرتے دنوں کے ساتھ بڑھتی ہی جا رہی تھی۔

لیکن اس بدلے کی آگ میں اسنے اور کیا کیا کھونا تھا یہ تو وقت آنے پر ہی پتہ لگنا تھا۔

تب سے اس نے اپنے چہرے پے ایک سنجیدگی کا ماسک چڑھا لیا تھا۔ جب بھی کسی مجرم کو دیکھتا تو اسے ایسی سزا دیتا کے روح ہی کانپ جاتی۔

اسے کیا پتہ تھا کے وہ بھی کسی پے دل ہار بیٹھے گا۔ لیکن قسمت کو کچھ اور ہی منظور تھا۔

وہ خود تو کبھی اتنا بے خود نہیں ہوا تھا پھر اچانک سے وہ حسینہ آگئی اسکی زندگی میں۔ اور اسکے دل کی دنیا ہی ہلا ڈالی کہ اب اسکا دل اسکے ہی بس میں نہیں رہا تھا۔

وہ بھی اسے دیکھنا چاہتا تھا۔ اور اسی عزم سے کل اسنے جو آئننگ دینی تھی یونی میں۔ وہ بے صبری سے کل کا انتظار کر رہا تھا۔

انہی سوچوں میں وہ نیند کی وادیوں میں چلا گیا۔ یہ جانے بغیر کے اسکی زندگی اسکے ساتھ کیا کھیل کھیلنے والی ہے۔

کیا وہ کامیاب ہو جائیگا اپنی محبت کو پانے میں؟

یاں کھونے میں؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس سب سے انجان کے اسکی زندگی اب کیا نیا موڑ لینے والی ہے وہ سکون سے سو رہا تھا۔

وہ انجان ہی تو تھا قسمت کے کھیل سے۔۔۔۔۔۔

کیا مل جانی تھی اسے اسکی محبت ؟---------

یا ہو جانے تھے دونوں کے راستے ہمیشہ کے لئے جدا؟...........

آسان اور محبت

مذاق اچھا ہے صاحب

جاری۔-----------

Chalo ab khush ho jao sb 🙈😍or dil khool ky likes or coments dy.🙈🙈😜wrna mainy aj ky bad koi surprise ni dena 🙄😏

Don't copy paste without my permission💣💣

ناول#مریض_ء_عشق

از#سندس_پری

#قسط_7

"مشی آ بھی جاؤ کب سے ویٹ کر رہے ہیں ہم!"

۔جب بیا کی برداشت ختم ہوئی تو وہ بول ہی پڑی۔

کب سے وہ دونوں کار میں مشی کہ ویٹ کر رہے تھے اور میڈم آ کے ہی نہیں دے رہی تھیں۔

"آ گئی آ گئی آپی سوری میرا کلچ نہیں مل رہا تھا۔"-

"اپنی چیزیں اگر جگہ پے رکھو گی تو ملے گی نا۔

ماما سہی کہتی ہیں۔ تمھیں بلکل بھی کسی چیز کہ خیال نہیں ہوتا کے کہاں پے ہے"-

"سوری نا آپی پلیز آپ غصّہ نا ہوں پلیز پکّا میں آگے سے خیال رکھوں گی!

غازی بھائی پلیز اب جلدی چلے نا۔"۔

"خود تم دیر سے آئی ہو اور اب دیکھو تو جلدی چلیں غازی بھائی!"۔

غازی کہاں پیچھے رہنے والا تھا فوراً سے مشی کی نقل اتاری۔

"ہاہاہاہاہا بس کرو اب مت تم دونوں شروع ہو جانا"۔

جب بیا نے مشی کو دیکھا تو فوراً بولی کیوں کے اب مشی میڈم سٹارٹ ہونے والی تھیں۔

اسی طرح باتوں میں وہ سب شاپنگ مال پہنچ گے۔"

چلو اب جلدی سے شوپنگ کرو۔ میں ذرا اپنے لئے کچھ دیکھ لوں"۔ کہتے ساتھ ہی غازی میل سائیڈ پے چلا گیا۔

اور مشی بیا کو لے کر گرلز شاپ میں انٹر ہو گئی۔ مشی کو تو جو چیز پسند آ رہی تھی۔ وہ تو بس بیا کے لئے لیتی جا رہی تھی
۔

بیا کے نانا کرتے ہوئے بھی اسنے بہت سی چیزیں لے کر دے دی۔

اچانک مشی کو ایک ڈریس خود کے لئے پسند آیا تو وہ وہاں چلی گئی.

جب کے بیا کی نظر سامنے جویلری شاپ کے ایک بہت ہی پیارے پینڈنٹ پے پڑی تو وہ اسکی طرف بڑھی۔

اور دو نظریں جو کب سے بیا کے تعاقب میں تھیں۔ وہ فوراً اس طرف بڑھا۔ وہ صرف اسی لئے تو یہاں آیا تھا۔

پاکستان میں جو اسکی فیکٹریز تھیں اب اسے وہ خود ہینڈل کرنا چاہتا تھا لیکن وجہ ایک ہی تھی اسکی حدی۔

آج اسکے دیدار کے لئے ہی تو وہ یہاں تھا اپنے سارے کام چھوڑ کے وہ بس اسکی ایک جھلک دیکھنے کے لئے
بے تاب تھا۔ اور اب وہ اسکے سامنے تھی۔

پینڈنٹ کے لئے اسکی نظروں میں ستائش دیکھ کر اسنے وہ فورا خرید لیا تھا

:" بھیا یہ پینڈنٹ دیکھایے گا"-بیا نے شاپ کیپر سے کہا تھا۔

"سوری میڈم یہ ایک ہی پیس تھا جو کے سیل ہو چکا ہے! جسٹ ابھی انہوں نے خرید لیا"،

اسنے ایک طرف اشارہ کر کے بتایا تھا۔ جب بیا نے پیچھے دیکھا تو ہڈی اس شخص کی پیٹھ تھی اسکی طرف.

۔"کوئی بات نہیں بھیا!"۔

"میڈم آپ کچھ اور دیکھ لیں اور بھی بہت سے ہیں"-

"نہیں بھیا شکریا۔ مجھے وہی چاہیے تھا۔ لکین اگر وہ سیل ہو گیا ہے تو کوئی بات نہیں"۔

اس بات سے انجان کے وہ گفٹ چھپکے سے کسی نے اسکے بیگ میں رکھ دیا ہے۔ وہ آرام سے وہاں سے چلی گئ۔

مشی اور غازی بھی تب تک آ گئے تھے۔ "کہاں تھی آپی آپ کچھ لیا نہیں آپ نے؟"۔

"کچھ پسند آیا تھا لیکن وہ سیل ہو چکا تھا۔ اور۔ ویسے بھی میں نے اتنا کچھ تو لے لیا ہے اب چلو جلدی ویسے بھی بہت ٹائم ہو گیا ہے"۔

"نہیں نا آپی ابھی ہم آئسکریم کھائیں گے۔ چلیے پھر چلتے ہیں"۔

آئیسکریم کھانے کے بعد گھر کا رخ کیا۔ کیوں کے اب بیا کی پیکنگ کرنی تھی۔

پرسوں اسنے واپس جانا تھا۔ لیکن اس سے پہلے اپنی جان سے پیاری دوست علینا کو بھی پک کرنا تھا۔ لیکن علینا نے منع کر دیا اسکا کہنا تھا وہ خود آفندی ہاؤس آجائیگی۔ اور کل علینا نے آنا تھا۔

اپنی زندگی میں آنے والے پلوں سے انجان وہ نماز ادا کرتے ہی سو گئی۔ آج تھک بھی تو گئی تھی۔

ایک شوپنگ سے تو جان جاتی تھی اسکی۔ لیکن جانا بھی ضروری تھا۔

بیسمنٹ میں ایک لڑکے کو کرسی پے رسیوں سے باندھا ہوا تھا.

وہ کوئی عام کرسی نہیں تھی اس کرسی پے ہر طرف ٹوٹے ہوے کانچ کے ٹکرے پیوست تھے.

اگر کوئی اس کرسی پے بیٹھے تو اسکی کمر،ہاتھ اور لوور سائیڈ چھل جائے اور اسے تو رسیوں سے باندھا ہوا تھا وہ بھی مسلسل دو گھنٹوں سے

۔ تکلیف کی شدت اتنی تھی کے پورا جسم خون خون ہوا گیا تھا لیکن منہ میں کپڑا ہونے کی وجہ سے چلا بھی نہیں پا رہا تھا۔

اچانک سے بیسمنٹ کا دروازہ کھلا اور وہ مغرور چال چلتا اپنے شکار کی طرف آیا۔ اور کھینچ کے اسکے منہ سے کپڑا نکالا۔

اور پھر بیسمنٹ میں صرف اسکی چیخوں کا شور تھا۔

تکلیف کی شدت سے چیخ چیخ کے اسکے گلے میں کانٹے سے چب رہے تھے، اسکے منہ کو اپنے فولادی ہاتھوں میں دبوچا۔

" تمہاری ہمت کیسے ہوئی میری بیا کو ان غلیظ نظروں سے دیکھنے کی۔ آج تک میں نے کبھی اسے سخت نظروں سے نہیں دیکھا۔

اور تم نے اسے ان غلیظ نظروں سے دیکھا۔ یہ تو شروعات ہے

۔بشر۔۔۔"۔۔۔

بشر کو اشارہ کیا تو وہ پانی سے بھرا پانی تب لایا جس میں کھولتا ہوا گرم پانی تھا۔ اور پھر اسی طرح وہ کھولتا ہوا پانی اسکے اوپر ڈال دیا

زخموں پے جب کھولتا ہوا پانی پڑا تو اسکی چیخیں آسمان کو چونے لگیں وہ رحم کی بھیک مانگنے لگا

لیکن جے۔ڈی کو کوئی فرق نا پڑا وہ سنگدل بڑی سفاکیت سے اپنے کام میں جاری رہا۔

جب وہ نڈھال ہو کر بیہوش ہونے لگتا پھر سے وہی عمل دہرایا جاتا۔ جب وہ ادمرا ہو گیا تو۔ دوبارہ سے بشر کو آواز دی

"بشر اس وقت جسے بھی آنکھوں کے ڈونیشن کی نیڈ ہے اسکی آنکھیں انھیں ڈونیٹ کر دو۔ یہ اس لائق ہے ہی نہیں کے کسی کو بھی دیکھے۔

اور اسکی یہی سزا ہے یہ بغیر آنکھوں کے رہے گا۔ تاکہ پھر کسی بھی لڑکی طرف آنکھ اٹھا ہی نا سکے۔ جب آنکھیں ہی نہیں ہونگیں تو کیسے دیکھے گا

۔ جے۔ ڈی کسی کو بھی معاف نہیں کرتا۔

یہ یاد رکھنا ہمیشہ جو بھی میری کسی بھی چیز کی طرف آنکھ اٹھانے کی غلطی کرے گا اسکا یہی انجام ہو گا"۔

بیا جب شاپنگ کر رہی تھی تو ایک لڑکا مسلسل اسے غلیظ نظروں سے دیکھ رہا تھا۔ حلانکہ بیا نے حجاب کیا ہوا تھا ۔ لیکن پھر بھی وہ مسلسل بیا کو گھورے جا رہا تھا۔

جب جے۔ڈی کی نظر اس پر پڑی تو غصہ کی ایک شدید لہر اسکے وجود میں دوڑی آنکھیں سرخ انگارہ ہوئیں تھیں۔

اسی ٹائم بشر کو کہہ کر اسے اٹھوا لیا۔ جے۔ڈی اسے خود سزا دینا چاہتا تھا اس لئے بس اسے باندھنے کو کہا۔ اور خود پہلی فرصت میں اسے سبق سکھانے پہنچا۔

اسکا ارادہ اسے دردناک سزا دینے کا تھا کے وہ کبھی بھی اسی کوئی حرکت نا کرے۔ اس میں کوئی شک نہیں جو کہا تھا اس پے عمل بھی کیا تھا جے۔ڈی نے۔

اسے کہا گوارہ تھا کے اسکے علاوہ کوئی اور اسکی بیا کو دیکھے بھی۔

وہ جنون کی حد تک چاہتا ہے بیا کو اب دیکھنا ہے۔ کہ یہ جنون کس کس کو تباہ کرتا ہے

یا مجبور کر دے گا بیا کو بھی خود سے محبت کرنے پے !!!!!

جلال آج بہت خوش تھا آج وہ اپنی حدی سے ملا تھا بیشک دور سے ہی سہی لیکن۔ محبوب سامنے ہو تو اسکا دیدار ہی کافی ہوتا ہے۔

ان کے دیدار پہ جو میرا اختیار ہوتا 💕

یہ روز روز ہوتا، یہ بار بار ہوتا 💕

اور ویسے بھی بہت جلد اسکی حدی نے اسکے پاس ہونا تھا ہمیشہ کے لئے۔

اور جلال نے سوچ لیا تھا پھر وہ کبھی بھی اسے خود سے دور نہیں ہونے دیگا کسی بھی قیمت پے نہیں۔

محبت تو بچپن سے ہی تھی لیکن وقت کے ساتھ محبت کب عشق کی شکل اختیار کر گیا پتہ ہی نا چلا۔

اور اب وہ پورا ارادہ رکھتا تھا کے اسی طرح اسکی حدی بھی اس سے عشق کرے جنون کی حد تک کہ چوٹ جلال کو لگے تو درد اسے محسوس ہو۔

جلال جتنا بھی حدی کے بارے میں سوچتا اتنا ہی دل اسکی طرف ہمکتا۔

یہ ساری سوچیں اسے سرشار کرتی تھیں۔

اب وقت تھا بدلے کا اور جلال کسی کو بھی معاف کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتا پھر چاہے غلطی اسکی عزیز جان کی ہی کیوں نا ہو۔

لیکن یہاں تو بات ہی دشمن کی تھی۔ تو کیسے وہ اسے بخش سکتا تھا

انہی سوچوں کو جھٹکتے ہوے اسنے اپنے مینجر کو کال کی۔

جاری ہے۔

Ye lain g epi .or jazbati na hun ab past start hao or ek hero ka past khtam hoga to agy story bhary gi 😊🙈

Boooo0000000m💣💣💥💥💥Blasst💣💥💥

Don't copy paste without my permission💣💣

ناول#مریض_ء_عشق

از#سندس_پری

#قسط_8

اگلے دن بیا اور علینا لاہور کے لیئے روانہ ہو گئی۔ وہاں پہ پہنچتے ہی دونوں نے پہلے بیا کے گھر میں سٹے کیا۔ وہ لوگ سفر سے بہت تھک گیئں تھیں۔ تو آرام کرنے کے بعد باہر کھانا کھانے کہ پلین بنایا تھا۔

سامان سارا سیٹ کرنے کے بعد جب بیا نے اپنا ہینڈ بیگ کھولا تو اس میں وہی بریسلیٹ دیکھ کر حیران رہ گئی۔

خوشی سے اسکی آنکھیں چمک اٹھی تھی۔

"یہ۔۔یہ تو وہی ہے جو مجھے پسند آیا تھا اس دن مال میں۔یہ کس نے رکھا یہاں؟۔۔۔۔۔"۔۔

غازی نے رکھا ہو گا یا مشی نے......

آئی لو یو مشی غازی یہ واقعی بہت پیارا ہے تب ہی میرا دل اداس ہو گیا تھا۔

لیکن یہ سوچ کر چھوڑ دیا کے اگر قسمت میں ہوا تو مل جائیگا

لیکن اگر نہیں ملا تو اس میں بھی کوئی مصلحت ہی ہو گی اور یہ مل گیا مجھے۔

میں کیسے بھول گئی کے یہ دونوں بن کہے ہی سمجھ جاتے ہیں مجھے۔

لیکن وہ اس بات سے انجان تھی کے کوئی اور بھی ہی جو بن کہے اسکی ہر بات ہر خواہش کو پورا کرنا فرض سمجھتا ہے۔

کوئی ہے جو اسے سب سے بڑھ کر چاہتا ہے۔ اور یہ تحفہ بھی اسنے ہی دیا ہے۔

جو اپنی بیا کے چہرے پہ ایک مسکراہٹ لانے کے لئے کچھ بھی کر سکتا ہے۔

اس نے وہ بریسلیٹ آرام سے سمبھال کر دراز میں رکھ دیا۔

اسی وقت علینا بھی روم میں انٹر ہوئی۔"

بیا جانو یہ لو تمھاری کوفی یار میں حیران ہوں تم اتنی کڑوی کافی کیسے پی لیتی ہو۔"-

ہاہاہا!, علینا کی بات سن کر بیا مسکرانے لگی۔"

یار بچپن سے مجھے کافی بہت پسند ہے۔

ماما جانی کہتی ہیں میرا ایک کزن تھا میری ان سے بہت اٹیچمنٹ تھی۔

تو جو مجھے پسند تھا وہ وہی کام کرتے تھے اور جو انکی پسند تھی وہ میں کرتی تھی۔

لیکن اب وہ کہاں ہیں مجھے نہیں پتہ۔ لیکن عجیب بات یہ ہے کے بھول گئی ہوں مجھے ان کا فیس یاد نہیں ہے لیکن باتیں یاد ہیں۔

شاید میں تب زیادہ چھوٹی تھی اس لئے۔"-باتیں کرتے ہوے وہ کب رونا سٹارٹ ہو گئی اسے بھی پتہ نا چلا۔

وہ تھی ہی ایسی نرم دل اب بھی ایسا ہی ہوا تھا۔

اور علینا وہ تو بو کھلا جاتی تھی جب بھی بیا روتی کیوں کے وہ اتنی جلدی خاموش نہیں ہوتی تھی اگر ایک بار رونا شروع کر دے تو۔

"بیاااااااااا۔۔۔۔۔۔"۔

بیا جو رونے کا شغل فرما رہی تھی فورا رونا بھول کر حیران اور پریشان نظروں سے علینا کو دیکھنے لگی۔

رونے کی وجہ سے اسکی ناک اور آنکھیں لال ہو گیئں تھیں اور اسے اور معصوم بنا رہی تھی۔

اس علینا کو بیا بہت ہی کیوٹ لگی تھی بہت معصوم۔

"بیا لگتا ہے تمہارا ارادہ مجھے بھوکھا مارنے کا ہے۔ چلو یار جلدی سے اب عبایا پہنو ہم باہر کھانا کھے گے۔

پھر کل ہوسٹل کے لئے بھی نکلنا ہے۔"۔

پھر دونوں نے باہر کھانا کھایا اور واپس آتے ہی نماز ادا کر کے سو گئیں اب کل سے انکی پھر سے وہی بزی روٹین ہونی تھی۔

رزم کا آج یونی میں پہلا دن تھا اسکی نظریں بے چین تھیں کیوں کے جسکا دیدار کرنا تھا وہ تو کہیں نظر ہی نہیں آرہی تھی تو ناچارا اسے بھی کلاس میں جانا پڑا۔ برے سے منہ بنا کر وہ کلاس میں انٹر ہوا۔

"السلام علیکم!

کلاس میں آپ کا نیو کیمسٹری ٹیچر ہوں۔

کیوں کہ آج میرا فرسٹ ڈے ہے تو آج کلاس کی جگہ آپ سے اپنا انٹرو دے گے باری باری۔

تو مس آپ سے سٹارٹ کرتے ہیں۔"۔

"سر مائی سیلف لیلہ میں یہاں کے مشہور ڈیزائنر کی اکلوتی بیٹی ہوں"۔

لیلہ نے بڑی ادا سے اپنے بالوں کو جھٹکا تھا۔ اسے وہ مغرور سا رزم بہت پسند آیا تھا

اور اسکی باتوں سے یہ واضح ہو رہا تھا کہ وہ کتنی دل پھینک اور اوور کونفیڈنٹ لڑکی ہے۔

رزم کی نظر جب لیلہ پہ پڑی تو اسے وہ فیشن کی دکان سے کم نا لگی تھی جو من بھر کہ میک آپ کیے خود کو کوئی حور پری سمجھ رہی تھی۔

رزبڑی باریکی سے سب کا جائزہ لے رہا تھا۔

"مس لیلہ پہلی بات تو یہ کے سٹیٹس ہی سب کچھ نہیں ہوتا۔ ہم کیا ہیں یہ ہم سے بہتر کوئی نہیں جانتا۔

ضروری نہیں کے اگر کوئی غریب ہے تو اسکی کوئی ویلیو نہیں ہے۔ غریب تو زیادہ خودار ہوتے ہیں۔ کیوں کے انکے لئے دولت نہیں عزت ہی سب کچھ ہوتی ہے۔ دولت صرف ایک ضرورت ہے اگر زیادہ ہوجائے تو تکبر اور غرور آجاتا ہے"۔

"جی سر آپ نے بلکل سہی کہا۔"۔

لیلہ نے برے دل سے رزم کی ہاں میں ہاں ملائی تھی

کیوں کے اب اسکا دل آ گیا تھا رزم پے حالانکہ یہ عام بات تھی لیکن اسے اب رزم کی نظروں میں اچھا بھی تو بننا تھا۔

باقی ساری کلاس دبی دبی ہنسی ہنس رہے تھے۔

"چلیں پھر سے سٹارٹ کرے آپ سب باری باری اپنا۔ انٹرو دیں"۔

"میں آئی کم ان سر۔۔۔"۔۔

ابھی سب کا انٹرو چل رہا تھا کے رزم کو وہی میٹھی سی مدھر آواز سنائی دی تو بے اختیار اسکا رخ کلاس ڈور کی طرف گیا۔

جہاں وہ قاتل حسینہ پنک فراک میں پنک ہی سکارف سے حجاب کیے اور ساتھ میں پنک ہی دوپٹہ لئے پھر سے اسکا دل دھڑکا رہی تھی۔

آج وہ اسے اور اپنے دل کے قریب لگی تھی۔ لیکن جلد ہی اس نے اپنی فیلینگز پہ قابو پا لیا۔

اور گویا ہوا۔۔۔۔۔

"مس واٹ ایور۔۔۔۔ جو بھی نام ہے آپ کا۔

آپکو پتہ ہے۔ کیا یہ کلاس کا ٹائم ہے؟

جو لوگ پنکچول نہیں ہوتے وہ لوگ لائف میں اگے نہیں بڑھ سکتے۔"۔

مشی جو کے اپنے نیو سر کی شکل میں اس کھڑوس کو دیکھ کر حیران اور پریشان کھڑی تھی

اسکی باتوں سے اسے اور سبکی محسوس ہوئی اور سدا کی ڈرامہ کوئین کے آنسوں ٹپ ٹپ برسنا سٹارٹ ہو گئے۔

اب بچنے کا اور تو کوئی طریقہ نہیں تھا اور جب جلاد سامنے ہو تو یہی حربہ کام آنا تھا۔ اور کام کر بھی گیا تھا۔

رزم نے جب اسے یوں روتے ہوے دیکھا تو سب سے پہلا خیال یہی آیا کے کیا چیز ہے یہ لڑکی پوری ڈرامہ کوئین
۔

لیکن وہ روتی ہوئی اسے اور بھی کیوٹ لگی تھی۔

"اوکے۔۔۔۔ اوکے۔۔۔ اب رونا بند کرے آپ۔

آپ دونوں اپنی سیٹ پے بیٹھ جائے اور اپنا انٹرو دیں۔

بٹ ریمبر دیٹ آئی وانٹ پنکچوالیٹی۔۔۔۔۔

کوئی آیکسٹرا اوف نہیں اور سب سٹوڈنٹس میرے آنے سے پہلے کلاس میں موجود ہوں۔

اور اگر کوئی ایک منٹ بھی لیٹ ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔

ایک منٹ کا مطلب ایک منٹ بھی۔۔"۔

اسپیشلی مس بوتھ اوف یو۔صاف اشارہ مشی اور شازیہ کی طرف تھا۔

"تو وہ کلاس میں انٹر نہیں ہو گا جب تک کلاس ہو گی وہ کلاس روم کے باہر کھڑا رہے گا

۔گوٹ اٹ۔۔"۔۔۔

"یس سر۔۔۔۔"،

ساری کلاس نے ایک ساتھ اسکی ہاں میں ہاں ملائی تھی۔مشی کی کلاس لگنے کے بعد سب کو یقین ہو گیا تھا کے واقعی اس بار کسی سٹرک ٹیچر سے پالا پڑا ہے۔جس نے مشی کو بھی خاموش کروا دیا ہے۔

ایک تو اسکی پرسنالیٹی ہی ایسی وجیہہ اور رو عبدار تھی۔

سب کا انٹرو ہوا تو لاسٹ باری مشی کی تھی۔ لیکن جب اسنے انٹرو دیا تو رزم کے کان سائیں سائیں کرنے لگے

اسکی سوئی ایک جگہ ہی اٹک گئی تھی اور وہ نام تھا

"مسکان شجاعت آفندی"۔

ایک دم سے اسکی آنکھیں سرخ انگارہ ہوئیں تھیں۔

نفرت سی محسوس ہوئی تھی اسے مسکان سے بھی۔

وہ فورا کلاس سے باہر چلا گیا۔ ابھی وہ کچھ دیر اکیلا رہنا چاہتا تھا۔ جہاں کوئی اسے ڈسٹرب نا کرے۔

ماضی.....

وہ پھر سے ماضی کی تلخ یادوں میں چلا گیا تھا۔ جہاں انکا بھی ایک ہنستا کھیلتا گھرانہ تھا۔

جو کسی کی دشمنی کی نظر ہو گیا تھا۔ کتنا خوش تھا وہ بھی پندرہ سال پہلے۔ ایک خوش حال فیملی تھی اسکی بھی جس میں وہ ماما بابا اور ایک وہ بھی تھی اسکی بہن کومل جو کہ اس وقت محض سولہ سال کی تھی۔

عدنان جعفری اور انکی شریک حیات ناظمہ بیگم اور ان کے ساتھ ان کے دو بچے بڑی بیٹی کومل جو کے سولہ سال کی تھی اور بیٹا رزم جو کہ دس سال کا تھا۔ وہ اپنی زندگی میں بہت خوش تھے۔

لیکن انکی خوشیوں کو نظر لگ گئی تھی اور وہ نظر کسی اور نے نہیں S.A نے لگائی تھی انکی زندگی برباد کر دی تھی آگ لگادی تھی انکی خوشیوں بھری زندگی میں۔

دوست کے پیچھے چھپا استین کہ سانپ نکلا تھا وہ بڑی بے رحمی سے اسکے ماما اور بابا کا قتل کیا تھا اور سب کو یہ کہا تھا کے وہ ڈرگز کی اسمگلینگ کرتا تھا اور انکی ہی گینگ کے آدمیوں نے قتل کر دیا ہے۔ لیکن حقیقت کچھ اور ہی تھی

۔

ایک دن جب اسکے بابا پریشان سے گھر آے تو اسے باہر کھیلنے کے لئے بھیج دیا تاکہ ناظمہ بیگم سے بات کر سکیں۔ لیکن رزم دروازے کی اوٹ میں چھپ کر باتیں سننے لگا۔ اسے بھی جاننا تھا کیوں اسکے بابا پریشان ہیں۔

بہت دنوں سے جعفری صاحب پریشان رہنے لگے تھے جب ناظمہ بیگم نے وجہ پوچھی تو انہوں نے سچ بتا دیا کے S.A اسمگلینگ کے کاموں میں انوولو ہے۔ اور اس نے بہت ہوشیاری سے یہ کام کیے ہیں وہ لڑکیوں کی بھی اسمگلینگ کرتا ہے اور یہ سب مجھے آج ہی پتہ چلا ہے۔

پہلے مجھے صرف شک تھا لیکن آج سچ پتہ چل گیا ہے۔ اور صرف اتنا ہی نہیں وہ اپنے دوست کو بھی دھوکا دے رہا ہے۔

اپنے دوست کو دھوکا دینے کے پیچھے اسکا کیا مفاد ہے بس یہ مجھے نہیں پتہ۔۔۔

رزم یہ باتیں سن کر وہاں سے چلا گیا۔ کیوں کے اسکا فرینڈ اسے بلا رہا تھا۔ لیکن اسے نہیں پتہ تھا یہاں سے جانا اتنا مہنگا پڑ سکتا ہے۔ کے وہ کبھی اپنے ماما بابا کو نہیں دیکھ پایے گا۔ اگر پتہ ہوتا تو کبھی نا جاتا۔

لیکن جو قسمت میں لکھا ہوتا ہو کے رہتا۔ تھوڑی ہی دیر گزری تھی کے اچانک گھر کی لائٹ چلی گئی اور اندھیرے میں کچھ لوگ گھر کے اندر داخل ہوے۔

اور ان میں ایک شخص بھی شامل تھا وہ شخص بھی شامل تھا S.A انکا باس تھا یہ سب کیا ہی اسنے تھا ماسٹر مائنڈ تھا

وہ باقی سب تو کٹھ پتلے تھے اسکے۔ برائیوں میں ایک نام تھا اسکا جس سے باقی سب انجان تھے. جنکو وہ چیٹ کر رہا تھا دوست کی شکل میں آستین کہ سانپ تھا وہ

اور آج وہ ایک اور فیمیلی کو برباد کرنے آیا تھا۔

جب تھوڑی دیر تک یو۔ پی۔ ایس یاں جنریٹر آن نہیں ہوا تو عدنان جعفری روم سے باہر آے کے دیکھیں کیا پرابلم ہے۔

باہر آئے تو گھر میں گھپ اندھیرا تھا۔ کچھ بھی نظر نہیں آرہا تھا ابھی وہ تھوڑا ہی آگے بڑھے تھے کہ پیچھے سے کسی نے انکے سر پر کسی وزنی چیز سے وار کیا اور وہ وہیں زمین بوس ہوئے اور انکے منہ سے ایک فلک شگاف چیخ برآمد ہوئی۔

آمنہ بیگم جو روم میں انکا انتظار کر رہی تھی چیخ سن کر فورا باہر آئی اور انکو پکارنے لگیں۔ اچانک سے پورا گھر روشنی میں نہا گیا اور جو منظر انکی آنکھوں نے دیکھا بے ساختہ انکی بھی چیخ نکل گئی۔ اور وہ فورا جعفری صاحب کی طرف بڑھیں۔

اس سے پہلے وہ ان تک پہنچتی S.A نے وہی انھیں پکڑ لیا۔"

کہا چلیں بھابی جی ذرا ہمیں بھی تو اپنا دیدار کروا دیں

"خباثت سے کہتے ہوئے آمنہ کو اپنی گرفت میں لیا۔

"چھوڑ دے بے غیرت انسان۔ ورنہ میں تجھے چھوڑو گا نہیں"۔

ابھی اتنا ہی کہا تھا کہ S۔ A نے وہی راڈ اٹھایا اور ایک اور وار کیا تھا عدنان کے سر پہ۔

ناظمہ مسلسل خود کو انکی گرفت سے آزاد کروانے کی کوشش کر رہی تھی۔

عدنان کھلتی بند ہوتی آنکھوں سے ناظمہ کو دیکھ رہے تھے جو کے مسلسل خود کو شجاعت سے دور کرنے کی کوشش کر رہیں تھیں لیکن کر نہیں پا رہی تھی۔

اور عدنان صاحب اپنی ہی آنکھوں کے سامنے اپنی عزت کو نیلام ہوتے دیکھ رہے تھے بے بسی ایسی تھی کے ہل بھی نہیں پا رہے تھے۔

اور صرف شجاعت ہی نہیں اسکے ساتھ آئے چار آدمیوں نے بھی انہیں اپنی درندگی کہ نشانہ بنایا اور جب وہ انکے وجود میں حرکت بند ہو گی تو انکو اور عدنان جعفری کو اسی گھر میں پیٹرول چھڑک کر زندہ جلا دیا۔

قسمت اچھی تھی کومل کی کے وہ اپنی فرینڈ کے گھر تھی لیکن ہونی کو کون ٹال سکتا ہے۔

وہ جب گھر آرہی تھی تو اسے کچھ لوگوں نے کڈنیپ کرلیا۔ وہ اسکا سودا کرنے والے تھے۔ لیکن بھلا ہو اس ملازم کہ اسنے اسے بچالیا۔

لیکن قسمت خراب تھی کومل کی کے وہاں سے بچ کر نکلی تو جسکی گاڑی سے ٹکرائی وہ کوئی اور نہیں بلکے SA ہی تھا اور تب سے اصل آزمائش سٹارٹ ہوئی تھی اسکی۔

جب تک رزم گھر پہنچتا سب ختم ہوچکا تھا۔ سب جل کر راکھ ہوچکا تھا۔ اور تب سے اسکی بہن لاپتا تھی۔

اور جس حالت میں وہ اسے ملی تھی۔ وہ زندہ لاش تھی۔ جس میں زندگی کی کوئی رمق نہیں تھی۔

لیکن رزم نے اسے جانے نہیں دیا تھا۔ بچالیا تھا۔ دنیا کے لئے وہ مرچکی تھی۔ اس نے اسے سب سے چھپا کے رکھا تھا۔

اور تب سے وہ اپنے انکل انٹی کے ساتھ تھا جو کے بلکل اسکے ماں باپ کی طرح تھے۔

اور آج وہ پھر اسی جگہ پے کھڑا تھا۔ اسکی ساری یادیں تازہ ہو گئیں تھی۔ سارے زخم تازہ ہو گئے تھے۔

اور وہ جو اسکی محبت۔ جس کا وہ داعویدار تھا۔ وہ کہیں جا سوئی تھی۔

اب صرف بدلہ تھا انتقام تھا۔ ابھی تو پیار کی کنپل کھلی تھی۔

اور ابھی ہی یہ سب ہوا تھا۔ شاید اسکی زندگی میں پیار تھا ہی نہیں۔

وہ پہلے بھی اکیلا تھا اور آگے بھی اکیلا رہنے والا تھا۔

جاری ہے.

Achi khasi long epi😊🙈🙈ab comments b long hon chahye

.🙈🙈🙈😍lo g ek ka past to agaya samny .ab hoi confusion

dor🤔🤔

Surprise surprise 😍😍😍🙈🙈🙈

Don't copy paste without my permission💣💣

ناول#مریض_ء_عشق

از#سندس_پری

#قسط_9

جلال آج کل کافی خوش رہنے لگا تھا۔سب ملازم بھی حیران تھے کہ آخر ہو کیا گیا ہے کے وہ آنا پرست انسان جو کسی کی ایک چھوٹی سی غلطی پہ اسکا حشر کر دیتا تھا آخر وہ اتنا خاموش کیوں ہے۔

کیا یہ طوفان سے پہلے والی خاموشی ہے؟۔

لیکن جو بھی تھا سب ملازم اپنے مالک کے اس نئے روپ سے خوش تھے۔ اور پوری کوشش یہی کر رہے تھے بلاوجہ اس مغرور بادشاہ کے سامنے نا ہی جائیں۔

کبھی کبھی تو وہ بھی حیران ہو جاتے تھے۔ اس مغرور بادشاہ کی فرمائشوں سے کبھی وہ پائین ایپل جوس منگوانے لگتا تو کبھی املی اور کچے آم، اور حد تب ہوتی جب بیٹھ کر گول گپے کی ایک ساتھ چار سے پانچ پلیٹیں ختم کر دیتا۔

سب کو پکّا یقین ہو گیا تھا۔ کے انکے مغرور بادشاہ کو بھی پیار ہو گیا ہے۔

لیکن کیا یہ پیار تھا؟۔۔۔۔۔۔

نہیں یہ اسکا جنون بن گیا تھا۔ اس نے اپنی حدی کی ہر پسند کو اپنی پسند بنا لیا تھا۔

وہ چاہتا تھا جب وہ اسکے پاس نہیں ہے تو یہ سب کچھ کر کے اسے محسوس کرتا۔ وہ پریشان نہیں کر سکتا تھا اسے۔

وہ تو کبھی برداشت نہیں کر سکتا تھا کے کوئی اس سے اونچی آواز میں بات بھی کرے۔ وہ بچپن سے ہی بہت پٹچی تھا اپنی حدی کو لے کر۔

ایک بار مذاق میں کسی نے حدی کی ڈول لے لی تھی تو پھر کیا تھا حدی تو آ گئی روتے ہوئے اپنے جالی کے پاس۔ اسے روتے دیکھ جلال کی آنکھوں میں خون اتر آیا تھا

اور اس نے اس لڑکے کو اتنا پیٹا تھا کے حال برا کر دیا تھا۔ بس ایک ہی بات دھرا رہا تھا: "تمہاری ہمت کیسے ہوئی میری حدی کی کسی بھی چیز کو ٹچ کرنے کی اور تو اور تمہاری وجہ سے وہ اتنا روئی ہے"۔

گھر والو نے بڑی مشکل سے جلال سے چھڑوایا تھا اس لڑکے کو۔

حدی کے بارے میں وہ بہت شدت پسند تھا۔ اب اسکی اتنی محبت جنون کی حدوں کو چھوتی ہوئی محبت برداشت کر پائیگی حدی۔؟

جو بھی تھا۔اب حدی کی قسمت تو جڑ چکی تھی جلال کے ساتھ وہ بھی ابھی سے نہیں پندرہ سال پہلے سے کیوں کے اسکی حدی کوئی غیر نہیں تھی وہ اسکی منکوحہ تھی۔

جلال اور حدی کے والدین نے جلال کی جنونیت،ضد اور محبت دیکھ کہ انکا نکاح کر دیا تھا۔تو محبت تو بڑھنی ہی تھی۔

بس اب جلال نے اس محبت کو کامل بنانا تھا اپنی حدی کو واپس لا کر اپنے پاس اب وقت ختم ہوا تھا۔

اب جدائی کی حد ختم ہو گئی تھی۔اب اگر وہ زیادہ دیر اپنی حدی سے دور رہا تو ٹوٹ جائیگا بکھر جائیگا۔ایسا ماننا تھا

جلال کا وہ روح سے بھی زیادہ عزیز ہو گئی تھی اسے اور ہوتی بھی کیوں نا وہ اپنے آپ کو سب کی نظروں سے چھپا کر رکھتی تھی۔حفاظت کرتی تھی اپنی۔

💞"شکل کی خوبصورتی محض آنکھوں کو بھاتی ہے" 💞

💞"لیکن کردار کی خوبصورتی دلوں کو فتح کر لیتی ہے۔۔" 💞

اس پہ صرف جلال کہ حق ہے صرف جلال کا۔ اور اب وہ اسکی ناراضگی بھی برداشت کر لیگا لیکن اپنے آپ سے دور نہیں جانے دے گا کبھی بھی نہیں۔

بیا آج کل بہت بزی رہنے لگی تھی انکے مڈ ٹرمز سٹارٹ ہو گئے تھے اور کلینکل ڈیوٹیز کی وجہ سے ٹائم ہی نہیں مل رہا تھا کے گھر میں بھی بات ہو سکے۔

ایگزامز کی وجہ سے وہ اور علینا بیا کے فلیٹ میں شفٹ ہو گئے تھے کے آرام سے تیاری کر سکیں پیپرز کی۔

لیکن اس دوران ایک اور پریشانی کھائے جا رہی تھی بیا کو۔ اور وہ تھا جے۔ ڈی۔

اسے ایک رانگ نمبر سے مسلسل کالز اور میسجز ریسیو ہو رہے تھے۔ اگر بات نا کرتی تو دھمکی ایک ہی ہوتی میں ملنے آجاؤں گا اور بیا سدا کی بھولی اور معصوم باتوں میں آجاتی۔

لیکن جب تک کال چلتی بیا کوئی بات نا کرتی بس خاموش رہتی اور وہ بھی کوئی پاگل تھا جو صرف اسکی خاموشی کو محسوس کرتا بات وہ بھی کم ہی کرتا۔

بیا سمجھ نہیں پا رہی تھی کہ آخر وہ چاہتا کیا ہے۔ لیکن اچھی بات کے اس نے کبھی بھی کسی پک یا ملنے کہ مطالبہ نہیں کیا تھا۔

بس کال کرتا اور خاموشی کو محسوس کرتا۔ بیا نے تو نمبر بھی چینج کر لیا تھا لیکن پتا نہیں کیسے اسے بیا کی ہر بات ہر حرکت کہ پتا ہوتا تھا اور نمبر بھی کوئی عام نمبر نہیں تھا گوگل سے کال آتی تھی۔

لیکن جب سے آیگزامز سٹارٹ ہوے تھے کوئی کال وغیرہ نہیں آئی تھی وہ بھی ریلیکس ہو کر آیگزامز سے فری ہوئی تھی۔

اور آج علینا کے ساتھ باہر کھانا کھانے آئی تھی۔ کھانا کھانے کے دوران اسے مسلسل محسوس ہو رہا تھا کے وہ کسی کی نظروں کے حصار میں ہے۔ لیکن جب بھی وہ اپنے چاروں طرف نظریں گھماتی تو کوئی بھی نظر نا آتا۔ تو اس نے بھی اپنا وہم سمجھ کر اپنی سوچ کو جھٹکا تھا اور کھانا کھا کر آرام سے واپس فلیٹ میں آ گئی تھیں۔

اور اب کچھ دن یہیں رہنے کہ ارادہ تھا۔ تا کہ کچھ دن آرام کریں اور انجو ئے کرے اور یہ آئیڈیا علینا کہ تھا۔

عشاء کی نماز ادا کرنے کے بعد ابھی بیا لیٹی ہی تھی کے اسکے فون پر کال آنا شروع ہو گئی۔

اسکا دل نہیں کر رہا تھا فون اٹھانے کو۔ فون بج کر بند ہو گیا تو سکھ کہ سانس لیا لیکن ابھی کال بند ہی ہوئی تھی کے پھر سے کال آنا شروع ہو گئی۔

ناچار بیا کو فون اٹھانا ہی پڑا۔

فون اٹھاتے ہی پہلے سلامتی بھیجی گئی تھی۔

"السلام علیکم!

کیسی ہے میری جان؟۔۔۔۔

پیپر کیسے ہوے مجھے یقین ہے بہت اچھے ہوے ہونگے لیکن پھر بھی تمہارے منہ سے سننا چاہتا ہوں؟"۔

"وا۔۔۔وا۔۔۔وعلیکم السلام!

"،اٹک اٹک کر سلام کا جواب دیا تھا بیا نے۔

"دے۔دیکھے آ۔۔آ۔۔۔۔آپ مجھے کیوں کل کرتے ہیں۔یہ کوئی اچھی بات نہیں ہے کے کسی کو پریشان کیا جائے۔ایسا میری ماما کہتی ہیں"۔

"ہاہاہاہا۔۔۔۔۔۔۔

میری جان یہ تم ہی ہو جسے میں فون کرتا ہوں۔ورنہ ایک دنیا ترستی ہے جے۔ڈی سے بات کرنے کو۔

میں تو حیران ہوں میں کیسے اتنی باتیں لیتا ہوں تم سے۔ اچھی بات تو بلکل نہیں ہے کسی کو پریشان کرنا لیکن تم کسی نہیں ہو۔

تم میری ہو صرف میری۔ اب چلو ایسی باتیں تو نا کرو اتنے دنوں بعد کال کی ہی میں نے۔ تھوڑی پیار کی باتیں ہی کر لو"۔ شوخی سے خواہش کہ اظہار کیا گیا تھا۔

"دیکھیں آپ مجھے پریشان نا کریں میں اللہ سے آپ کی شکایت کر دوں گی""۔

"یہ کیا بات ہوئی تنگ میں کر رہا ہوں تو شکایت بھی مجھ سے ہی کرو گی نا۔

ہاں اگر مجھے مانگنا ہے تو اللہ سے مانگ لو۔ وسے اگر نا بھی مانگو تو بھی میں صرف تمہارااور تم صرف میری ہو

اب چلو ایسی باتیں تو نا کرو اتنے دنوں بعد کال کی ہی میں نے۔ تھوڑی پیار کی باتیں ہی کر لو"۔ شوخی سے خواہش کا اظہار کیا گیا تھا۔

"دیکھیں آپ مجھے پریشان نا کریں میں اللہ سے آپ کی شکایت کر دوں گی""۔

"یہ کیا بات ہوئی تنگ میں کر رہا ہوں تو شکایت بھی مجھ سے ہی کرو گی نا۔ہاں اگر مجھے مانگنا ہے تو اللہ سے مانگ لو۔

ویسے اگر نا بھی مانگو تو بھی میں صرف تمہارا اور تم صرف میری ہو!"، آخر میں لہجہ تھوڑا سخت ہوا تھا۔

جیسے پورا یقین ہو کہ تم میری ہو اور کوئی جدا نہیں کر سکتا تمہیں مجھ سے اگر کوئی بھی بیچ میں آیا تو اپنے انجام کا وہ خود ذمیدار ہو گا۔

"دیکھیں یہ غلط ہے ہم ایسے بات نہیں کر سکتے آپ پلیز مجھے تنگ نا کرے"۔بیا تو روہانسی ہی ہو گئی تھی۔

مطلب کوئی بات سننی ہی نہیں ہے بس ایک ہی بات کرتا ہے بات کرو بات کرو۔ میں کیوں کروں بات ؟-

"دیکھیں مسٹر بہت ہوا اب اگر مجھے کال کی یاں پریشان کیا تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا۔ کب سے پیار سے سمجھا رہی ہوں آپ ہیں کے بات ہی نہیں سن رہیں چلیں اب رکھیں فون اور دوبارہ نا تنگ کریئے گا"۔

بیا نے پوری ہمت لگا کر کیسے یہ الفاظ ادا کیے تھے اسے پتا تھا۔ وہ تو کبھی بھی کسی اونچی آواز میں بات تک نا کرتی تھی۔ لیکن جے۔ڈی کی باتوں سے وہ زچ آچکی تھی۔

"ہاہاہاہاہا!....... ہمارے محبوب کی تو ہر ادا ہی نرالی ہے"۔

اسے بیا کا اپنے ساتھ ایسے بات کرنا بہت اچھا لگا تھا کے وہ اس سے نار ضگی کا اظہار کر رہی تھی وہ یہی تو چاہتا تھا کے وہ اس سے ناراض ہو اس سے محبت کرے اس پہ غصہ کرے اور تنگ بھی اسے ہی کرے۔

"جو حکم میرے آقا اب نہیں کرتا پریشان"۔اسکی شوخ رگ پھر بھڑکی تھی۔ لیکن یہ کال نا کرنے والی بات کچھ جمی نہیں۔"اگر کال نا کی تو پھر میں ملنے آجاؤں گا۔ جو تم افورڈ نہیں کر پاؤ گی"۔

اتنا کہنا تھا کہ بیا نے کھٹاک سے فون رکھ دیا تھا۔"

یہ کتنے بتمیز انسان ہیں میں کب سے سمجھا رہی ہوں اور یہ توبہ ہے۔

یا اللہ پلیز مجھے بچالیں۔پتا نہیں کیوں یہ میرے پیچھے پڑ گئے ہیں۔ میں نے تو کبھی حجاب بھی نہیں اتارا تو انہوں نے مجھے کہاں دیکھ لیا!۔"

-وہ تو ڈر اور خوف سے مسلسل کانپنا شروع ہو گی تھی۔ کہیں وہ مجھ پے نظر تو نہیں رکھ رہے۔اپنے آس پاس نظر دوڑا کر فوراً اسے اپنے کمبل میں گھس گئی اور درود شریف کہ ورد کرتے ہوے سونے کی کوشش کرنے لگی۔

-

جو کے کافی دیر بعد کارآمد ثابت ہوئی تھی اور وہ نیند کی اغوش میں چلی گئی تھی دنیا اور مافیا سے بے خبر۔

جیسے ہی بیا نے فون رکھا جے۔ڈی نے اسی فون کو اپنے لبوں سے چھوا تھا اس وقت وہ ایک نرم دل انسان بنا ہوا تھا اسکے اندر کا درندہ کہیں جا سویا تھا

اور یہ سب صرف اسی وقت ہوتا تھا۔ اسکا۔ معمول بن گیا تھا بیا سے بات کرنا۔یہ اسے ہی پتا تھا کہ کیسے اس نے اتنے دن کنٹرول کیا ہے خود پر اور بات نہیں کی بیا سے۔

کیوں کے بیا کے ایگزیمز چل رہے تھے اور اسے پتا تھا جب بھی وہ کال کرتا وہ ڈسٹرب ہو جاتی تھی لیکن وہ بھی کیا کرتا دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر کال کرتا تھا۔

آج اتنے دنوں بعد بات کر کے ایک سکون کی لہر سرآیت کر رہی تھی اسکے پورے جسم میں۔

💕 " تجھ کو یقین آئے نہ آئے، یہ اور بات ہے.," 💕

💕 "میں تجھ سے دور رہ کے بھی تیرے ہی پاس ہوں" 💕

"ابھی تو تم دور ہو تو برداشت کرنا مشکل ہے لیکن جب پاس ہوگی تو کیسے برداشت کروگی میری شدتوں کو!"، خود کلامی کی گئی تھی۔

اور ایک خوبصورت مسکراہٹ نے اسکے عنابی لبوں کا آحاطہ کیا تھا۔ اس وقت وہ ایک نرم دل انسان بنا ہوا تھا اسکے اندر کا درندہ کہیں جا سویا تھا اور یہ سب صرف اسی وقت ہوتا تھا۔

ورنہ وہ جتنا سفاک تھا لوگوں کی روح کانپ جاتی تھی اسکا نام سن کر۔ کیوں کہ آج تک کسی نے بھی اسے دیکھا نہیں تھا۔

بس ایک نام تھا جے۔ڈی۔ وہ جب بھی کسی کے سامنے آیا تھا بلیک ہوڈی میں آیا تھا تو کوئی اسکی شناخت نہیں کر سکتا تھا۔

وہ کوئی گینگسٹر نہیں تھا وہ غریبوں کا مسیحا تھا۔اور جرم کرنے والوں کو عبرت کا نشان بناتا تھا۔کسی کی ہمت نہیں تھی کے وہ جے۔ڈی کے راستے میں آے۔

______________ ________________

آج پھر جلال اپنے دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر آیا تھا اپنی حدی سے ملنے۔وہ شاید اپنی کسی فرینڈ کے ساتھ آئی تھی ۔اور کھلکھلا کھلکھلا کر بات کر رہی تھی اس سے باتوں میں مصروف تھی۔

بے اختیار جلال کے دل نے بھی خواہش کی تھی کے وہ جلال کے لئے بھی مسکرآئے اس سے بھی ایسے ہی بات کرے۔

لیکن وہ تو بے خبر تھی سب سے۔ بس اپنی ہی دنیا میں رہنے والی اسکی فرینڈ بھی ایک ہی تھی۔ ہمیشہ ہی اسکے ساتھ پائی جاتی تھی۔ شاید ڈر تھا کے کہیں کھونا جائے اس درنداوں سے بھری دنیا میں۔

حدی نے اپنے اپنے آپ کو ایک خول میں بند کر کے رکھ لیا تھا۔ اور اس خول سے اب جلال نے ہی اپنی حدیبیہ کو نکالنا تھا۔

وہ خوش تھا اسکی حدیبیہ اسکے سامنے تھی پاس تھی۔ بس چھونے سے ڈر رہا تھا کہیں دور نا ہو جائے کیوں کے اسکے پاس بس اب یہی ایک وجہ تھی جینے کی۔

جب اسے خوش دیکھتا تو خود بھی مسکرانے لگتا اسکا دل جی اٹھتا تھا اسکی حدیبیہ اسکی حدی کی آواز سن کر ہی۔ وہ جانا چاہتا تھا اسکے پاس اسے چھونا چاہتا تھا محسوس کرنا چاہتا تھا۔

لیکن شاید ابھی بھی تھوڑا اور انتظار کرنا تھا سہی وقت کا۔ اور وہ وقت جلد آنے والا تھا۔

کیا واقعی وہ وقت انے والا تھا؟۔۔۔۔

یاں یہ محض ایک سوچ تھی؟۔۔۔۔

یہ تو آنے والا وقت ہی بتا سکتا تھا۔

جاری ہے۔

Ye ly g long episode .ab mai try kr rahi hun ky jitni ho sky utni long karo.🙈😊😍😍bs sath ap logon ny dena hai like or coments kr ky.or comemnts bhi long dia kary ap log taky mai b parh kr khush ho jao.jesy ap log epi read kr ky khush hoty hain😍😊😍😍🙈

Surprise Surprise 😍😍🙈🙈

Don't copy paste without my permission💣 💣

ناول#مریض_ء_عشق

از#سندس_پری

#قسط_10

"اس دن کے بعد سے رزم روز کلاس میں آتا لیکچر دیتا اور چلا جاتا ذرا ذرا سی بات پے ڈانٹ دیتا صرف اور صرف مشی کو"۔

ایسا مشی نے فیل کیا تھا۔وہ تو غصّے سے پاگل ہو جاتی تھی۔اور رزم کو بھی مزہ آتا تھا اسے تنگ کرنے میں۔

رزم سب چیزوں کو سائیڈ پے کر کے ابھی صرف اور صرف اپنے ملک کے غداروں کو پکڑنا تھا جو کے معصوم کلیوں کو مسل رہے تھے اپنی درندگی کہ نشانہ بنا رہے تھے۔

اس وقت رزم کا صرف ایک ہی موٹیو تھا اس گینگ کو پکڑنا اور اسی وجہ سے وہ لیلیٰ کے قریب رہنے لگا تھا۔

دل تو اسکا بلکل بھی نہیں کرتا تھا لیکن فرض پہلے تھا اور اسکے لئے وہ کچھ بھی کرنے کو تیار تھا۔ لیلیٰ اور اسکے گروپ پر رزم کی کڑی نظر تھی اور اسے اب اپنا مقصد پورا ہوتا ہوا نظر آ رہا تھا۔

اور بہت جلد وہ اس گروپ کو جیل کی ہوا کھلانے کا ارادہ رکھتا تھا۔ اور آج تک ایسا کوئی کیس نہیں تھا جسے رزم نے پورا نا کیا ہو۔ وہ اللہ کا نام لے کر اپنے ملک کے ساتھ دھوکہ کرنے والو کو انکے انجام تک پہنچاتا تھا۔

اور دوسری طرف پتا نہیں کیوں لیکن مشی کو وہ مغرور ٹیچر اچھا لگنے لگا تھا۔ کبھی کبھی وہ لیکچر کے دوران رزم کو دیکھنے میں اتنا محو ہوتی کے کب کلاس ختم ہوئی اسے کچھ پتا نا چلتا۔

اور یہ بات رزم نے بھی نوٹ کی تھی۔ لیکن وہ اگنور کر رہا تھا کیوں کے وہ کمزور نہیں پڑنا چاہتا تھا۔ اسے بدلہ لینا تھا۔ اور وہ کسی کو بھی معاف کرنے کہ کوئی ارادہ نہیں رکھتا تھا۔

لیکن مشی تو اس سب سے انجان تھی۔ اسے کیا پتا تھا کے اسکی زندگی کیا نیا موڑ لینے والی ہے۔ وہ تو اپنی مستیوں میں مگن تھی۔

مانا کے اسے رزم اچھا لگنے لگا تھا لیکن اچھا لگنا الگ اور بدلہ لینا الگ بات تھی اور جب جب اسے ڈانٹ پڑتی وہ کوئی نا کوئی منصوبہ بناتی اور رزم اسکا کوئی بھی منصوبہ کامیاب نا ہونے دیتا۔ اور وہ دل مسوس کر رہ جاتی۔

اب اسے کیا پتا تھا جس کے سامنے وہ یہ بچوں والی ٹریکس استعمال کر رہی ہے وہ کوئی عام انسان نہیں بلکے اے۔ سی۔ پی رزم جعفری ہے۔ جسے الو بنانا اتنا بھی آسان نہیں ہے۔ جتنا کے مشی کو لگ رہا تھا اور اب وہ کچھ نیا کرنے کہ سوچ رہی تھی۔

تبھی اسکے ذہن میں ایک آیڈیا آیا اور آنکھوں میں ایک شیطانی چمک لئے مسکراتے ہوئے وہ اپنے پلان پے عمل کرنے کا سوچنے لگی۔

اور یہ کام کوئی مشکل نہیں تھا مشی دی گریٹ کے لئے

"واو مشی یو آر سو جنیئس"،

خود ہی اپنی پیٹھ تھپ تھپا کر خود کو داد دی۔ اور کل رزم کے ساتھ ہونے والے سین کہ سوچ کر ہنسنے لگی۔

اگلے دن رزم کلاس میں انٹر ہوا پوری کلاس پہلے سے ہی موجود تھی۔ اسکی نظر بھٹک کر اسی ظالم حسینہ پر گئی۔ جسے نا دیکھنے کا وہ روز خود سے عہد کرتا لیکن اسکے سامنے آتے ہی دل کے ہاتھوں مجبور ہو جاتا اور بس ایک جھلک دیکھ کر اپنے پیاسے دل کو سکون پہنچا تا۔

فوراسے اس نے انہی نظروں کہ ذاویہ بدلا۔ لیکن آج مشی کے چہرے پر ایک الگ ہی چمک تھی جسے دیکھ کر وہ حیران تھا۔ اور اپنے ساتھ ہونے والے کارنامے سے انجان۔

اپنی عادت کے مطابق اسنے بورڈ مارکر کو اپنے دونوں ہاتھوں سے پکڑا اور لیکچر سٹارٹ کر دیا۔

اور جب لکھنے لگا تو یہ کیا مارکر اسکے ہاتھوں سے الگ ہونے سے انکاری تھا

اور جب اسکی نظر مشی پر پڑی تو سارا معاملہ سمجھ آگیا۔ اور مشی کا پورا چہرہ لال ہو رہا تھا ہنسی کنٹرول کرنے کے چکر میں۔

جب برداشت نا ہوا تو ایک دم سے وہ ہنسی

ہاہاہاہاہاہا۔۔۔۔۔۔

پر اسکے ساتھ ہی پوری کلاس میں بھی قہقہے گونج اٹھے۔

رزم مسلسل مار کر کو الگ کرنے کی جدو جہد میں لگا ہوا تھا اور وہاں سب کا ہنس ہنس کر برا حال ہو رہا تھا۔

آخر تنگ آکر رزم کلاس سے ہی باہر چلا گیا۔

آج کے کارنامہ کے بعد مشی کی روح کو بھی سکون مل گیا تھا وہ خوشی خوشی گھر آئی کھانا کھایا اور آرام سے سو گئی۔

کیوں کہ کل اتوار تھا تو مشی میڈم نے لمبی تان کر سونا تھا اور وہ تو تھی ہی سدا کی نیند کی دیوانی۔

آرام سے لمبی تان کر سو گئی۔ اگلی صبح نماز ادا کر کے قرآن پاک کی تلاوت کی اور پھر سے سو گئی۔

اب مشی میڈم نے دوپہر میں ہی اٹھنا تھا۔ تو دوبارہ سے سو گئی۔

مشی کے سونے کے گھنٹہ بعد ہی ایک سایہ نمودار ہوا تھا اسکے روم میں۔ اور جو کام کرنے آیا تھا وہ کرنے لگا

مشی تو اتنی بے خبر سو رہی تھی کہ اسے پتا ہی نا چلا کے اسکے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔

ٹھیک 15 منٹ کے بعد جب اسکا کام پورا ہو گیا تو وہ سایہ ایک نظر مشی کو دیکھ کر چہرے پر شیطانی مسکراہٹ سجائے دبے پاؤں روم سے باہر چلا گیا۔

لیکن جاتے ہوئے بھی پیچھے مڑ کر دیکھنا نا بھولا تھا۔

شجاعت صاحب فتح پور گئے ہوئے تھے وہاں انکی خاندانی حویلی تھی۔ اور گاؤں کے جو بھی فیصلے ہوتے تھے اسکی پنچایئیت بیٹھتی تھی اور فیصلہ شجاعت آفندی ہی کرتے تھے۔

سب انکا کہا کبھی نہیں ٹالتے تھے وجہ عزت سے زیادہ ڈر اور خوف تھا جو سبکو ہوتا تھا شجاعت آفندی سے۔

دیکھنے میں وہ ایک نرم دل اور خوش مزاج شخصیت کے مالک تھے۔ لیکن حقیقت اسکے بر عکس تھی۔ وہ ایک جابر اور نہایت ہی ظالم قسم کے انسان تھے۔ لیکن انکے بچے اپنے بابا کی اس سائیڈ سے ناواقف تھے۔

وہ لوگ زیادہ گاؤں میں آنا نا پسند ہی نہیں کرتے تھے۔ کیوں کے ان میں ل سے کسی کو بھی یہاں کا ماحول بلکل بھی پسند نہیں تھا۔

بچپن میں سب کچھ ٹھیک تھا۔ لیکن جب سے وہ لوگ لاہور شفٹ ہوئے تھے۔ اسکے بعد سے فتح پور کے حالات اور خراب ہو گے تھے اب وہ پہلے جیسا بلکل بھی نہیں رہا تھا۔ پہلے سب پیار محبت سے رہتے تھے۔ اتفاق اور صلح سے سارے فیصلے ہوتے تھے۔

کیوں کے وہ سلطان کا دور تھا۔ وہ نہایت ہی نرم دل انسان تھے لیکن جہاں نا انصافی ہوتی انکا دوسرا رخ سامنے اتا تھا۔ وہ اصول کے پکّے انسان تھے۔ ایک بار اگر زبان دے دی تو مرتے دم تک اس سے پھرتے نہیں۔ تھے انکا ماننا تھا۔ ساری اہمیت زبان کی ہی ہوتی ہے۔ اور وہ مرد نہیں جو ایک بار زبان دے کر اس سے پلٹ جائے۔

سب لوگ انکی بہت عزت کیا کرتے تھے اور یہ سب انکی محبت ہی تھی کہ پچھلے 30 سالوں سے سلطان خاندان کے ہی وارث وہاں کے سردار بنتے آئے تھے۔ وہاں بھی باقاعدہ ووٹنگ ہوتی اور بغیر کسی جھول کے ہمیشہ انکا ہی سکہ چلتا آیا تھا۔

لیکن 15 سال پہلے ایک حادثے میں انکا پورا خاندان خالق حقیقی سے جا ملا۔ سب نے اسے ایک حادثہ ہی گردآنہ تھا لیکن حقیقت کیا تھی کسی کو بھی معلوم نہیں تھی۔

لوگ کہتے تھے کے انکی بی جان جو کہ اس دن حویلی میں ہی تھی اور انکے پاس ایک شیر خوار بچی تھی جو کے اس وقت محض 1سال کی تھی۔ لیکن اس حادثے کے بعد سے انکا کوئی پتہ نہیں تھا کہ وہ کہا گئے زمین کھا گئی یاں آسمان نگل گیا۔ تھوڑا ارسا تو سب نے بہت تلاش کیا انکو لیکن جب ناکام ہوے تو چھوڑ دیا۔

اور تب سے شجاعت آفندی نے گدی سنبھال لی۔ وہ تو گوزائل کو بھی کہہ رہے تھے کے وہ انکی گدی کو سنبھالے اب۔ لیکن گوزائل نے صاف انکار کر دیا تھا۔ کیوں کے اسے کوئی دلچسپی نہیں تھی اس سب میں۔

اسکا ماننا تھا کے اے سب اسکے بس کی بات نہیں ہے اور گاؤں کے لوگ تو انپڑ ہیں وہ لوگ بس عزت کی بت پڑ قتل وغارت کر سکتے ہیں اور اگر یہی بات لڑکے کی آئے تو ساری سزائیں معاف کر دی جاتی تھی۔ کیا لڑکی ہونا گناہ ہے. لیکن گاؤں میں سب نے اس چیز کو گناہ ہی بنا دیا تھا۔

اب کون انکو سمجھائے کے بیٹیاں تو رحمت ہوتی ہیں۔ اور یہ پھول بھی انکے گھر ہی کھلتے ہیں جو انکی حفاظت کر سکیں۔

اسی نظریہ کو دیکھتے ہوئے آمنہ بیگم نے ضد کی تھی کہ وہ شہر میں رہنا چاہتی ہیں۔ اور شجاعت صاحب کو بھی یہ سب سہی لگا تھا۔

وہ جیسے مرضی دوسرے لوگوں کے ساتھ تھے لیکن اپنے تینوں بچوں میں انکی جان تھی

اور انکی وجہ سے ہی تو انکے اور آمنہ بیگم کے درمیان سب سہی ہوا تھا۔ انکو بہت محبت تھی بیا سے۔

اور مشی میں تو سب کی جان بستی تھی وہ اور غازی گھر کی رونق تھے۔

جاری ہے۔

Aj epi deny ka mood nhi ho raha tha q ky tabyat thori nasaaz lag rahi thi😪🤒 .lekin ap logo ki muhabat dekh kr likh hi li mai ny😊🙈😍😍ab ap log bhi achy achy or looooooong coments kr ky mujy b khush kr dy😊😍🙈🙈🙈🙈🙈waiting for your lovely coments 😍🙈🙈🙈🙈

Surprise Surprise🙈🙈😍😍

Don't copy paste without my permission💣💣

ناول#مریض_ء_عشق

از#سندس_پری

#قسط_11

"بیا اور علینا فلیٹ میں ہی تھیں ابھی تک"__

آج انہوں نے واپس جانا تھا ہوسٹل لیکن اچانک سے علینا کے گھر سے کال آگئی اور اسے گھر جانا پڑا۔

اب بیا اکیلی رہ گئی تھی۔ تو اس نے سوچا کیوں نا وہ خود ہی ہوسٹل چلی جائے۔

اور اپنے ڈرائیور کے ساتھ وہ بھی ہوسٹل کے لئے روانہ ہو گئی لیکن راستے میں ٹریفک ہونے کی وجہ سے اسے اور دیر ہو گئی 1 گھنٹہ ہونے کو آیا تھا اور ٹریفک ابھی بھی ویسی کی ویسی ہی تھی۔

آخر کار تنگ آکر ڈرائیور نے بیا سے کہا"

میڈم پتا نہیں کیوں آج اتنا ٹریفک ہے اگر آپ کہیں تو میں جا کر معلوم کر آؤں"

کیوں کہ ڈرائیور کو بھی پتا تھا کے انکی بی بی بہت کمزور دل کی مالک ہے یہ نا ہو وہ جائے اور یہاں بیا کی حالت خراب ہو جائے۔

بیا جو پہلے ہی ڈر رہی تھی اور گھبرا گئی ڈرائیور کی بات سن کر۔

لیکن اگر منع کر دیتی تو پتا نہیں اور کتنا ٹائم یہاں لگ جاتا اس لئے حامی بھر لی لیکن جلدی آنے کی تاکید کرنا نہیں بھولی تھی۔

"ٹھیک ہے ڈرائیور انکل! لیکن انکل آپ جلدی آئیے گا"۔

"ٹھیک ہے بی بی جی میں بس ابھی آتا ہوں۔ لیکن آپ گاڑی کے اندر ہی بیٹھی رہیے گا۔ باہر مت آئیے گا"۔

ڈرائیور کو گئے پانچ منٹ ہو گئے تھے۔ اب تو بیا کے پسینے چھوٹ گئے تھے وہ ایک دم سے گھبرا کر رونا سٹارٹ ہو گی تھی۔

وہ فوراً گاڑی سے باہر آ گئی۔ اور یہاں وہاں دیکھنے لگی اور اس دوران مسلسل وہ ہچکیوں سے رو رہی تھی۔

اس وقت وہ یہ بھی بھول گئی تھی کہ وہ گاڑی میں نہیں بلکہ باہر کھڑی ہے۔ رونے سے مسلسل وہ کانپ رہی تھی۔

اور دور کچھ لڑکے اسے بڑے غور سے دیکھ رہے تھے اور اسکی بے بسی کا مذاق اڑا رہے تھے۔

کہ اتنی دیر میں کوئی آیا تھا اسکے سامنے۔ اور وہ جو رونے کا شغل فرما رہی تھی کسی جانی پہچانی کلون کی خوشبو کو محسوس کر کے بنا کچھ سوچے سمجھے اس انسان کے گلے لگ گئی اور اپنی گرفت مظبوط کر دی اس پر اور زیادہ رونے لگی۔

"مم۔۔۔ مم۔۔ میں بب۔۔۔ بہت بہت ڈ۔۔ڈ۔۔۔ڈر گئی تھی۔ یہ۔۔۔ یہ یہاں سب سب
ہن۔۔۔ ہن۔۔۔ ہنس رہ۔۔۔ رہے تھ۔۔ تھے"، اٹک کر اپنے لفظ ادا کیے اور وہی اسکی بازوؤں کے حلقے میں ہوش و خرد سے بے گانہ ہو گئی۔

اور اس نے بہت آرام سے اسے اپنے کسرتی بازوؤں میں بھرا اور وہاں سے نکلتا چلا گیا۔ اس دوران ایک منٹ کے لئے بھی اسکی نظر بیا کے چہرے سے نہیں ہٹی تھی

حالانکہ بیا کا چہرہ نقاب میں قید تھا اور خوبصورت آنکھوں کی جھالر اس وقت گری ہوئی تھی۔

زیادہ رونے کی وجہ سے اسکا نقاب گیلا ہو کر اسکے چہرے کے نقوش کو واضح کر رہا تھا۔

وہ مکمل حسن کی دیوی صاف شفاف رنگت بلکل کسی حور کی طرح۔ اس نے آرام سے اسے لا کر گاڑی کی سیٹ پر لیٹا دیا۔

اور خود کسی کو کال ملائی۔ کال سے فارغ ہو کر خود فرنٹ سیٹ پر بیٹھ کر گاڑی کو زن سے بھگا لے گیا۔

پورے راستے وقفے وقفے سے وہ پیچھے اپنی متاع جاں کو دیکھ رہا تھا۔ 15 منٹ کی ڈرائیو سے وہ بیا کو اس کے ہی فلیٹ میں لے کر آ گیا۔

اور بہت آرام سے اسے بیڈ پہ لیٹا دیا اور اپنے دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر اسکا نقاب کھولنے لگا۔

جیسے ہی نقاب ہٹا تھا وہ تو اسے دیکھ کر مبہوت ہی رہ گیا تھا وہ تو کھو گیا تھا۔

اتنا مکمل حسن اوپر سے رونے کی وجہ سے آنکھیں اور ناک سرخ ہو گئیں تھیں اور بھرے بھرے گال دیکھ کر بے ساختہ اسکا ہاتھ گیا تھا اسکے گالوں کو انگلیوں سے چھو کر محسوس کر رہا تھا وہ اسے۔

نظر بھٹک کر اسکے گلابی کٹاؤ دار لبوں پر آ کر ٹھہر سی گئی تھی۔

اور بے ساختہ وہ جھکا تھا اسکی صبیح پیشانی پر پیار کی پہلی مہر ثبت کی تھی اسکے بعد باری باری اسکی آنکھوں پہ بھوسہ دیا تھا۔

ایک سرور سا دوڑا تھا اسکے پورے جسم میں کتنے سالوں بعد ملا تھا وہ اپنی بیا سے اتنے قریب سے اسے دیکھ رہا تھا اسے محسوس کر رہا تھا۔

یہ احساس ہی خوشگوار تھا کے اسکی بیا اسکے پاس ہے۔ اور وہی پہ اسکے ساتھ بیڈ پر ہی لیٹ گیا۔

وہ ہمیشہ بیا کے آس پاس ہی تھا بلکل اسکے سایے کی طرح اسکی ہر حرکت پر اسکی نظر تھی۔ لیکن دور سے۔

وہ کبھی بھی اسکے سامنے نہیں آیا تھا وہ اسے پریشان نہیں کرنا چاہتا تھا۔ اس لئے بس نظر رکھتا تھ اس پر۔

لیکن اب جب وہ تھوڑی میچور ہو گئی تھی اور جے۔ڈی ک بھی اس سے دور رہنا محال ہو گیا تھا۔

اس لئے کالز کر کے اپنے بے سکون دل کو قرار دیتا تھا۔

وہ اسکے جسم کی روح اور دل کا قرار بن گئی تھی۔

اتوار ہونے کئی وجہ سے مشی آرام سے 12 کے قریب آنگڑ آئی لیتے ہوے اٹھی۔

اور کچھ دیر آرام سے اپنے روم کو ہی دیکھنے لگی جس کی ہر چیز اسی کی بدولت پنک کلر کے امتزاج سے سجی ہوئی تھی۔

اور خود سے ہی مخاطب ہوئی:

"یار یہ اتوار کو ہفتے میں 3 بار تو آنا چاہیے بندہ آرام سے اپنی مرضی سے سویے اور اپنی مرضی سے اٹھے۔

ہائییییے مشی تُو اور تیرے نکے نکے خواب۔ مشی نے مسکراتے ہوئے واشروم کہ رخ کیا۔

اور آخر کیا تھا اسکی 2 منٹ بعد ہی پورے گھر میں مشی کئی چیخیں گونج رہی تھی۔

"غازی بھائییی۔۔۔"۔۔

مشی چلاتی ہوئی روم سے باہر آئی۔

گھر میں جو بھی مشی کو دیکھتا اپنے منہ پر ہاتھ رکھ کر اپنی ہنسی کو کنٹرول کرنے کی کوشش کرتا کیوں کے وہ سب بھی اکثر مشی کی شرارتوں کا مہرا بنتے تھے۔

اور کسی کو بھی مشی کے سامنے ہنس کر اپنی شامت نہیں بلوانی تھی۔ جیسے ہی مشی ڈائننگ حال میں انٹر ہوئی۔

آمنہ بیگم کی نظر جیسے ہی مشی پر گئی پہلے تو وہ حیران ہوئی۔ اور اسکے انکی ہنسی بھی تھی کے تھمنے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی۔

اور مشی ماما کو بھی اس طرح خود پر ہنستا دیکھ کر منہ پھولا کر بیٹھ گئی۔ لیکن یاد آنے پر پھر سے نظریں ادھر اُدھر دوڑانے لگی

اور بلا اخر مشی کو غازی پلر کے پیچھے نظر آہی گیا اور فوراسے اسکے سر پر جا پہنچی۔

"غازی بھائی یہ آپ نے ٹھیک نہیں کیا"،

اور غازی کی تو ایک بار پھر سے ہنسی چھوٹ گئی اور اسکے بعد سب کے بلند وبالا قہقے آفندی ولہ میں گونجے تھے

کیوں کے غازی نے اپنے پینٹنگ کے سامان کو آج مشی کے مبارک چہرے پر لگنے کا شرف بخشا تھا۔

اب 3 گھنٹے تو مشی کو اسے صاف کرنے میں ہی لگ جانے تھے۔ مشی بھی منہ بنا کر بیٹھ گئی۔

اور غازی کو جب لگا کے مشی ناراض ہو گی ہے تو فوراا اسکی طرف بڑھا تھا۔

"یار تم نے سٹارٹ کیا تھا میں نے اینڈ کر دیا۔ اب چلو جلدی سے اپنا منہ صاف کرو پھر میں تمہیں باہر آئیسکریم کھلا کر آتا ہوں"۔

آئیسکریم کا نام سن کر مشی تو خوش ہو گی تھی اور فوراََ مان گئی۔ لیکن دل میں عہد کر لیا تھا کے غازی بھائی سے بدلا تو لینا ہی ہے تو کیوں نا پہلے آئیسکریم ہی کھالی جائے۔

"او کے بھائی لیکن ابھی اسے صاف کرنے میں تو 3 گھنٹے لگ جائیگے"۔

مشی پھر سے روہانسی ہوئی تھی۔"

اوہ ہو تم اسے صاف کرو میں لیکر آتا ہوں آئیسکریم۔

"غازی اور مشی جانی دشمن سہی لیکن پیار بھی بہت کرتے تھے دونوں ایک دوسرے سے۔

خاص کر غازی تو بھول جاتا تھا لیکن مشی میڈم تو بدلا لیکر ہی سکون کا سانس لیتی تھی۔

مشی روم میں گئی اور غازی نے گاڑی کی چابی لیکر آئیسکریم پارلر کا رخ کیا اب اپنی جان کو منانا بھی تو تھا۔

"غازی ابھی راستے میں ہی تھا کہ اسے ایک لڑکی نظر آئی جیسے کافی سارے لڑکے پریشان کر رہے تھے"۔

وہ تین لڑکے تھے اور لڑکی کے ارد گرد دائرہ بنا کر اسکے ارد گرد گول گول گھوم رہے تھے۔

اس نے گاڑی ایک سائیڈ پر روکی اور اس طرف گیا۔

جہاں وہ لوگ اس لڑکی کو تنگ کر رہے تھے۔

لیکن ابھی وہ اس تک پہنچا بھی نہیں تھا کہ اپنی آنکھوں سے اس نے جو منظر دیکھا۔

اگر دیوار کا سہارا نا لیتا تو یقیناً غش کھا کر ضرور گر جاتا۔

کیوں کہ سامنے ایک لڑکی جو کے تھوڑی دیر پہلے تک اسے کوئی معصوم سی لڑکی محسوس ہوئی تھی

جو کے بے بس اور لاچار لگی تھی اسے۔

اب وہی لڑکی کراٹے بازی کرتے ہوائے ان لڑکوں کو انکی نانی یاد دلا رہی تھی۔

اس نے آج تک اتنی نڈر لڑکی نہیں دیکھی تھی۔

پہلے تو بیچاری بن کر سب کچھ سنا اور دیکھا کہ کس حد تک تنگ کر سکتے ہیں۔

اس کی بعد اپنی کراٹے ٹریکس کا استعمال کیا اور ان تینوں کو دھول چٹا دی۔

دکھنے میں وہ بہت ہی خوبصورت اور معصوم تھی۔

براؤن آنکھوں والی حسینہ، نہیں ظالم اور قاتل حسینہ جو کے ہاتھوں اور آنکھوں سے ہرانے کا ہنر خوب جانتی تھی۔

کیا لگتا ہے آپ لوگوں کو اب کیا ہونے والا ہے آگے سٹوری میں؟

جاری ہے۔

Koi b ab short na kahy😏🙈.chalo btao ab kia hony ja rha 🤔🙄.mujy bara maza any wala hi agy epi likh kr😊🙈😍😜

Don't copy paste without my permission💣💣

ناول#مریض_ء_عشق

از#سندس_پری

#قسط_12

" صبح کے پانچ بج رہے تھے لیکن مجال ہے کے جے۔ڈی نے ایک منٹ کے لئے بھی اپنی آنکھیں بند کی ہوں۔

وہ تو بس یک ٹک بیا کے چہرے کو دیکھ رہا تھا کتنا انتظار کیا تھا اس نے اس وقت کا کے کب بیا اسکے سامنے ہو گی اور وہ بس اسکا دیدار ہی کرتا رہے گا۔

اگر پوری زندگی بھی ایسے بیا کو دیکھتے گزر جائے تو جے۔ڈی ہنسی خوشی اپنی پوری زندگی بھی بیا کے نام کرنے کے لئے تیار تھا۔

جب اسے لگا کے اب تھوڑی دیر میں بیا نے اٹھ جانا ہے تو وہ آرام سے بیا کے گالوں کو اپنے لبوں سے چھو کر فورا اس سے دور ہوا۔

اپنے کپڑے سہی کیے اور کیچن کا رخ کیا۔ ایک فرائے ایگ ساتھ میں پراٹھا، اچار اور چائے اوپر چڑھا کر دوبارہ سے بیا کے روم کا رخ کیا۔

لیکن یہ کیا بیا ابھی تک ویسے ہی سو رہی تھی وہ حیران تھا کے اس ٹائم تک تو بیا اٹھ جاتی ہے آج کیوں نہیں اٹھی ابھی تک۔

شاید کل وہ زیادہ ڈر گئی تھی اس لئے ابھی تک سو رہی تھی جے۔ڈی آرام سے اسکے پاس ہی بیڈ پر بیٹھ گیا اور پھر سے اسے دیکھنے لگا۔

جب تھوڑی دیر تک بیا نا اٹھی تو وہ بے ساختہ اسکے لبوں پے جھکا تھا اور پیار بھری شرارت کر کے پیچھے ہٹا.

اور اسکے بال جو کے اسکے چہرے پر آ رہے تھے انھیں پیچھے کیا اور تھوڑے سے بال ہاتھ میں لیکر انہیں اسکے کان کے قریب کر کے بار بار اسے گد گدی کرنے لگا اور جب لگا کے وہ اٹھ رہی ہے تو فوراً وہاں سے چلا گیا کیوں کے وہ ابھی اسکے سامنے نہیں آنا چاہتا تھا۔

بیا جو کے خوبصورت خواب کے زیر اثر تھی جب اسے محسوس ہوا کے اسکے کان میں کچھ جا رہا ہے تو فوراسے چلا کر اٹھی اور اپنے آس پاس دیکھنے لگی لیکن جب کچھ بھی نظر نا آیا تو تھوڑی پر سکون ہوئی۔

لیکن جیسے ہی اسکا ذہن بیدار ہوا تو حیران ہوئی کے وہ تو ہوسٹل جا رہی تھی۔ تو یہاں اپنے روم میں کیسے آئی واپس ؟

اور وہ شخص کون تھا جو اسکی ڈھال بن کر اسکے آگے کھڑا ہو گیا تھا۔ وہ کتنا ڈر گئی تھی کل خود کو اکیلا محسوس کر رہی تھی۔

بچپن سے بس ایک ہی خواب دیکھنا اور پھر لوگوں کی عجیب نظریں اسی لئے تو گھبرا کر رونا سٹارٹ ہو گی تھی۔

پھر وہ آیا تھا۔ لیکن وہ تو اچانک بے ہوش ہو گی تھی لیکن غنودگی میں جاتے ہوئے بھی اسے محسوس ہوا تھا کے وہ کسی کے مضبوط بازوؤں کے حصار میں ہے۔

وہ انہی سوچو میں گم تھی کہ جب اسکی نظر گھڑی پر پڑی جو کے پانچ بج کر تیس منٹ کا ٹائم دکھا رہی تھی۔ فوراً سے اس نے واشروم کہ رخ کیا اور وضو کر کے نماز ادا کرنے لگی۔

تلاوت قرآن پاک کے بعد جب وہ 6 بجے کچن میں آئی تو ایک بار پھر سے حیران رہ گئی کیوں کے اسکا ناشتہ ریڈی تھا۔ اور چائے کا کپ آون میں تھا۔

یہ سب کس نے کیا؟۔۔۔۔۔۔۔

تو کیا وہ سب سچ تھا جو اسے نیند میں فیل ہوا تھا کوئی تھا اسکے روم میں اور اس نے ہی یہ سب کیا۔

بیا نے پکّا ارادہ کر لیا تھا کے اب وہ ہوسٹل میں ہی رہے گی یہاں رہنا خطرے سے خالی نہیں تھا۔

وہ جو کوئی بھی تھا دوبارہ بھی آسکتا تھا۔ وہ اور پریشان ہو گی تھی۔ فوراً سے ناشتہ کر کے برتن واش کیے اور ڈرائیور کو لیکر ہوسٹل روانہ ہو گئی۔

دوسری طرف جے۔ڈی جو کہ بیا کی ایک ایک حرکت پر نظر رکھے ہوئے تھا۔ مسکرایا تھا اور خود سے ہی مخاطب ہوا تھا۔ میری ڈرپوک جانم 🙈😊😍

کیوں کے جے۔ڈی نے بیا کے فلیٹ میں خفیہ کیمرے لگائے ہوئے تھے۔ جن کی مدد سے وہ ہر وقت اس پر نظر رکھے ہوئے تھا۔

غازی تو یہ بھی بھول گیا تھا کے وہ مشی کے لئے آئیسکریم لینے آیا تھا۔

وہ تو جب مشی نے کال کی تو وہ ہوش کی دنیا میں آیا تھا اور فوراسے آئیسکریم پالر کا رخ کیا اور جلدی سے آئیسکریم لیکر گھر پہنچا۔

ورنہ کوئی بھروسہ نہیں تھا مشی پھر کوئی کارنامہ انجام دے دیتی اور اس وقت وہ اپنی شامت آتی نہیں دیکھ سکتا تھا ۔ فوراسے مشی کو اسکی آئیسکریم پکڑائی اور خود اپنے روم میں چلا گیا۔

مشی تو حیران تھی آج غازی بھائی نے بغیر تنگ کیے ہی ساری آئیسکریم اسے دیدی۔ لیکن پھر خود ہی پر سکون ہو گی کے مجھے تنگ کیا تھا شاید اس لئے۔ لیکن بخشنے والی تو میں بھی نہیں آپ کو بھائی۔

اگے کہ پلان کرتے ہوے وہ آئیسکریم سے بھرپور انصاف کرنے لگی۔

تھوڑی دیر بعد مشی نے غازی کے روم کا رخ کیا کیوں کے اتوار ہو اور وہ غازی کہ سر نا کھائے ایسے ہو سکتا ہی بھلا تو دھاوا بول دیا جاتے ہی لیکن جب غازی کو کسی گہری سوچ میں پایا تو اسکے کان کے قریب جا کر زور سے چیخ ماری کے وہ جو اپنی حسینہ کے خیالوں میں کھویا ہوا تھا فوراسوفے سے ڈر کر اچھلا۔

"بھائی کہا کھوئے ہویے ہیں آپ؟

اب آپ کو خیالوں کی دنیا سے اس دنیا میں لانے کے لئے میرے پاس اس سے بھی اچھے طریقے آتے تھے لیکن وہ آپ برداشت نا کر پاتے نا اس لئے"، معصوم سا فیس بنا کر کہا تھا۔

"یار مشی یہ سب چھوڑو تم مجھے یہ بتاؤ کیا لڑکیاں اتنی بہادر ہوتی ہیں کہ ایک ساتھ 3 بندوں کو مار گرآئے وہ بھی اتنی صفائی سے کہ وہ دوبارہ اٹھ ہی نا سکیں"۔

"ہاہاہاہاہاہاہاہا۔۔۔بھائی آپ کس سے مار کھا کر آرہے ہیں"۔

"مشی میں مذاق نہیں کر رہا سچ میں میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ کیا فائٹ کی تھی اسنے میں تو اسکا فین ہی ہو گیا ہوں"۔

"بھائی !یہ ایکسوی صدی ہے اور اب لڑکیاں بھی لڑکوں سے کم نہیں ہیں۔

تو آپ ذرا بچ کر رہنا کہیں اگلا نمبر آپ کا نا ہو"، آنکھ دبا کر بھاگ گی تھی غازی کے روم سے۔اور پیچھے غازی پھر سے اسکے خیالوں میں کھو گیا تھا۔مس قاتل حسینہ اب تو ملنا پڑے گا آپ سے۔مسکراتے ہوئے آنکھیں موندھ گیا تھا۔

مشی جب کالج آئی تو اسے شازیہ کہیں بھی نظر نا آئی جب کال کی تو پتا چلا میڈم آج چھٹی پر ہیں۔

"یہ شازیہ کی بچی مجھے نہی بتا سکتی تھی میں بھی آج چھٹی کر لیتی اب خوامخہ اس ہٹلر کا اکیلے ہی سامنا کرنا پڑے گا۔

اور یہ مجھے کیا ہو گیا ہے۔ جب بھی سر رزم سامنے آتے ہیں میرے دل کی دھڑکن کیوں تیز ہو جاتی ہے۔

میرا خود پر کنٹرول ہی نہیں رہتا بس یک ٹک انکو دیکھتی رہتی ہوں۔

اللہ توبہ اگر سر دیکھ لیں تو کیا سوچیں گے میرا بارے میں۔

نہیں آج کے بعد نہیں دکھوں گی میں انکی طرف"۔ا

ابھی مشی خود سے باتیں کر ہی رہی تھی کے اسکی نظر سامنے سے آتے رزم اور لیلہ پر پڑی جو کہ دونوں مسکراتے ہوے باتیں کرتے آرہے تھے۔

پتا نہیں کیوں لیکن ایک عجیب سی جلن ہوئی تھی مشی کو لیلہ سے۔

"دیکھو تو کیسے ہنس کر باتیں کرتے ہوئے آرہے ہیں اور مجھ سے تو کبھی پیار سے بات تک نہیں کی کھڑوس کہیں کے۔ اور یہ لیلہ کی بچی کی تو ایسی کی تیسی۔

کیسے چپک چپک کر باتیں کر رہی ہے بندہ تھوڑا دور ہو کر بھی بات کر سکتا ہے۔ لیکن نہیں۔

لیلہ کو تو میں چھوڑوں گی نہیں اور سر وہ تو اچھے خاصے پڑھے لکھے ہیں پھر بھی اس چڑیل سے باتیں کر رہے ہیں"۔

مشی کہ تو چہرہ ہی لال بھبوکا ہو گیا تھا دونوں کو ساتھ دیکھ کر۔ وہ بھی کڑھ کر کلاس کی طرف چلی گئی۔

پوری کلاس میں مشی کا موڈ اوف تھا اور یہ بات کسی اور نے نوٹ کی ہو یہ نا ہو لیکن رزم کی چیل جیسی نظروں سے مخفی نا رہ سکی تھی۔

" کلاس لیتے ہی وہ کینٹین کی طرف جا رہی تھی"۔

کہ اچانک سے کسی نے بڑی بے رحمی سے اسے بازو سے پکڑ کر ایک خالی کلاس میں گھسیٹا تھا۔

منہ پر ہاتھ ہونے کی وجہ سے وہ چلا بھی نہیں پا رہی تھی۔

بس اسکی گرفت سے نکلنے کی ناکام سی کوشش کر رہی تھی جو کہ ناممکن سی بات تھی اس آہنی وجود کے سامنے۔

وہ نقاب پوش پوری طرح اس پر قابض تھا۔ اور وہ بہادر لڑکی اس وقت ڈر کی شدت سے کانپ رہی تھی۔

لیکن وہ پوری کوشش کر رہی تھی کہ مقابل کو یہ احساس نہیں ہونے دے گی کہ وہ اس سے خوفزدہ ہے۔

اور مسلسل خود کو اسکی گرفت سے آزاد کرانے کی کوشش کر رہی تھی۔

"خاموش اگر ایک لفظ بھی اپنے منہ سے نکالنے کی کوشش کی نا تو یہیں پر زندہ گاڑھ دوں گا"۔

اسکی دھمکی کارگر بھی ثابت ہوئی تھی۔

اب اس نے خود کو مسلسل چھڑوانے کی کوشش ترک کردی تھی۔

لیکن یہ سب تب تک تھا جب تک اسکا ہاتھ اسکے منہ پر تھا۔

لیکن جیسے ہی اس نے ہاتھ ہٹایا وہ پوری قوت سے چلائی تھی۔

بچاؤؤؤؤؤؤؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔.......

تم پر یقین کرنا ہی غلطی ہے اب بھگتو۔

اسکے بعد جو اس نے کیا تھا خوف سے مقابل کی آنکھیں پھٹ سی گئی تھی۔

اس نے بڑی بے رحمی سے مشی کی آواز کو اپنے لبوں سے بند کر دیا اب وہاں صرف خاموشی تھی۔ لیکن مشی پوری جان لگا رہی تھی خود کو اس درندا صفت انسان سے چھوڑانے کی۔

لیکن اسکی ساری کوشش ناکام ہو رہی تھی کہاں وہ نازک سی جان اور کہاوہ دیو قامت انسان۔ جب مشی کی سانسیں اکھڑنے لگی تو وہ بن پانی کی مچھلی کی طرح تڑپنے لگی۔ اور آخر کار اسے رحم آہی گیا اس نے ایک دم سے مشی کے لبوں کو آزادی بخشی۔

مشی تو نڈھال سی ہو کر اسکے شانے پر سر رکھ کر اپنی اپنی بے ترتیب سانسوں کو ہموار کرنے کی کوشش کرنے لگی۔

کہ ایک بار پھر اس نے اسکے بازوؤں کو جکڑا۔ اسے اسکی انگلیاں آپنے بازو میں دھنستی ہوئی محسوس ہوئی۔

اور پھر ایک نا ختم ہونے والا۔ دریا بہنا شروع ہوا تھا مشی کی آنکھوں سے۔ لیکن مقابل کو جیسے کوئی پرواہ نہیں تھی۔

اور گویا ہوا خبردار اگر تم آج کے بعد مجھے کسی بھی لڑکے ساتھ نظر آئی تو۔۔۔۔۔۔۔۔

اوہ۔۔۔ لیکن میں یہ تو بھول ہی گیا جیسا باپ ویسی بیٹی۔ کہ دینا اپنے باپ کو اگر وہ سوچ رہا ہی کہ وہ مجھ سے بچ جائیگا تو یہ اسکی غلط فہمی ہے۔

یہ کہتے ہی وہ وہاں سے لمبے لمبے ڈاگ بھرتا وہا سے چلا گیا۔ کلاس روم میں اندھیرا اور اسکے چہرے پر نقاب ہونے کی وجہ سے مشی اسکا چہرہ نہیں دیکھ پائی تھی۔

لیکن اسکے ہر عمل سے صرف نفرت چھلک رہی تھی شدید نفرت۔ جو کے برداشت کرنا مشی کے بس کی بات نہیں تھی۔

اسکے جاتے ہی مشی بھی دھڑام سے نیچے گری تھی۔ پورا کلاس روم اسکی سسکیوں سے گونج اٹھا تھا۔ بہت دیر رو لینے کے بعد مشی نے بہت مشکل سے اپنے آنسوؤں پر بندھ باندھا اور بھاگتی ہوئی کلاس سے باہر نکلی۔

اور سامنے سے اتے ہویے وجود سے زوردار تصادم ہوا اسکا۔

مشی جو کہ پہلے ہی پریشان اور رو رو کر ہلکان ہو گئی تھی وہ تصادم برداشت نا کر پائی اور اسکی باہوں میں جھول گئی۔

جاری ہے۔

Ab ap logo ky respons ko dekh kr epi bhi mil gai hai .ye to ab ap logo pr hai🙈😊😊q ky mai to likhny lagi hun next epi🙈🙈 ap log kro enjoy or btao ye kon hai? Ya phirrrr🤔🤔😜😜🙈🙈

Surprise Mega episode😍😍🙈🙈🙈

Don't copy paste without my permission💣💣

ناول#مریض_ء_عشق

از#سندس_پری

#قسط_13

"جے۔ڈی بیا کے فلیٹ سے نکلتے ہی اپنے ٹارچر سیل پہنچا".

جہاں اسکے مہمان دل وجان سے اپنے ساتھ ہونے والی مہمان نوازی کا انتظار کر رہے تھے۔

سارا انتظام ہو گیا ہے باس......،

جے۔ڈی کے اندر انٹر ہوتے ہی بشر کسی بوتل کے جن کی طرح حاضر ہوا تھا۔"

ٹھیک ہے چلو تم لیکن یاد رہے جب تک انکی مہمان نوازی نا ہو جائے۔چاہے کوئی بھی ہو مطلب, کوئی بھی ہو مجھے ڈسٹرب مت کرنا۔

ورنہ..... اپنا انجام تم جانتے ہو۔

کسی بھی جذبات سے عاری لہجے میں وارننگ دی گئی تھی"۔

"اوکے باس۔۔۔۔۔۔۔"۔۔

اندر ٹوٹل تین افراد موجود تھے۔ جو کے تکلیف سے اور کمزوری سے پہلے ہی نڈھال تھے۔ کیوں کے کل سے نا پانی گیا تھا انکے حلق میں اور نا ہی کوئی اور چیز۔

قدموں کی چاپ سن کر ایک بار پھر سے ایک دوسرے کی شکلیں دیکھنے لگے۔ اور اپنے سامنے اس اونچے لمبے انسان کو دیکھ کر انکی رہی سہی ہمت بھی جواب دینے لگی۔ کیوں کے وہ جو کوئی بھی تھا اس وقت اسکی آنکھیں لہو رنگ تھی اور دنیا جہاں کی سفاکیت سموئے وہ انکا نام و نشان اس دنیا کی سفا ہستی سے مٹانے کے در پر تھا

۔"بہت شوق ہے نا تم لوگوں کو لڑکیوں کو ڈر گز دینے کا انکو اس چیز کی بڑی اہمیت بتاتے ہو نا تم لوگ تو چلو آج میں بھی تم لوگوں کو ایک چیز کی اہمیت بتاتا ہوں"۔

یہ کہتے ہی اسنے ایک کی انگلی پکڑی اور بلیڈ سے اس پر گہرے گہرے کٹ لگانا شروع ہو گیا یہی عمل باقی کے دو لوگوں کے ساتھ بھی کیا۔ اسکے بعد نمک لیکر انکے زخموں پر لگانا سٹارٹ کر دیا پورا ٹارچر سیل انکی وحشت ناک چیخوں سے گونج اٹھا تھا۔

انہی ہاتھوں سے انھیں ڈرگز انجیکٹ کرتے ہو ناتم لوگ۔ اسکے بعد لال مرچ پاؤڈر لیکر لگانا شروع کر دیا درد برداشت نا کرتے ہوے وہ لوگ نیم بے ہوشی میں جانے لگے۔

"انکو پانی کا ایک قطرہ بھی نہیں ملنا چاہیے۔ اور تب تک یہ عمل انکے پورے جسم پر دوہراو جب تک انکی سانسیں چل رہی ہیں"۔

یہ وہی لوگ تھے جو کہ کل بیا کی بے بسی پر ہنس رہے تھے وہ پہلے ہی ڈری ہوئی تھی اور انکی وجہ سے اور ڈر گئی۔

وہ کتنی کوشش کر رہا تھا کہ اسکا ڈر ختم کرے جو اسے بچپن کی وہ بھیانک رات کو خواب میں یاد کر کے لگتا ہے ۔

اور وہ کامیاب بھی ہو رہا تھا۔ جب بھی بیا کو کال کرتا تو اسکا ذہن کسی اور طرف ڈائیورٹ کرنے کی کوشش کرتا تا کہ وہ اسے سوچے بس۔ وہ اسکے دل کے ساتھ ساتھ اسکی روح پر بھی قابض ہونا چاہتا تھا۔

لیکن یہ تو وقت ہی بتانے والا تھا کہ کیا لکھا ہے انکی قسمت میں۔

اس وقت وہ ایک ظالم اور سفاک درندا بنا ہوا تھا یہ اسکی بیسٹ سائیڈ تھی

جس سے کوئی بھی واقف نہیں تھا۔ سب اسے جمال داؤد کے نام سے جانتے تھے جو کے ایک غریب گھرانے سے تعلق رکھتا تھا۔

اور نہایت ہی شریف اور سلجھا ہوا ڈرپوک قسم کا لڑکا ہے اور کسی سے جھگڑا تو دور، کہی پر لڑائی بھی ہو تو وہاں سے چلا جاتا ہے۔

اسکے کوئی چچا ہیں جو مرنے کے بعد اپنی پراپرٹی (جسکا کسی کو کچھ پتانا تھا) وہ جمال کے نام کر گئے تھے۔

وہ زیادہ تر اپنے گاؤں میں ہی رہتا تھا اپنے گھر وہ کم ہی آتا تھا۔

لیکن اب ان سب کو کون بتائے کے جمال کوئی عام ڈرپوک انسان نہیں بلکے ایک بیسٹ ہے۔

"جے۔ڈی" وہ بھی برے لوگوں کے لئے وہ بیسٹ تھا۔

جو کے معصوم لوگوں کو پریشان کرتے۔ اور وہ لوگ جو دولت کے بل بوتے پر قانون کو تو دھوکا دے سکتے ہیں لیکن جے۔ڈی کو نہیں۔

رزم پوری کلاس میں مشی کے چہرے کے اتار چڑھاؤ کو دیکھ رہا تھا۔ آج اسے مشی اداس سی لگی تھی۔

وہ جانتا تھا مشی اسے لیلیٰ کے ساتھ دیکھ کر جیلس ہوتی ہے تو جان بوجھ کر اور اسکے قریب رہتا۔

جس کو لیلیٰ کچھ اور ہی سمجھ رہی تھی وہ تو پوری طرح رزم کے پیار میں پاگل ہو گی تھی۔ اسی وجہ سے کئی بار وہ مشی کی شرارتوں کا مہرا بھی بنی تھی۔

رزم کو تو مشی پر شدید غصّہ تھا کیوں کے کل اس نے مشی کو کالج کے ایک لڑکے کے ساتھ کھڑے دیکھا تھا۔ وہ اس سے ہنس کر بات کر رہی تھی اور وہ لڑکا کوئی اور نہیں بلکہ لیلیٰ اور انکی گینگ کا حصّہ تھا۔

شاید انہوں نے اپنا اگلا ٹارگٹ مشی کو بنایا تھا۔ لیکن مشی بیچاری ان سب سے انجان تھی نا اسے رزم کہ کچھ پتا تھا نہیں اس گینگ کا۔

مشی کو تو لگا تھا کے وہ اس ہیلپ مانگ رہا ہے اس نے لیلیٰ کا پوچھا تھا

مشی سے تو اسنے کہا تھا کہ اسے نہیں پتا بس پھر کیا تھا وہ تو باتیں کرنا ہی سٹارٹ ہو گیا تھا اور مشی بھی سد اکی باتونی وہ بھی کرنے لگ گی اور جب وہ ہنسی اسی ٹائم رزم نے اسے دیکھا تھا۔

تو اس لئے وہ تو اسکی ہیلپ کر رہی تھی اسے کیا پتا تھا یہ ہیلپ اسے مہنگی پڑے گی اگر پتا ہوتا تو کبھی نا کرتی۔

رزم نے بس اتنا ہی دیکھا تھا کہ اسے غصّہ آ گیا تھا۔ اس لئے غصّہ میں وہ سب کر دیا۔ وہ مشی کو غلط سمجھ رہا تھا۔ اور غلط فہمی کیا رنگ لانے والی تھی کوئی نہیں جانتا تھا۔

جب اسے احساس ہوا کے اتنی دیر ہو گئی اور مشی ابھی تک کلاس سے باہر نہیں آئی تو اپنے دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر وہ اسے دیکھنے جا رہا تھا کہ اتنے میں مشی بھاگتی ہوئی کلاس سے باہر آئی۔

اور اچانک سے دونوں کا زوردار تصادم ہوا۔ مشی تو وہی پر اسکے بازوؤں میں جھول گئی۔ رزم نے فوراً اسے اسے اپنے بازوؤں میں بھرا اور سائیڈ پر کلاس روم میں لے گیا.

پانی لیا اور پانی کے چند چھنٹے مشی کے منہ پر مارے۔ تو مشی ہڑبڑا کر اٹھ بیٹھی اور خوفزدہ نظروں سے رزم کو دیکھنے لگی۔ لیکن جیسے ہی اسے وہ سب یاد آیا تو بے اختیار رزم کے گلے لگ گی اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔

وہ تو چنچل سی لڑکی تھی جو مستیاں کرتی تھی لیکن کسی کو ہرٹ نہیں کرتی تھی بس اپنی ہی موج میں جینے والی تھی

پھر یہ سب کیا ہو گیا تھا اسکے ساتھ وہ سمجھنے سے قاصر تھی۔ رزم نے اسے خود سے الگ کیا اور پوچھا کے کیا ہوا تو وہ کچھ بول ہی نا پائی کیا بتاتی وہ کے کسی نا محرم نے اسکے ساتھ۔۔۔۔۔۔

وہ تو کبھی بھی کسی کو خود سے ہاتھ ملانے کی بھی اجازت نہیں دیتی تھی۔ مشی نے سوچا اگر رزم کو بتا دیا تو وہ کیا سوچے گا اسکے بارے میں؟

تو چپ ہی بہتر ہے۔

"ن۔۔۔ نہیں۔ کک۔۔۔" ن۔۔۔ نہیں۔ کک۔۔۔۔ کچھ نہیں ہوا"۔

بس آپی کی یاد آ رہی تھی اس لئے۔ اور نظریں چرانے لگی۔

مجھے جانا چاہیے بھائی آ گئے ہونگے۔ اور فوراً سے بھاگ گئی تھی وہاں سے۔

ایک معنی خیز مسکراہٹ نے احاطہ کیا تھا رزم کے چہرے پر اور کلاس سے نکلتا چلا گیا تھا۔ کیوں کے آج اسے لیلیٰ کے ساتھ کلب بھی جانا تھا

اس نے لیلیٰ کو اپنے پورے اعتماد میں لے لیا تھا۔اب آہستہ آہستہ ان کے سارے لوگوں کے بارے میں انفارمیشن اکھٹی کرنی تھی اور انکے ہاتھوں میں ہتھکڑیاں پہنانی تھیں۔وہ انکو دردناک سزا دینا چاہتا تھا۔

بس غازی صبح مشی کو لیکر جب کالج پہنچا تو سامنے ہی اسے اپنی قاتل حسینہ کا دیدار ہو گیا۔

"مشی سن"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور فوراسے مشی کو آواز دی۔

"جی بھائی۔۔۔"—

"وہ جو سامنے جینز میں لڑکی لڑکی کھڑی ہے شولڈر ہیئر کٹ کے ساتھ وہ کون ہے!"۔

"اچھااوہ بھائی وہ تو نیو سٹوڈنٹ ہے ابھی دو دن پہلے ہی آئی ہے ہمارے ہی بیچ کی ہے۔ابھی ہی ریگولر ہوئی ہے پہلے آوٹ اوف سٹی تھی۔

لیکن آپ کیوں پوچھ رہیں ہیں؟

مجھے تو دال میں کچھ کالا لگ رہا ہے۔ کیا میں جو سوچ رہی ہوں وہ سہی ہے

بھائی ریئلی۔۔۔۔۔واؤ۔۔۔"۔

"مشی کی بچی خاموش ہو جاؤ یہ وہی لڑکی ہے جسکا میں نے کہا تھا کے وہ فائٹ کر رہی تھی"۔

"بھائی آپ نا پاگل ہو گئے ہو یہ تو بیچاری معصوم سی ہے اور آپ ایسا کہہ رہے"۔

"تم خود دیکھو کیا ایسی ڈریسنگ کوئی معصوم لڑکی کرتی ہے"۔

"بھائی آپ نا یہ فضول باتیں مت کرے ایسی ڈریسنگ سے کیا مطلب ہے"۔

"ارے میرا مطلب ہے وہ تو ڈریسنگ سے ہی کونفیڈنٹ لگ رہی ہے۔ تم دیکھنا میں سہی ثابت ہوؤنگا اور تم غلط "۔

ابھی اتنا ہی کہنا تھا کے سامنے جو انہوں نے دیکھا مشی کہ تو منہ کھل گیا تھا البتہ غازی نارمل تھا کیوں کے اسے تو پہلے ہی پتا تھا یہ سب ہونا ہے"۔

مطربہ جو کہ مشی کہ ویٹ رہی تھی پہلے دن ہی اسے وہ کیوٹ سی مستی کو ئین بہت پسند آئی تھی۔ ابھی بھی وہ اسکا ویٹ کر رہی تھی کہ نیو کمر سمجھ کر کچھ لڑکے اور لڑکیاں اسکی ریگینگ کرنے پہنچ گئے۔

لیکن انکو کیا پتا تھا کس جنگلی بلی سے انکا پالا پڑنے والا ہی ورنہ کبھی نہیں آتے۔ ابھی ایک نے پانی کی بوتل پکڑی ہی تھی اسکے اوپر گرانے کے لئے کے مطربہ نے اسکا وہی ہاتھ پکڑ کر مروڑ دیا اور پانی کی بوتل الٹے ہاتھ میں لیکر اسکے اوپر ہی انڈیل دی۔

باقی سب تو دنگ ہی رہ گئے کے یہ کیا ہوا کیوں کے جتنی پھرتی سے مطربہ نے یہ سب کیا تھا سب کا حیران ہونا بنتا بھی تھی۔

وہیں دوسری لڑکی ہمت کر کے اگے آئی اور کتاب سے اس پر وار کرنے لگی۔

مطربہ نے اسکے خود تک پہنچنے سے پہلے ہی اپنی ٹانگ اڑا کر اسے دھول چٹادی اور وہ بیچاری جو منہ کے بل گری تھی اسکی تو ناک پر چوٹ لگنے کی وجہ سے خون تک نکل آیا۔

مشی جو کے منہ کھولے سب دیکھ رہی تھی غازی کے ہلانے پر ہوش کی دنیا میں آئی فوراسے بھاگ کر مطربہ کو کھینچ کر اپنے ساتھ کلاس میں لیکر چلی گئی۔

لیکن جاتے ہوے بھی مطی نے پیچھے سے انگلی اٹھا کر گویا وارن کیا تھا کہ "دوبارہ پنگا نا لینا مجھ سے"۔

اسکے جانے کے بعد غازی بھی مسکراتے ہوے اپنے ڈپارٹمنٹ کی طرف بڑھ گیا۔

آہ ظالم حسینہ ویسے مزہ اچھا چکھایا ان لوگوں کو خود کلامی کرتے ہوے اپنی کلاس میں انٹر ہوا

جلال ویسے بھی پاکستان آتا رہتا تھا۔ اس لئے اسے زیادہ محنت کی ضرورت نہیں تھی۔

لیکن شجاعت آفندی کو برباد کرنے کے لئے اسے کسی بھی حد تک جانا پڑتا تو وہ تیار تھا۔

اس نے شجاعت کے سارے کلب بند کرنے کہ سوچ لیا تھا۔ اور وہ کامیاب بھی ہو رہا تھا ہر کلب میں اسکا کوئی نا کوئی بندہ تھا جو کہ اسے ساری انفارمشن دیتا رہتا تھا۔

اور اسی طرح وہ ہر قدم پر شجاعت کی بربادی کا سامان تیار کر رہا تھا۔ بہت سے کلب تو وہ بند بھی کر چکا تھا۔

ان سب میں وہ جتنا بھی بزی ہوتا لیکن اپنی حدی کو یاد کرنا نہیں بھولتا تھا۔ بس دیدار یار کرنے کا ٹائم نہیں ملا تھا اسے اور اب بہت جلد وہ بھی پرمینٹ ملنے والا تھا

جب کوئی بھی اسے روک نہیں سکتا تھا۔ وہ کھلِ عام اس سے ملے گا اور اپنے بے چین دل کا حال سنآئے گا۔

جتنے بھی اسکے سمگلنگ کے اڈے تھے وہ جلال کا مین ٹارگیٹ تھے کیوں کے وہاں پر ہر برائی کے کام کے ساتھ جو سب سے برا کام ہوتا تھا وہ تھا لڑکیوں کو ڈرگ کا عادی بنانا انکی فیک ویڈیو بنانا

اور پھر وہی جو آج تک ہر لڑکی کے ساتھ ہوتا ہی اسکے اپنے ہی گھر والے اسکا یقین نہیں کرتے تو باقی لوگ کیا کرے گے اور یہی سوچتے ہوے وہ اس دلدل میں اور دھنستی جاتیں ہیں۔

جلال ان سب لڑکیوں کو انصاف دلوانا چاہتا تھا۔ اور وہ بہت جلد کامیاب ہونے والا تھا وہ شجاعت کی جڑیں کاٹ رہا تھا۔

شجاعت گاؤں کے مسلوں میں اتنا الجھے ہوے تھے کہ سر کھجانے تک کا ٹائم نہیں مل رہا تھا گاؤں میں بھی اتنے مسلے درپیش آرہے تھے اور وہاں شہر میں انکے اڈوں پر بھی انکو بھاری نقصان اٹھانا پڑ رہا تھا

اس لئے جلدی سے گاؤں کے مسلوں سے جان چھوڑوا کر شہر جانا چاہتے۔

کبھی اسی گاؤں پر حکومت کرنے کے لئے انہوں نے اتنی زندگیوں کو برباد کیا تھا لیکن ابھی انکا وہ انٹرسٹ کم نہیں ہوا تھا.

آخر یہاں سے ہی تو لڑکیوں کو سمگلینگ کے لئے لے کر جاتے تھے اور انکے گھر والے بھی کچھ نہیں کر پاتے تھے کیوں کے سب کچھ تو انکے کنٹرول میں ہوتا تھا

جو شجاعت چاہتا وہی ہوتا جہاں پہلے لوگوں کے دل میں میں اسکی عزت تھی اب صرف ڈر تھا اور اب تو سب نے امید بھی چھوڑ دی تھی کے اس سب سے کبھی آزاد بھی ہو پائے گے۔

لیکن ہوتا تو وہی ہے جو اللہ چاہتا ہے سب کی آزمائش کا وقت ہوتا ہے اور انکی بھی آزمائش کا وقت تھا جو کہ بہت جلد ختم ہونے والا تھا

لیکن وہ سب انجان تھے کہ انکا مسیحا بہت جلد انکو اس سب سے آزادی دلوانے والا ہے۔

شجاعت نے جلدی سے سب کچھ سولو کر کے شہر کا رخ کیا۔

لیکن ابھی وہ راستے میں ہی تھے کہ انکی گاڑی پے فائرنگ سٹارٹ ہو گئی۔

"لگتا ہے میرے ستارے اس وقت گردش میں ہیں ہر جگہ سے ناکامی ہی مل رہی ہے اور اب یہ۔۔۔۔۔۔

آخر کون ہے میرا دشمن!"۔۔۔۔۔

خود کلامی کرتے ہوئے وہ کافی جھنجھلائے ہوئے تھے ایک اور فائر ہوا تھا انکی گاڑی کے ٹائر پر اور گاڑی امبیلینس ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔

جاری ہے۔

Yeh ly g mega episode 🙈🙈😊😍or ab coments b mega looooooong hony chahye🙈wrna phir sy itni hi epi mily gi 😈🙈😊chalo g read krky btao sb kc lagi epi .or ab agy kia hony wala hi🤔😜😈

Surprise Mega long episode 😍😍🙈🙈❤️

Don't copy paste without my permission💣💣

ناول#مریض_ء_عشق

از#سندس_پری

#قسط_14

وہاں سے بھاگتے ہویے مشی سید ھاغازی سے جاٹکرائی۔"

سنبھل کر مس ڈرامہ کوئین اگر ابھی لگ جاتی تو"۔

لیکن جیسے ہی غازی کی نظر مشی کے مرجھائے ہوئے چہرے پر پڑی تو حیران رہ گیا کیوں کے مشی کی آنکھیں رونے کی چغلی کھا رہیں تھی۔ اور غازی کو اپنی پیاری سی بہن کو اس حالت میں دیکھ کر تکلیف ہوئی تھی۔

"مشی میری جان کیا ہوا ہے تم روئی کیوں ہو! کسی نے کچھ کہا ہے کیا؟"،

غازی نے مشی کہ چہرہ اپنے دونوں ہاتھوں میں تھام کر پوچھا تھا۔ اور مشی کو ایک بر پھر سے وہ سب یاد آگیا تو وہ غازی کے گلے لگ کر خوب روئی۔

غازی تو پریشان ہی ہو گیا تھا اپنی پھول جیسی بہن کو ایسے روتے ہوئے دیکھ کر۔

"مشی بتا بھی یار کیا ہوا ہے۔ اگر کسی نے کچھ کہا ہے تو بتا میں ابھی اسکی خبر لیتا ہوں جا کر"۔

"نا۔۔۔ نہیں بھائی کسی نے کچھ نہیں کہا بس مجھے آپی کی یاد آرہی تھی انکو گے ہوئے کتنے دن ہو گے نا اس لئے"

۔

جھوٹ بولتے ہویے مشی مسلسل ادھر ادھر دیکھ رہی تھی کے غازی اسکی آنکھوں میں دیکھ کر سچ ناپڑھ لے ۔لیکن غازی کہ اس طرح پریشان ہونا اور۔ سب باتیں سن کر مشی کو بے اختیار اپنے بڑے بھائی پر پیار آیا تھا تو پھر سے اسکے گلے لگی۔

"بھائی آئی۔ لوو۔ یو یو آر دی بیسٹ بر دران دی ورلڈ۔

آپ بہت اچھے ہیں۔ لیکن برے بھی ہیں"۔

"ہیں میں برا کیسے ہو گیا ذرا بتانا پسند کرے گی آپ"۔ ایک آئیبرو اچکا کر پوچھا تھا مشی سے غازی نے۔

" کیوں کے اب اسکا موڈ بھی تو سہی ہو رہا تھا تو وہ بھی اپنی جون میں واپس آگیا:

"غازی بھائی آپ نا ایک نمبر کے بھلکڑ ہو۔ آپ کو پتا ہے نا جب میں پریشان ہوتی ہوں تو مجھے بھوک زیادہ لگتی ہے

اب چلیے بھی جلدی"۔ غازی کا باقاعدہ ہاتھ پکڑ کر مشی اسے اپنے ساتھ لے گئی۔

"یار مشی میری جیب پر رحم کرنا وہ فلحال تھوڑی ہلکی ہے"۔

"ہاں ہاں مجھے پتا ہے کنجوس ہے آپ تو۔ لیکن کوئی بات نہیں اگر بل کے پیسے نا بھی ہوے تو آپ برتن دھو کر اپنی بہن کو کھانا کھلا دینا"۔ اور آنکھ دبا کر ہنسنے لگی۔

مشی کو اس طرح ہنستے ہویے دیکھ کر غازی نے اسکے ہمشہ ایسے ہی ہنسنے کی دعا کی تھی لیکن یہ تو وقت نے بتانا تھا کے کتنی دیر تک یہ ہنسی بر قرار رہنی ہے۔ اور اسی طرح ہنستے ہوے دونوں نے باہر کھانا کھا کر گھر کا رخ کیا۔

گھر آتے ہی مشی نے اپنے کمرے کا رخ کیا روم میں آتے ہی فوراسے اس نے دروازہ لاک کیا۔

اور وہی پر دروازے کے ساتھ ہی۔ نیچے بیٹھ گئی۔ اور ایک بار پھر سے رونے لگی۔

کتنا کنٹرول کیا تھا اس نے غازی کے سامنے اپنے آنسوؤں پر۔ کیوں کے وہ اپنی وجہ سے کسی کو بھی پریشان نہیں کر سکتی تھی۔

اسے روتے ہوئے پتا نہیں کتنی دیر ہو گئی تھی لیکن وہ اب بھی ایک ہی ذاویے میں بیٹھی ہوئی تھی کے مغرب کی اذان اسکے کانوں میں پڑی تو وہ فوراً اٹھی اور اپنے رب کے حضور حاضر ہو گئی.

کیوں کے وہ ہی تو رحیم ہے جو سب کے دلوں کا حال جانتا ہے۔ وہ سجدے میں جا کر اللہ کے حضور اپنے گناہوں کی معافی مانگنے لگی کے آخر کیا غلطی ہو گئی اس سے اور اگر اس سے یہ غلطی نہیں ہوئی ہے اسکے بابا جانی سے ہوئی ہے

تو ایسا کیوں ہوتا ہی کہ باپ، بھائیوں کہ کیا انکی بہن اور بیٹیوں کو بھرنا پڑتا ہے۔

اور اسکی ہی یہ سزا ملی اسے۔ وہ رو رو کر اللہ کے حضور دعا کر رہی تھی

"بے شک وہی سب کی سننے والا ہے"۔

نماز پڑھ کر اسے تھوڑا سکون ملا تھا اور وہ وہیں سجدے میں ہی سو گئی تھی

رزم آج لیلیٰ کے ساتھ انکے کلب آیا ہوا تھا۔ لیلیٰ نے اسے اپنے سارے فرینڈز سے ملوایا۔

رزم سب لوگوں کا بڑی باریکی سے جائزہ لے رہا تھا۔ رزم سب کا جائزہ لے کر ایک کونے میں جا کر بیٹھ گیا اور سب کی کروائی دیکھنے لگا۔

ہر کوئی اپنے آپ میں مست تھا گناہ میں لزت ہی تو ہے جسے کمزور نفس کے گمراہ لوگ انجوئے کرتے ہیں۔

یہاں پر موجود کسی کو بھی کسی دوسرے سے کوئی غرض نہیں تھی۔ ہر کوئی حرام مشروب کو منہ لگائے پر کچھ تو نشے میں دھت حلال حرام کی پرواہ کیے بغیر اپنے اپنے پارٹنرز کے ساتھ ڈانس فلور پر رقص کر رہے تھے۔

رزم نے ان سب کو دیکھ کر کوفت سے اپنا نظریہ بدلا تھا۔ اسکی نظر لیلیٰ کو تلاش کر رہی تھی اور جب لیلیٰ پر نظر پڑی تو دیکھا وہ کسی عمر رسیدہ تقریبا 40 سے 45 سال کے آدمی کے ساتھ ہنس ہنس کر بات کر رہی تھی۔

اور وہ خبیث انسان چہرے پر دنیا جہاں کی نفس کی بھوک لئے اسے دیکھے جا رہا تھا۔ اسے تو حیرانگی ہو رہی تھی کے اپنے منہ پر من بھر کا میک آپ تھوپے وہ کیسے کسی بھی انسان کی باہوں میں جھول سکتی ہے۔

وہ بھی صرف چند روپیوں کی خاطر؟

کیا وہ یہ مال و دولت اپنے ساتھ قبر میں لے کر جانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ جو پیسے کی بھوک ختم ہی نہیں ہو رہی یہاں تک کے خود کو بھی ان جیسے حیوانوں کے آگے ڈالنے سے ذرا نہیں کتراتی۔

ایک دم ہی رزم کا دل اچاٹ ہوا تھا ان سب۔

اور لیلیٰ جو اپنے کلائنٹ کے ساتھ بزی تھی وہاں سے فری ہو کر فوراً رزم کی طرف آئی۔

"ہے رزم بے بی یہاں کیا کر رہے ہو اب جب سب جان ہی گئے ہو تو اؤ نا تھوڑا ڈانس کر لیا جائے۔ پھر میں تمھیں یہاں کے خفیہ راستوں کے راز کے بارے میں بتاؤ گی"۔

اس وقت لیلیٰ فل نشے میں دھت تھی۔ رزم نے اسے اسکی کمر سے تھاما ہوا تھا ورنہ وہ اب تک زمین بوس ہو چکی ہوتی۔

"نہیں بے بی پہلے چلو سارے رازوں سے پردہ اٹھاتے ہیں"۔

"ہاں چلو جو میرا بے بی کہے گا وہ ہی میں کروں گی۔ چلو میں بتاتی ہوں۔ پوچھو تم جو پوچھنا ہے"۔

"سب سے پہلے تو مجھے یہاں کے چھپے ہویے راستوں کا بتاؤ۔"

"بس اتنی سی بات۔ وہ۔۔۔۔۔۔۔ وہ سامنے دیکھ رہے ہو ناوہ کاؤنٹر اسکے نیچے ایک سیکریٹ بٹن ہے وہ پریس کرنے سے وہاں نیچے سیڑھیاں آئے گی اور اور۔۔۔۔۔۔"۔۔۔ اتنا کہتے ہی لیلیٰ بے حوش ہو گی۔

رزم نے اسے وہی پر لیٹا کر کاؤنٹر کے پاس جا کر چیک کیا۔ اور بس باہر سے ہی دیکھ کر واپس آیا۔

اب لیلیٰ کو اسے تو یہاں چھوڑ نہیں سکتا تھا۔ تو اسے اٹھایا اور رخ اپنی کار کی طرف کیا۔ لیلیٰ کو اسکے گھر چھوڑ کر وہ سیدھا سیل آیا۔

جہاں پر اس نے لیلیٰ کے دوستوں میں سے ایک کو سب کی نظر سے بچا کر اپنی فورس کو سیویل ڈریس میں بلوا کر گرفتار کروا کر جیل میں بند کر دیا تھا اور اب خود اسکی خاطر تواضح کرنے گیا تھا۔

اس پتا تھا اسے لوگ بڑے ڈھیٹ ہوتے ہیں اتنی آسانی سے اپنا منہ نہیں کھولتے۔ جیل میں داخل ہوتے ہی سب سے پہلے اس نے ایک موٹا سا ڈانڈا اٹھایا تھا اور آتے ساتھ ہی اس پر برس پڑا۔

"بتا کیا کرتے ہو تم لوگ ان لڑکیوں کے ساتھ بتا اور کتنے اڈے ہیں تم لوگوں کے بتا سالے بتا"۔

مار مار کر اسکی حالت بری کر دی تھی رزم نے۔

"مجھے کچھ نہیں معلوم مجھے چھوڑ دو"۔

اتنی مار کھانے کے بعد بھی وہ اپنا منہ نہیں کھول رہا تھا "اچھا اا تو تجھے کچھ نہیں معلوم ہے!

تو تو کیا ترے اچھے بھی بتائے گے"۔

رزم نے گرم کھولتا ہوا پانی منگوایا اور اور آسکے دونوں پیروں کو اس پانی میں ڈلوادیا پھر سٹارٹ ہوا تھا چیخوں کا نا ختم ہونے والا سلسلہ۔"

آہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بتاتا ہوں بتاتا ہوں۔

ہمارے سر ایس۔اے کبھی سامنے نہیں آتے لیکن انکے سارے کام لیلیٰ جسکو آپ جانتے ہیں اسکے فادر کرتے ہیں۔اور انہوں نے یہ سب ذمداری اب لیلیٰ کو دی ہوئی ہے۔

لیلیٰ نے اپنی 2 لڑکیوں کو ہوسٹل میں رکوایا ہوا ہے۔اور وہی لڑکیاں دوسری لڑکیوں کو ڈرگز کا عادی بناتی ہیں اور ہمارے حوالے کرتی ہیں۔

بس صاحب مجھے اتنا ہی پتا ہے اب مجھے چھوڑ دے پلیز!"۔

"تم جیسے جانور کو چھوڑ دوں گا میں یہ تمہاری غلط فہمی ہے۔

چلو سعید اسکی اچھے سے خاطر داری کرنا کسی بھی چیز کی کمی نا محسوس ہو موصوف کو"۔

آنکھ دبا کر کہتے ہوئے وہ ریکارڈنگ جو ابھی کی تھی لیکر باہر آ گیا۔

وہ ایسا ہی تھا خوش مزاج انسان بس بدلے کے اگے وہ سب سہی غلط کا فرق بھول جاتا تھا۔

اب دیکھنا تھا یہ بدلہ کیا رنگ لانے والا ہے؟

جیسے ہی شجاعت کی گاڑی کے ٹائر پر فائر ہوا گاڑی امبیلینس ہوئی۔ اور لاڑکھڑاتی ہوئی آگے بھڑنے لگی۔

اس سے پہلے وہ کھائی میں گرتی شجاعت چھلانگ لگا کر گاڑی سے کود گیا۔ لیکن مصیبت ابھی ٹلی نہیں تھی۔

جیسے ہی وہ سیدھے ہو کر کھڑے ہوے۔ 6 لوگوں نے انکو اپنے گھیرے میں لے لیا.

"آخر کون ہو تم لوگ اور کیا چاھتے ہو مجھ سے کیوں مجھے مارنے پر تلے ہوے ہو۔

دیکھو مجھے چھوڑ دو میں تم سب کو منہ مانگی قیمت دوں گا"۔

جب شجاعت کو کچھ اور نا سوجھا تو لالچ دینے لگا ان لوگوں کو۔"

ابے سالے تو نے کیا ہمیں بکاؤ سمجھا ہوا ہے ہمارے باس کہ آرڈر ہے تمہیں ختم کرنا اور یہ کرنے سے ہمیں کوئی نہیں روک سکتا۔ ان میں سے ایک نے اگے بڑھ کر کہا اور اس پر وار کرنے لگا لیکن شجاعت نے اسکا وار اسی پر الٹ دیا تھا

آخر اتنا آسان تو نا تھا اسے ہرانا اور پھر سب اپس میں گتھم گتھا ہو گے کے تبھی ایک نے شجاعت کی ٹانگ پر فائر کر دیا۔

اور اس سے پہلے وہ اور فائر کرتا۔ کسی نے اسکے پیچھے سے پکڑ کر اس پر ہی وار کر دیا۔

شجاعت تکلیف سے نیچے گرے اس انسان کو دیکھ رہے تھے جو انکی جان بچنے کے لئے خود کی جان خطرے میں ڈال گیا تھا۔

لیکن وہ ایک ان سب پر بھاری ثابت ہوا تھا۔ اور چند ہی منٹوں میں وہ سب زمین پر اوندھے منہ پڑے ہوے تھے۔

جمال انکو فورا اپنی گاڑی میں بٹھا کر ہسپتال لے گیا وہاں انکا ٹریٹمینٹ کروایا۔ اور شجاعت تو بہت شکر گزار تھے جمال کے۔

کہ اس نے اپنی جان کی پرواہ نا کرتے ہوے انکی جان بچائی۔ انہوں نے وہی پر اسکا شکریہ ادا کیا اور اس سے اسکے بارے میں پوچھا کے وہ کہاں رہتا ہے کیا کرتا ہے۔ اور اسکے گھر میں کون کون ہیں۔

جمال نے اپنی جھوٹی کہانی سنا کر شجاعت کو مطمئن کر دیا تھا۔ شجاعت کو گھر چھوڑ کر وہ بھی واپس آ گیا اور سوچنے لگا کتنا آسان تھا شجاعت کو بے وقوف بنانا۔

خود ہی سوچ اور ہنستے ہوے سگریٹ کے گہرے گہرے کش لینے لگا۔اس وقت اسکی آنکھیں لال انگارہ ہوئی تھیں،ان میں شجاعت کے لئے نفرت تھی حقارت تھی اور کیا کچھ نہیں تھی شجاعت کی بربادی تھی۔

یہ جمال عرف جے۔ڈی تمہیں بخشنے نہیں والا شجاعت آفندی۔

اور اسی طرح شجاعت اور جمال داؤد کی دوستی گہری ہوتی گئی۔شجاعت جمال کو اپنا رائٹ ہینڈ بنانا چاہتے تھے۔اس لئے انکا ذہن تو کسی اور ہی سوچ کے تانے بن رہا تھا۔

اور وہ اس نتیجہ پر پہنچے تھے کہ بیا کی شادی جمال سے کر دی جائے۔ایک تو وہ شریف تھا دوسرا اس سے وہ انکی اور عزت کرنے لگے گا اور دھوکا دینے کا سوچ بھی نہیں سکے گا۔یہ سوچتے ہی انکے چہرے پر ایک کمینی مسکراہٹ نے اپنی چھپ دلائی تھی۔

گھر آئے تو آمنہ بیگم بھی پریشان ہو گئیں۔لیکن شجاعت صاحب نے انھے مطمین کر دیا تھا۔اور انکو جمال کے بارے میں بتایا کے بہت ہی پیارا بچہ ہے۔

اور ساتھ ہی بیا پر جمال کے رشتے کے بارے میں بھی بتا دیا کے بہت جلد وہ ایک گرینڈ پارٹی دے کر باقاعدہ یہ رشتہ آناؤنس کر دیں گے۔

آمنہ بیگم تو یہ سن کر پریشان ہو گئیں تھیں لیکن شجاعت کے سامنے کچھ بھی نا کہہ پائیں تھی۔

لیکن انکو بیا کی فکر تھی کے جب اسے پتا چلے گا تو وہ کیسا ری ایکٹ کرے گی۔ وہ تو بھی اس سب کے لئے تیار بھی نہیں ہے معصوم سی تو ہے وہ۔ اسے کیا پتا اس رشتے کی نزاکت کا۔

اور جو سب سے بڑی پریشانی تھی وہ انھیں اندر ہی اندر کھائے جا رہی تھی۔ انھیں سوچوں میں انہوں نے ایک نمبر ڈائل کیا تھا۔

اور سب کچھ اسکے گوش گزار دیا تھا۔ اور پتا نہیں اگے سے کیا کہا گیا تھا کے اب آمنہ بیگم بھی مطمئن ہو گئیں تھیں۔

اور کیچن کا رخ کیا شجاعت صاحب کے لئے سوپ بنانے کے لئے۔

مشی کی طبیعت سہی نہیں تھی تو آج غازی اکیلے ہی یونی کے لئے نکلا تھا

یونی پہنچا تو راستے میں ہی اسکے دوست مل گئے اسے ابھی وہ ان سے باتیں کرتے ہوئے جا ہی رہا تھا کہ کچھ ہی دور دو لڑکے ایک لڑکی کو پریشان کر رہے تھے۔

یہ سب دیکھ کر غازی کا تو خون ہی کھول اٹھا تھا۔ اگر کسی کا بھائی یا باپ نہیں ہے یہ چھوڑنے نہیں آسکتا تو اسکا یہ مطلب نہیں کے ان لڑکیوں کی عزت نہیں ہے جو یوں سب لوگ انہیں اس طرح پریشان کریں۔

تبھی تو لڑکیاں باہر نکلنے سے ڈرتی ہیں۔ یہی سوچتے ہوئے وہ انکی طرف بڑھا اور رکھ کر دو دو لگائیں تھیں ان لڑکوں کو جو دکھنے میں تو خود چوسنی کی طرح تھے اور لڑکی کو دیکھ کر فری ہو رہے تھے۔ لڑکی تو پہلے ہی ڈری ہوئی تھی غازی کو دیکھ کر اور ڈر گئی۔

غازی نے نیچے سے اسکا دوپٹہ اٹھایا اور ابھی دوپٹہ اسکے ہاتھ میں ہی تھا کے مطربہ جو دور سے غازی کو دوپٹہ اٹھاتے ہوئے دیکھ کر اسے غلط سمجھی تھی اور اب سیدھا اسے سر پر پہنچ کر بنا کچھ بھی سوچے بس اسے سنائے جا رہی تھی۔

غازی کے دوست اور وہ خود بس منہ کھولے اس لڑکی کو دیکھ رہے تھے جو کہ بریک پر پاؤں رکھنا شاید بھول ہی گئی تھی تبھی نون اسٹاپ بولے ہی جا رہی تھی یاں یہ کہنا بہتر ہو گا کے غازی کی عزت افزائی کر رہی تھی۔

اور وہ لڑکی وہ بھی چپ چاپ سن رہی تھی یہ دیکھ کر تو غازی کو اور غصہ آ گیا۔ " سمجھتے کیا ہو تم لڑکے اپنے آپ کو ہاں کوئی تمیز ہی کے نہیں تم لوگوں میں اگر آج تم لوگ ین لڑکیوں کی عزت نہیں کرو گے تو کس منہ سے اپنی ماں بہن کی حفاظت کرو گے ہاں

اور تم یہ پکڑو اپنا دوپٹہ۔ جب تک تم خود اپنے لئے لڑنا نہیں سیکھو گی ان جیسے لڑکوں کی ایسے ہی ہمت بڑھے گی۔ تو خود کے لئے لڑنا سیکھو اور چلو اب میرے ساتھ۔

اور تم آیندہ اگر کسی لڑکی کو پریشان کرنے کی کوشش کی نا تو۔۔۔۔۔"۔ مطربہ نے انگلی اٹھا کر وارن کیا تھا اور یہ جا وہ جا۔۔

غازی تو ابھی تک منہ کھولے کھڑا تھا کے یہ لڑکی ہے کیا چیز آخر کیا سمجھتی ہے وہ خود کو ؟

اسے تو میں سبق سکھا کر ہی رہوں گا۔۔

مس مطربہ بی ریڈی۔۔۔۔۔۔

آنکھوں میں لال ڈورے لئے خود کلامی کی تھی غازی کے دوست تو اس پر ہنس رہے تھے کے اس نے کیسے ایک لڑکی سے اتنی باتیں سن لی وہ بھی بغیر کچھ کہے:

"چپ کرو کمینوں ورنہ خیرت نہیں تم لوگوں کی"۔ سب لوگ اسی ٹائم خاموش ہو گئے تھے کیوں کے غازی کی آنکھیں تو کچھ اور ہی داستان سنا رہی تھیں

اور غصّہ سے وہاں سے واک آوٹ کر گیا تھا۔

بیا کو تنگ کرنے کا سلسلہ کچھ عرصے سے بند تھا وہ تو خوش تھی کے چلو اب کوئی پریشانی نہیں اور یہی سوچتے ہوئے وہ کالج آئی تھی

لیکن یہاں آ کر پتا چلا آج علینا نہیں آئی ہے تو وہ بور ہو رہی تھی بے دلی سے کلاس لی پھر ڈیوٹی پر چلی گئی

وہاں سے دو بجے کے قریب واپس کالج آئی لائبراری سے کچھ کتابیں ایشو کروائی اور اب اسکارخ کینٹین کی طرف تھا کیوں کے ان سب کاموں میں وہ لنچ کرنا بھول گئی تھی

اور اب 4 بجنے والے تھے اور لنچ کر کے اسے واپس ڈیوٹی پر بھی جانا تھا۔

آج اسکی ڈبل ڈیوٹی تھی۔

ابھی وہ جا ہی رہی تھی کے کسی نے اسکے منہ پر کپڑا رکھا تھا

کمرے میں صرف گھڑی کی ٹک ٹک کی آواز آ رہی تھی اور وہ وجود بستر پر آپنی تمام تر معصومیت لیے ہر چیز سے بے خبر بیہوش تھا

اُسے یہ تک خبر نہیں تھی کے وہ کہاں ہے آہستہ آہستہ اُس بے جان وجود کی آنکھوں میں حرکت ہونے لگی اور ہاتھ پاوں میں بھی حرکت شُروع ہو گی وہ نیند میں تھی جیسے جیسے ذہن بیدار ہو رہا تھا اُسکے سر میں درد سے ٹھیسیں سی اُٹھ رھی تھی

اُسنے آپنے دونوں ہاتھوں سے آپنے سر کو دبایا تھا وہ اچانک سے اٹھ کے بیٹھ گئی اور آپنے آپکو ایک انجان جگہ پہ پایا خوف کی ایک شدید لہر اُسکے وجود میں دوڑی تھی۔

یہ خیال ہی جان لیوا تھا کے وہ کڈ نیپ ہو گ ئی ہے سب سے پہلے اُسے جو خیال آیا تھا وہ اُسکا حجاب تھا اور ٹرانس کی کیفیت میں اُسکے ہاتھ آپنے حجاب کی طرف گ ئے حجاب کو آپنی جگہ پہ موجود دیکھ کے وہ کچھ پُرسکون ہوی تھی

اِس بات سے بے خبر کے وہ جو آج یہاں ہے اُسکی وجہ اس حجاب کے اندر گرین آنکھیں ہیں جو کسی کو بی آپنا دیوانا بنا سکتی ہیں وہ آپنے ارد گرد کا جائی زہ لینے لگی یہ ایک جدید طرز کا کمرہ تھا یہاں کی ہر چیز آپنی مثال آپ تھی۔

وہ یہ دیکھنے میں اتنی محو تھی کہ اُسے یہ خبر تک نہی تھی کے وہ کتنی دیر سے یہاں ہے اسے بس یہاں سے نکلنا تھا کسی بی طرح، اس بات سے بے خبر کے کوئی ہے جو اسکی ہر حرکت پے نظر رکھے ہوئے ہے اور بہت غور سے اسکی ہر حرکت کو ملحذہ فرما رہا ہے۔

بلیو آنکھیں اس وقت روشن تھی ایک آلگ ہی چمک تھی ان آنکھوں میں وہ بہت تحمل سے اسے دیکھنے میں مگن تھا جیسے اس زیادہ ضروری کو ی اور کام ہے ہی نہی۔

کیمرے کے اس پار اس بات سے بے خبر کے وہ کسی کی نظروں کے حصار میں ہیں اسے بس یہاں سے جانا تھا جتنی جلدی ہو سکے۔

اسے یاد تھا وہ یونیورسٹی میں تھی وہ تو کینٹین جا رہی تھی اور آچانک کسی نے اسکے منہ پہ رومال رکھا تھا اور وہ ہوش وخر سے بیگانا ہو گ ئی تھی

اور کسی نے بہت آرام سے اسے آپنے آہنی بازوؤ ں میں بھر لیا تھا اور بہت آرام سے جسے ذرا سی سختی سے وہ کانچ کی گڑیا ٹوٹ جاے گی اور اب وہ یہاں تھی۔

کون اسے یہاں لایا؟اور کیوں؟

آخر وہ چاہتا کیا ہے؟

وہ فوراسے پہلے دروازے کی طرف بھاگی اور حیرت کی انتہا نا رہی جب دیکھا کے دروازہ کھلا ہوا ہے؟

وہ حیران و پریشان اس کمرے سے باہر نکلی اور حیر آن تو سہی معنوں میں وہ اب ہوئی ی تھی۔ 😱😱

جاری ہے۔

Yeh ly g kary ap log enjoy epi 🙈😍😍😊mai.next ki tayari karo🙈🙈😍or late ka na kaha kary q ky ap log hi kehty hain epi long ho🙄👀 hmm chalo g ab parhty jaye or reviews dety jaye.🙈🙈😍

Bia❤️Jalal special 🙈😍😍

Don't copy paste without my permission💣💣

ناول#مریض_ء_عشق

از#سندس_پری

#قسط_15

"بیا جب بھاگ کر دروازے کے پاس گئی تو دیکھا وہ کھلا ہوا تھا۔ وہ حیران اور پریشان جب روم سے باہر آئی تو سہی معینوں میں وہ حیران اب ہوئی تھی"

کیوں کے نوکروں کی ایک پوری فوج کھڑی تھی روم کے باہر اور بیا کو دیکھ کر سب نے ہی اپنا سر جھکا لیا شاید عزت دینے کہ نیا انداز تھا یا پھر وہ انکے سر کی ہونے والی وائف تھی اس لئے۔

بہر حال جو بھی تھا بیا خاصی کنفیوز ہو گی تھی ڈری ہوئی تو وہ پہلے سے ہی تھی۔ ابھی وہ انھیں سوچوں میں گم تھی کے ان سب ملازمین میں سے ایک اسکی طرف بڑھی شاید وہ ان سب کی ہیڈ تھی۔

سارے ملازمین اس وقت اپنی یونیفارم میں موجود تھے۔ جو کہ وہائیٹ کلر کی تھی۔

السلام علیکم! میم کیسی ہیں آپ؟

آپ کے سر میں درد تو نہیں ہو رہا؟

میم آپ ایک کام کریں آپ میرے ساتھ آئے۔

نن۔۔۔۔۔نا۔۔۔۔۔ نہیں مجھے کھ کہیں نہیں جانا۔ آ۔۔آ۔۔۔۔۔۔ آپ مجھے پلیز واپس چھوڑ کر آئے مجھے ہوسٹل جانا ہے ابھی۔

ہاں ابھی جانا ہے۔ پلیز مجھے جانے دیں۔

دیکھیں میم آپ ڈریں مت پلیز ہم آپ کو ہوسٹل چھوڑ آئے گے بس ابھی آپ کھانا کھا کر گھر دیکھ لیں پھر اسکے بعد۔

ٹھیک ہے میم۔ مسکرا کر جواب دیتی وہ اس وقت بیا کو زہر لگی تھی۔

وہ اسے کہہ رہی ہی کے مجھے چھوڑ کراؤ اور اسے بیا کو گھر دکھانا ہے۔ ارے گھر دکھانے کے لئے کوئی کڈنیپ کرتا ہے کسی کو۔ بیا تو تپ ہی گی تھی۔

چلے میم۔۔۔۔ سوزی نے بڑے ادب سے بیا سے کہا تھا لیکن مجھے کچھ نہیں کھانا آپ مجھے جانے دے۔

چلے میم آپ پہلے کھانا کھالے آجائے یہاں۔ بیا کی بات کو اگنور کر کے وہ بیا کو لیکر ڈائننگ ایریا میں آئی تھی اور بیا کو ناچار اسکے ساتھ جانا ہی پڑا۔

لیکن ڈائننگ ٹیبل پر انواع اقسام کے کھانے دیکھ کر حیران رہ گئی کیوں کے سارے ہی کھانے بیا کی پسند کے تھے لیکن بیا کی نظر تو املی کی چٹنی پر ہی ٹھہر گئی اور سب کچھ اپنی پسند کا دیکھ کر اسکی بھوک پھر سے چمک اٹھی تھی ۔

اور کسی کی بھی پرواہ کیے بغیر وہ کھانے پر ٹوٹ پڑی تھی ۔ اور جلدی سے کھانا کھانے لگی ۔ کھانے کے بعد اس نے گول گپے کھائے جو کہ خاص کر جلال نے اپنی بیا کے لئے ہی آریج کیے تھے ۔

اور گھر دیکھنے کے لئے سوزی کے ہمراہ تیز تیز اگے بڑھنے لگی کیوں کہ اگر جلدی جانا تھ تو گھر تو دیکھنا ہی تھا ورنہ انکے باس کہ کوئی بھروسہ نہیں تھا کے یہی روک لیتا بیا کو انہی سوچوں میں وہ اگے بڑھ رہی تھی کے اچانک اسکا پاؤں مڑا تھا ۔

اور اس سے پہلے کے وہ زمین بھوس ہوتی اس نے اپنے آپ کو کسی کے مظبوط آہنی بازوؤں کی گرفت میں پایا ۔ بیا نے ڈر کر اپنی آنکھیں ہی بند کر لیں تھی اور جلال اسکی تو خواہش ہی پوری ہو گئی تھی اسکی بیا اسکے قریب تھی بہت قریب کے وہ اسکی دل کی دھڑکن بھی بخوبی محسوس کر رہا تھا ۔

بیا کے کان میں سرگوشی ہوئی تھی۔ جانم اپنی آنکھیں کھول لو۔ تم بلکل ٹھیک ہو جب تک جلال زندہ ہے تمہیں کچھ نہیں ہو سکتا۔ جب جب تمہارے قدم لڑکھڑائے گے تم ہمیشہ جلال کو اپنے ساتھ پاؤ گی۔

جلال تمہیں کبھی بھی گرنے نہیں دے گا۔ ہمیشہ تمہارا ہاتھ تھام کر رکھے گا۔ بیا جو کہ اسکی سرگوشی نما الفاظوں کے سحر میں کھوئی ہوئی تھی پٹ سے آنکھیں کھولے اسے دیکھنے لگی۔ وہ تو اسکی سحر انگیز آنکھوں میں کھو گئی تھی۔ وہ تھا ہی اتنا وجیہہ جو بھی پہلی نظر دیکھتا اپنا دل ہار بیٹھتا۔

لیکن وہ مغرور شہزادہ کسی کو کوئی اہمیت ہی کہا دیتا تھا۔ وہ زیر کرنا کا ہنر خوب جانتا تھا۔ لیکن بیا اپنی جانم کے اگے وہ خود کو زیر سمجھتا تھا۔ بیا تو حیران تھی کے وہ کیوں اسے لیکر آیا یہاں اور انہی سوچوں میں گم وہ اسے خود سے دور کرنے کی جدو جہد کرنے لگی۔

جلال تو بیا کی اس ادا پر بھی قربان ہوا جا رہا تھا جانم مجھے تم سے کوئی الگ نہیں کر سکتا خود تم بھی نہیں۔

جلال کی نظروں میں کیا کچھ نہیں تھا پیار احترام وہ تو جنون کی حد تک چاہتا تھا اپنی بیا کو اور اب بھی کھو گیا تھا اسکی گرین نشیلی آنکھوں میں خود کو ڈوبتا ہوا محسوس کر رہا تھا۔

جب دیکھا کے بیا تھک رہی ہے اور اسکا سانس پھول رہا ہے خود کو چھوڑوانے میں تو بڑے آرام سے اسے خود سے الگ کیا۔ بیا نے فوراً سے خود کے اور جلال کے درمیان فاصلہ بڑھایا۔ اور اپنی سانسیں ہموار کرنے لگی۔

بیا نے فوراً سے نظریں ادھر ادھر دوڑائی کیوں کے تھوڑی دیر پہلے تک جو نوکروں کی فوج اسے دکھائی رہی تھی اب انکا نام و نشان بھی نہیں تھا۔ اور خوفزدہ نظروں سے جلال کو دیکھنے لگی اور پھر یکدم خارجی دروازے کی طرف بھاگی لیکن اگلے ہی لمحے اس نے خود کو کسی کی باہوں کے حصار میں پایا۔

اور گھبرا کر چلانے لگی بچاو بچاو۔ چھوڑو مجھے چھوڑو نیچے اتارو مجھے نہیں دیکھنا یہ گھر۔ آپ میرے ساتھ زبردستی نہیں کر سکتے۔

پلیز پلیز مجھے جانے دے۔ جلال نے سیڑھیوں کو کراس کرتے ہی بیا کو نیچے اتار دیا اور بیا پھر بھاگتی اس سے پہلے ہی اسکا ہاتھ تھام کر اسے گھر کہ ایک ایک کونہ دکھانے لگا۔ اور بیا وہ تو دعا کرنے لگی کہ جلدی سے گھر ختم ہو اور وہ بس کسی بھی طرح بھاگ جائے یہاں سے لیکن گھر تھا کہ ختم ہونے کہ نام ہی نہیں لے رہا تھا۔

جلال کا یہ محل نما گھر بھی دورانی ہاؤس کی طرح ہی عالیشان تھا۔ بیس کمروں پر مشتمل یہ محل بھی اپنی مثال آپ تھا ۔ گھر کے بیک سائیڈ پر ایک بہت ہی خوبصورت گارڈن ڈیزائن کیا گیا تھا اور یہاں پر ہر ایک چیز بیا کی پسند کو نظر میں رکھتے ہوئے کی گئی تھی۔

بیا تو بس ان سب چیزوں کو خوشی سے دیکھ رہی تھی۔ اس نے کب سوچا تھا اسکی سوچوں اور پسند کو کوئی اس طرح حقیقت میں بھی بدل سکتا ہے۔

لیکن وہ حیران بھی تھی کیوں کے اس نے کسی کو بھی نہیں بتایا تھا اپنی۔ اس پسند کا پھر اسے کیسے پتا چل گیا۔ سب سے زیادہ وہ خوش بلیک روز کو دیکھ کر ہوئی تھی اور بے ساختہ اسکے قدم اس طرف بڑھے تھے اور اس سے پہلے وہ اسے پچ کرتی جلال نے اسکا ہاتھ پکڑ لیا اور خود اسے وہ پھول توڑ کر دیا۔

جانم اس پھول کے ساتھ کانٹے بھی ہیں اس لئے میں نے خود توڑ کر دیا ہے۔ مجھے گوارہ نہیں کوئی بھی چیز تمہیں چوٹ پہنچائے۔ تمہیں پیار کرنے کا، رولانے کا، اور تکلیف دینے کا حق صرف میرا ہے صرف میرا

بیا کے ماتھے سے اپنا ماتھا ٹکاتے ہوے سرگوشی کی تھی۔ بیا فوراسے اسے دور ہوئی اور جانے کی ضد کرنے لگی۔

جانم میں دیکھ رہا ہوں تم نے سہی۔ طرح گھر نہیں دیکھا چلو کوئی بات نہیں اب تو یہی انا ہے پھر دیکھ لینا۔ اور تب میں تمہیں خود دکھاؤں گا گود میں اٹھا کر۔ جلال کی شرارتی رگ پھڑکی تھی۔

نہیں میں نہیں دیکھوں گی۔ میں خود دیکھ سکتی ہوں اور چل بھی سکتی ہوں۔ اب آپ مجھے جلدی سے چھوڑ کر آئے۔

بیا نے ہمت کر کے کہا تھا جلال سے اور فوراسے اپنے قدم اگے کی طرف بڑھا لئے تھے۔ جلال بیا کو اسکے ہاسٹل چھوڑنے چلا گیا۔

مشی سو کر اٹھی تو اسکے سر میں درد ہو رہا تھا۔ وہ فریش ہو کر نیچے آئی تو دیکھا غازی کچن میں کچھ بنا رہا ہے۔ بھائی آپ کیا بنا رہے ہیں۔

یار مشی تمہاری طبیعت سہی نہیں تھی ں تو میں نے سوچا سٹر انگ سی کوفی بنا دوں اپنی پیاری سی بہن کے لئے۔

مشی کو تو جی بھر کر پیار آیا تھا اپنے بھائی پر۔ سچی بھائی جلدی سے دید یں مجھے اسکی ضرورت ہے واقعی ابھی۔

غازی نے کوفی مشی کو دی اور بڑے آرام سے وہی پر شیلف پر بیٹھ گیا۔ اور اب بڑے مزے سے مشی کے ری ایکشن کا ویٹ کرنے لگا۔

اور ٹھیک اگلے سیکنڈ مشی نے کوفی کا جو گھونٹ اپنے منہ میں لیا تھا اسے فورا باہر اگلہ۔

کیوں کے اس کوفی کو پی کر مشی کو لگا جیسے کسی نے پورا نمک کا ڈبہ اس میں ڈال دیا ہو اتنی کڑوی کافی مشی نے زندگی میں کبھی نہیں پی تھی۔

خخخخخخ۔۔۔۔۔ تھو۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بھائیییییییی۔۔۔۔۔ کیا ملایا ہے اس میں یہ اتنی کڑوی ہے کے توبہ۔

چلے آپ بھی پیئے۔۔۔۔۔

ایسے تو میں آپ کو چھوڑو گی نہیں۔

پھر کیا تھا غازی اگے اگے اور مشی اسکے پیچھے پیچھے پورے آفندی ولہ میں انکی شرارتوں بھری آوازیں گونج رہیں تھی۔

تھک ہار کر مشی اپنے روم میں چلی گئی اور اور غازی باہر چلا گیا۔

دوستوں کے ساتھ باہر رہنے کی وجہ سے گھر اتے اتے غازی کو دیر ہو گئی گھر پہنچا تو رات کا 1 بج رہا تھا تو اتے ہی وہ سو گیا۔

اور اسی وقت اسکے کمرے میں ایک سایہ نمودار ہوا تھا۔

اور 10 منٹ میں اپنا کام کر کے جیسے آیا تھا ویسے ہی باہر چلا گیا۔

اور غازی کو پتا بھی نہیں چلا تھا کے کیا ہونے والا ہے اسکے ساتھ۔

اب یہ تو صبح ہی پتا چلنا تھا۔ وہ یں سب سوچوں سے انجان نیند کے مزے لوٹ رہا تھا۔

بیا کے جانے کے بعد جلال واپس گھر آیا اور اسی کمرے میں گیا جہاں بیا تھی پھر اسی بیڈ پر دراز ہو گیا جیسے اسے محسوس کر رہا ہو۔

جلال آج بہت خوش تھا وہ آج بیا سے نا صرف ملا تھا بلکے اپنی باتوں سے اسے یہ بھی ظاہر کر دیا تھا کے وہ صرف اسکی ہے۔

اور اب تو ویسے بھی وہ اسکے پاس انے ہی والی تھی بیا کو یہاں لانے کا مقصد تھا کے وہ بس جلال کے بارے میں سوچے جلال اسکی سوچوں پر قابض ہونا چاہتا تھا اور وہ ہو بھی رہا تھا۔

بیا کا پورا نام حدیبیہ تھا سب گھر والے بیا کہتے جبکہ جلال حدی کہتا۔ اسکا ماننا تھا جس نام سے وہ بولائے گا کوئی اور وہ نام استعمال نہیں کرے گا اسکی حدی کے لئے۔

بچپن میں بھی اسی بات پر بہت بار جھگڑا بھی کیا تھا جلال نے جو بھی جلال کو دیکھ کر بیا کو حدی کہتا جلال تو بس ٹوٹ پڑتا تھا اس پر اور کہتا تھا یہ حدی صرف میرے لئے ہے میرے لئے۔

کتنی بار عاصمہ بیگم نے بھی سمجھایا تھا لیکن اسکی ایک ہی رٹ ہوتی کے حدی میری ہے اور کوئی اسے حدی نہیں کہے گا۔ اور تب سے صرف جلال ہی بیا کو حدی کہتا اور کسی میں ہمت بھی نہیں تھی کے جلال سے پنگا لے وہ تھ ہی ایسا کے ہر کوئی ڈرتا تھا اس سے۔

وہ بیا کے معاملے میں بہت شدت پسند تھا۔ وہ جلال تھا صرف اپنی بیا کے لئے۔

لیکن کریمینلز کے لئے وہ جے۔ڈی تھا ایک بے رحم بادشاہ جو کسی کو بھی معاف نہیں کرتا تھا

اور شجاعت کے لئے وہ جمال داود تھا ایک نہایت ہی شریف اور دوسروں سے محبت کرنے والا اور مدد کرنے والا۔ وہ ایک انسان اور اسکے تین روپ تھے۔

ایک کریمینلز کے لئے ایک شجاعت کے لئے اور ایک اسکی جان بیا کے لئے۔ بیا کے انے سے اسکی زندگی میں سکون آ گیا تھا۔

ورنہ تو وہ سکون کے لئے ترستا تھا۔ بیا کو محسوس کرتے ہوے کب وہ نیند کی وادیوں میں چلا گیا اسے پتا بھی نا چلا۔

"تم پاگل ہو مجھے کیوں یہاں باندھ کے رکھا ہوا ہے ,ہاتھ کھولو میرے ورنہ تماری جان لے لوں گی میں"۔

مطربہ تو شاپنگ کے لئے نکلی تھی لیکن بھوک کی وجہ سے پہلے کچھ کھانے کا سوچا اور رخ ایک ہوٹل کا کیا تا کہ جلدی سے کچھ کھا کر شوپنگ کر لے پھر کل کے ٹیسٹ کی تیاری بھی تو کرنی ہے۔

ابھی وہ رستے میں ہی تھی کے اسے ایک بچی روتی ہوئی نظر آئی،اسنے فوراسے گاڑی روکی اور اسکے پاس گئی اور رونے کی وجہ پوچھی تو بچی نے بتایا کہ وہ لوگ میری ماما کو مار رہے ہیں تو وہ فوراسے گئی تھی اس طرف جہاں بچی نے اشارہ کیا تھا۔

کیوں کے ڈر تو اسے کسی بات کا نہیں تھا۔اور جلد بازی میں تصدیق بھی کرنا ضروری نہیں سمجھا۔اور جیسے ہی روم میں انٹر ہوئی تو روم آٹو میٹیک لوک ہو گیا۔

کھولنے کی کوشش کی تھی وہ بھی بیکار گئی۔ تو آرام سے بیڈ پہ بیٹھ گئی اتنا تو پتہ تھا جس نے بھی یہ کیا ہے وہ آئے گا تو ضرور اور تب ہی اسکی طبیعت صاف کرنے کا ارادہ کرنے کا سوچ کر آرام سے بیڈ پے بیٹھ گئی۔

اتنی دیر ہو گئی جب کوئی نہ آیا تو پیاس کی شدت محسوس ہوئی تو پاس پڑے گلاس سے غٹا غٹ پانی پی گئی ۔اچانک سے سر میں بھاری پن محسوس ہوا اور وہ ہوش و خرد سے بے گانہ ہو گئی۔

جب ہوش آیا تو خود کو ایک کرسی پے بندھا پایا۔اور جب نظر سامنے اٹھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تو شدید غصہ سے اسکی طرف دیکھا۔"

مجھے یہاں لانے کا کوئی خاص مقصد "،ایک ابرو اچکا کے پوچھا گیا۔ "

سے سوری !، سوری بولو مجھے۔۔۔۔

تم نے سب کے سامنے مجھے اتنا سنایا وہ بھی بغیر کسی بات کے ،وہ لڑکا میں نہیں تھا جسنے چھیڑا تھا اس لڑکی کو۔ تمہیں مس انڈر اسٹینڈ نگ ہوئی تھی۔

چلو اب میں نے سچ بتا دیا اب تم سوری بولو مجھے !"۔

ساری بات سننے کے بعد اسے بھی شرمندگی ہوئی تھی کے سچ جانے بغیر ایسے ہیغازی کو سب کے سامنے سنا دیا۔ وہ سچ میں سوری کرنے والی تھی لیکن اسکی معصوم شکل دیکھ کے اسے بھی شرارت سوجھی۔

"اچھا ٹھیک ہے میں معافی مانگنے کے لئے تیار ہوں لیکن پہلے میرے ہاتھ تو کھولو"۔

"مجھے پاگل کتے نے کاٹا ہے کیا۔ جو تمہارے ہاتھ کھول دوں اور تم مجھے بھی دھو دو جیسے اس دن مال میں ان لڑکوں دھویا تھا۔ میں تو بس سچ بتا کے تم سے سوری بلوانے لایا ہوں چلو بولوں سوری جلدی سے"۔

غازی بھی اس سب سے تنگ تھا وہ جلد از جلد یہاں سے جانا چاہتا تھا اور مطربہ کو بھی آزاد کرنا چاہتا تھا اس لئے اسے آرڈر دینے لگا۔

"ارے کھولو تو سہی مجھے کچھ نہیں کہو گی پکّا"۔
"کیوں میری جان لینے پے تلی ہوئی ہو میں نہیں کھول رہا۔ ابھی تو میری شادی بھی نہیں ہوئی ہے اور مجھے کنوآرا نہیں مرنا"۔

بولنے کی دیر تھی کے کمرے میں اسکا فلک شگاف قہقہ گونجا تھا۔

اچھا سچ میں آئی ایم رئیلی سوری۔ میں واقعی شرمندا ہوں مجھے ایسے تم پر بنا کچھ بھی سوچے الزام نہیں لگانا چاہیے تھا

۔

دیکھو اب میرے ہاتھ کھولو میں کان پکڑ کر بھی سوری بول دوں گی۔ مطربہ نے مسکرا کر کہا تھ غازی سے۔ غازی نے فوراً اسے کھول دیا۔ اور یہاں سے ہوئی تھی شروعات مطربہ اور غازی کی دوستی کی۔

مشی کالج آئی تو اسکا موڈ بہت اچھا تھا ماہ بدولت غازی کے۔

وہ سیدھا اپنی کلاس میں آئی اور رزم کا ویٹ کرنے لگی۔ تھوڑی دیر میں رزم بھی آیا تو اتے ساتھ ہی کلاس سٹارٹ ہو گئی۔

آج لیلیٰ کالج نہیں آئی تھی شاید کل کچھ زیادہ ہی پی لی تھی اس نے۔ رزم جلدی سے کلاس لے کر باہر نکلا تو مشی بھی اسکے پیچھے لپکی تھی۔

مشی نے سوچ لیا تھا آج وہ اپنے دل کی بات رزم کو بتا کر ہی رہے گی۔

سر رزم۔۔۔۔۔۔

سنیے پلیز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

رزم جو کہ اپنے دیہان سے جا رہا تھا مشی کی پکار پر پیچھے مڑا۔ جی مس مشی کہیئے کیا بات ہے۔

وہ۔۔۔۔۔۔۔وہ سر مجھے کچھ بات کرنی تھی آپ سے۔۔۔

اوکے آپ آجائے میرے آفس میں۔

رزم جاتے ہی چیئر پر بیٹھ گیا اور مشی کا ویٹ کرنے لگا۔ اور سوچنے لگا آخر کیا بات ہے جو مشی کو کرنی ہے۔ مشی جیسے ہی روم میں آئی تو رزم نے اپنے چہرے کے تاثرات نارمل کیے۔

میں آئی کم ان سر۔۔۔۔

یس کم ان ہیو آ سیٹ پلیز۔۔۔

جی بولیئے مس مسکان کیا بات کرنی تھی آپ کو مجھ سے۔ لیکن مسکان تو اپنی ہی سوچوں میں گم تھی کہ کیسے اظہار کرے گی کے پیار کرنے لگی ہے وہ اس سے اور یہ جاننے کے باوجود کے کہ وہ انکے ٹیچر ہیں پر یہ سب غلط ہے پھر بھی آج وہ ہمت کر کہنے آئی تھی۔

وہ مجھے کہنا تھا کہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ۔۔۔۔۔وہ۔۔۔۔۔۔۔

دیکھیں مس جو بھی کہنا ہے سوچ سمجھ کر کہنا کہیں یہ نا ہو کہ بعد میں پچھتانا پڑے۔۔

رزم کو مشی کی جھجھک اور اسکی آنکھیں جو پیغام دے رہی وہ کوئی بچا تو نہیں تھا جو نا سمجھتا۔۔ لیکن وہ ایک موقع دینا چاہتا تھا کہ وہ خود کو نا جھونکے اس آگ میں۔ کیوں کے یہاں سے واپسی ناممکن تھی۔

اور اب تو اسکا یہاں انے کا مقصد بھی پورا ہونے والا تھا۔ تو بہت جلد اس نے یہاں سے بھی چلے جانا تھا۔ وہ کنٹرول کر رہا تھا کے کچھ غلط نا کر دے بدلے کی آڑ میں۔

دیکھیں سر آپ غلط مت سمجھے میں جو کہنے جا رہی وہ۔۔۔۔۔وہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مشی پھر سے گھبرانا سٹارٹ ہو گئی تھی وہ کنفیوز ہو رہی تھی پھر ایک دم سے لمبا سانس اندر کھینچا اور ایک ہی سانس میں بول دیا۔

سر میں آپ سے پیار کرتی ہوں اور شادی کرنا چاہتی ہوں۔ ایک ہی سانس میں بولنے کے بعد اپنی آنکھیں بند کر لی۔

اور رزم تو حیران تھے کی کتنی جلدی اس نے اپنی محبت کہ اظہار بھی کر دیا۔ اور اب بڑے مزے سے وہ مشی کے ایکسپریشن کو انجوے کر رہا تھا۔

لیکن ایک بات جو اسے بری لگی تھی وہ مشی کا اظہار تھا۔ اور صدا کے ہمارے مردوں کی سوچ کے اگر لڑکی نے پہلے اظہار کیا تو بڑا معیوب سمجھا جاتا ہے۔ کے لڑکی دل پھینک ہے۔ اور اسی طرح رزم نے بھی یہی سوچا تھا وہ کوئی پست سوچ کا مالک نہیں تھا بس جب شجاعت سے جڑے لوگوں کو دیکھتا تو اسکے انداز میں خود بخود سختی آجاتی تھی۔ لیکن اس بار ایسا نہیں ہوا تھا۔

تو مس مسکان عرف مشی آپ کے کہنے کے مطابق آپ کو مجھ سے محبت ہو گئی ہے۔

ہے نا ایم آئی رائٹ مس مشی؟

جج۔۔۔جی سر۔۔۔تو کیا کر سکتی ہیں آپ یہ ثابت کرنے کے لئے کہ آپ کو مجھ سے محبت ہے۔؟۔۔۔

جو آپ کہیں میں وہ سب کرنے کے لئے تیار ہوں۔۔۔۔تو ٹھیک ہے مشی آج کے بعد سے تم مجھے رزم بولا یا کرو گی کہو۔

سر۔۔۔لیکن سر میں کیسے مشی تو رزم کی اس بات سے خاصی کنفیوز ہو گئی تھی اور سمجھ میں ہی نہیں آ رہا تھا کہ کیسے کہے۔۔۔ابھی تو آپ نے کہا کہ آپ سب کچھ کرنے کے لئے تیار ہے تو یہ صرف ٹرئیلر ہے۔۔۔۔

اوکے سر۔۔۔۔میرا مطلب ہے رزم۔۔۔۔یہ سب کہتے ہویے مشی کے چہرے پر ایک الگ ہی مسکراہٹ تھی جو کہ رزم کو کچھ اور ہی پیغام دے رہی تھی۔

مشی فوراسے افس سے باہر بھاگ گئی تھی لیکن وہ انجان تھی کے دو نظروں نے بڑی دور تک اسکا تعاقب کیا تھا۔

اور وہاں رزم کو اب اگر مشی کچھ سہی بھی کرتی تو وہ غلط ہی لگنے والا تھا۔۔۔۔

اب دیکھنا تھا کے اگے کیا ہوتا ہے۔؟؟؟

رزم نے مشی کی میٹنگ کے بعد سید حارخ ہوسٹل کی طرف کیا تھا جہاں پلان کے مطابق کل اپنی کچھ فیمیل افیسرز کو نارمل لڑکیوں کی طرح ہوسٹل میں داخل کروایا تھا تا کہ ان ڈرگ مافیا لڑکیوں کو رنگے ہاتھوں پکڑ سکیں۔

اور ایسا ہی ہوا تھا انکو۔ لگا کے یہ لڑکیاں بھی باقیوں کی طرح معصوم ہیں تو انکو بھی ڈرگ دینے لگی۔ لیکن بڑی ہوشیاری سے انہوں نے ڈرگ انجیکشن کی جگہ دوسرے انجیکشن رکھ دیئے اور پھر جب انکی ساری باتیں اور حرکتیں اپنی شرٹ کے بٹن کے ساتھ جو خفیہ کیمرے لگائے ہوئے تھے ان میں سب ریکارڈ کیا۔

اور اب صرف انکو رزم کہ ویٹ تھا۔ اور جیسے ہی رزم نے انٹر کیا ہوسٹل میں اپنی ٹیم کے ساتھ تو ہر جگہ افراتفری مچ گئی۔ لیکن جلد ہی اس نے سب پر کنٹرول پالیا اور اب اسکا رخ ان لڑکیوں کے کمرے کی طرف تھا جہاں وہ یہ سب کام انجام دیتی تھی

اور وہاں جاتے ہی ان سب کو لیڈی کنسٹیبل کے حوالے کیا اور اپنے ساتھیوں کو اور ان سب لڑکیوں سمیت وارڈن کو بھی گرفتار کر لیا۔

کیوں یہ انکی ذمہداری تھی تو کیسے غافل رہ گئیں ان سب سے۔

فلحال وہ انکو حراست میں رکھ کر سبق سکھانا چاہتا تھا۔

سبکو لیتے ہی اس نے اب اپنا رخ پولیس اسٹیشن کی طرف کیا۔جہاں لے جا کر انکی اچھے سے خاطر داری کرنی ابھی باقی تھی۔۔۔

جاری ہے۔

Ye ly g epi😍🙈 bia+jalal special ❤️😍😍🙈mai busy hoti hun is liye roz nahi dy skti epi 🙄😢😢😢samjy na ap log warna mai phir 1 month bad pdf mai complete dedo to 🙄👀.

chly ga 🤔🤔btaye kia karo mai. 🙄🤔is novel ky bad nahi likho gi mai 😈😈q mai roz nahi dy skti or tb b sb ny yahi kehna😏

Surprise surprise 😍😍🙈🙈

Don't copy paste without my permission💣💣

ناول#مریض_ء_عشق

از#سندس_پری

#قسط_16_پارٹ_1

"سارے راستے بیا کو جلال کی نظریں خود پر محسوس ہوئی تھیں وہ پہلے ہی گھبرا رہی تھی اسکی نظروں کی تپش سے اور پزل ہونے لگی"۔

وہ تو بس دعا کر رہی تھی کہ جلدی سے ہوسٹل آجائے اور وہ دور بھاگ جائے جلال کی نظروں سے ۔ لیکن ایسا لگ رہا تھا کے آج یہ راستہ اور بھی لمبا ہو گیا ہے جو ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا۔

اوپر سے بیا پہلے ہی جلال کی نظروں کی تپش سے جنجھلائی ہوئی تھی تو ناچار اسے بولنا ہی پڑا۔

آپ چونٹی کی رفتار سے گاڑی چلائے گے تو ہم کیسے جلدی پہنچے گے ہوسٹل ۔ جلال کو جب بیا کی جنجھلائی ہوئیآواز سنائی دی تو اسکا قہقہہ بے ساختہ تھا۔

گھنی مونچھوں تلے عنابی لبوں کی مسکراہٹ دیکھ بیا کے دل کی دھڑکن اور تیز ہوئی تھی۔ وہ تو یک ٹک اسے دیکھے گئی۔ کیا کوئی انسان اتنا بھی پیارا لگ سکتا ہے مسکراتے ہوئے ؟۔۔

جانم کون چاہتا ہے کہ یہ سفر ختم ہو میں تو یہی چاہتا ہوں کہ جب تم میرے ساتھ ہو تو وہ سفر کبھی ختم نا ہو۔

جلال کی نظریں بیا پر ہی تھیں وہ خوب سمجھ رہا تھا بیا کی گھبراہٹ کو لیکن دل کے ہاتھوں وہ مجبور ہو جاتا تھا ہمیشہ جب بھی بیا سامنے ہوتی اسکا دل بے بس ہو جاتا تھا اسکا کوئی کنٹرول ہی نا رہتا تھا اپنے دل پر۔

دل کرتا بس اسے ہی دیکھنے جائے اور جی بھر کر اس لمحے کو محسوس کرے۔ بیا کا مسلسل جلال کو دیکھنا بھی اسکی نظروں سے مخفی نہیں تھا۔ وہ تو خوش ہو رہا تھا بیا کو دیکھ کر کے وہ بھی اسکے بارے میں سوچ رہی ہے۔

"اب وہ جہاں بھی جائے گی اسکی سوچوں کا محور صرف جلال ہی ہو گا"۔

"لیکن مجھے آج ہی جانا ہے۔ آپ پلیز جلدی ڈراپ کر دے پلیز"۔

بیا کی لڑکھڑاتی اور گھبرائی ہوئی آواز جب جلال کے کانوں میں پڑی تو وہ سرشاری کی کیفیت میں بیا کو دیکھے گیا اور گویا ہوا۔

"میری جانم کا حکم سر آنکھوں پر"۔

آپ بس حکم کرے اپکا خادم ہر وقت ہمہ تن غوش ہے۔ مسکراتے ہوئے جواب دیا۔ بیا کے دل نے ایک بیٹ مس کی تھی۔

جلال تو اسکے چہرے کی اوڑی ہوئی رنگت کو اور اسکے بعد اسکے چہرے پر بکھرے گلال کو دیکھ کر مبہوت رہ گیا تھا اسکے دل کو بہت بھایا تھا یہ قوزو قزاح کا منظر۔

اور اسی سرشاری کی کیفیت میں اس نے بیا کو ہوسٹل کے باہر اتارا۔

اور بیا وہ تو موقعے کی ہی تلاش میں تھی فوراسے بھاگ کر ہوسٹل۔ کا گیٹ عبور کر گئی۔

اور جلال تو اپنی جانم کی اس ادا پر بھی اپنا دل تھام کر رہ گیا تھا۔

"بہت برداشت اور صبر سے کام لینا ہے جلال تونے"۔

تیری جانم کو تو پیار کی الف ب بھی نہیں آتی۔

لیکن میں سب سکھادوں گا اپنی جانم کو۔

لیکن اس میں کافی محنت درکار ہوگی آخر وہ جلال کی جانم ہے مشکل تو ہو گا ہی۔

جلال نے اپنے مستقبل کا سوچ کر ایک سرد آہ بھری اور واپسی کا رخ کیا۔

"بیا ہوسٹل می اتے ہی روم میں بند ہو گئی اور وہی دروازے کے قریب بیٹھ کر اپنے دل کی دھڑکن کو قابو میں کرنے کی کوشش کرنے لگی"۔

اور سوچنے لگی کہ آخر وہ تھا کون ؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور مجھے وہ چہرہ جانا پہچانا کیوں لگ رہا تھا۔

اسکا قریب انا مجھے برا کیوں نہیں لگ رہا تھا۔

کیا میں جانتی ہوں اسے ؟

اپنی ہی سوچوں کو جھٹکتے ہوئے اس نے واشروم کہ رخ کیا اتے ہوئے اسے مغرب ہو گئی تھی اس لئے نماز ادا کرنے لگی۔ اور نماز میں بھی وہ یہی دعا کرتی رہی تھی کہ اب دوبارہ نا ملنا ہو اس شخص سے کیوں کے آج کے واقع کے بعد وہ ڈر گئی تھی۔

پہلے جے۔ڈی کی کالز اور اب یہ سب۔ اور اس نے ایک فیصلہ کیا تھا کہ وہ اپنی ماما کو سب کچھ بتا دے گی۔

وہ ہی اسکی مدد کریں گی یہی سوچتے ہوئے اس نے ماما کہ نمبر ڈائل کیا۔

السلام علیکم!

ماما کیسی ہیں آپ؟

وعلیکم السلام!

کیسی ہے میری جان؟

میں ٹھیک ماما آپ سنایئے گھر پر سب ٹھیک ہیں۔ مشی اور غازی آپ کو زیادہ تنگ تو نہیں کرتے نا؟

نہیں میری جان۔ تمہیں تو پتا ہی ہے وہ لوگ جب تک کوئی شرارت نا کریں انکا کھانا ہضم نہیں ہوتا۔ تم پریشان مت ہو۔ انکی میں اچھے سے خبر لیتی ہوں۔

ہاہاہاماما اپ بھی نا۔ آپ کو پتا ہے نا وہ دونو جتنی بھی شرارت کریں لیکن ایک دوسرے کو اداس نہیں دیکھ سکتے اور پھر گھر میں رونق بھی تو انکی وجہ سے ہی ہے۔ بیا نے تحمل سے ماں کو جواب دیا تھا۔

بیٹا بات تو آپ کی ٹھیک ہے غازی تو چلو اتنی مستی نہیں کرتا لیکن مشی تو توبہ ہے بہت تنگ کرتی ہے یہ لڑکی۔

جب دیکھو کوئی نا کوئی شرارت کر رہی ہوتی ہے۔

اوہو ماما آپ انکی ٹینشن نا لیا کرے وہ دونوں سمجھدار ہیں۔

"ماما مجھے آپ سے کچھ بات کرنی تھی۔

بیانے گھبراتے ہوئے آمنہ بیگم سے کہا تھا۔

جی میری جان بولو کیا بات ہے کوئی مسلہ تو نہیں۔ کیا کسی نے پھر کالج میں تنگ کیا ہے تمہیں؟

آمنہ بیگم نے فکرمندی سے پوچھا تھا۔

دراصل ماماوہ۔۔۔۔۔۔

کیا بات ہے بیا بتاؤ مجھے۔

ماماوہ کوئی رانگ نمبر مسلسل مجھے تنگ کر رہا تھا لیکن اب کچھ دنو سے یہ سب بند ہے۔ اور بیانے شروع سے لیکر ابھی تک کی ساری بات آمنہ بیگم کے غوش گزار دی۔

بیٹا آپ نے مجھے پہلے کیوں نہیں بتایا تھا؟

سوری ماما میں ڈر گئی تھی تب۔

دیکھو بیٹا ابھی یہ سب بند ہے اسکا شاید یہ مطلب ہے کہ اسے پتا لگ گیا ہو گا کے وہ رانگ نمبر پر کال کر رہا تھا اس لئے دوبارہ کال نہیں کی۔

اچھا کیا آپ نے بتا دیا ایسی اگر کوئی بھی بات ہو تو سب سے پہلے مجھے بتانا ہے او کے۔

آپ اب پریشان نا ہوں اور ہاں آپ کے بابا کو آپ سے بہت ضروری بات کرنی ہے اس لئے آپ جتنا جلدی ہو سکے گھر آجائے۔

او کے ماما میں سب سے پہلے آپ کو ہی بتاؤں گی۔ اور میں ابھی ہی پیکنگ کر لیتی ہوں اور کل وارڈن سے بات کر لوں گی۔

نہیں بیٹا آپ کی وارڈن سے میں نے بات کر لی ہے۔

او کے ماما پھر میں اب پیکنگ کر سو جاتی ہیں کل جلدی اٹھنا بھی ہے۔

اوکے بیٹا اور میں بھی ذرا مشی کو دیکھ لوں کہی پھر سے کسی کام کو خراب کرنی کی کوشش نا کر رہی ہو یہ لڑکی کبھی نہیں آرام سے بیٹھ سکتی۔

آمنہ بیگم نے مسکراتے ہوئے کہا تھا۔

اوکے بیٹا اللہ حافظ اللہ کی امان کہہ کال ڈسکنکٹ کی تھی۔

اللہ حافظ ماما۔۔۔۔۔۔

بیا بھی فون رکھ کر اب عیشاء کی نماز کی تیاری کرنے لگی پھر پیکنگ بھی کرنی تھی اور ٹائم 9:30 ہو گیا تھا۔

"غازی صبح اٹھا اور آرام سے واشروم گیا لیکن جیسے ہی غازی کی نظر آیئینہ پر پڑی وہ حیران رہ گیا"۔

اسکے منہ سے ایک فلک شگاف چیخ نکلی تھی وہ فوراسے مشی کے روم میں گیا بغیر اپنا منہ دھوۓ۔

کیوں کے مشی نے اپنے کاسمیٹک کے سامان سے غازی کی شکل کا نقشہ ہی بدل دیا تھا۔

جیسے ہی غازی باہر آیا سارے ملازم اسے دیکھ کر دبی دبی ہنسی ہنس رہے تھے۔غازی نے جیسے ہی مشی کو روم سے نکلتے دیکھا فوراً اسے اسکی طرف لپکا لیکن مشی غازی کو دیکھتے ہی قہقہ لگاتی وہاں سے بھاگ گئی۔

غازی تو پوری سپیڈ سے مشی تک پہنچنے کی کوشش کر رہا تھا لیکن وہ بھی ہاتھ نہیں آ رہی تھا۔

لیکن بھاگتے ہوئے بھی وہ مسلسل ہنسے ہی جا رہی تھی غازی لگ ہی ایسا رہا تھا۔

ہاہاہاہاہاہاہاہاہاہاہاہاہاہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بھائی آپ آج غازی بھائی نہیں بلکے بلکل غزالہ بھائی لگ رہے ہیں۔

ہاہاہاہاہاہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مشی کی بچی میں چھوڑو گا نہیں تمہیں۔

غازی تو روہانسہ ہی ہو گیا تھا کیوں کے میک آپ تو اتر جاتا لیکن جو نیل پالیش مشی لگائی تھی غازی کے ہاتھوں اور پیروں کے ناخنوں پر نیل پالش لگادی تھی اور وہ اب پریشان تھا کہ اسکا کیا کرے۔

اب اسکو کیا پتا تھا کے نیل پالش کو ریموو کرنے کے لئے نیل پینٹ ریموور نام کی بھی کوئی چیز ہوتی ہے۔ ورنہ اسے مشی کی منتیں نہیں کرنی پڑتی۔

بلا آخر غازی نے مشی کو جا ہی لیا۔ اب صاف کرو اسے جلدی مشی ورنہ بہت برا پیش اؤ گا میں۔

ایک منٹ بھائی پہلے تو آپ پیار سے آرام سے بات کریں اور ریکویسٹ کریں کہ مشی پلیز میری مدد کردو تم تو بہت اچھی اور مہان ہو۔

چلے جی جلدی سے کہیے مشی تو گارڈن میں موجود کرسی پر بڑے آرام اور ٹھاٹ سے ٹانگ پر ٹانگ چڑھائے بیٹھ گئی اور اپنے بالوں کو ایک ادا سے جھٹکا تھا۔

کیوں کے گھر میں سب ملازم عورتیں تھی تو مشی اور ریا گھر میں آرام سے دوپٹہ لیکر گھوم سکتی تھی یہاں انکو حجاب کی ضرورت نہیں پڑتی تھی اس لئے ابھی بھی مشی صرف بلیک کلر کا دوپٹہ لئے ہوئے شان بے نیازی سے بیٹھی ہوئی تھی۔

مشی میں تمہارے سارے بال جڑ سے اکھاڑ دوں گا اگر ابھی 2 منٹ کے اندر اندر تم نے یہ نیل پینٹ نا اتارا تو۔

غازی نے غصہ کرنے کی ناکام کوشش کرتے ہوئے مشی کو دھمکی دی تھی۔ جسکا مشی پر کوئی خاطر خواہ اثر نہیں ہوا تھا وہ ویسے ہی بیٹھی ہوئی تھی۔

کیوں کہ اسے پتا تھا اسکے غازی بھائی کو اس وقت اسکی مدد کی ضرورت ہے ورنہ انکو اسی طرح گھومنا پڑے گا پورے گھر میں۔

بھائی میں نے جو کہا ہے وہ کریں جلد نہیں تو میں جا رہی ہوں شازیہ کے گھر مجھے شازیہ سے کام ہے۔

اوکے اوکے میری ماں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لو میں نے پکڑ لئے اپنے کان۔۔۔۔۔

غازی نے گھٹنوں کے بل بیٹھ کر اپنے کان پکڑے تھے۔

اور مشی کی قہقہے ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہے تھے۔زیادہ ہنسنے کی وجہ سے اسکی آنکھوں میں آنسوں آ گئے تھے۔

مشی نے بڑے آرام سے غازی کو بازوؤں سے پکڑ کر اٹھایا اور اپنے سامنے کھڑا کیا۔

او ہو بھائی میں نے کان پکڑنے کا کہا تھا۔آپ تو بڑے ہی تیز ہیں آپ کی جگہ یہاں ہے کہتے ہوئے مشی نے غازی کو گلے لگا لیا۔

اور پھر اسے اپنے ساتھ لئے روم میں آئی اسکا میک آپ ریموو کیا اور پھر نیل پینٹ سے اسکی نیل پالش ریموو کی تب جا کر کہی غازی کو سکون آیا۔

اور تشکر بھری نظروں سے مشی کو دیکھتے ہوے اسکے بھرے بھرے گالوں کو اپنے ہاتھوں سے کھینچتے ہویے کمرے سے بھاگ گیا پیچھے مشی لب بھینچ کر رہ گئ۔

دیکھ لوں گی آپ کو غازی بھائ۔ لیکن اپنے کارنامہ اور غازی کی حالت کو دوبارہ یاد کرتے ہویے

ایک بار پھر سے اسکے قہقہہ پورے کمرے میں گونجنے لگے۔

غازی مشی سے بعد میں بدلہ لینے کا ارادہ رکھتا تھا جو مشی نے کیا تھا اب تو مردانگی کا سوال تھا۔

پتا نہیں اب کیا کرنے والا تھا وہ۔ لیکن انہی سوچوں میں گم وہ جا رہا تھا کہ مقابل سے اسکا زوردار تصادم ہوا ہے تھا۔

اس سے پہلے کے غازی اور وہ زمین بوس ہوتے مقابل نے تھام لیا تھا غازی کو۔ ابھی غازیکہ ارادہ اسکا شکریہ ادا کرنے کہ تھا لیکن مقابل کو دیکھ کر وہ تو وہی پر سٹل ہو گیا تھا۔

وہ کوئی اور نہیں مطربہ ہی تھی۔ اب اٹھو بھی مانا کے میں بہت بہادر ہوں لیکن اسکا یہ مطلب نہیں تمیں اپنے بازوؤں میں لیکر گھومو ہٹو پیچھے۔

اچانک چھوڑا تھا مطربہ نے غازی کو۔ اگلے لمحے غازی نے خود کو بچانے کے لئے اسکے بازو کا سہارا لیا تھا۔

یار غازی تم ہو کیا چیز ہاں؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ سب تو لڑکیوں کے ساتھ ہوتا ہے یوں گرنا پھر لڑکوں کا اسی ٹائم انکو سمبھالنا۔

لیکن یہاں تو معملہ ہی الٹا ہے۔ بس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بس کرو اب تم۔۔۔۔۔۔۔ تم نے مجھے بچا کیا لیا اب احسان نا جتاؤ وہ تو میرا دیہان کہیں اور تھا۔ اس لئے یہ سب ہوا۔

کہتے ہوئیے اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرا تھا۔ اپنے آپ کو بچانے کے لئے ایک کمزور سی وضاحت دی تھی غازی نے۔

بس بس پتا ہے مجھے تم تو ہو ہی دبو۔ چلو اب مجھے لنچ کرواؤ جلدی سے مجھے تو بھوک لگی ہے بہت۔

یار تم اور مشی دونو ہی ایک جیسی ہو بھوکی کہی کی۔ دونوں جتنا بھی کھالو پیٹ ہی نہیں بھرتا۔

چلو اب کھائے بغیر تو تم میری جان چھوڑوگی نہیں کیوں کہ مجھے بچا کر احسان جو کر دیا ہے۔ منہ بنا کر کہتے ہوئے غازی مطربہ کو ریسٹورنٹ لے گیا۔ اور مطربہ تو مشی سے بھی دو قدم اگے نکلی تھی اتنی تو مشی بھی نہیں کھاتی تھی جتنا مطربہ نے کھالیا تھا

اور غازی تو منہ کھولے اس چھوئی موئی سی نظر انے والی لڑکی کو ڈائنا سور کی مقدار کی غزا ختے ہوے دیکھ رہا تھا اب اسکی خود کی غزا کیا تھی وو مشکل سے ڈیڑھ روٹی کھاتا تھا۔ تو اسے تو یہ غزا ڈائنا سور کی لگنی ہی تھی۔

لیکن یہ بات اس نے دل میں کی تھی کیوں کہ مطربہ کے سامنے کرنے کی ہمت جو نہیں تھی تو اسے بس مسکرا کر دیکھ رہا تھا اور اندر سے دعا کر رہا تھا کہ جلدی بس کر دے۔

یار تم کتنا کھاؤگی اور اب وو اسے پسند کرنے لگا تھا وہ بات الگ تھی لیکن اتنا کھاتے ہویے دیکھ کر تو وہ بھی زچ ہو گیا تھا۔ تم چپ کرو خود کو دیکھا ہے کبھی بکری کے میمنے کی طرح ہو سوکھے سے اور مجھے بھی منا کر رہے ہو کھانے سے۔

اگر یہ بات میرے بھائی کو پتا لگی نا تمہاری چٹنی بنا دے گے مطربہ نے بھی خوب ڈرایا تھا غازی کو۔

دیکھو مٹی کی بچی اب مجھے ڈرانے کی ناکام کوشش چھوڑ دو میں نہیں انے والا تمہاری باتوں میں۔

چلو اب جلدی ورنہ یہی چھوڑ جاؤں گا تمہیں۔ کہتے ہوے گاڑی کی چابی کو انگلیوں میں گھمایا تھا۔

ہمت ہے چھوڑ کر جا کہ دکھاؤ تمہاری ہڈیوں کا چورمانا بنایا تو میرا نام بھی مطربہ نہیں۔ بڑے آرام سے مخاطب ہوئی تھی وہ۔ جیسے اسے غازی کی بات سے گھنٹہ فرق نہیں پڑتا۔ اور یہی بات غازی کو تپانے کے لئے کافی تھی۔

چلو یار اب۔۔۔۔۔۔

اوکے اوکے چلو اب ہم سی سائیڈ چلتے ہے مجھے بہت پسند ہے۔ وہ جگہ۔

اوکے چلو مادام خادم حاضر ہے۔ بڑی فرمبداری سے غازی نے سر کو خم دے کر کہا تھا۔

اس دن کے بعد جب سے غازی اور مطربہ کی دوستی ہوئی تھی ان میں کافی بے تکلفی ہو گئی تھی۔ بس جو بات نہیں بدلی تھی وہ تھا غازی کا مطربہ کو پسند کرنا۔

دن بہ دن اسکی محبت پروان چڑھ رہی تھی۔

پتا نہیں اب کامیاب ہونی بھی تھی یہ ادھوری رہ جانی تھی انکی محبت کی داستان؟۔۔۔۔۔

اور ایک بھرپور شام گزار کر اس نے پہلے مطربہ کو گھر ڈراپ کیا پھر خود بھی گھر کا رخ کیا۔

اور یہاں شجاعت کو دن بہ دن نقصان ہو رہا تھا جو بھی ڈیل کرتا ہے۔ ڈی اسکے بیچ میں کوئی نا کوئی دیوار کھڑی کر دیتا۔

یاں پھر وہ سب رزم کے ہاتھ لگ جاتا تو وہ ڈیل تو جاتی انکے خاص آدمی بھی نہیں بچتے تھے سچ اگلوا کر انکو بھی دردناک انجام تک پہنچانا ان دونوں کا کام بن گیا تھا۔

شجاعت تو پہلے نئے اے۔ سی۔ پی سے پریشان تھا اور اب نیا یہ جے۔ڈی نے آکر کام خراب کر دیا تھا

اسنے ڈھونڈنے کی کافی کوشش کی لیکن کوئی سراگ اسکے ہاتھ نہیں آ رہا تھا۔

اور اب ایک ہی راستہ تھا جمال کی بیا سے شادی اور اسے اپنے ساتھ شامل کرنا اور اگر کبھی خطرہ ہوا بھی تو وہ جمال کو مہرا بنا کر استعمال کرنے کا ارادہ رکھتا تھا۔

انھیں پریشانیوں سے تھوڑی دیر کے لئے چھوٹکارا پانے کے لئے اس نے ایک نئی دوشیزہ کے ساتھ آج رات گزارنے کا پلان بنایا اور فون نمبر ڈائل کیا تھا اپنے آدمی کا۔

ہیلو ہاں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آج جو نیا مال آیا ہے اسے ریڈی کرو۔

آج میں اسکے حسن کو خود شرف بخشو گا

اور ہاں وہ کلی ان چھوئی ہونی چاہیے۔

خباثت سے قہقہہ لگاتے ہوئے اس نے فون رکھا۔

اور اپنے فارم ہاؤس کا رخ کیا۔۔۔۔

رزم اور مشی میں بے تکلفیاں بھڑتی جا رہی تھی یاں یہ کہنا بہتر ہو گا کہ مشی کی طرف سے یہ سب ہو رہا تھا اور رزم تو بس اسکی ہاں میں ہاں ملاتا تھا کیوں کہ اسکا مقصد تو شجاعت کی بربادی تھا۔۔۔

اور اس مقصد کے لئے ہی تو وہ مشی سے نزدیکیاں بڑھا رہا تھا اسکی کیئر کرنا اسے اپنے ہونے کہ احساس دلانا ہر وقت یہ سب پلان ہی تو تھا اسکا۔

اور آج وہ یہی سوچ رہا تھا کہ مشی کو کہیں باہر کھانا کھلانے لے جائے۔یہی سوچتے ہوئے اس نے مشی کو کال کی۔

السلام علیکم !۔۔۔۔۔

دوسری طرف سے کال اٹھاتے ہی سلام کیا گیا تھا۔

وعلیکم السلام!۔۔۔۔ کیسی ہو۔

میں تو ٹھیک ہوں آج ہی تو کالج میں ملے تھے آپ نے دیکھا تو تھا کہ کیسی ہوں میں۔۔۔۔۔۔

ہاں لیکن یہ دل کہاں بھرتا ہے بس ہر وقت تمہیں ہی دیکھنے کی چاہ کرتا ہے۔رزم کی بات سن کر مشی کے دل نے ایک بیٹ مس کی تھی۔

مہ۔۔۔میں ٹھیک ہوں۔آ۔۔۔آپ کیسے ہیں۔

میں تو ٹھیک نہیں ہوں۔میں ویٹ کر رہا ہوں تم جلدی سے گھر کے باہر آجاؤ آج ہم کھانا باہر کھائے گے اور اسی بہانے ایک دوسرے کو جاننے کہ ٹائم بھی مل جائیگا۔

لیکن میں کیسے آسکتی ہوں میں تو ہر جگہ غازی بھائی کے ساتھ جاتی ہوں۔اور یوں آپ کے ساتھ اکیلے۔۔۔۔

مطلب کیسے۔؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اکیلے کا کیا مطلب ہے میں تو ہوں نا تمھارے ساتھ کیا تمہیں یقین نہیں ہے مجھ پر ؟۔۔۔۔

نہیں ایسی بات نہیں ہے میں تو بس۔۔۔۔۔۔۔

بس وس کچھ نہیں تم آ رہی ہو۔ میں 20 منٹ میں پہنچ رہا ہوں تم مجھے گیٹ کے باہر ملو۔

لے۔۔۔۔۔۔ لیکن۔۔۔۔۔۔۔۔سنے۔۔۔۔۔اور اگے سے فون کٹ کر دیا گیا تھا۔

مشی نے غصہ سے فون کو گھورا تھا۔ میری بات سنی نہیں اور رکھ دیا فون اب میں کیا کروں کیسے ماما کو مناؤ ؟۔۔۔۔

یہی سوچتے ہوئے مشی روم سے باہر آئی تھی۔

خالہ ساجدہ۔۔۔ماما کہاں ہیں؟۔۔۔۔

مشی بیٹا بی جی تو اپنے کمرے میں ہیں۔ آمنہ بیگم کے حکم سے ہی سب ملازم غازی اور مشی کو نام سے ہی بولاتے تھے انکا ماننا تھا کے بڑے بڑے ہی ہوتے ہیں چاہے وہ ملازم ہی کیوں نا ہوں سب کی عزت برابر ہے۔

اور غازی بھائی وہ کہاں ہیں؟

وہ تو بیٹا اپنے دوستوں کے ساتھ باہر گیا ہوا ہے شام تک آئیگا۔

اور مشی تو یہ سن کر ہی خوش ہو گئی تھی۔ ٹھیک ہے آپ جائیں۔ ٹھیک ہے بیٹا۔۔۔ مشی فوراً سے آمنہ بیگم کے کمرے میں گئی تھی۔ آمنہ بیگم ابھی ہی بیڈ پر بیٹھی تھیں۔ کہ مشی نے انکے روم میں ہلا بول دیا تھا۔

اور اتے ہی آمنہ بیگم کے گالی میں اپنے دونوں بازو حائل کیئے تھے۔ کیسی ہیں میری پیاری سی ماما۔

میں تو ٹھیک ہوں تم یہ بتاؤ بات کیا ہے جو اپنی ماں کو مسکا لگایا جا رہا ہے۔۔۔۔

ماما۔۔۔۔۔ آپ بھی نا میں تھوڑی آپ کو مسکا لگا رہی ہوں آپ کو معلوم ہے نا میں تو آپ کی معصوم سی پیاری سی بیٹی ہوں۔

ہاں ہاں مجھے بلکل معلوم ہے آپ میری ایک نمبر کی نٹھ کھٹ اور شرارتی بیٹی ہیں۔ چلو اب جلدی سے بتاؤ کیا کام ہے۔

ایک تو ماما آپ بھی نا آپ کو سب معلوم ہوتا ہے ڈیٹس نوٹ فیئر مشی نے منہ بنایا تھا۔

او ہو میری جان تمہیں پتا ہے ایک ماں کو اپنی اولاد کی ان کہیں باتوں کہ بھی پتا چل جاتا ہے جو بھی انکے ڈیل میں ہو ایک ماں اپنے بچوں کی آنکھوں کو پڑھنے کہ ہنر خوب جانتی ہے۔

لوو یو ماما۔ ماما وو اصل میں مجھے کہنا تھا کہ۔۔۔۔۔

مشی نے جب آمنہ بیگم کی باتیں سنی تو اسے شرمندگی ہوئی تھی خود پر کیوں کہ اب وہ جھوٹ بولنے والی تھی اپنی پیاری ماما سے۔

لیکن وہ ابھی انکو سچ بھی تو نہیں بتا سکتی تھی نا۔

ہاں میں ماما کو بعد میں سب بتادوں گی ابھی نہیں۔ ابھی ہم ایک دوسرے کو اچھے سے جان تو لیں۔

کیا ہو گیا مشی کہا کھو گئی۔ بتاؤ بیٹا کیا بات کرنی تھی۔

وہ ماما مجھے ناشازی کے گھر جانا تھا کل ٹیسٹ ہی اور نوٹس اسکے پاس ہیں۔ میں چلی جاؤں؟

پکا شام میں جلدی آجاؤں گی۔

اوکے بیٹا لیکن غازی تو گھر پر نہیں ہے۔

ماما شازیہ نے ڈرائیور بھیجا ہے میری اس سے بات ہوئی تھی کہ بھائی نہیں ہیں گھر پر تو اس نے کہا تھا کہ اسکا ڈرائیور اس وقت باہر ہی ہے وو اسے بھیج رہی ہے۔ تو میں جاؤ ماما۔

اوکے بیٹا جاؤ فی امان اللہ۔

اوکے ماما اللہ حافظ اور آمنہ بیگم کے گالوں کو کھینچتے ہوئے بھاگ گئی کمرے سے۔

یہ لڑکی کبھی نہیں سدھر سکتی۔

یا اللہ اسے ھدایت دے اور اسکے نصیب اچھے کرنا۔ ورنہ اسکا تو کوئی بھروسہ نہیں۔ پوری شرارتوں کی نانی ہے۔

ہنستے ہوئے آمنہ بیگم اپنے کام میں مصروف ہو گیئں تھیں۔ کیوں کے کچھ دنو میں بیا نے آنا تھا۔

اس وقت پورا روم اندھرے میں ڈوبا ہوا تھا اور ایک وجود اپنی سرخ انگارہ آنکھیں لئے بیڈ کے قریب ہی بیٹھا ہوا تھا۔

وہ کوئی اور نہیں بلکے رزم ہی تھا۔ رزم نے فون رکھنے کے بعد اپنے ہاتھ میں جو بچی ہوئی سگریٹ تھی اسے پاؤں کے نیچے دے کر مسل دیا تھا۔

اور ایک اور سگریٹ نکالا تھا پیکیٹ سے وہ مسلسل سگریٹ پر سگریٹ پھونکے جا رہا تھا لیکن اسکی سوچوں کا تسلسل ٹوٹ ہی نہیں رہا تھا۔

اوربلا آخراس نے آخری سگریٹ پھونکے کے بعد اس اپنا رخ واشروم کی طرف کیا اب جانا آبھی تو تھا دشمن کی بیٹی کے ذریعے اب اپنا انتقام پورا کرنا تھا۔

اور آج کیا کرنے والا تھا وہ اسے خود بھی نہیں پتا تھا۔ایک نمبر پر کال کی تھی رزم نے اگے سے کچھ کہا گیا تھا۔

جسے سن کر اسکے چہرے پر شیطانی مسکراہٹ آئی تھی۔

جاری ہے۔

Ye ly g epi❤️🙈 koi bhi short na kehna 🙄tabiyat abi b sahi nahi hai lekin kl ki sneak mai ap logon ka pyar dekh kr koshish ki or likh li hai .😊🙈❤️😘 ab sb btaye agy kia hony wala hai story mi🤔🤔😳akhir kia krny wala hai razm??🤔🤔or mishi kia glat kr rahi hai razm ki bato mai akr🤔🙈😘chaly btaye ab ap sb😊🙈

Surprise Surprise 🙈🙈😍😍

Don't copy paste without my permission💣💣

ناول#مریض_ء_عشق

از#سندس_پری

#قسط_17

رزم نے مشی کو اسکے گھر کے باہر سے پک کیا تھا۔اور اب دونو شہر کے مشہور ریسٹورنٹ میں ایک الگ کارنر میں بیٹھے ہوئے تھے۔جو کہ خاص کر رزم نے ہی بک کیا تھا تاکہ کوئی بھی انھیں ڈسٹرب نا کرے۔

کیا ہوا ہے مشی یم اتنی پریشان کیوں ہو؟کیا ڈر لگ رہا ہے۔

نہیں سر وہ۔۔۔۔۔وہ پہلی بار میں نے گھر والو سے جھوٹ بولا ہے نا تو اس لئے۔

اوہو تو اس میں پریشان ہونے والی کیا بات ہے ؟

میں ہوں تمہارے ساتھ اور ویسے بھی بہت جلد تو تم ہمیشہ کے لئے میری ہونے والی ہو۔ رزم نے معنی خیز مسکراہٹ چہرے پر سجاتے ہوئے کہا تھا۔

رزم کی اس بات پر مشی کے گال شرم سے دھک اٹھے تھے۔ اور وہ اپنی خفت کو مٹانے کے لئے یہاں سے وہاں دیکھنے لگی۔

جبکہ رزم ایک معنی خیز مسکراہٹ لئے اسکے دیکھ رہا تھا۔ پھر اچانک ایک فون کال کہ بہانہ کر کے وہ مشی کو وہی چھوڑ کر کہی غایب ہو گیا۔

ابھی اسے گئے تھوڑی ہی دیر ھوئی تھی کہ کچھ آوارہ لڑکے جو کہ کب سے مشی کو تاڑ رہے تھے فوراسے اسکے ٹیبل پر اکر بیٹھ گئے۔

او چھمک چھلو ذرا ہم پر بھی نظر کرم کر لو خباثت سے کہتے ہوئے سب نے قہقہ لگایا تھا۔ مشی تو اپنے ٹیبل پر 3 انجان آدمیوں کو دیکھ کر ڈر گئی تھی۔

اور گھبراہٹ میں اسے کچھ سمجھ بھی نہیں آرہا تھا کہ کیا کرے حالانکہ پیپر سپرے ہمیشہ اسکے بیگ میں موجود ہوتا تھا لیکن وہ خوف میں اس وقت سب کچھ فراموش کر بیٹھی تھی۔

دیکھیں آپ لوگ یہاں سے چلے جائے ورنہ اچھا نہیں ہو گا۔ مشی نے اپنی تمام ہمت مجتمع کر کے انگلی اٹھا کر انہیں وارن کیا تھا۔

لیکن یہ کیا ان میں سے ایک لڑکے نے مشی کا وہی ہاتھ پکڑ لیا۔ اور اسے دلہ کر زور زور سے ہنسنے لگا مشی اپنی پوری کوشش کر رہی تھی خود کو اس سے چھڑوانے کی۔

لیکن ناکام ہو رہی تھی اچانک سے مشی نے اسکے ہاتھ پر اپنے دانت گاڑھ دئے اور بغیر کسی کی پرواہ کئے وہ ریسٹورنٹ سے نکلتی چلی گئی۔

ابے دیکھ کیا رہے ہو چلو پکڑو اسے سالی بچ کر نا جا پائے۔ باقی تینو لڑکے بھی اسکے پیچھے بھاگے تھے۔

مشی تو بس اندھا دھند بھاگے جا رہی تھی۔ اسے کیسی بھی چیز کی پرواہ نہیں تھی اسے صرف اس وقت اپنی عزت بچانی تھی جو کہ خطرے میں تھی۔ اور بھاگتے ہوئے اسے زور سے ٹھوکر لگی تھی اور اسکا پاؤں بہت برے طریقے سے مڑا تھا۔

اور وہ اسی وقت زمین بوس ھوئی وہ وہاں بیٹھی درد سے کراہ رہی تھی لیکن اسے ہمت نہیں ہارنی تھی۔ اسے جانا تھا یہاں سے درندوں سے دور۔

ابھی وہ پھر سے اٹھ ہی رہی تھی کہ وہ لوگ اس کے سر پر پہنچ گئے اور ان میں ایک نے اسے اسے دوبارہ دھکا دیا تھا۔ جسکی وجہ سے اسکے اسی پیر پر دوبارہ سے دباؤ پڑا تھا۔

ایک دل خراش چیخ گونجی تھی اس وقت خاموش فضا میں۔ پر اسی وقت دوسرے لڑکے نے اگے بڑھ کر کھینچ اسکا حجاب اتارا تھا۔

اور مشی اپنے دونوں ہاتھ اپنے سینے پر رکھے مسلسل نفی میں گردن ہلا رہی تھی۔ کیوں کہ ان می سے ایک لڑکا اسکی طرف قدم بڑھا رہا تھا۔

مشی کوس رہی تھی اس لمحے کو جب ریسٹورنٹ سے باہر نکلی تھی اگر وہی پر کسی سے مدد مانگ لیتی تو یہ سب نا ہوتا ۔

پتا نہیں رزم بھی کہا تھا وہ کیوں نہیں آیا تھا۔ وو تو بس اپنے رب کے حضور ایک ہی دعا کر رہی تھی کہ وہ کسی کو بھیج دے اسکی عزت کو مجروح ہونے سے بچالے۔

ابھی ایک نے اسکی طرف ہاتھ بڑھایا ہی تھا کہ اگلے لمحے وہ زمین پر اوندھے منہ پڑا کراہ رہا تھا۔

مشی نے جب عجیب سی آواز سنی تو فوراً اپنا سر اٹھا کر انے والے مسیحا کو دیکھا وہ کوئی نہیں بلکہ رزم ہی تھا۔

اس کا ارادہ تو بس ڈرانے کا تھا لیکن جب وہ وہاں آیا تو مشی وہاں نہیں تھی لیکن ان لڑکوں میں سے آخری لڑکے کو جب ریسٹورنٹ سے باہر نکلتے دیکھا تو اسکا خون کھول اٹھا تھا اور اسے شدت سے کچھ غلط ہونے کا احساس ہوا تھا۔

اور وہ بغیر وقت برباد کئے فوراً سے اسکا پیچھا کرتے یہاں آیا تو مشی کو زمین پر پڑے کرہتے پایا وہ بھی بغیر حجاب کے۔ غصّے سے اسکے دماغ کی رگیں تن گئی تھی۔

اور وہ اندھا دھند ٹوٹ پڑا تھا ان پر۔ جب تک ایک کی بھی ہڈی سلامت تھی وہ انکو مارتا رہا جب وہ تینوں ادھ مرے ہو گئے تو انکو چھوڑ کر فورا مشی کے پاس آیا۔

مشی تو رو رو کر اپنے رب کا شکریہ ادا کر رہی تھی کہ اس نے اسکی عزت کو داغدار ہونے سے بچا لیا تھا۔ رزم نے مشی کو اسکا حجاب اوڑھایا تھا۔

اور مشی کو کیا چاہیے تھا اس وقت اسے ایک سہارے کی ضرورت تھی وہ فورا اسے رزم کے گلے لگ گئی اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔

وہ۔۔۔۔۔۔۔وہ لوگ۔۔۔می۔۔۔۔۔۔۔میرے۔۔۔۔۔میرے ساتھ غلط۔۔۔۔۔۔۔

مشی سے کچھ بھی بولا نہیں جا رہا تھا اٹک اٹک کر بولتے ہوئے وہ پھر سے بلک بلک کر رونے لگی۔ رزم بس اسکی پیٹھ تھپ تھپا رہا تھا۔

اور اسکا دماغ تو کہیں اور ہی پہنچا ہوا تھا اس نے مشی کو اٹھانے میں مدد کی تو مشی سے تو اٹھا بھی نہیں جا رہا تھا۔ شاید پاؤں میں فریکچر آ گیا تھا۔

تکلیف اور ذہنی دباؤ کی وجہ سے وہ رزم کے بازوؤں میں جھول گئی تھی۔ رزم نے مشی کو اپنے بازوؤں میں اٹھایا اور کار میں بیٹھا کر خود بھی ڈرائیونگ سیٹ پر آکر بیٹھ گیا اب اسکا رخ ہسپتال کی طرف تھا۔

ہسپتال سے اسکے پیر پر پلاسٹر لگوا کر وہ اسے اپنے اپنے فلیٹ میں لے آیا تھا۔ مشی ابھی تک بے ہوش تھی ڈاکٹر نے دوائی دی تھی اور کہا تھا تھوڑی دیر تک مشی کو آجائے گا۔

رزم کے ذہن میں اس وقت بہت کچھ چل رہا تھا۔ لیکن وہ چاہ کر بھی کچھ غلط نہیں کر پا رہا تھا۔ سوچ سوچ کر اسکا دماغ خراب ہو رہا تھا کہ اگر وہ ٹائم پر نا پہنچ تو۔ اس سے آگے اس سے سوچا بھی نہیں جا رہا تھا۔

لیکن اب اس نے سوچ لیا تھا اب دوبارہ سے وہ ایسا کچھ بھی نہیں کرے گا۔ ابھی وہ انھیں سوچوں میں تھا کہ روم میں کچھ کھٹاک کی آواز سے وہ فورا کمرے میں گیا جہاں مشی پنی پینے کے لئے گلاس اٹھا رہی تھی۔

رزم نے گلاس میں پنی ڈالا تھا اور مشی کو سہارا دے کر بٹھایا تھا اور خود پانی پلایا تھا۔

اب کیسی ہی طبیعت؟ تم ٹھیک ہو؟ پاؤں میں زیادہ درد تو نہیں ہو رہا؟ رزم نے تو سوالوں کی بوچھاڑ کر دی تھی۔

جی میں ٹھیک ہوں۔ جبکہ مشی نے مختصر سا جواب دیا تھا۔

سوری مشی سب میری غلطی ہے مجھے کال اٹینڈ کرنے نہیں جانا چاہیے تھا۔

نہیں آپ کی کوئی غلطی نہیں ہے غلطی میری ہی مجھے ایسے ریسٹورنٹ سے باہر نہیں جانا چاہیے تھا۔ اگر وہ لوگ میرے ساتھ کچھ غلط۔۔۔۔ کہتے ہوئے مشی ایک بڑ پھر رونے لگی تھی۔

مشی دیکھو خاموش ہو جاؤ اور چلو جلدی سے اپنے آنسوں صاف کرو می تمہیں گھر چھوڑ دیتا ہوں۔

جی۔۔۔ رزم نے مشی کی میڈیسن بھی ساتھ لی تھی اور اسے اسکے گھر گیٹ پر اتارا تھا۔ اور خود بھی باہر آیا تھا۔ چلو می اندر چھوڑ دیتا ہوں نہیں میں نے شازیہ کو بولا یا۔

وہ مجھے چھوڑ دے گی۔ اگر آپ آئے تو ماما پوچھیں گی تو میں کیا جواب دوں گی۔

کیوں کہ میں جھوٹ بول کر آئی تھی آپ سے ملنے۔ مشی نے کہتے ہوئے ندامت سے سر جھکا لیا تھا۔

اوکے کوئی بات نہیں چلو شازیہ آگئی ہے تم آرام سے جاؤ اور جب تک پیر کی موچ سہی نا ہو آرام کرنا۔

کالج انے کی ضرورت نہیں ہے اوکے۔ مسکرا کر کہتے ہوئے رزم وہاں سے چلا گیا تھا اور مشی شازیہ کے ساتھ گھر میں داخل ھوئی تھی۔

بیا صبح ناشتہ کر کے تیار ہو گئی تھی۔ وہ جیسے ہی ہوسٹل سے باہر آئی۔ گاڑی وہاں پر پہلے سے ہی موجود تھی۔ اور ڈرائیور بھی بیا جاتے ہی گاڑی میں بیٹھ گئی۔

چلے انکل جلدی سے گاڑی سٹارٹ کریں۔ اور آپ پلیز آج اچھے راستے سے لیکر جائیے گا۔ کیوں کہ پچھلی بار بھی اتنا ٹریفک تھا۔

بیا تو گاڑی میں بیٹھتے ہی سٹارٹ ہو گئی تھی۔ کیوں کہ یہ ڈرائیور بہت پورانہ اور وفادار تھا۔ تو بیا انکو انکل کہتی تھی اور زیادہ ڈرتی بھی نہیں تھی۔

لیکن بیا نے ایک بار بھی یہ دیکھنا گوارا نہیں کیا تھا کے گاڑی جلال چلا رہا ہے نا کہ اسکے انکل ۔

گاڑی ابھی تھوڑی ہی دور گئی تھی کہ اچانک سے گاڑی کو بریک لگی تھی ۔

انکل کیا ہوا آپ نے گاڑی کیوں روک دی ۔ چلیے نا دیر ہو جائیگی ہمیں یہاں سے لاہور جاتے ہوئے ٹائم بھی بہت زیادہ لگے گا ۔

ابھی بیا اور بھی کچھ کہتی لیکن مقابل کو دیکھ کر اسکی زبان کو بریک لگی تھی ۔ اور وہ حیران و پریشان کبھی جلال کو دیکھتی تو کبھی سنسان سڑک کو ۔

دیکھیں آپ یہاں ک ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ کیا ۔ ۔ ۔ ک ۔ ۔ ۔ کر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ رہے ہیں ۔ مجھ مجھے جانے دے پلیز ۔ بیا تو رونے والی ہی ہو گئی تھی ۔ جلال کو اپنے سامنے اپنی گاڑی میں دیکھ کر ۔

جانم ساری باتیں ہم بعد میں کر لیں گے سفر بہت لمبا ہے پورے 14 گھنٹے ہیں ۔ جو کہ میرے لئے تو کم ہیں لیکن تمہارے لئے بہت زیادہ ہیں ۔

جلال شوخ ہوا تھا۔ چلو شاباش آرام سے اگے آجاؤ۔ وہ کیا ہے نا میں اکیلا بور ہو رہا ہوں اگے۔ تم چاہو تو مجھے ڈرائیور بھی سمجھ سکتی ہو کیوں کے یہ اپکا خادم ہی ہے۔ لیکن اگر یہاں بیٹھنا ہو گا۔

بیا نے فوراً نفی می سر ہلایا تھا۔ لیکن جلال کی گھوری دیکھ کر ڈر بھی گئی تھی۔ دیکھو جانم میں آرام سے کہہ رہا ہوں آجاؤ اگے ورنہ میں خود لاؤ گا تو تمہیں برا لگے گا اور میں اب تمہیں ناراض تو نہیں کر سکتا نا۔ چلو آجاؤ۔

لیکن جب جلال کے کہنے پر بھی بیا نا آئی تو نچار جلال اٹھا اور اپنی سائیڈ کا ڈور اوپن کیا اور بیا کی طرف جا کر کھڑا ہو گیا اور اسکی سائیڈ کہ دروازہ کھول کر اسے بازوؤں میں اٹھایا اور بڑے آرام سے اسے فرنٹ سیٹ پر بیٹھا دیا۔ اور اسکی سیٹ بیلٹ باندھنے لگا۔ جب تک جلال اپنا کام کر رہا تھا بیا سانس روکے بس اسے یک ٹک دلہ رہی تھی۔ جیسے ہی جلال سیٹ بیلٹ باندھ کر ہٹا بیا نے سکھ کہ سانس لیا تھا۔

دیکھیں آپ یہ سب غلط کر رہے ہیں۔ میں ماما کو بتا دوں گی او۔۔۔۔۔۔اور۔۔۔۔ اور بابا کو بھی۔ بیا نے اپنی طرف سے تو خاصی اچھی دھمکی دی تھی۔

لیکن جلال پر اسکا کوئی اثر نہیں ہوا تھا وہ تو الٹا اسکی بات سن کر مسکرا رہا تھا۔ جانم اس دنیا میں کوئی بھی ایسا انسان نہیں پیدا ہوا جو جلال سے اسکی بیا کو الگ کرنا تو دور اسے مجھ سے دور کرنے کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا۔

کیوں کہ جلال نے معاف کرنا سکھا ہی نہیں ہے۔ بہت کوشش کے باوجود بھی اسکے چہرے کے تاثرات سخت ہو گئے تھے۔ کیوں کہ بیا کا خود سے دور ہونے کہ سوچ کر اسکے تاثرات فورا بدلے تھے۔

لیکن جلال نے جلد ہی ان پر قابو پا لیا تھا۔ اور نرم نظروں سے بیا کو دلھا تھا جو کے جلال کے سرد تاثرات دیکھ کر اس سے مزید خوفزدہ ہو گئی تھی۔ اس لئے جلال نے بھی فورا سے بات بدلی تھی۔ ویسے جانم تم نے بتایا نہیں تمہیں گھر کیسا لگا تھا ہمارا۔

بلکل بھی اچھا نہیں تھا۔ بے اختیار بیا کی زبان سے پھسلا تھا۔ جبکہ جلال اسکی بات سن کر بے اختیار مسکرایا تھا۔ جانم مجھے پتا ہے کہ تمہیں وہ گھر کتنا برا لگا ہے۔

تو چلو اب نیا گھر بناتے ہوئے میں ہر چیز تمہاری مرضی سے کرواؤ گا لیکن اسکے لئے تمہیں میرے ساتھ ہی رہنا پڑے گا۔ جلال کی بات سن کر بیا فورا سے بولی تھی۔

نہیں کیس نے کہاوہ گھر برا ہے۔ وہ تو بلکل ویسا ہے جیسا میں نے بچپن سے سوچا تھا بلکل میرے خوابوں جیسا ہے۔ مہ تو دلہ کر حیران رہ گئی تھی کہ کوئی کیسے کسی خیالوں کو حقیقت میں بدل سکتا ہے۔ وہ گھر سچ میں بہت پیارا ہے وہ تو میں مذاق کر رہی تھی۔

بیا نے جلدی سے اپنی صفائی پیش کی تھی مبادا وہ سچ میں اسے اپنے ساتھ ہی نا لے جائے۔ جلال بیا کی باتوں پر بے اختیار مسکرائے جا رہا تھا۔ اسی طرح انہیں سفر کرتے ہوئے 6 گھنٹے گزر گئے تھے اور اسی دوران بیا بھی سو گئی تھی۔ جلال نے بٹن دبا کر بیا کی سیٹ کو پیچھے کی طرف موو کر دیا تھا طانکہ وہ آرام سے سو سکے۔

مزید دو گھنٹے کہ سفر طے کر کہ جلال نے ایک جگہ گاڑی روکی اور بیا اور اپنے لیئے کھانا لیکر آیا۔ تب ٹک بیا کی بھی بھوک کی وجہ سے آنکھ کھل گئی تھی۔ اور جلال کو پتا تھا کہ بیا کو کھانا ٹائم پر کھانے کی عادت ہے۔

دونوں نے مل کر کھانا کھایا اور پھر سے سفر شروع ہو گیا تھا جو کہ مزید 8 گھنٹوں کہ تھا۔بیا تو پھر سے سو گئی تھی ۔اسکی عادت تھی سفر سو کر گزرنے کی۔ لیکن جلال بھی کم نہیں تھا وقفے وقفے سے اسے جگا دیتا اور اس سے باتیں کر کر لیتا۔

انکو لاہور پہنچتے ہوئے رات کے 12 بج گئے تھے مزید 1 گھنٹے میں وہ گھر پہنچنے والے تھے جبکہ جلال کہ دل کر رہا تھا یا سفر ختم نا ہو کبھی بھی۔ لیکن اسکی انھیں سوچوں میں گھر آ گیا تھا۔اور نچار اس بیا کو چھوڑ کر جانا پڑا۔

بیا کا ڈرائیور وہیں پر اسکا انتظار کر رہا تھا جلال گاڑی سے اترا تو فوراڈرائیور نے اپنی جگہ سنبھال لی اور ٹھیک پانچ منٹ کی ڈرائیو پر وہ گھر پہنچ گئے۔اس وقت رات کے دو بجے والے تھے۔

مشی جیسے ہی گھر آئی تھی۔ آمنہ بیگم تو اسے اس حال می دلہ کرور ہو گئی تھیں پوچھنے پر مشی نے بات کو یہ کہہ کر ٹال دیا کہ وہ جلدی میں سڑھیاں اتر رہی تھی تو پیر مڑنے کی وجہ سے فریکچڑ ہو گیا ہے۔

مشی کو کمرے میں لیٹا کر آمنہ بیگم نے اسے دوائی دی جسکے زیر اثر وہ اب سو رہی تھی۔

رات کے 12 بجنے والے تھے اور اب بیا بھی انے والی تھی آمنہ بیگم اور غازی بیا کا ویٹ کر رہے تھے۔

غازی تو پریشان ہو گیا تھا مشی کو لیکر لیکن جب کمرے میں گیا تو مشی سو رہی تھی لیکن اسکے پیر کو دیکھ کر اس پر شیطانی سوار ھوئی تھی اور اس نے اس پر عمل بھی کیا تھا۔

اور اب تو کچھ دن ٹک مشی کچھ بھی نہیں کر سکے گی یا سوچ کر وہ اور خوش ہو رہا تھا۔

بیا رات 2 بجے گھر پہنچی تھی اور سب سے پہلے جو جس شخص نے اسکا استقبال کیا تھا وہ تھے اسکے بابا۔

بابا جانی کیسے ہیں آپ؟

میں ٹھیک۔۔۔۔۔۔۔ میری گڑیا کیسی ہے۔؟

میں بھی ٹھیک ہوں باباجانی۔۔۔ مسکرا کر جواب دیتے بیا آمنہ بیگم اور غازی سے ملی تھی۔ پھر سوتے ہوئے انہیں 3 بج گئے تھے۔

اگلے دن تو اور بھی بزی گیا تھا پورا دن مشی دردد رد کرتی رہی اور بیا اسکے اگے پیچھے گھومتی رہی تھی۔

اور شام میں اسکے ماما بابا نے اسے جمال کے برے میں بتایا تھا۔ اور بیا کو نکاح کے لئے راضی بھی کر لیا تھا۔ بہت محنت سے اسے راضی کیا تھا پہلے تو وہ مان ہی نہیں رہی تھی۔

لیکن سب نے مل کر منہ لیا تھا اور اگلے ہفتے کی نکاح کی ڈیٹ فائنل ھوئی تھی۔

دن بھر کے تھکا دینے والے سفر وہ بھی جلال کے سنگ جو کہ کوئی بھی کسر نہیں چھوڑ رہا تھا بیا کو تنگ کرنے کی اپنی طرف سے تو وہ یاد گار بنا رہا تھا سفر۔

لیکن بیا بیچاری کیا کرتی اسے تو کچھ نہیں پتا تھا نا اور پھر گھرا کر بیا اور تھک گئی تھی کیوں کہ مشی کو فریکچر جو ہو گیا تھا۔

وہ تو سب کچھ بھول کر مشی کو لیکر پریشان ہو گئی تھی۔ اور دن بھر کی تھکان کے باعث بیا نماز ادا کرتے ہی میٹھی نیند سو گئی تھی۔

لیکن کوئی تھا جو کھڑکی سے بڑے آرام سے کمرے کے اندر آ گیا تھا۔ اور اب آرام سے بیا کے پس بیڈ پر براجمان ہو گیا تھا۔

اور بڑے غور سے اسے دیکھنے میں مصروف تھا۔ آج ہی تو اس نے بیا کو جی بھر کر زچ کیا تھا۔ اور اب پھر سے اسکا دیدار کرنے پہنچ گیا تھا۔

وہ جتنا اسکے پاس رہتا اسکا دل مچلتا تھا کہ وہ بیا کو دور لے جائے سب سے دور جہاں صرف وہ ہو اور اسکی بیا ہو اور کوئی نا ہو۔

وہ بس اپنی پوری زندگی اسکے سنگ گزارنا چاہتا تھا۔ اور اب تو یہ سب ہونے بھی والا تھا کچھ ہی دنوں میں وہ اور بیا نکاح کے پاک بندھن میں بندھ جائے گے۔

نکاح تو بچپن میں ہی ہو گیا تھا۔ اب تو صرف بیا کی وجہ سے دوبارہ یہ سب ہو رہا تھا اور شجاعت کی وجہ سے۔ کیوں کہ شجاعت کی نظروں میں تو جلال بچپن میں ہی مر چکا تھا۔

تو وہ اپنے مقصد کے لئے بیا کو بھی استعمال کر سکتا تھا۔ اور جلال کے ہوتے ہوئے یہ سب ناممکن تھا۔ کیوں کہ بیا کی طرف بھڑتا ہوا ہر ہاتھ کاٹنے میں جلال نے ایک بار بھی ہیچکیچانا نہیں تھا۔

لیکن وہ اپنی جانم کا کیا کرتا وہ تھا ہی معصوم۔ اور جلال نے فیصلہ کیا تھا وہ کبھی بھی بیا کو کچھ پتا نہیں لگنے دے گا شجاعت کے بارے میں۔

انھیں سوچوں میں وہ کب بیا کے پاس اسکے ساتھ ہی لیٹ گیا تھا اسے پتا ہی نا چلا تھا۔ اور اسے اپنے حصار میں لے لیا تھا۔ کیوں کہ وہ جانتا تھا اب وہ صبح سے پہلے نہیں اٹھنے والی ویسے بھی وہ نیند کی پکی تھی۔ لیکن اسکے باوجود بھی وہ صبح فجر کے وقت اٹھ جاتی تھی۔

اسکے بالوں میں منہ چھپا کر وہ آرام سے سونے کی کوشش کرنے لگا جو کہ نا ممکن تھا کیوں کہ یہی تو ٹائم تھا جب وہ بیا کہ پاس تھا۔

اور صبح ہوتے ہی اسے بیا کے اٹھنے سے پہلے ہی واپس جانا تھا۔بیا تھوڑا کسمسائی تھی لیکن پھر وہ بھی آرام سے سو گئی تھی۔ اسنے اپکا ایک ہاتھ جلال کی کمر کے گرد حائل کیا تھا۔

جلال کے چہرے پر ایک بھرپور مسکراہٹ نے اپنی چھپ دکھلائی تھی۔ اور وہ اب ایسے ہی رہنے والی تھی جلال نے بیا کو مزید خود میں بھینچ لیا تھا اور اپنی آنکھیں موندھ لی تھی۔

غازی کالج آیا تو مطربہ وہیں پر اسکاویٹ کر رہی تھی فوراسے اسکے پاس آئی۔

غازی مشی کیسی ہے اسکو چوٹ کیسے لگی؟ اب وہ ٹھیک ہے نا۔

ہاں یار وہ شازیہ کے گھر گئی تھی اور وہاں پر سڑھیوں سے گر گئی تھی اب ٹھیک ہے اسکا پلاسٹر لگ ہوا ہے۔ کچھ دنوں تک ٹھیک ہو جائیگی۔

اچھا چلو کلاس کے بعد ملتے ہیں کینٹین میں۔

مطی کبھی تم کھانے کے علاوہ بھی سوچ لیا کرو کچھ۔

نہیں مجھے کچھ نہیں سوچنا۔ او کے اب جاؤ کلاس میں زیادہ ابا نا بنو۔ منہ بنا کر کہتی مطر بہ اپنی کلاس میں چلی گئی۔

پاگل ہے یہ لڑکی۔ غازی تو نے بھی کیس پاگل سے دل لگا لیا ہے۔ سوچتے ہوئے وہ بھی کلاس میں چلا گیا۔

کلاس ختم ہوتے ھی دونوں جا رہے تھے کے کچھ لڑکوں کی مطر بہ سے ٹکر ہو گئی یوں لگ رہا تھا و جان بوجھ کر ٹکرائے ہوں

مطر بہ میدان میں اترتی غازی اسے لیکر وہاں سے چلا گیا۔

جاری ہے۔

Yeh ly g epi🙈😍 or naraz na hua kary😊or na hi mujy kia kary🙄 mai busy hoti to epi late aigi bta deti hun taky apko wait na krna pary😊 🙈lekin phir b ap log kehty ky mai lte kr rahi🙄 🙄ab insan hun mi b so kam ajaty hain 😊lekin phir b just ap logon ky liye likh leti hun😍🙈🙈agr ab b esa lag raha hai ky late hai to ok mai am complete novel hi pdf mi post kron gi🙄 🙄 😏 😏vo b 1 month bad😊duaon mai yad rakhiye ga or btaye epi kesi lgi😊 🙈 😍 🙈 🙈 🙈

Mtraba ❤️ Ghazi special 😍 🙈

Don't copy paste without my permission💣 💣

ناول مریض_ء_عشق

از سندس_پری

قسط_18

مشی جب صبح اٹھی تو اسکی نظر اپنے پاؤں پر گئی اور پاؤں کو دیکھتے ہی اسے اندازہ ہو گیا تھا کہ یہ حرکت کس نے کی ہے۔

کیوں کہ غازی کے سوا کوئی بھی یہ سب نہیں کر سکتا تھا۔پاؤں کو دیکھ کر پہلے تو وہ غصہ ھوئی لیکن پھر خود ہی مسکرانے لگی۔

کیوں کے غازی نے پاؤں کے پلاسٹر پر مار کر سے گیٹ ویل سون لکھ کر اسکے اگے دو سے تین فنی ایموجی 🤓 😋 😜 بنا دیئے تھے۔

ابھی مشی مسکرا رہی تھی کے آمنہ بیگم کمرے میں داخل ہوئیں۔بیٹا اب طبیعت کیسی ہے۔میری پیاری سی گڑیا کی۔

آمنہ بیگم نے ناشتے کی ٹرے سامنے صوفے پر رکھی اور مشی کے پاس بیٹھ کر اسکے بالوں میں ہاتھ پھیرنے لگی۔

مشی تو حیرانگی سے اپنی ماما کو دیکھنے لگی کہ ہمیشہ تو مجھے ڈانٹ پڑتی ہے آج یہ سورج کہاسے نکلا۔

اور سدا کی مشی کی عادت اسکی زبان میں کھجلی ھوئی تھی فورا بولی۔

"ماما یہ آپ ہی ہیں نا کہیں کوئی اور ماما تو نہیں لے آئے بابا"۔

آپ سہی کمرے میں ہی آئی ہیں نا یہ آپ کی مشی کا کمرہ ہے۔اور میں مشی ہوں۔

آج آپ مجھے ڈانٹ بھی نہیں رہی۔ مشی نے اپنے دل میں مچلتا سوال آخر کار پوچھ ہی لیا تھا.

اور بدلے میں آمنہ بیگم نے اسے ایک گھوری سے نوازا تھا۔

مشی میری جان جب غلطی کرتی ہو تو تب ماما غصّہ کرتی ہیں نا۔اور میری مشی تو بہادر ہے۔

چلو اب آرام سے اور خاموشی سے چپ چاپ یہ سوپ پی لو۔ پھر دوائی بھی کھانی ہے۔

اوہ تو سمجھ آئی میری ماما مجھے بہلا پھسلا کر یہ سوپ پلانے والی ہیں۔

میری جان میں تمہیں ایسے ہی تو نہیں ڈانٹتی نا تم تھوڑا کنٹرول کیا کرو نا۔

جب دوسرے گھر جاؤ گی تو تمہیں ہی پریشانی ہو گی پھر ماما کی یاد آئیگی۔

میں تو سب تمہارے لئے ہی سوچتی ہوں اگر آج سختی کروں گی تو کل تمہیں پریشانی نہیں ہو گی۔

اور اب میری اچھی بیٹی کی طرح چلو جلدی سے یہ سوپ ختم کرو شاباش۔ آمنہ بیگم نے اپنی نظروں کے سامنے مشی کو سارا سوپ پلا کر دوائی کھلائی اور خود باہر آ گئی۔

آمنہ بیگم کے جانے کے بعد مشی نے رزم کو کال کی اور اپنی اپی کے نکاح کے بارے میں بتایا۔ اور ریکویسٹ کی کے وہ بھی آئے اسی بہانے وہ بھی سب سے مل لے گا اور سب گھر والے بھی اس سے مل لے گے ایک ٹیچر کی حیثیت سے۔

رزم نے پہلے تو منا کیا لیکن مشی کی ضد کی وجہ سے حامی بھر لی انے کی۔

اب مشی کو ویٹ تھا رزم کا کیوں کے 6 دن رہ گے تھے نکاح میں۔

مشی نے شاپنگ سینٹر بھی جانا تھا اور دو دن کے ریسٹ کے بعد اسے چلنے کی اجازت ملی تھی.

اور اب دو دن تک وہ ایسے ہی بستر پر رہے گی تو پاگل ہو جائیگی ایسا مشی کا کہنا تھا۔

غازی نے مطربہ کو زبردستی پکڑا ہوا تھا ورنہ مطربہ کا بس چلتا تو کب کا ان لڑکوں کو مار مار کر انکا حال برا کر دیتی لیکن غازی کی وجہ سے وہ ایسا نہیں کر پائی تھی۔

اور اب اسکی توپوں کہ رخ غازی کی طرف تھا۔ تم تم کیوں مجھے لیکر آئے ؟ہاں میں نے انکی ہڈیوں کہ چورما بنا دینا تھا بتمیز کہیں کے۔

تم تم بھی ان جیسے ھی ہو جاؤ اب یہاں سے ورنہ میں تمہارا بھی مرڈر کر دوں گی۔

مطربہ غصّے میں کیا بول رہی تھی اسے کچھ بھی پتا نہیں تھا لیکن جب سنا سنا کر اس نے غازی کی طرف دیکھا تو اسکی آنکھیں لہو رنگ ہو رہیں تھیں وہ بغیر کچھ بھی کہے فوراوہاں سے واک اوٹ کر گیا۔

اور مطربہ پیچھے تکا غازی کرتی رہ گئی۔ افففففف مطی کیا مسلہ ہے تمہارے ساتھ وہ سہی تو کہہ رہا تھا کے میں جھگڑانا کروں۔ خوامخوہ کہ تماشہ لگ جانا تھا۔

لیکن یہ سب باتیں مجھے کیوں یاد ہیں۔ جب وہ نراض ہو کر چلا گیا ہے۔ اب کیسے مناؤ اسے۔؟ سوچ کچھ سوچ مطی جلدی سوچ۔

مطربہ منہ پر انگلی رکھے غازی کو منانے کے طریقے کے بارے میں سوچ رہی تھی یکا یک اسکی آنکھوں میں چمک آئی تھی اور وہ بھاگی تھی غازی کے پیچھے اس منانے کے لئے۔

اس نے ایک سائیکل خود لی اور ایک غازی کو دلوائی تھی بچے کو بھجوا کر۔ کیوں کہ مطربہ نے غازی کی گاڑی کے دونوں ٹائرز کی ہوا نکال دی تھی۔

اب وہ دونوں سائیکل پر سوار تھے۔غازی کو نہیں پتا تھا کہ مطربہ بھو اسکے پیچھے ھی ہے۔

وہ دونوں سائیکل پے جا رہے تھے وہ آگے تھا۔

جبکے وہ بیچاری پوری کوشش کر رہی تھی کہ اسکے برابر پہنچ سکے۔ کیوں کے کہاوہ بلیک بیلٹ بائیک ریسر اور کہا اب غازی کو منانے کے لئے اسے سائیکل کا سہارا لینا پڑا تھا۔

کیوں کہ منانا بھی تو تھا اب ناراض جو کر دیا تھا۔ اور وہ تھا کے مان ہی نہیں رہا تھا.

اب یہ لاسٹ ٹائم اگر نہیں مانا تو میں بھی ناراض ہو جاؤں گی۔ منہ بسور کے سوچنے لگی۔

اچانک اسکے ذہن میں ایک آئیڈیا آیا اور اس پے عمل کرتے ہوئے وہ بھی اونچی آواز میں گانے کے بول بولنا شروع ہو گئی۔

💕 جند ماہی سائیکل تے

جند ماہی سائیکل تے ٹریا جاندا

مڑ کے ویکھے نا

مڑ کے ویکھے نا ہیر نو رانجھا!

رس گئی ہیر اوئے

رسی ہیر نو پھر مناؤندا 💕

وہ سائیکل کو دائیں بائیں گھماتے ہوئے اسے منانے کے لئے سونگ گا رہی تھی۔

💕 لگدے بھاگ تے جدوں

لگدے بھاگ تے بن دی جوڑی

گاواں شگناں والی گھوڑی

جند ماہی رہنے دے اوئے

جند ماہی رہنے دے اوئے 💕

وہ بھی فل موڈ میں تھا کے معاف نہیں کرنا۔

حالانکہ اسکی سریلی آواز کی کھنک اسکے کانوں کو بہت بھلی لگ رہی تھی۔ اور وہ مان بھی گیا تھا۔

لیکن وہ اسے تھوڑا اور تنگ کرنا چاہتا تھا۔ اتنی مشکل سے تو ہاتھ آتی تھی وہ۔

اب اتنی آسانی سے تو نہیں معاف کر سکتا تھا نا۔ 😜

💕 جند ماہی سائیکل تے

جند ماہی سائیکل تے ٹریا جاندا

مڑ کے ویکھے نا

مڑ کے ویکھے نا ہیر نورا نجھا!

رس گئی ہیر اوئے

رسی ہیر نو پھر مناؤندا

جند ماہی رہنے دے اوئے

جند ماہی رہنے دے اوئے 💕

"ٹھیک ہے بس میں جارہی ہوں اب۔ تم رہو ناراض!

اتنی محنت سے منارہی تھی لیکن نہیں!...."۔

کہتے ساتھ ہی اپنی سائیکل کو لئے اگے بڑھنے ہی والی تھی

کے اسنے فوراسے اسکی سائیکل کو پکڑا اور وہ جو ٹرن کرنے والی تھی بیلنس برقرار نارکھ سکی اور وہ دونوں سائیکل سمیت نیچے گرے زمین کو سلامی دے رہے تھے۔

اور اب مطربہ خونخوار تیور لئے اسے گھور رہی تھی۔ جیسے کچا کھا جائے گی۔

اور عمل بھی کیا تھا جھپٹ پڑی تھی وہ اس پے۔

"ارے یار رکو تو سہی میں تو روک رہا تھا تمہیں۔ کیا کرتا یار ورنہ تم چلی جاتی ناراض ہو کر"۔

بڑی مشکل سے اسکے دونوں ہاتھوں کو قابو کیا تھا۔ "یار تم نے گانا سٹارٹ کیا تھا میں تبھی مان گیا تھا۔ بس تنگ کر رہا تھا اب اتنا تو حق بنتا ہے نا میرا"۔

وہ دونوں ایک دوسرے کی آنکھوں میں دیکھ رہے تھے۔

اور وقت رک گیا تھا۔ مطربہ تو پہلے ھی اپنی دلی کیفیت پر حیران تھی کچھ دنو سے اسکے ساتھ کیا ہو رہا تھا وہ تو بس اپنے دل کو ڈپٹ دیتی تھی جب بھی غازی اسکی کیئر کرتا تھا۔

اسکی ہر بات مانتا تھا اسے بہت اچھا لگتا تھا اسکا دل ایک الگ ھی لیے پر دھڑکنا شروع ہو گیا تھا۔ غازی سے ملنے کے بعد وہ پورا دن بس اسکے ھی بارے میں سوچتی رہتی تھی۔

اسے غازی کے دل کا حال نہیں پتا تھا۔ اور وہ اکیلے ھی اس سفر کی مسافر نہیں بننا چاہتی تھی۔ سب سے پہلے مطربہ کو ھی ہوش آیا تھا اس نے اپنے جذبات کو چھپانے کے لئے کچھ تو کرنا تھا نا۔

اور پھر اچانک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مطربہ نے غازی کے پیٹ میں ایک کک رسید کی تھی۔ کتنی محنت کروائی ہے تم نے۔ اب مان جاؤ ورنہ گلہ دبا دوں گی تمہارا۔

ہاہاہاہا واہ کیا طریقہ ہے منانے کا۔ مطلب پہلے مناؤ اور جب نا مانے کوئی تو پھر اسے ھی مارنا شروع کر دو واہ کیا کہنے ہیں مطربہ میڈم کے۔

اچھا چلو اب زیادہ بنو کیا چلو جلدی دیکھو شام ہو گئی ہے اور ہمارے پاس ھی بھی یہ سائیکل اس پر کیسے ہم گھر پہنچے گے۔

جب میں تمہارے ساتھ ہوں تو تمہیں کیس بات کی پریشانی ہے۔ چلو ریس لگاتے ہیں اور پھر کوئی لفٹ مل گئی تو ٹھیک ورنہ آج اس پر ہی گھر جانا پڑے گا۔

غازی نے اپنے دماغ کا استعمال کرتے ہوئے مشورہ دیا تھا۔
تو چلو پھر۔ ابھی وہ کچھ ہی دور گئے تھے کے روڈ سائیڈ پر کچھ آوارہ لڑکوں نے مطربہ کو دیکھ کر سیٹی اور جملے قصنہ شروع کر دئے تھے۔

اوئے ظالم ذرا ہمارے ساتھ بھی سواری کا مزہ لیلو۔ ان میں سے ایک نے اپنے سینے پر ہاتھ پھیر کر جملہ کسا تھا۔

مطربہ نے وہیں پر اپنی سائیکل پھینکی اور جا کر ایک زوردار تھپڑ سے نوازا تھا اسے۔

تمہاری ہمت کیسے ھوئی میرے بارے میں ایسا کہنے کی۔ بہت شوق ہے نا تمہیں لڑکیوں کو اس تارہ ٹیز کرنے میں۔ تو اب بھوگتو اور دیکھتے ھی دیکھتے اس نے 3 لڑکوں کو دھول چٹا دی تھی۔

لیکن یہ کیا ابھی وہ انکو مار کر فارغ ھی ھوئی تھی کے انکے بھائی جو کہ انکی ھی گینگ کے تھے اسکی طرف بڑھنے لگی اور وہ تھے بھی پورے پندرہ لوگ۔ غازی تو فوراً سے مطربہ کو لیکر ایک طرف بھاگنا شروع ہو گیا تھا۔

ابے سالوں دیکھ کیا رہے ہو پکڑو اس لڑکی کو اور اس لڑکے کو بھی۔ اور وہ سب بھی بھاگے تھے ان دونوں کے پیچھے۔

رات کے 8 بج رہے تھے ساری سڑک سنسان پڑی تھی۔ ایسے میں غازی اور مطربہ مسلسل بھاگ رہے تھے اور وہ گنڈے انکے پیچھے لگی ہوئے تھے۔

بھاگتے ہوئے غازی کو ایک شامیانہ نظر آیا تھا۔ جیسے بہت ھی اچھے طریقے سے سجایا گیا تھا۔ شاید وہاں پر شادی کا کوئی پروگرام چل رہا تھا۔ وہ دونو بھاگتے ہوئے اس شامیانے میں داخل ہو گئے۔

اور فوراسے یہاں وہاں نظریں دوڑانے لگی کا کہیں پر چھپ جائے۔ کیوں کہ اتنے لوگوں کا مقابلہ اکیلے نہیں کیا جا سکتا تھا۔

ابھی وہ انھیں سوچوں میں تھے کہ ایک لڑکا آیا اور غزی کو اپنے ساتھ لے گیا اور لڑکی مطربہ کو۔

پہلے تو وہ منا کرنے لگی لیکن ان غنڈوں کو وہاں دیکھ کر چپ چاپ انکے ساتھ چلے گئے۔

غازی کو دولہے کے کپڑے دئے تو وہ حیران سے اس لڑکے کو دیکھنے لگا جیسے پوچھنا چاہ رہ ہو اسکا میں کیا کروں۔

اسے بھی سمجھ آگئی تھی تو فورا بولا۔ جلدی سے کپڑے تبدیل کر لو وہ باہر اپکا انتظار کر رہی ہے۔ غازی کو لگا وہ مطربہ کہ کہہ رہا ہے تو فورا اسے کپڑے بدلنے چلا گیا۔

مطربہ کے ساتھ بھی ایسا ھی ہوا اسے بھی بہت بھاری کام والا شلوار سوٹ دیا کے وہ بھی پہن کر تیار ہو جائے اسے لگا کوئی فینسی ڈریس کمپٹیشن ہے تو وہ بھی ان لوگوں سے بچنے کے لئے تیار ہو کر گھونگٹ لئے بیٹھ گئی۔

جیسے کوئی ڈرامہ چل رہا ہو۔ یہی حال غازی کہ بھی تھا۔ وہ دونوں ھی انجان تھے کے یہاں کیا ہو رہا ہے۔ دراصل وہ اجتماعی شادی حال تھا اور اب وہاں پر موجود 10 جوڑوں کا نکاح شروع ہو چکا تھا۔

غازی اور مطربہ مسلسل ادھر ادھر نظریں دوڑا رہے تھے اور اسی دوران مولوی صاحب نے جب ان سے انکے والد کا نام پوچھا تو انہوں نے غایب دماغی میں انکے سارے سوالوں کے جواب بھی دے دیے۔

لیکن جب باری قبول ہے کی آئی تو وہ دونوں ایک دوسرے کو دیکھنے لگے۔ اور ابھی وہ کچھ اور کرتے اس سے پہلے ھی انہیں وہ لوگ یہاں وہاں ان دونوں کو ھی تلاشتے ہوئے نظر آئے۔

تو دونوں نے بغیر وقت ضایع کئے قبول ہے کہہ دیا اور طرف نکاح کی مبارک کا نعرا سنتے ہوئے وہ دونوں ھی حیران ہو گئے تھے۔

کہ یہ کیا ہو گیا ان سے اب وہ لوگ اپنے گھر والو کو کیا جواب دے گے۔ لیکن اس بھی پہلے انکو یہاں سے نکلنا تھا تبھی کچھ حل نکلنا ممکن تھا۔

ان دونو کو ایک کمرے میں لا کر بیٹھا دیا تھا۔ مطربہ مسلسل ادھر سے ادھر چکر کاٹ رہی تھی کہ اب کیا کرے کیوں کہ اگر اسکے بھائی کو پتا لگا تو اسکی تو خیر نہیں اس دنیا میں ایک ھی تو ایسا انسان تھا جس سے وہ ڈرتی تھی۔

پریشان تو غازی بھی تھا کہ ایک دم سے یہ کیا ہو گیا تھا۔ مانا کے وہ مطربہ کو پسند کرنے لگا تھا لیکن یہ سب اس طرح اتنی جلدی وہ بھی پریشان ہو گیا تھا۔

لیکن اسکے دل میں یک کونہ سکون بھی تھا کہ جسے اس نے چاہا تھا قسمت نے اسے اسکے ہی ساتھ ہمیشہ کے لئے ایک بندھن میں باندھ دیا تھا۔

دیکھو غازی یہ غلط ہے۔۔۔

یہاں جو کچھ بھی نہیں ہوا ہے۔۔۔۔اوکے اس نکاح میں ہم دونوں کی مرضی شامل نہیں تھی تو یہ کیسے ہو سکتا ہے۔

اس لئے کچھ بھی نہیں ہوا ہے۔۔۔۔۔۔بولو تم کیوں خاموش بیٹھے ہو۔

دیکھو مطربہ اب شادی تو ہو گئی ہے تو کیوں نا اب ہم دونو بھی مان ہی لے اس شادی کو اور نئی شروعات کرنی چاہئے۔

کہتے ساتھ ہی غازی مطربہ کے نزدیک آیا تھا۔اور اسکی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے خود سے قریب کیا تھا۔

مطربہ تو غازی کی باتیں سن کر ہی حیران تھی اب اس سے پہلے وہ اسکی ٹانگ توڑ دیتی۔

غازی کہ قہقہ گونجہ تھا کمرے میں۔

مطربہ تم نے اپنی شکل دیکھی ہے ہاہاہاہا۔

یار مذاق کر رہا تھا اب چلو ہمیں یہاں سے نکلنا ہے 9 بج رہے ہیں۔

اور تم پریشان مت ہونا یہ رشتہ ہماری مرضی سے نہیں جڑا ہے ہمارے درمیان تو اسکی کوئی ویلیو بھی نہیں ہے ۔ہم جیسے تھے دوست اب بھی ویسے ہی ہیں۔

چلو آجاؤ میں بھاہر جا کر چیک کرتا ہوں کہ راستہ صاف ہے نا۔

غازی کمرے سے باہر چلا گیا تھا لیکن مطربہ کے لئے ہزاروں سوچیں چھوڑ گیا تھا۔

مجھے کیوں برا لگ رہا ہے غازی کہ یہ سب کہنا۔؟

میں خود بھی تو یہی کہہ رہی تھی کے یہ ایک انچاہا رشتہ ہے تو کیوں یہاں تکلیف ھوئی ہے غازی کے لفظوں سے۔
مطربہ نے اپنے دل کے مقام پر ہاتھ رکھا تھا۔

نہیں میں کمزور نہیں ہوں۔ میں تو بہادر ہوں۔ اور نہیں ہے اس نکاح کی کوئی بھی ویلیو۔ کہتے ہوے وہ بھی غازی کے پیچھے باہر آئی۔

اور راستہ صاف دیکھ کر وہ دونوں گھر کی طرف روانہ ہو گئے تھے۔

اب اگے کیا ہونے والا تھا یہ تو کسی کو بھی پتا نہیں تھا۔

کیا آج سے ہی انکے راستے الگ ہو جانے تھے۔

یاں شروعات ہو گی ایک نئے رشتے کی؟

بیا صبح اٹھی تو اپنے آس پاس دیکھنے لگی۔

اسے نیند میں ایسا محسوس ہو رہا تھا۔

جیسے کوئی ہے اسکے پاس بہت پاس۔اور وہ خود کو اسکی گرفت میں محسوس کر رہی تھی۔

گرفت ایسی کے اس میں سے رہائی ناممکن ہو بیا کے لئے۔

اور جب اب وہ اٹھی تو ایسا کچھ نہیں تھا۔لیکن وہ کلون کی خشبو کو خود کے آس پاس محسوس کر سکتی تھی۔

اچانک سے بیا کو جلال یاد آیا تھا۔اور اس نے سہم کر ادھر ادھر دیکھا تھا لیکن اس وقت کوئی بھی کمرے میں موجود نہیں تھا۔

وہ اپنے سارے خیالوں کو پشت پست ڈال کے اٹھی اور وضو کر کے نماز ادا کرنے لگی۔

پھر قرآن پاک کی تلاوت کر کے وہ مشی کے روم میں گئی اسکا حال پوچھنے۔

کیوں کے اسے پتا تھا اس وقت مشی حد سے زیادہ بور ہو رہی ہو گی۔

جلال عرف جمال آج شجاعت کے ساتھ اسکی میٹینگ میں موجود تھا۔ کچھ ہی دنوں می اس نے شجاعت کا اعتبار جیت لیا تھا۔

اب شجاعت اسے اپنے سارے کالے دھندوں کے بارے میں بتاتا اور آج بھی یہی ہو رہا تھا۔

میٹنگ کے اختتام پر جلال اور شجاعت دونوں ایک ساتھ وہاں سے نکلے تھے۔

جلال شجاعت کو ایس۔اے کہہ کر بلاتا تھا۔

ایس۔اے میں بیا کو اپنے ساتھ شاپنگ پر لیکر جانا چاہتا ہوں۔

برخدار تمھاری ہی امانت ہے شوق سے لیکر جاؤ۔اس میں پوچھنے والی کیا بات ہے۔

او کے بہت بہت شکریہ۔

جلال شجاعت کو انکل یہ کچھ بھی اور کہہ کرین پاک رشتوں کی بے حرمتی نہیں کر سکتا تھا۔

اور بیا سے نکاح کے دن ہی وہ رخصتی کا ارادہ رکھتا تھا لیکن یہ بات وہ نکاح والے دن ہی کرنے والا تھا طانکہ منا کرنے کی گنجائیش ہی نا بچے۔

کیوں کے اب وہ مزید بیا کو خود سے دور نہیں رکھ سکتا تھا۔ اگر وہ اب مزید جلال سے دور رہی تو جو وہ اتنی مشکل سے اپنے آپ کو سنبھال رہا ہے بکھر جائے گا۔

اور اسے صرف بیا ہی سمیٹ سکتی ہے۔

شجاعت کو اسکے گودام کہ سارا مال دکھانے کے بعد جلال کہ رخ بھی اب اسکے ساتھ افانندی والہ کی طرف تھا کیوں کے اب اس نے بیا کو لیکر جو جانا تھا شاپنگ پر۔

لیکن اس سے بھی زیادہ اسے انتظار تھا بیا کے تاثرات کا جو کے جلال کو دیکھ کر اسکے حسین چہرے کا آحاطہ کرنے والے تھے یہ سوچ کر ہی اسکے وجیہہ چہرے پر ایک دل موہ لینے والی مسکراہٹ در آئی تھی۔

وہ کوئی عام مسکراہٹ نہیں تھی وہ مسکراہٹ زندگی سے بھرپور مسکراہٹ تھی۔

جو کے صرف اسکی بیا کے ذکر پر ہی جلال کے چہرے پر دیکھنا نصیب ہوتی تھی۔

انھیں سوچوں میں وہ لوگ گھر پہنچ تھے۔

لیکن شجاعت آمنہ بیگم کو بیا کا جلال کے ساتھ شاپنگ کے بارے میں بتا کر واپس جانے کا پلان بن گیا تھا تو وہ وہی سے واپس چلے گئے۔

جب کہ جلال آمنہ بیگم کے ہمراہ راہدری سے ہوتے ہوئے گھر کے اندر داخل ہوا۔

جیسے ہی وہ اندر آیا اسے کیچن سے بیا کی آواز انے لگی۔

آمنہ بیگم اسے حال میں بیٹھا کر خود مشی کی آواز دینے پر اسکے کمرے میں چلی گئی۔

جبکہ جلال سیدھا کچن کی طرف آ گیا تھا۔جہاں بیا آرام سے کوکنگ میں مصروف تھی۔

جاری ہے۔

Sorry gor late readers . ajkal tabyat thori kharab hai . chest infection ho gaya hai.🤒🤕 may try kr rahi hun jald hi next epi likh kr post kron.😊 lekin agr tabiyat ziada khrab ho gai to kuch nahi keh skti🤕🤒 q ky mama phone ly leti hain mujh sy .or mai epi phone mai hi type krti hun. 😕😔mai ny agy or b epi long krni thi lekin nahi kr pai 😢😕😢 ab naraz na hoiye ga. Or read kr btaiy epi kc lagi 😊🙈

Bia ❤️ Jalal special😍❤️

Don’t copy paste without my permission💣 💣

ناول#مریض_ء_عشق

از#سندس_پری

#قسط_19

"جلال جیسے ہی کچن میں آیا سامنے ہی اسکی دشمن جاں کیک کو اون سے نکال کر اس پر پیلے رنگ کی کریم سے ایموجی بنا رہی تھی۔"

کیوں کے مشی ڈائٹ پلان کے مطابق کھانا کھا کھا کر تھک گئی تھی۔اس لئے وہ اسکے لئے اسکا پسندیدہ کیک بنا رہی تھی۔

جلال نے اشارے سے وہاں پر موجود ملازمہ کو باہر جانے کا اشارہ کیا۔

کیوں جلال پہلے بھی گھر اچکا تھا تو سبکو پتا تھا کہ جلال انکی بیا بی بی کے ہونے والے شوہر ہیں اس لئے فوراً سے اسکے حکم کی تعمیل کی تھی اور باہر چلی گئی۔

جلال لمبے لمبے ڈاگ بھرتا بیا کے پاس گیا اور بلکل اسکے پیچھے جا کر کھڑا ہو گیا۔

خالہ ساجدہ آپ یہ کیک ڈی میں رکھ دیں۔۔۔۔۔۔اور "مجھے چکن دیدے آج میں غازی کی پسندیدہ بریانی بناؤ گی۔ اسے میرے ہاتھ کی بہت پسند ہے نا"۔

جب بیا کو کوئی جواب نا ملا تو پھر سے بولی!۔۔۔۔۔خالہ آپ بول کیوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ابھی بیا اور بھی کچھ کہتی لیکن جیسے ہی وہ پیچھے مڑی ٹھیک اپنے بلکل پاس جلال کو کھڑے دیکھ کر اسکے باقی کے الفاظ اسکے منہ میں ہی رہ گئے۔

اور وہ ہونکوں کی طرح جلال کو دیکھنے لگی۔ پھر ہمت کر کے بولی آپ۔۔۔۔۔۔۔آپ یہاں کیا کر رہے ہیں۔

جا۔۔۔۔۔۔۔۔جا۔۔۔۔۔۔۔جائیے یہاں سے اگر کسی نے دیکھ لیا تو۔۔۔۔۔۔۔ آپ آپ کیوں میرے پیچھے پڑ گئے ہیں کیا کیا ہے میں نے ؟۔۔۔۔۔۔۔

میں تو آپ کو جانتی بھی نہیں۔بیا تو ڈر کے مارے جو منہ ما آرہا تھا بولتی جا رہی تھی۔

بریک تو اسکی زبان کو تب لگی جب جلال نے اچانک اسے بازو سے پکڑ کر اپنی طرف کھنچا بیا جو اسے اس عمل کے لئے تیار نہیں تھی کسی ٹوٹی ھوئی ڈالی کی طرح جلال کے سینے سے جا لگی۔

جلال نے اسکے گرد اپنا گھیرا تنگ کیا تھا۔بیا کی تو رہی سہی جان بھی حوا ہونے لگی تھی کیوں کے وہ اپنے ہی گھر میں اپنے ہی کچن میں کیسی غیر کی باہوں میں تھی۔"اگر کوئی اسے ایسے دیکھ لیتا تو کیا سوچتا"۔

یہ سوچ اتے ہی وہ شدت سے رو پڑی۔جانم اگر ابھی ایک منٹ کے اندر تم نے رونا بند نا کیا تو جو بھی میں اب تمہارے ساتھ جو کروں گا اسکی زمیدار تم خود ہوگی۔

لیکن جلال کی دھمکی کہ بیا پڑ کوئی خاطر خواہ اثر نا ہوا تھا یہ دیکھ کر جلال بے ساختہ بیا کی پیشانی پر جھکا تھا۔اور اسکے ہوش میں اپنی محبت کی پہلی مہر ثبت کی تھی۔

بیا تو سن سی ہو کر اسے دیکھ رہی تھی وہ کچھ بھی تو نہیں کر پا رہی تھی اسکی گرفت میں اور اسکے اس عمل سے وہ تو مزید خوفزدا ہو گئی تھی اور رونا بھولائے خوفزدا نظروں سے جلال کو دیکھنے لگی۔

جلال کو بھی اسکی حالت پر رحم آگیا تھا اس لئے اسے اپنی گرفت سے آزاد کیا اور پیچھے شلف کے ساتھ لگا دیا کیوں کے اگر چھوڑ دیتا تو کوئی بھروسہ نہیں تھا بیا زمین بھوس ہو جاتی۔

کیوں کے اس وقت اسکے پیروں میں اتنی جان نہیں تھی کہ وہ خود کے سہارے کھڑی ہو سکے اور جلال سے زیادہ بیا کو کون جان سکتا تھا۔

جانم میری بات نا ماننے کی اتنی سزا تو بنتی ہے نا اور اب یاد رکھنا اگر آگے بات نا مانی تو یہ چھوٹی موٹی سزائیں بڑی سزاؤں میں بھی بدل سکتی ہیں۔ جلال نے اپنا چہرہ بیا کے کان کے قریب کر کے سرگوشی کی تھی۔

یہ سنتے ہی بیا کی توریڑھ کی ہڈی میں سنسنی سی دوڑ گئی تھی۔ ابھی بیا کچھ اور کہتی یہ جلال مزید کوئی گستاخی کرتا آمنہ بیگم کچن میں آ گئی تھی۔

جلال فورا اسے بیا سے دور ہوا تھا۔ بیا بچے جمال آپ کو شاپنگ پر لے جانے ائے ہیں آپ جاؤ جلدی سے عبایا پہن کر آجاؤ۔

ٹائم سے جاؤ گے تو جلدی اؤ گے نا جاؤ بچے شاباش۔ بیا تو حیرانگی سے اپنی ماما کی بات سن رہی تھی جیسے سمجھنے کی کوشش کر رہی ہو کہ وہ کیا کہہ رہیں ہیں۔

وہ کیوں کسی غیر کے ساتھ اسے بھیج رہی ہیں۔ اور آمنہ بیگم کو بھی اپنی غلطی کہ احساس ہو گیا تھا تو فورا بولی سوری بیٹا میں نے بتایا نہیں۔

"یہ ہے جمال جن سے جمعہ کو اپکا نکاح ہے"۔

آپ ابھی جاؤ انکے ساتھ شاپنگ پر او کے بیٹا میری پیاری بچی۔

جمال آپ تب تک میرے ساتھ آئے جب تک بیا بھی آجائیگی۔ جمال اور آمنہ بیگم چلے گئے۔

اور بیا غائب دماغی کی کیفیت میں اپنے کمرے میں گئی اور عبایا پہن کر باہر آئی۔ اسکے دماغ میں ایک جنگ چھڑی ھوئی تھی۔

جلال بیا کی دلی کیفیت کو سمجھتا تھا اس نے سوچ لیا تھا وہ بیا کی الجھن کو سلجھادے گا۔

جلال نے بیا کے لئے فرنٹ ڈور اوپن کیا جب بیا بیٹھ گئی تو خود بھی ڈرائیونگ سیٹ سمبھال لی۔

جانم اب اتنی خاموش کیوں ہو کچھ بات تو کرو تا کہ میرے بے چین دل کو قرار آجائے۔

مہ۔۔۔۔۔۔۔م۔۔۔۔۔۔۔میں کیا کہوں۔

ماما نے کہا تھا کہ جمال ایک شریف لڑکا ہے۔

اور آپ تو۔۔۔۔۔؟

بیا کو خود پتا نا چلا وہ کیا بول گئی ہے۔ جب اسے اپنی بات کہ احساس ہوا تو فوراً سے اپنے لبوں پر ہاتھ رکھ گئی۔

اور جلال کی طرف دیکھنے لگی جو کہ اسے ہی دیکھ رہا تھا۔ پھر مسنوئی غصّہ سے گویا ہوا۔ تو تمہارا مطلب ہے میں شریف نہیں ہوں۔ پوچھا گیا تھا۔

نا۔۔۔۔۔ نہیں مہ۔۔۔۔۔۔۔۔ میرے کہ۔۔۔۔۔۔۔۔ کہنے کا یہ مطلب نہیں تھا میں تو۔۔۔ وہ وہ۔

ابھی بیا کچھ کہتی جلال کا چھت پھاڑ قہقہہ سن کر اسے دیکھنے لگی کہ یہ پاگل تو نہیں ہیں۔

ویسے تم نے بلکل سہی پہچانا ہے جلال اپنی بیا کے معاملے میں بلکل بھی شریف نہیں ہے۔

اور اسکا ثبوت میں تمہیں نکاح کے بعد آرام سے دوں گا۔

بیا جلال کی بات سن کر بے ساختہ اپنی پلکیں جھکا گئی تھی۔

شرم اور گھبراہٹ سے اسکا چہرہ سرخ ہو گیا تھا تو اپنی خفت مٹانے کے لئے کھڑکی سے باہر دیکھنے لگی۔

اور جلال تو بیا کے چہرے کے حسین اتار چڑھاؤ میں کھو گیا تھا۔ دیکھیں آپ پلیز دیکھ کر گاڑی چلائیں۔

جب بیا نے مسلسل جلال کو خود کو دیکھتے پایا تو ڈر کر فورا بولی مبادا کوئی ایکسڈنٹ ہی نا ہو جائے۔

جلال بھی اپنے خیالوں کی دنیا باہر آیا تھا اور گویا ہوا!۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "جس کے پاس اسکا چاند موجود ہو تو کون کافر اس بورنگ سی سڑک کو دیکھے گا"۔

آپ پلیز ایسی باتیں نا کریں۔ ورنہ میں کوئی شاپنگ نہیں کرنے والی آپ کی ساتھ آپ مجھے واپس چھوڑ دے میں غازی کے ساتھ کروں گی شاپنگ۔

جانم شاپنگ تو ساری میں نے کرنی ہے کیوں کہ مجھے پتا ہے میری جانم کو شاپنگ نہیں پسند تمہیں تو میں اپنے لئے لایا ہوں میں تمہاری شاپنگ کرو اور تم میری کرنا اوکے۔

اسکے بعد وہ پہلے بیا کو لیکر اپنے فارم ہاؤس آ گیا۔

وہاں گاڑی روکی اور بیا کو باہر نکلنے کا کہا!۔۔۔۔۔۔۔۔۔

چلو آجاؤ میرے ساتھ۔ بیا تو جلال سے ڈر رہی تھی وہ تو کنفیوز تھی کہ اسکی مما جلال کو جمال کیوں کہہ رہی تھی اور جلال ہی وہ لڑکا ہے جس سے اسکا نکاح ہونے والا ہے۔ تو پھر وہ بیا کو کیوں پہلے ہی اپنے گھر لے گیا۔

اور بتایا کیوں نہیں؟۔۔۔۔۔۔ اور بھی بہت سے سوال تھے بیا دماغ میں۔ جنکا جواب دینے ہی جلال اسے یہاں لایا تھا کیوں کہ یہاں انکو ڈسٹرب کرنے والا کوئی بھی نہیں تھا وہ آرام سے بات کر سکتے تھے۔

جلال نے بیا کہ ہاتھ پکڑا اور اسے لئے گارڈن میں چہل قدمی کرنے لگا۔ جوتے وہ پہلے ہی اتار چکے تھے۔ کیوں کے بیا کو گیلی گھاس پر چلنے کا شوق تھا۔ "میرا نام جمال ہے اور میں نے تمہیں کالج میں ہی دیکھا تھا پہلی نظر کہ پیار سمجھو یا کچھ بھی۔ لیکن تم صرف میری ہو اور یہی میرے دل میں بات تھی اس لئے تمہارے لئے رشتہ بھیج دیا"۔

اور بہانے سے تمہیں گھر بھی دکھا دیا۔

"بیا تو اسکی باتوں پر ہی حیران تھی مطلب گھر دکھانے کے لئے کون کڈنیپ کرتا ہے کسی کو"۔

بیا نے آخر پوچھ ہی لیا تھا۔

میں نے سوچ ابھی ہی دکھادوں اگر پسند نا آیا تو شادی تک دوسرا بنوالوں گا یاں خرید لوں گا سمپل اور میں نے کلوروفام کو چیک کیا تھا جسکی مقدار سے صرف تم نیم بے ہوش ہو سکتی تھی۔ اور واقعی تھوڑی دیر بعد تم ہوش میں آ گئی تھی۔

چلو اب تو سب پتا چل گیا نا میرے بارے میں چلو اب شاپنگ کر لیتے ہیں۔ پھر ٹائم پر گھر بھی جانا ہے تمہاری ماما اور میری ساس کا آرڈر ہے۔

جلال نے خود گھٹنوں کے بل بیٹھ کر بیا کو اسکے جوتے پہنایے اور اسے لئے وہاں کے مشہور اور سب سے بڑے شاپنگ سینٹر میں آیا۔

جلال کو جو بھی چیز پسند آ رہی تھی وہ بیا کے لئے بس خریدے ج رہا تھا قیمت کی اسے کوئی پرواہ نہیں تھی بس وہ چاہتا تھا ہر چیز بیا کے معیار کی ہو۔ اس لئے کوئی بھی کسر نہیں چھوڑ رہا تھا۔

اس نے آمنہ بیگم مشی غازی اور شجاعت کے لئے بھی شاپنگ کی تھی اسکا ماننا تھا جو بیا کو عزیز ہے وہ اسکی نسبت سے جلال کو بھی عزیز ہے سوائے شجاعت کے۔

جلال کو ایک لال رنگ کی بہت ہی نفیس سی فراک جسکے دوپٹے کے چاروں سائیڈ پر تلے کی کڑہائی کا کام ہوا تھا ۔ جو کہ وہاں موجود سب سے اعلی اور الگ لگ رہی تھی ۔ وہ پسند آئی تھی ۔

جلال نے فورا سے وہ خرید لی ۔ کیوں کہ بیا کو زیادہ بھاری کپڑے پسند نہیں تھے اور وہ کیری بھی نا کر پاتی پاتی تھی ۔ اور جلال نے تو نکاح کے فورا بعد اسے اپنے ساتھ لے جانا تھا اور اسی کی نسبت سے اس نے بیا کے لیے ڈھیروں شاپنگ کی تھی ۔

جن میں تقریبا اسکے اور بیا کے پسندیدہ کلر بلیک،وائٹ اور لال رنگ کے ہی جوڑے تھے ۔ اس نے بیا کے لئے ہر پیاری سے پیاری چیز خریدی جو کہ اسے لگا کہ بیا پر اچھی لگے گی ۔ بیا مسلسل جلال کو دیکھ رہی تھی کہ وہ کتنے شوق اور خوشی سے اسکے لئے شاپنگ کر رہا ہے ۔

وہ خود بھی تھک گئی تھی تو ناچار بول پڑی ۔ دیکھیں آپ پلیز بس کریں میں اتنا سب نہیں پہنتی ۔ اور میں تھک گئی ہوں اب چل چل کر ۔ آپ پتا نہیں کیوں نہیں تھکے ابھی تک ۔

جلال بیا کی تھکان کہ سن کر فورا اسکے پاس آیا اوہ تھک گئی ہو لیکن ابھی تو میری شاپنگ ھوئی ہی نہیں اور تمہاری تو ابھی اور بھی چیزیں رہتی ہیں۔

"مجھے کچھ بھی اور نہیں لینا۔ بہت کر لی شاپنگ۔ اور آپ اپنی شاپنگ خود کریئے گا"۔

جانم تم بس تھک گئی ہو نا چل چل کر تو اسکا حل ہے میرے پاس۔ باقی میری شاپنگ تو میری جانم کی پسند کی ہی ہو گی چلو۔ کہتے ساتھ ہی جلال نے بیا کو اپنی باہوں میں بھر لیا۔ اور اسے لئے خود کی شاپنگ کرنے لگا۔

بیا مسلسل احتجاج کر رہی تھی کہ اسے نیچے اتار دے وہ اب نہیں تھکے گی اب وہ بلکل ٹھیک ہے۔ لیکن وہ جلال ہی کیا جو مان لے اور اسے تو اب بہانہ مل گیا تھا بیا کو خود کے قریب رکھنے کا تو کیسے یہ موقع جانے دیتا۔

جلال نے اسے اٹھائے اسکی ساری شاپنگ مکمل کی۔ جب اسکی شاپنگ کی باری آئی تو بیا نے بہت منت سماجت کر کے اسے راضی کیا کے وہ اگر اسے اتارے گا تو بیا اسکی ساری شاپنگ دل سے خود کرے گی۔ جلال کو اور کیا چاہیے تھا وہ بھی مان گیا۔

جیسے اس نے بیا کو اتارا وہ فوراً سے میل گارمینٹ سائیڈ گئی اور ہر چیز جو اسے سہی لگ رہی تھی یاں یہ کہنا بہتر ہو گا کہ جو چیز ہاتھ آ رہی تھی وہ بس خریدی جا رہی تھی۔ اور جلال نے بھی کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی اسے تنگ کرنے میں۔ اپنے شوز سے لیکر پرفیوم تک اس نے بیا کی پسند سے لی تھی۔

پچھلے 3 گھنٹوں سے شاپنگ کر کر کے بیا تو بلکل ہی نڈھال ہو گئی تھی۔ اب جلال اسے ایسے تو جانے دے نہیں سکتا تھا۔ تو اسے لیکر ساتھ ہی موجود ہوٹل جہاں اس نے کمرہ پہلے ہی بک کیا ہوا تھا وہاں لے آیا۔

بیا کمرہ دیکھ کر تو ڈر گی تھی کہ وہ اسے یہاں کیوں لیکر آیا ہے۔ جلال نے جب بیا کی نظروں میں سوال دیکھے تو اسے تولیہ پکڑا کر اسکا رخ باتھروم کی طرف کیا اور کہا جلدی سے فریش ہو جاؤ پھر کھانا کھا کر گھر چلتے ہیں۔

لیکن ہم کھانا گھر جا کر بھی تو کھا سکتے ہیں نا۔ بیا نے اپنے سے سمجھانے کی کوشش کی تھی۔

مطلب اب تم چاہتی ہو کہ میں خود تمہارے ساتھ باتھروم چلوں؟۔۔۔۔۔۔

جلال نے بیا کی بات کو سرے سے ہی اگنور کر دیا اور بیا کو اپنی باتوں میں الجھا کر باتھروم بھیج دیا۔

بیا بھی جلال کی دھمکی سن کر فوراََ باتھروم میں بند ہو گئی۔

جلال نے بیا کے باہر آنے تک کھانا ٹیبل پر لگا دیا تھا۔ کھانا کھانے کے بعد بیا کی جلدی جلدی کی ضد پر جلال اسے گھر چھوڑنے گیا لیکن راستے میں اسے آئیسکریم کھلانا نہیں بھولا تھا۔

اسے گھر چھوڑ کر وہ خود بھی گھر کی جانب گاڑی موڑ گیا تھا اور ایک بہت ہی خوبصورت دن کا اختتام ہوا تھا۔

شجاعت کو گودام سے کال آئی تھی کے یہاں ریٹ پڑ گئی ہے اور ڈرگ سمیت لڑکیوں کو بھی پولیس اہلکار اپنے ساتھ لے گئے تھے۔

ان میں وہ لڑکیاں بھی شامل تھی جنکا انہوں نے سودا بھی کر دیا تھا اب وہ کیا جواب دے گا۔ اپنے ڈرگ ڈیلرز اور کلائینٹس کو؟۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے فوراََ سارے سی ٹی وی کیمرے چیک کئے لیکن کچھ بھی نہیں چھوڑا تھا انہوں نے۔

اب تو اسے اپنی بھی فکر لاحق ہو گئی تھی کیوں کہ اس ویڈیو کے تھر و وہ شجاعت کو بھی ہراست میں لے سکتے تھے۔

شجاعت کو تو ہر طرف سے ناکامی کہ سامنا ہو رہا تھا۔ اسے تو پھانسی کا گھیرا بھی خود پر تنگ ہوتا محسوس ہو رہا تھا۔ اسے خود پر شدید غصّہ آرہا تھا۔ کہ اتنے کام چور لوگ رکھے ہوئے ہیں۔

تم لوگوں کے پاس دو دن کا وقت ہے۔ اگر دو دن وہ پولیس والا اگر تم لوگوں کے ہاتھ نا لگا تو تم لوگوں کہ نام و نشان بھی تمہارے گھر والوں کو نہیں ملے گا۔

شجاعت بولا نہیں پھنکارا تھا۔ کیوں کے رزم کو دیکھا نہیں تھا ابھی تک کسی نے بھی۔ ور اس نے اتنے ہی شجاعت کو تگنی کہ ناچ نچا دیا تھا۔

سمیر دوسرے گوداموں کی کیا سچویشن ہے؟۔۔۔۔

صاحب وہاں پر ابھی تک کسی کی نظر نہیں پڑی لیکن جلدی سے ہمیں وہ سب وہاں سے شفٹ کر لینا چاہییے یہ نا ہو کہ وہاں پر بھی ریٹ پڑ جائے۔

اور باقی کے جو ہمارے دوسرے شہروں میں گودام ہے انکی کیا خبر ہے؟۔۔۔۔۔۔۔

وہ بھی ابھی تک سیو ہیں۔ لیکن کوئی جے۔ڈی نام کا غنڈہ ہے اسکی بہت دہشت ہے وہ ڈرگ کی اسمگلنگ میں تو کچھ نہیں کہتا۔

لیکن جب اسے لڑکیوں کہ کہیں بھی پتا لگتا ہے وہ سب کی نسلیں ختم کرنے پر تل جاتا ہے۔ ہمیں اس سے بچ کر رہنا ہو گا۔

آخر یہ ہو کیا رہا ہے کبھی وہ دو کوڑی کا پولیس والا تو کبھی یہ جے۔ڈی۔

یہ دونوں تو مجھ پر کسی عذاب کی طرح نازل ہوئے ہیں۔

جاؤ تم لوگ دفا ہو جاؤ اور جہاں سے ہو جیسے بھی ہو مجھے اگلی ڈیل کے لئے لڑکیاں لا کر دو۔

ویسے بھی عورت مارچ ہے۔ سب لڑکیاں اپنی آزادی کے لئے باہر نکلی ہونگی جاؤ اٹھا لو ان لڑکیوں کو۔ ذرا ہم بھی انہیں تھوڑا آزادی کا مزہ چکھا دے۔ اور وہ باآسانی تم لوگوں کو مل جائیگی نئی اور خوبصورت دوشیزائیں۔

خباثت سے کہتے ہوئے اس نے سگریٹ کا آخری کش لیا تھا اور اسے اپنے پیر کے نیچے مسل دیا تھا۔

غازی اور مطربہ اس دن کے بعد سے ایک دوسرے کے سامنے انے سے کتراتے تھے۔ مشی نے ہی مطربہ کو فون کر کے بیا کے نکاح پر انوائیٹ کیا تھا۔ اور دو دن بعد بیا کا نکاح تھا۔

مطربہ کلاس لیکر باہر نکلی تو اسکا سامنا غازی سے ہوا تھا وہ اپنے دوستوں سے باتیں کرتا ہوا مطی کی طرف ہی آرہا تھا
۔

لیکن غازی سامنے سے مطی کو اتے دیکھ کر ایکسکیوز کرتا ہوا مطی کی طرف گیا جو کہ راہ فرار ڈھونڈ رہی تھی۔

"تم بھاگ کیوں رہی ہو مجھ سے"۔

یار مطی بات تو سنو؟۔۔۔۔۔

مطی جو جانے لگی تھی غازی کی بات سن کر وہی رک گئی۔

دیکھو مطی نا تم اس نکاح کو مانتی ہو نا ہی میں۔

تو آخر کیا مسلہ ہے ؟۔۔۔۔۔

کیا ہم پھر سے ویسے ہی دوست بن کر نہیں رہ سکتے کیا ؟۔۔۔۔

مطی نے جب غازی کی بات سنی تو تھوڑی دیر کے لئے خاموش ہو گئی۔

وہ سوچ رہی تھی کہ غزی سہی ہی تو کہہ رہا ہے اسکے لئے یہ سب کوئی بھی معنی نہیں رکھتا۔ تو میں کیوں سوچ سوچ کر خود کو ہلکان کر رہی ہوں۔

اور ویسے بھی بھائی کو کون بتائے گا۔

غازی نے مطی کے اگے چٹکی بجائی تو وہ ہوش کی دنیا میں آئی اور فورا بولی۔

تم کتنی باتیں کرتے ہو چلو اب کینٹین چلیں مجھے بھوک لگی ہے۔

غازی تو مطربہ کو پھر سے اسکی ٹون میں بات کرتا دیکھ خوش ہی ہو گیا تھ اور اسکے ساتھ کینٹین کا رخ کیا۔

نکاح سے دو دن پہلے ہی بیا کو پھر سے جے۔ڈی کی کالز انا سٹارٹ ہو گئیں تھی۔

بیا نا اپنی ماما کو جا کر سب بتا دیا کہ یہ سلسلہ پھر شروع ہو گیا ہے اور اب تو جے۔ڈی نے باقاعدہ دھمکی دی تھی کہ وہ شادی نہیں ہونے دے گا۔

آمنہ بیگم تو ڈر گئیں تھی انہوں نے شجاعت کو بھی انفارم کر دیا تھا۔

اور شجاعت نے جب یہ بات جلال سے کی تو اسکا تو خون ہی کھول اٹھا اس نے کہا سب میری زمہ داری ہے۔

آپ لوگ بس نکاح کی تیاری کریں باقی میں دیکھ لوں گا۔

کسی میں اتنی ہمت نہیں کے وہ جلال کو اسکی بیا سے دور کر سکے۔ یہ بات اس نے دل میں کی تھی

اور آرام سے اپنے نکاح کی تیاریوں میں مصروف ہو گیا۔

مشی بھی اب پہلے سے کافی بہتر تھی۔ اب وہ آرام آرام سے چل سکتی تھی۔ غازی کے ساتھ مل کر مشی نے بھی خوب شاپنگ کی تھی۔

اور رزم کے لیے بھی کچھ چیزیں لی تھی جو وہ اسے بعد میں دینے کا ارادہ رکھتی تھی۔

نکاح کی تیاریاں بہت ہی بڑے پیمانے پر ہو رہی تھی۔ حالانکہ بیا نے سمپل کا کہا تھا لیکن جلال کے کہنے پر اتنا سب ہو رہا تھا۔

اور شجاعت تو جمال کے گن گاتے نہیں تھک رہے تھے۔

انھیں سب باتوں میں نکاح کا دن بھی آن پہنچا تھا۔

بیا کو صبح ہی پارلر چھوڑ آئے تھے ساتھ میں مشی بھی وہیں پر تھی انکو لانے کی ذمداری غازی کی تھی۔

جو کے بہت ہی پر جوش تھا اور ہر کام میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لے رہا تھا آخر اسکی اپی کہ نکاح تھا۔

جب وہ ان دونوں کو لینے پہنچا تو پتا چلا مشی میڈم بیا سے پہلے تیار ہونے کی ضد کی وجہ سے بیا اب تیار ہو رہی تھی۔
اور ان سب میں مزید 1 گھنٹہ لگنا تھا اب۔

غازی نے جاتے ہی مشی کے کان کھینچے تھے۔

"تم نہیں سدھر سکتی نا؟۔۔۔۔۔اب تمہاری وجہ سے اپی لیٹ ہو جائینگی۔ او ہو بھائی آپ بھی نا۔ لڑکیاں ہی تو ٹائم لگاتی ہیں نا آپ لوگوں کی طرح نہیں کے بس منہ دھو کر نکل پڑے"۔

اور جمال بھائی کو بھی ذرا کرنے دے انتظار آخر کو ہماری اکلوتی اپی کو چنا ہے انہوں نے۔ اب تھوڑا صبر کرنا تو سیکھنا ہی پڑے گا نا۔

آنکھ دبا کر کہا تھا مشی نے۔

وہ دیکھیں آپ کی باتوں میں اپی بھی آگئی ہے۔ چلیے اب اور خبردار جو آپ نے انکا گھونگھٹ اٹھایا تو نکاح کے بعد ہی اب آپ بھی جمال بھائی کے ساتھ دیکھیں گے۔

تم چپ کرو اور سائیڈ پڑ ہو جاؤ۔

غازی نے جا کر بیا کو کار میں بٹھایا تھا۔ بیا نے آج بھی حجاب کیا ہوا تھا وہ آج بلکل آسمان سے اتری ھوئی حور ہی لگ رہی تھی۔

غازی نے بے ساختہ اپنی آنکھوں میں امڈنے والے آنسوں صاف کیئے اور بیا کو گلے لگایا تھا۔

بھائی بس کریں اب جلدی چلیں۔ ہم تھک گئے ہیں۔

موٹی تم نے کونسا کام کیا ہے جو تھک گئی ہو میک آپ ہی کروایا ہے۔

تو بھائی ایک کام کریں آپ بھی کروالے میک آپ۔ آپ کو بھی پتا چل جائیگا۔

پورے راستے ان دونوں کی تو تو میں میں چالو تھی۔بیا تو انکو دیکھ کر اپنی ساری گھبراہٹ بھولائے مسکرا رہی تھی

۔

جاری ہے۔

To kesi lagi epi 🙈😊btana na bholiye ga😍waiting for your comments😍🙈😊

Don't copy paste without my permission💣💣

#مریض_ء_عشق

#سندس_پری

#قسط_20پارٹ1

مطربہ انا آمنہ لائک کرنا۔جمال کو دیکھ کر مطربہ کی سٹی گم ہونا ہنس کر باتیں کرنا۔

مطربہ کو غازی کی کوئی 50 کالز آچکی تھی کے وہ کہاں ہے۔

اور اسکا ہمیشہ کی طرح ایک ہی جواب اب اگر لڑکی بن کرانا ہے تو ٹائم لگے گا۔

ہاں اگر میری ہی ڈریسنگ میں انا ہوتا تو پانچ منت میں آجاتی۔

یہ بات وہ پچھلے1 گھنٹے سے کہی جارہی تھی۔ آخر تنگ اکر غازی نے لاسٹ ٹائم کال کی۔

"مطی میں تمہیں لاسٹ ٹائم کہہ رہا ہوں جلدی اؤ۔

اگر نکاح ہو گیا اور تم لیٹ ھوئی تو یادرکھنا میں بات نہیں کروں گا تم سے"۔

غازی نے وارن کیا تھا مطی کو!۔

اور تم نے مجھے کچھ کہا تو پھر تمہاری خیر نہیں"۔

غازی تو مطی کے فون اٹھاتے ہی شروع ہو گیا تھا۔

"یار غازی کیا ہو گیا ہے"۔، آرہی ہوں نا۔

اور ایک بات کان کھول کر سن لو!۔"اگر تم نے میری ڈریسنگ مذاق اڑایانا تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا یاد رکھنا"
۔

سمجھ آرہی ہے میری بات کے نہیں؟

مطی نے آخری بار پوچھا تھا غازی سے۔

"ہاں! آگئی ہے سمجھ میری ماں"۔

"غازی نے گویاہار مان لی تھی، کیوں کے یہ تو طے تھا مطی نے غازی کو پاگل کر کے ہی چھوڑنا تھا"۔

اچھا اچھا! ٹھیک ہے،اب زیادہ فری نا ہو۔اور مجھے اکر گیٹ سے پک کر لو۔

کیا۔۔۔۔۔۔۔۔!تم آ گئی ہو؟

ہاں آ گئی ہوں!اب کیا اعلان کرواؤ؟

اور تم آ رہے ہو یاں میں واپس جاؤں۔۔

مطی کی بچی جب تم آن دی وے تھی تو میرا ٹائم کیوں زایع کیا؟

دیکھو غازی اب تم بس اوور ہو رہے ہو۔اگلے ایک منٹ میں اگر تم نہیں آئے تو آئی سویر میں چلی جاؤں گی۔

انھیں باتوں میں غازی مین گیٹ پر مطی کو پک کرنے گیا۔

"لیکن جب اسکی پہلی نظر مطربہ پر پڑی تو گویا پلٹنا ہی بھول گئی"،وہ لگ ہی اتنی پیاری رہی تھی۔ کے غازی کو اپنا دل اسکی نیشلی آنکھوں میں ڈوبتا ہوا محسوس ہوا تھا۔

شارٹ ہیئر کٹ کے ساتھ لائٹ بلو کلر کی فراک ساتھ میں چوڑی دار پاجامہ،اور ہائی ہیلز کے ساتھ، گلابی پنکھڑی جیسے ہنٹوں پر پنک کلر کی لپ سٹک لگائے، آنکھوں میں مسکارااور کانو میں جھمکے پہنے وہ اپنے تمام ہاتھیاروں سے لیس ہو کر آئی تھی۔ وہ کہیں کی ملکہ، نہیں اسکے دل کی ملکہ ہی لگ رہی تھی جس کے انے سے اسکے دل کی دنیا میں ایک ہلچل مچ گئی تھی"۔

غازی کہاں کھو گئے ہو۔ مطی کب سے اسکے اگے ہاتھ ہلا کر اسے بلا رہی تھی لیکن وہ تو جیسے اپنی سننے کی صلاحیت ہی کھو بیٹھا تھا۔

تو مجبوراً مطی کو خود ہی چل کر اسے پاس انا پڑا۔ کیوں کے اس نے ہائی ہیلز پہن رکھیں تھی تو یہ کام ذرا مشکل تھا اور جب پاس آئی تو وہ تب بھی اسی جگہ پر نظریں ٹکائے کھڑا تھا۔جہاں کچھ دیر پہلے وہ کھڑی تھی۔ مطی نے اسکی آنکھوں کے سامنے چٹکی بجائی تو کہیں جا کر وہ حوش کی دنیا میں آیا۔

مجھے کہہ رہے تھے میں لیٹ کر رہی ہوں اور خود پیچھے دس منٹ سے یہیں پر کھڑے ہو کر کس کے خیالوں میں کھوئے ہوئے ہو۔ اب چلو بھی۔ اور میرا ہاتھ پکڑ لو یہ بی جان نے مجھے پہنا تو دی ہیں ہائی ہیلز لیکن مجھے پکا یقین ہے میں آج اپنی کوئی نا کوئی ہڈی تڑوا کر ہی گھر جاؤں گی۔ رونی شکل بنا کر اس نے غازی کو جھنجھوڑا تھا۔

ہاں! تو اس میں کون سی بڑی بات ہے تم میرا ہاتھ پکڑی رکھنا۔ اور کچھ بھی ہو جائے چھوڑنا مت۔ میں وعدہ کرتا ہوں تمہیں کبھی گرنے نہیں دوں گا۔ جذبات سے چور لہجے میں غازی پتا نہیں مطربہ کو کیا کہنا چاہ رہا تھا۔

مطربہ نے جب غازی کی بات سنی تو اپنی پلکوں کی جھالر اٹھا کر اسے دیکھا تھا۔ تھوڑی دیر کے لئے ان دونوں کی نظریں ملیں تھیں۔

"مطربہ کو آج ان آنکھوں میں ایک نیا جذبہ نظر آیا تھا۔ اور اپنے دل کے شور کو سن کر اس نے فوراً سے نظریں چرائی تھیں"۔

غازی نے بھی اپنے منہ زور جذبات اور دل کی بدلتی کیفیت پر قابو پایا اور مطی کو لیکر آمنہ بیگم کے پاس چلا گیا۔

آمنہ بیگم نے جب اس چھوٹی موئی لڑکی کو دیکھا۔ انکی نظروں کے سامنے کسی کہ چہرہ لہرایہ تھا۔ وہ مطی کی طرف بڑھی اور اسکی بے ساختہ اسکی پیشانی چوم لی۔ بہت پیاری بچی ہے۔

غازی کون ہے یہ؟۔۔۔

ماما یہ میری۔۔۔ میرا مطلب ہے مشی کی دوست ہے۔ غازی کی زبان سے بے ساختہ میری پھسلہ تھا۔

بہت پیاری ہے ماشاء اللہ، اللہ نظر بد سے بچائے انہوں نے اپنی آنکھ سے کاجل لے کر اسکے کان کے پیچھے لگایا تھا۔

یہ نظر اتارنے کا ایک انداز تھا جس میں مطربہ کو کوئی بھی جھول نظر نہیں آیا تھا الٹا اسے انکا یہ انداز بہت ہی اپنایت بھرا لگا تھا۔

کیا نام ہے بیٹا اپکا؟۔۔۔۔۔

میرا نام مطربہ سکندر ہے۔

اور آمنہ بیگم یہ نام سن کر سکتے میں آگئی تھی۔انہوں نے بے ساختہ اسے اپنے سینے میں بھینچ لیا تھا۔

اور بہت زیادہ خیال رکھنے کا غازی کو کہہ کر سامنے سے اتے ہوئے شجاعت صاحب کی طرف چلی گئی تھی کہ وہ یہاں ہی نا آجائے۔

مطربہ بھی خوشی خوشی غازی کے ساتھ جا کر سب سے مل رہی تھی۔اور غازی مطی کو ہی دیکھے جا رہا تھا۔

جب مطی کی نظر سامنے پڑی تو اسے لگا اسکی روح ہی پرواز کر جائیگی۔کیوں کے سامنے کوئی نہیں جلال تھا اسکا جلالی بھائی۔اوہ تیری کی بھائی کا نکاح ہی آج۔

"اگر بھائی نے ابھی مجھے یہاں دیکھ لیا تو بغیر کسی کی پرواہ کئے وہ مجھے پٹک دے گے"ہائے !۔۔۔مطی بھاگ ۔۔۔۔۔۔۔

مطی فورا اسے منظر سے غائب ھوئی تھی۔کوئی بھروسہ نہیں تھا جلال کا۔کہ وہ مطربہ کو یہاں دیکھ کر کیسے ری ایکٹ کرتا۔تو ابھی جانا ہی بہتر تھا۔

چھپ کر اس نے نکاح کی رسم دیکھی اور فوراً سے گھر آ گئی۔

کیوں کے جلال کے سامنے جانا اور اس سے سوال کرنا یہ حق تو کسی کے پاس نہیں تھا۔ اور جس کے پاس تھا وہ تو بے خبر تھی۔

بیا کو لے جا کر ایک کمرے میں بیٹھا دیا وہاں صرف گھر کے ہی لوگ تھے۔

پھر غازی مولوی صاحب کے ساتھ کمرے میں آیا اور نکاح شروع کروایا۔

اتنے میں شجاعت صاحب کا فون رنگ کرا اٹھا وہ فون سننے باہر گئے اور جاتے ہوئے اشارہ کر گئے کے نکاح کی تقریب اگے بڑھائی جائے۔

اور سب کی دعاؤں میں بیا نے نکاح نامہ پڑ دستخط کئے لیکن دستخط کرتے ہوئے مسلسل بیا کے ہاتھ کانپ رہے تھے
۔

آمنہ بیگم نے بیا کے ہاتھ پڑ ہاتھ رکھا اور غازی اور مشی بھی بیا کے پاس آ کر بیٹھ گئے۔

بیا تو مسلسل آنسو بہانے میں مصروف تھی۔ بیا بیٹے دستخط کر دو میری پیاری بیٹی۔ ماما میں۔۔۔۔۔۔۔ میں کیسے ۔۔۔۔ بیٹا ہم سب ہیں نا۔ اور ابھی صرف نکاح ہے۔

رخصتی تھوڑی نا کر رہے ہے۔ چلو میرا بہادر بچہ سائن کر دو۔ بیا نے بہت مشکل سے سائن کئے تھے نکاح نامہ پر۔

اور سائن کرتے ہی آمنہ بیگم کے گلے لگ کر رونا سٹارٹ کر دیا تھا۔
بس میرا بچہ۔ چلو مشی اپی کو پانی پلاؤ پھر تھوڑی دیر میں باہر لیکر بھی جانا ہے۔

مشی نے بیا کو پانی پلایا۔ اور غازی مولوی صاحب کو لیکر جلال کے پاس اسکے دستخط لینے چلا گیا۔

جیسے ہی جلال نے بھی نکاح نامہ پر سائن کئے ہر طرف مبارک باد کا شور گونج اٹھا۔ سب نے مل کر نئے جوڑے کے لئے دعا میں ہاتھ اٹھائے۔

جب جلال کی نظر سامنے اٹھی تو اسے کچھ بھی یاد نا رہا کہ کون کون ہے یہاں وہ تو بس بیا کو دیکھ کر مبہوت ہو گیا تھا

۔

بیا آج سچ میں آسمان سے اتری کوئی حور ہی لگ رہی تھی جلال کی حور اور صرف جلال کی حور۔ جلال کو جو دیکھ کر زیادہ خوشی ھوئی تھی وہ بیا کا حجاب تھا آج بھی اس نے اپنے آپ کو سب کی نظروں سے محفوظ رکھا ہوا تھا۔ صرف جلال کے لئے آخر کو اب وہ اسکا مجازی خدا جو ٹھہرا تھا۔

جلال کسی ٹرانس کی کیفیت میں اٹھا اور بیا کے اگے اپنا ہاتھ کیا تھا تانکہ اسے سٹیج پر چڑھنے میں مدد کر سکے۔

بیا کنفیوز ہو کر ادھر ادھر دیکھنے لگی کہ مشی نے اسکے کان میں سر گوشی کی تھی۔

"اپی کیا ہوا جیجو کب سے ہاتھ اگے کر کے کھڑے ہیں۔ ہاتھ دو اپنا انکو"، اور مشی نے ہی بیا کا ہاتھ پکڑ کر جلال کے ہاتھ میں دے دیا تھا۔"

جسے جلال نے بڑے آرام سے تھاما تھا اور بیا کو لیکر اپنے ساتھ سٹیج پر بیٹھا دیا تھا۔

بیا بیشک حجاب میں تھی لیکن پھر بھی اس پر گھبراہٹ طاری تھی اسکا ہاتھ مسلسل کپکپا رہا تھا۔ جلال نے بیا کا وہی ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا تھا اور دونوں ہاتھوں سے دبایا تھا۔

"کیوں اتنا پریشان ہو رہی ہو میں ہوں نا تمہارے پاس تو ڈرنے کی کوئی بات نہیں ہے۔ جانم تھک تو نئی گئی ہو" اگر تھک گئی ہو تو چلو بس ختم کرتے ہیں سب تم جا کر آرام کرو۔

نا۔۔۔۔۔۔ نہیں. مہ۔۔۔۔۔ میں ٹھیک ہوں۔ بیا تو بوکھلا ہی گئی تھی یوں جب سب کے سامنے جب جلال نے اسکا ہاتھ پکڑا تو۔

اور یہ جلال کتنے مزے سے کہہ رہے ہیں تھک گئی ہو تو چلو۔

سب کیا کہیں گے یہ نہیں سوچا اور ہماری بیا سدا کی ڈرپوک فوراً سے اپنا ہاتھ چھڑوایا تھا۔

جو کہ جلال کہ چھوڑنے کہ دل تو نہیں تھ لیکن بیا کی حالت کے پیش نظر اس نے اس وقت اس کے ہاتھ کو آزادی بخش دی تھی۔

بیا نے بھی فوراً سے اپنا ہاتھ اپنے دوپٹے کے پلو میں چھپا لیا تھا۔ کیا بھروسہ جلال پھر سے ہی نا پکڑ لے۔

"بیا کی اس حرکت پر جلال کے لبوں پر تبسم بکھرا تھا"

"جلال پورے فنکشن میں صرف بیا کو ہی دیکھ رہا تھا اسے ہر نظارہ پھیکا لگ رہا تھا۔ کیوں کے دنیا کا سب سے حسین نظارہ تو اسے اپنے ہی بغل میں موجود تھا تو اسکی نظریں بھلا کہیں اور کیوں جاتی"۔

اور جلال کی نظروں کی تپش محسوس کرتے ہوئے بیا کا دل چاہ رہا تھا وہ بس کہیں غائب ہو جائے۔
لیکن جلال بھی ڈھیٹ ثابت ہوا تھا۔ اس نے بھی اپنی نظروں کہ زاویعہ نہیں بدلہ تھا وہ بھی بس بیا کو ہی دیکھے ج رہا تھا۔

'جو بھی بیا اور جلال کی جوڑی کو دیکھ راہ تھا رشک کر راہا تھا دونوں کی جوڑی پر دونوں کی جوڑی بلکل چاند سورج کی طرح جو تھی۔ وہاں پر موجود ہر لڑکی کی نظر اس مغرور شہزادے پر تھی جو کہ سب کو فراموش کئے بس بیا کے دیدار میں ہی مصروف تھا۔

”جیجو کیا ہو گیا ہے۔ اب آپی آپ کی ہی ہیں۔ آپ تو نظریں ہی نہیں ہٹا رہے ہیں“۔ دیکھیں تو ذرا ہماری اپی بیچاری بھی تھک گئی ہیں۔

جلال نے جیسے ہی مشی کی بات سنی تو غور سے بیا کو دیکھا جو کے بظاہر تو گھونگھٹ میں تھی لیکن پھر بھی جلال کو محسوس ہوا کہ وہ بہت تھک گئی ہے۔

تو جلال فورا اٹھا اور بیا کو بھی اپنے ساتھ ہی اٹھالیا اور اسکا ہاتھ مشی کے ہاتھ میں دیا تانکہ وہ اسے کمرے میں لے جائے۔

اور بیا کچھ دیر آرام کرلے۔ مشی بیا کو لیکر کمرے میں آگئی۔ جیسے ہی وہ کمرے میں آئی کمرے کی کھڑکی سے کسی نے ایک پتھر اندر پھینکا تھا۔ جیسے دیکھ کر بیا بھی ڈر گئی تھی اور مشی بھی۔

مشی نے فورا سے اپنے بابا اور غازی کو بولایا تھا جب جلال بھی انکے ساتھ ہی کمرے میں آیا تھا۔ اور پتھر کے ساتھ موجود چٹ کو کھولا تھا۔

جس میں صاف صاف لکھا تھا کہ!

"تم نے میری دھمکی کو صرف دھمکی ہی لیا نا اب پچھتانے کے لئے تیار ہو جاؤ اب جو بھی ہو گا اسکے زمہ دار شجاعت آفندی صرف اور صرف تم ہو گے۔ اور رہی بات بیا کی تو اسے میں حاصل کر کے رہوں گا۔ چاہے اسکے لئے مجھے کسی کی جان ہی کیوں نا لینی پڑے"

تمہارا خیر خواں جے۔ڈی۔

جب بیا نے یہ سب سنا تو تھکاوٹ تو اسے پہلے ہی تھی یہ سب سن کر وہ اور پریشان ہو گئی کہ پہلے تو صرف اسے تنگ کیا جا رہا تھا اب اسکی فیملی کو بھی تھریٹس ملنا شروع ہو گئے۔ یہ سوچتے ہوئے ہی بیا غازی کی باہوں میں جھول گئی تھی۔

"بیا بیا کیا ہوا بیا کو جلال فورا سے بیا کی طرف بڑھا تھا۔ غازی بیا کو لیکر دوسرے کمرے میں جاؤ۔"

بیا کو کمرے میں لیٹا کر انہوں نے فوراڈاکٹر کو کال کی تھی۔

"ڈاکٹر نے دوائی لکھ کر دی اور بتایا کے تھکن اور پریشانی کی وجہ سے بے ہوش ہوئی ہے ابھی تھوڑی دیر میں ہوش آجائے گا"۔

جلال شجاعت غازی اور آمنہ بیگم ایک کمرے میں موجود تھے۔

"انکل میں بیا کو ایسے یہاں نہیں چھوڑ سکتا۔ اور اب تو اور لوگ بھی آپ کو تھریٹ کر رہے ہیں ایسے میں بیا کا یہاں رہنا ٹھیک نہیں"۔

"میں آج ہی رخصتی چاہتا ہوں"۔۔۔۔

اور ویسے بھی بیا نے ہوسٹل میں ہی سٹے کرنا تھانا، تو وہ میرے ساتھ گھر میں کر لے گی سٹے۔

اور میں بیا کے معملے میں اب کوئی بھی رسک نہیں لے سکتا۔

آمنہ بیگم اور شجاعت کو بھی جلال کی بات سہی لگی تھی۔ لکن غازی پریشان ہو گیا تھا۔

لیکن ماما ہم ایسے کیسے اپی کو بھیج سکتے ہیں۔

"کیوں نہیں بھیج سکتے"؟۔۔۔۔۔۔۔

جلال اب بیا کا شوہر ہے اور ویسے بھی وہ سہی کہہ رہا ہے۔

جب یہاں سب ٹھیک ہو جائیگا تو بیا کو دھوم دھام سے رخصت کرے گے اور ولیمہ بھی کر لینگے۔

ایسے میں اکیلی لڑکی کا یوں ہوسٹل میں رہنا سہی نہیں ہو گا۔

شجاعت نے بھی آمنہ بیگم کی بات سے اتفاق کرتے ہویے رخصتی کی اجازت دے دی تھی۔

جلال تو خوشی سے جھوم اٹھا تھا اسکی خواہش جو پوری ہو گئی تھی۔ "اسے اسکے صبر کے پھل کے طور پر اسکی بیا مل گئی تھی ہمیشہ ہمیشہ کے لئے"۔

'اسے پتا تھا بیا ناراض ہو گی۔

لیکن وہ اسے منا لے گا۔'

اور سب کی دعاؤں میں بیا رخصت ہو کر جلال کے ساتھ پہلی فلائٹ سے کراچی کے لئے روانہ ہو گئی تھی۔

یہ تو جلال کو ہی پتا تھا کہ کیسے اس نے بیا کو سنبھالا تھا ورنہ بیا تو رخصتی کے نام پر ہی پھر سے بے حوش ہو گئی تھی۔

آمنہ بیگم اور غازی نے بھی اتنا سمجھایا۔ مشی نے بھی بہت پیار سے اپنی اپی کو اپنی باتوں میں لگا دیا تھا۔ یوں وہ مانی تھی۔

اور اب اپنے مجازی خدا کے ساتھ اپنی زندگی کے نئے سفر کی طرف گامزن تھی۔

جاری ہے۔

Pareshan na hun ky epi short hi😊🙈Part 2 late night post kron gi epi long hai to kuch readers ki open nahi hogi ok 😊🙈😘😍review dena na bholy

Razm❤️Mishi special😍😍

Don't copy paste without my permission💣💣

#مریض_ء_عشق

#سندس_پری

#قسط_20پارٹ2

رزم جب نکاح میں آیا تو مشی کی خوشی کا کوئی ٹھیکانہ نہیں تھا۔ وہ جلدی سے حال میں آئی تھی تا کے رزم کو اپنی تیاری دکھا سکے۔

رزم کی جب نظر مشی پر پڑی تو کچھ پلوں کے لئے وہ سب کچھ بھول گیا تھا۔ وہ تو بس یک ٹک مشی کو دیکھے جا رہا تھا۔

مشی سکن کلر کی میکسی میں موجود تھی جس پر بھاری کام ہوا تھا اور اسکے ساتھ ہمیشہ کی طرح وہ میچنگ حجاب میں موجود تھی۔

رزم کی دنیا تو بس اسی ایک لمحے میں رک سی گئی تھی۔اس کے دل نے ایک بیٹ مس کی تھی۔

"لیکن اگلے لمحے ہی جب اسے یہ یاد آیا کے وہ کہاں ہے اور مشی کس کی بیٹی ہی اس نے خود پر ایک خول چڑھا لیا تھا نفرت کہ خول"

اس نے فوراً اپنی نظروں کا زاویہ بدلہ تھا۔وہ کیسے دشمن کی بیٹی پر دل ہار سکتا تھا جس نے اسکی ہنستی کھیلتی فیملی کو دشمنی کی آڑ میں تباہ کر دیا تھا۔

اور نا صرف تباہ کیا تھا اسکی پھول جیسی بہن سے اسکی ساری معصومیت بھی چھین لی تھی وہ بھی بڑی بیدردی سے۔تو کیسے وہ اپنے دل کو بڑا کرتا۔اتنا ظرف نہیں تھا اس میں۔

"لیکن اگر شکار کو پھانسنا ہے تو جال تو بچھانا ہی تھا جو کہ اب رزم مشی کے لئے بچھا رہا تھا"

مشی رزم کے پاس آئی تھی اور انتظار کر رہی تھی کہ کب وہ اسکی تعریف کرے گا لیکن رزم نے تو بس مبارک باد دی تھی نکاح کی۔

اور خود جلال کی طرف بڑھ گیا اسے مبارک باد دینے۔ اس سے ملنے کے بعد رزم فوراً ہی واپس چلا گیا کیوں کے وہ شجاعت کی شکل نہیں دیکھنا چاہتا تھا۔ پھر وہ خود پر قابو کھو دیتا اس لئے ابھی جانا ہی بہتر تھا۔

اور مشی اپنا سا منہ لے کر رہ گئی۔ وہ کل کالج میں رزم سے بات کرنے کا ارادہ کر کہ بیا کی طرف گئی جو کہ سٹیج پر بیٹھی گھبرا رہی تھی۔

دن کیسے گزر رہے تھے۔ پتا ہی نہیں چل رہا تھا۔ مشی اور رزم کی بات چیت پہلے کی نسبت تھوڑی کم ہو گئی تھی وجہ کچھ مشی پڑھائی میں مصروف بھی تھی۔

لیکن اسکی نظریں ہر وقت رزم کو دیکھنے کے لئے ہی بے تاب رہتی۔

"لیکن جب بھی رزم اتا اسے اگنور کر دیتا اس سب کی کیا وجہ ہے۔ یہ جاننے کے لئے آج مشی رزم سے بات کرنے والی تھی۔

وہ کیسے اسکے ساتھ ایسا کر سکتا تھا۔ یوں اپنی عادت ڈال کر اب جب مشی کا اسکے بغیر رہنا محال ہو گیا تھا تو وہ اسے اگنور کر رہا تھا۔

مشی آج دو ٹوک بات کرنے کے فل موڈ میں تھی۔"

اس سے پہلے مشی اگے بڑھتی شازیہ نے مشی کو روک لیا تھا۔ اور اتے ہی اسکے گلے لگ گئی۔

مشی یار کیسی ہے تو۔۔۔۔۔؟ میں نے تجھے بہت مس کیا۔

تم چو کرو میں تم سے بات کر ہی نحب تو تم بھی فری مت ہو جاؤ۔ اور اب جاؤ یہاں سے۔

یار مشی سوری! لے میں نے اپنے کان بھی پکڑ لئے اب اور کیا کروں کے تو مان جائے۔۔؟

ایک تو تم آئی نہیں اپی کے نکاح پر اوپر سے فضول ٹریکس آزما کر مجھے منانے کی کوشش کر رہی ہوں۔

مشی نے بھی پورا روب جھاڑا تھا۔ آخر وہ اسکی اپی کے نکاح میں نہیں آئی تھی۔ یہ کوئی چھوٹی بات تھوڑی نا ہے۔

یار سچ میں ماما پاپا نے نکاح سے پہلے گاؤں جانے کا پلین بنایا۔ اور وہاں جا کر تو ہم پھنس ہی گئے۔

میری چچی تو اتنی چالاک ہے۔ وہ تو زبردستی میری شادی کسی کے ساتھ کرنے والی تھی بہت مشکل سے بابا ہمیں واپس لیکر آئے ہیں۔

اور اتے ہی میں کالج آئی تھی تو پتا لگا تمہاری اپی کہ نکاح ہو گیا۔

اور اب پھر سے مجھے گھر میں کام کی وجہ سے اوف رہنا پڑا یونی سے۔

اوہ اتنا سب ہو گیا۔ مشی بھی پریشان ھوئی تھی لیکن یہ پریشانی صرف کچھ ہی سیکنڈز کی ثابت ھوئی تھی۔

پھر بھی اتنی جلدی معافی نہیں ملے گی۔ مشی کی ڈیکشنری میں معافی نہیں سزا ہوتی ہے۔ اب تم کان پکڑنے کے ساتھ اٹھک بیٹھک بھی کرو۔

اور شازیہ کو س رہی تھی اس لمحے کو جب اس نے کان پکڑے تھے۔ نا وہ کان پکڑتی اور نا مشی کو اٹھک بیٹھک کا آئیڈیا اتا۔

مرتی کیا نا کرتی شازیہ نے اسکے کہے پر عمل کیا تب جا کر مشی مانی۔ اب وہ دونوں کینٹین کی طرف جا رہی تھیں۔

کے اچانک شازیہ کی نظر رزم پر پڑی جو کہ لیلیٰ کے ساتھ ہنستے ہوئے بٹی کرتے جا رہا تھا۔

اس نے فورا کہنی مار کر مشی کو اس طرف متوجہ کیا۔ مشی نے جب وہاں دیکھا تو اسے شدید حیرت کے ساتھ ساتھ غصّہ بھی آیا تھا کے مجھ سے تو بات کرنے تک کا ٹائم نہیں ہے اور یہاں گپیں ہانکی جا رہی ہیں۔

اس سے پہلے کے مشی اگے جاتی شازی نے اسے روک لیا۔
"مشی تو پاگل ہے کیا کہاں ؟۔۔۔ کہاں جا رہی ہے۔ کرنے دے انکو باتیں آخر انکی شادی ہونے والی ہے تو وہ جو چاہے کرے۔"

شازی کیا بکواس کر رہی ہو۔۔۔۔ تمہیں پتا بھی ہے کیا کہہ رہی ہو ؟۔۔۔۔۔۔

کیا ہو گیا مشی تو ٹھیک تو ہے نا۔۔۔ کیا تجھے نہیں پتا کل سر رزم اور لیلیٰ کی انگیجمنٹ تھی اور اسی لئے صبح سے اتراتی پھر رہی ہے۔

"ویسے قسمت تو دیکھو اس چڑیل کی کتنا ہینڈسم بندہ ملا ہے۔"

شازیہ اس بات سے بے خبر کے مشی کے دل پر کیا گزر رہی ہے۔ رزم کے گن گائے جا رہی تھی اور لیلیٰ کی قسمت پر رشک کر رہی تھی۔

اور مشی اسے تو یقین ہی نہیں آ رہا تھا کہ کیا اسکی محبت کی عمر اتنی چھوٹی تھی۔ ابھی تو اس نے کچھ محسوس بھی نہیں کیا تھا۔ ابھی تو پیار کی کنپل کھلی تھی اور ابھی ہی وہ مرجھا گئی۔

"ایسے کیسے ممکن ہے کے کسی ایک کو بیچ صحرا میں تڑپتا چھوڑ کر کیا کوئی دوسرا خوش رہ سکتا ہے"۔

یہ سب سوال مشی کے ذہن میں گردش کر رہے تھے۔ وہ بہت کچھ غلط سوچ رہی تھی جبکہ وہ یہ سب سوچنا نہیں چاہتی تھی۔

اس نے جلال کی شرٹ کو سختی سے اپنی مٹھیوں میں بند کر دیا تھا۔ اور جھک کر اپنا چہرہ اس کی گردن میں چھپا لیا تھا۔ یہ کوشش تھی کہ اب جو بھی کر لو میں نیچے نہیں گرنے والی۔

جلال نے جب بیا کی یہ حرکت دیکھی تو اس کے ہونٹوں پر بے اختیار مسکراہٹ آ گئی تھی۔

جلال جو کہ کب سے خود پر کنٹرول کر رہا تھا قہقہ لگا کر ہنس پڑا اور بیا کو مزید خود میں بھینچ لیا۔

جب تھوڑی دیر تک جلال بھی اس سے الگ نہ ہوا تو بیا خود کو چھڑانے کی کوشش کرنے لگی۔ لیکن شاید جلال کا کوئی موڈ نہیں تھا اسے چھوڑنے کے لئے۔

جلال چھوڑے مجھے میرا سانس بند ہو رہا ہے۔ جب یہ کچھ نہ سوجھا تو اس نے یہ حربہ آزمایا تھا جو کہ کام بھی کر گیا تھا۔

جلال نے بیا کو خود سے الگ کیا لیکن اپنا حصار نہیں توڑا تھا۔ اور غور سے بیا کے چہرے پر بکھرے حسین رنگوں کو دیکھنے لگا۔ جلال کے اس طرح دیکھنے سے بیا گھبرا رہی تھی۔ اور مسلسل خود کو چھڑوانے کی کوشش کر رہی تھی ۔

کیونکہ اسے جلال کے ارادے کچھ نیک نہیں لگ رہے تھے۔ اسی کوشش میں بیا دوبارہ گرنے لگی تھی کہ جلال نے اس بار اسے اپنے بازوں میں بھر لیا تھا۔ اور سوئمنگ پول سے نکلتے ہوئے اپنا رخ اپنے کمرے کی طرف کیا تھا۔

کمرے میں داخل ہوتے ہی جلال نے پاؤں کی مدد سے دروازہ بند کیا۔ اور بیا کو وہیں پر دیوار کے ساتھ لگا کر کھڑا کر دیا۔

جبکہ بیا تو اس افتادہ پر گھبرا ہی گئی اور ایک نظر اپنے پورے وجود پر ڈالی۔پانی میں گرنے کی وجہ سے اس کے سارے کپڑے گلے ہو گئے تھے اور جسم کے ساتھ چپک گئے تھے۔

خود کو جلال کے سامنے ایسی حالت میں دیکھ کر بیا کہ چہرے پر مزید لالی بکھر گئی تھی۔

وہ اس وقت جلال کی نظروں کے سامنے سے غائب ہو جانا چاہتی تھی۔کیونکہ جلال کی نظریں جو اسے پیغام دے رہی تھی۔وہ سمجھ کر بھی سمجھنا نہیں چاہ رہی تھی۔

جلال بڑے غور سے بیا کی حالت کو دیکھ رہا تھا۔ربیا کے چہرے پر بکھرتے رنگوں کو دیکھ کر اس نے اپنا چہرہ بیا کے بالوں میں چھپالیا۔

"جانم بہت امتحان لیتی ہو تم میرے صبر کا" لیکن اب یہ صبر میں مزید برداشت نہیں کر سکتا"

جلال کی بات سن کر بیا کا تو سانس ہی اٹک گیا تھا۔اس کے گلے میں ایک گلٹی سی ابھر کر معدوم ہوئی تھی۔

جب اسے اور کچھ نہ سوجھا تو بیا فورا اپنا چہرہ جلال کے سینے میں چھپالیا۔

۔یہ ایک طرح سے جلال کے جذبات سے بچنے کی کوشش تھی۔ لیکن وہ بھول گئی تھی کہ غلطی میں ہی صحیح وہ اس کے جذبات کو اور بڑھاوا دے گئی تھی۔

جلال نے ایک دم اسے بازوؤں میں بھرا تھا اور بیڈ پر لے جا کر لٹایا تھا۔ جبکہ بیا بیڈ پر لیٹ کر لمبے لمبے سانس لینے لگی تھی۔ اور وہاں سے بھاگنے کا سوچنے لگی تھی۔

اس سے پہلے کے جلال اس کے پاس آتا وہ فوراً سے اٹھ کر بھاگ گئی تھی واش روم کی طرف لیکن جلال نے اسے آدھے راستے میں ہی جا لیا تھا۔

اور اس کی کمر کو اپنے سینے سے لگا کر اس کے کان میں سرگوشی کی تھی "جلال سے بھاگنا اتنا آسان نہیں ہے جانم" کہتے ساتھ جلال بیا کہ رخ اپنی طرف کیا تھا۔

جو کہ ڈر کے مارے جلال سے نظریں ہی نہیں ملا رہی تھی۔ "جانم چلو میری آنکھوں میں دیکھو" لیکن جب تھوڑی دیر تک بیا نے اس کے کہنے پر کوئی حرکت نہ کی تو جلال نے خود ہی اس کو ٹھوڑی سے پکڑ کر اس کا چہرہ اوپر کیا۔

بیا نے اپنی لرزتی پلکیں اوپر اٹھائی تھی اور صرف ایک پل کے لئے جلال کی آنکھوں میں جھانکا تھا۔

جانم تمہیں کیا لگتا ہے جلال اتنا کمزور ہے کہ اپنے منہ زور بولتے جذباتوں کو قابو نہ کر سکے۔

جلال تمہیں وقت دے رہا ہے تمہیں جتنا وقت چاہے تم لو۔ لیکن تمہیں دیکھ کر ایک بات میری بھی سمجھ میں آ گئی ہے۔

تو تم اتنا مجھ سے شرماتی اور گھبراتی ہو کہ تم تو کبھی بھی مجھے کوئی ہنٹ نہیں دینے والی۔

لیکن جس دن تمہیں لگے کہ اب ہمارے درمیان کی یہ تھوڑی سی دوریاں بھی مٹ جانی چاہئیں۔ اس دن تم وہ لال فراک جو میں نے کل تمہارے لئے لائی تھی وہ پہن لینا۔

میں تمہارا اشارہ سمجھ جاؤں گا۔ جلال کی باتیں سنتے ہوئے بیا مسلسل اپنے ہونٹوں کو اپنے دانتوں تلے کاٹ رہی تھی ۔ جلال نے اپنے ہاتھ سے بیاہ کے ہونٹوں کو اس کے دانتوں سے رہائی دلوائی۔

اور آرام سے اسکے لبوں کو اپنے لبوں سے چھوا تھا۔ ان پر صرف میرا حق ہے اور یہ حق میں تمہیں بھی نہیں دیتا کہ تم انھیں کوئی تکلیف پہنچاو۔

جلال اٹھ کر الماری کی طرف گیا اور وہاں سے بیا کا ایک آرام دہ سوٹ نکالا۔ اور بیا کو تھما کر واش روم کی طرف بھیج دیا۔

خود بھی اپنے کپڑے نکال کر چینجنگ روم میں چینج کرنے چلا گیا۔ اس کے واپس آنے تک دیا بیڈ پر لیٹ گئی تھی۔

جلال بھی آتے ہی بیڈ پر اپنی سائیڈ پر لیٹ گیا۔ بیا نے بہت نا محسوس انداز میں اپنا سر جلال کے سینے پر رکھ دیا تھا۔ اور اور شکریہ کہتے ہی اپنی آنکھیں موندھ لیں تھی۔

کیونکہ اب اسے بھی جلا نے کے سینے پر سر رکھ کر سونے کی عادت ہو گئی تھی۔ اس کے بغیر تو اسے نیند ہی نہیں آتی تھی۔

لیکن بیا کے سوری کرنے پر جلال نے بیا کی طرف دیکھا تھا جو کہ آنکھیں بند کئے مسکرا رہی تھی۔ جلال نے جھک کر اسکے ماتھے پر اپنے ہونٹھوں کہ لمس چھوڑا تھا اور تھوڑی ہی دیر میں وہ دونوں بے خبر نیند کی وادیوں میں چلے گئے تھے۔

مشی کے جانے کے بعد رزم بالکل اداس ہو گیا تھا وہ اپنا زیادہ تر وقت مشی اور کومل کی قبر پر گزار تا تھا۔ دونوں کی قبریں جو کہ بلکل پاس ہی تھی۔

وہ خود کو معاف نہیں کر پا رہا تھا جو کچھ بھی اس نے مشی کے ساتھ کیا تھا۔ اس حادثے کے بعد تو جیسے اس کی دنیا رک سی گئی تھی۔

اسے نہ کھانے کا ہوش تھا نا پینے کا اسے بس ڈھونڈنا تھا اس مجرم کو جس میں مشی کا یہ حال کیا تھا۔ اسے اتنی اذیت دہ موت دی تھی۔

تحقیقات کے دوران اسے پتہ لگا کہ یہ سب شیخ نے کیا ہے اور صرف وہی اس کے کچھ اور ساتھی بھی اس کے ساتھ شامل تھے۔

اس نے شیخ کے آدمیوں کو تو پکڑ لیا تھا۔ اور ان سے اگلوا بھی لیا تھا۔ انہوں نے رضا کو سب کچھ سچ سچ بتا دیا تھا کہ کیسے شجاعت آپ نے اپنی بیٹی کا سودا کیا تھا۔

اور پھر وہاں سے لے کر بھاگ گیا اور جب ان کو پتہ لگا کہ وہ رزم کے گھر میں ہے تو وہ کچھ بھی نہیں کر پا رہے تھے لیکن جس دن رزم گھر میں موجود نہیں تھا انہوں نے مشی کو وہاں سے اٹھا لیا۔

اور اس دن وہ بچاری لڑکی ان بھیڑیوں کے ہاتھ لگ گئی تھی۔ یہ سب سننے کے بعد رزم کے دل میں تکلیف کی ایک لہر اٹھی تھی۔

غم نے ان سب کا وہ حال کیا تھا کہ وہ عبرت کا نشان ثابت ہوئے تھے۔ لیکن افسوس کہ وہ شیخ تک نہیں پہنچ پایا تھا۔ کیونکہ شیخ وہاں سے فرار ہو گیا تھا اور اب وہ کہاں ہیں کسی کو کچھ بھی نہیں پتا تھا۔

رزم نے اسے ڈھونڈنے کی بہت کوشش کی لیکن ناکام رہا۔ وہ یہ تکلیف برداشت نہیں کرپارہا تھا کہ اس کی مشی کا گنہگار اس وقت زندہ باہر گھوم رہا ہے۔

جب بھی اس سے کوئی سراغ ملتا وہ کوشش ناکام جاتی۔ اور وہ پھر سے اپنے ہاتھ ملتا رہ جاتا۔ آج پندرہ دن ہو گئے تھے اس واقعہ کو لیکن نظم کے ذہن سے جیسے وہ واقعہ چپک سا گیا تھا۔

یہ سوچ ہی تکلیف دہ تھی اس معصوم کے ساتھ اتنا غلط کیا۔ اس کا تو اپنا باپ بھی اسے بیچنے والا تھا۔ یہ بات جب رزم کو پتہ لگی تو اس کے دماغ کی رگیں تن گئی تھی۔ اور ساتھ ہی شرمندگی نے بھی آن گھیرا تھا۔ کہ وہ کتنا غلط کرتا رہا تھا۔ لیکن اب آستانے کے سوا اس کے پاس کچھ بھی نہیں تھا۔

یہی سوچ یا سے پاگل کی جارہی تھی اور وہ دن بدن لاگر ہوتا جارہا تھا۔ اس کے چہرے کی رونق تو کہیں چلی گئی تھی ۔ جب جلال کو رزم کی ایسی حالت کا پتہ لگا تو اس نے رزم کو اپنے پاس نیویارک بلا لیا۔

جلال نے جب رزم کو دیکھا تو ایک پل کے لئے وہ بھی حیران رہ گیا۔ یہ تو اس کا وہ رزم نہیں تھا جو ہنسا کھیلتا تھا اب تو وہ مسکرانا ہی بھول چکا تھا۔ جب بھی کوئی بات کرتا تو ہوں یہاں میں جواب دیتا۔

لیکن ایک بات جو اچھی ہوئی تھی وہ تھا اس کا بیا سے لگاؤ۔ بیا کو دیکھ کر اسے اپنے پن کا احساس ہوتا تھا۔ اسے بیا سے مشی کی خوشبو آتی تھی۔

اگر اس نے کومل کو کھو دیا تھا تو بیا جیسی معصوم بہن کو پا لیا تھا۔

لیکن جب وہ یہ دیکھتا کہ جلال بیا کے ساتھ کتنے اچھے طریقے سے کتنی محبت سے پیش آتا ہے تو اس کے دل میں درد کی ٹیسیں سی اٹھتی تھی۔

اور اس کے لیے یہ درد ناقابل برداشت ہو جاتا تھا۔ کیا ہوتا اگر وہ بھی جلال کی طرح صبر کر لیتا اور مشی پر اتنے ظلم نہ ڈھاتا۔ تو آج اس کی مشی بھی اس کے پاس موجود ہوتی۔

جب بھی بیا اس سے بھائی کی طرح ٹریٹ کرتی اس کے ساتھ مذاق مستی کرتی جو کہ اس کی شخصیت کا خاصا تو نہیں تھا لیکن جلال کے ساتھ رہتے رہتے وہ بھی یہ سب سیکھ گئی تھی۔

طرز میں سوچنے پر مجبور ہو جاتا تھا کہ اگر بیا کو پتہ لگے کہ

میں نے اس کی بہن کے ساتھ کیا کیا ہے ؟۔۔۔۔۔

تو کیا وہ مجھے کبھی معاف کر پائے گی؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اگر اسے پتہ لگے کہ اس کی بہن کا گناہگار میں ہوں۔ کیا کیا ہے میں نے اس کی معصوم مشی کے ساتھ۔ تو وہ میری شکل بھی دیکھنا پسند نہیں کرے گی۔

لیکن نہیں میں بیا کو مزید خود سے اتنا اٹیچ نہیں ہونے دونگا۔ میں یہاں سے چلا جاؤں گا تا کہ اسے کبھی کچھ پتہ نہ چلے ۔اور وہ مجھ سے نفرت نہ کرے۔ کیونکہ میں پہلے بھی ایک بہن کھو چکا ہوں اب اس بہن کو کھونے کی سکت مجھ میں باقی نہیں ہے۔

یہ فیصلہ کرتے ہی اگلے رزم نے پاکستان واپسی کر لی تھی۔ یہاں آ کر بھی اسکے بے چین دل کو قرار نہیں ملا تھا۔

وہ گھنٹوں اکیلا کمرے میں بیٹھا رہتا۔ یا پھر مشی کی قبر پر آ کر روتا رہتا۔

لیکن اس نے ہمت نہیں ہاری تھی وہ مسلسل شجاعت اور شیخ کو ڈھونڈنے کی تگ و دو میں لگا ہوا تھا۔

آج پھر وہ مشی کی قبر پر موجود تھا۔ اس کی قبر کی تختی کو اپنے ہاتھوں سے چھو رہا تھا۔

تیرے جانے کا غم پھر نہ آنے کا غم
اور زمانے کا غم کیا کریں

راہ دیکھے نظر عمر بھر جاگ کر
پر تیری تو خبر نہ ملے

بہت آئی تیری یادیں
مگر اس بار تم ہی آنا
ارادے پھر سے جانے کے
نہیں لانا تم ہی آنا

کوئی تو راہ ہو گی جو تیرے گھر کو جاتی ہے۔
کرو پیچھا صداؤں کا سنو کیا کہنا چاہتی ہے

تم آؤ گے مجھے ملنے خبر یہ بھی تم ہی لانا۔

بہت آئی تیری یادیں مگر اس بار تم ہی آنا

اور اسی کی قبر پر سر رکھ کر رونا شروع ہو گیا۔اپنے گناہوں کی اپنے ہر ظلم کی اس سے معافی مانگنے لگ گیا۔

جو کہ اب ملنا ناممکن تھی۔

جاری ہے۔

Buhat mushkil hoi likhny mai . lekin ap logon ka pyar dekh kr likh hi li 😍❤🙈🙈ab mai kron gi rest or kl to ni likh sko gi epi . q ky ab pin barh gya hi . parso phir try kron gi ❤😊tb tk comments krna na bholy or btye epi kc lagi🙈❤

Surprise Surprise 😍🙈

Don't copy paste without my permission💣💣💣

#ناول_مریض_ء_عشق

#رائیٹر_سندس_پری

#قسط_27_پارٹ_1

جلال نے جو وقت بیا کو دیا تھا وہ ختم ہو گیا تھا لیکن وہ بیا سے پیار نہیں عشق کرتا تھا۔ تو وہ کیسے اسکی مرضی کے بغیر اسے حاصل کرتا۔

اس لئے اس نے فیصلہ کیا تھا کے وہ اسے ٹائم دے گا۔ اور بیا خود سے پہل تو کرنے سے رہی اس لئے اس نے اسے ڈریس والا آئیڈیا دیا تھا۔

بیا جلال کو بہت تنگ کرتی تھی کہ گھر والوں سے بات کروائے لیکن جلال فرصت سے اسے ٹال دیتا۔ لیکن بیا نے ایک بڑ بہت ضد کی کہ کھانا ہی چھوڑ دیا۔

تو جلال نے ایک شرط پر اسکی بات کروائی تھی غازی سے۔ اسکے بعد وہ تب بات کر سکے گئی جب وہ دل سے جلال کو قبول کرلے گی۔ اور اسے لگے گا کے اب کوئی بھی نہیں ہے ایسا جو ان دونو کو الگ کر سکے۔

پتا نہیں کیوں لیکن بیا کو لگتا تھا کے جلال اسکے معاملے میں کچھ زیادہ ہی جنونی ہو جاتا تھا۔ کبھی کبھی وہ بھی ڈرنے لگتی تھی۔

جب بھی وہ زیادہ ضد کرتی کہ میری بات کرواؤ تو جلال ایک ہی بات کہتا تم میرے صبر کا اتنا امتحان کیوں لے رہی ہو پھر مجھے میرے صبر کا پھل دے دو میں تمہاری بات کروادوں گا بات کیا میں تمہیں خود لے جاؤں گا۔ لیکن تب جب مجھے یقین ہو جائے گا کہ ہم دو جسم اور ایک جان ہو گئے ہیں۔ " تو پھر کیا کہتی ہو جانم کہاں سے شروع کروں میں"۔

تو بیا فوراً اپنی ضد چھوڑ دیتی اسے پتہ تھا کہ جلال جو کہتا ہے وہ کر کے ہی رہتا ہے۔ اور وہ اسے کوئی بھی غلط سگنل دے کر اپنی شامت نہیں بلوانا چاہتی تھی۔

جلال بیا کو کچھ بھی بتانا نہیں چاہتا تھا۔ اس لیئے ہر بار وہی حربہ آزماتا تاکہ بیا گھر والوں کو کم سے کم یاد کرے۔ لیکن جب وہ زیادہ اداس ہوتی تو خود ہی غازی سے اسکی بات کروادیتا تھا۔ غازی کو پتا تھا اس کی بہن نازک دل کی مالک

ہے۔ اور وہ یہ سب برداشت نہیں کر پائے گئی۔ اس ملئے وہ بیا کے سامنے ہر ممکن کوشش کرتا کہ اس کے سامنے اس کا لہجہ بالکل برقرار رہے۔

لیکن جب کبھی جلال بھی شرارت کے موڈ ہوتا تو بس یہی ایک بات دہراتا رہتا تھا اور بس یہ کہنے کی دیر تھی کہ دیا تو ایسے بن جاتی ہے جسے اس نے تو کوئی فرمائش کی ہی نہیں ہے لیکن دل میں سو صلواتیں ضرور سناتی تھی۔

بیچ میں جلال اکثر کچھ دنوں کے لیے باہر میٹنگ پر جاتا تھا۔ جس کی وجہ سے بیا اسے بہت یاد کرتی تھی۔ لیکن وہ اسے کچھ کہہ نہیں پاتی تھی۔ فون ہاتھ میں پکڑ کر رکھی تھی کہ جلال فون کرے اور وہ پہلی کال پر ہی پک کر لے۔ کیونکہ خود کال کرنے کی ہمت طوس میں ہوتی نہیں تھی۔

جب جلال کال کرتا بھیا فوراً اسے کال اٹھالیں تو جلال بھی سمجھ جاتا کہ وہ فون ہاتھ میں لے کر اس کا انتظار کر رہی تھی۔

اسی طرح ان کی زندگی کی حسین دن گزر رہے تھے۔ اور ان دنوں میں جو اچھی بات ہوئی تھی وہ یہ تھی کہ جلال کے دور جانے کی وجہ سے بیا کو اس کی بہت یاد آتی تھی۔

اپنی دلی کیفیت پر قابو نہیں پا رہی تھی۔ اور سمجھنے سے قاصر تھی کیوں کہ یہ ہو کیا رہا ہے۔ جب بھی جلال بیا کے سامنے آتا اس کے دل کی دھڑکن اور تیز میں جاتی اتنی کہ لگتا دل ابھی سینہ چیر کے باہر آجائے گا۔

ایک بار تو جلال پورے ہفتے کے لیے چلا گیا تھا میٹنگ کے لئے۔ عورت بیا نے اپنا وقت بہت مشکل سے گزارا تھا۔ وہ رات کو بیٹھ کر روتی رہتی۔ حالانکہ جلال روز اسے کال کرتا۔ اور اپنی دن کی پوری روٹین کے بارے میں اس سے بات کرتا ہوں اس سے اس کے بارے میں سوال جواب کرتا۔

بیا تو اتنے میں خوش ہو جاتی تھی۔ لیکن فون رکھنے کے بعد وہ دوبارہ سے وہی پر بیٹھ کر رونا سو ہو جاتے۔۔ اور آخر کار اس نے اپنے دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر یہ تسلیم کر ہی لیا کہ وہ جلال سے محبت کرنے لگی ہے۔

جو جو کچھ جلال چاہتا تھا وہ سب کچھ بیا کو اب محسوس ہو رہا تھا۔ اور یہ نہیں تبدیلی جلال کو بہت بھائی تھی۔ جیا کی آنکھوں میں بھی وہ اپنے لیے محبت کے رائے دیکھ کر وہ تو سرشاری کی کیفیت میں اپنے آپ پر قابو نہیں رکھ پاتا تھا اور اسے اپنے سینے میں بھینچ لیتا تھا۔

لیکن ابھی بھی جو ایک دیوار تھی وہ یہ تھی کہ جلال نے بھی اسے کہا تھا کہ جب وہ اپنی دلی رضامندی دے گی تب ھی وہ اس کے قریب جائے گا۔ اور اس سے پتہ تھا کہ یہ وقت بہت جلد آنے والا ہے۔ لیکن اس کے لیے اتنا ہی کافی تھا کے اس کی بیوی سے محبت کرنے لگی ہیں اس کے علاوہ اسے دنیا میں اور کچھ بھی نہیں چاہیے تھا۔

اور آج یہی سوچتے ہوئے جلال گھر آیا تھا۔ اور سیدھا کمرے میں گیا۔ کمرے میں داخل ہوتے ہی اس کی نظر بھی آپر پڑی جو کہ ابھی ابھی واش روم سے نہا کر نکلی تھی۔

جلال کو اپنے سامنے دیکھ کر بیا وہیں پر ٹھٹک کر رک گئی تھی۔ اور فوراً سے اپنا دوپٹہ بیڈ پر سے اٹھا کر اپنے شانوں پر ڈالا تھا۔ اس سے گھنے بال جو کہ اسکے گھٹنوں تک آتے تھے۔ کسی آبشار کی طرح کمر پر لہرا رہے تھے۔

جلال بیا کو دیتے ہیں ٹرانس کی کیفیت میں اس کی طرف بڑھا۔ اور جاتے ہی اسے اپنے حصار میں قید کر لیا۔ جلال کو بیاں کے گھنے لمبے بھائیوں سے بہت محبت تھی سے بہت پسند تھے بیا کے بال۔

جلال نے اسکے بالوں میں اپنا منہ چھپا لیا۔ اور اس کے بالوں سے آتی ہوئی بھینی بھینی خوشبو کو اپنے اندر اتارنے لگا۔

بیا تو بالکل بت بن کر کھڑی ہوئی تھی۔ اس کا اپنے پیروں پر کھڑا رہنا محال ہو رہا تھا جلال نے اگر اسے کمر سے نا تھاما ہوتا تو اب تک وہ گر چکی ہوتی۔

بیا نے اپنے کپکپاتے ہاتھ جلال کے سینے پر رکھے دئے تھے۔ پر اسکی شرٹ کو مضبوطی سے اپنے ہاتھوں میں پکڑا ہوا تھا۔

جلال نے اپنا چہرہ اس کے چہرے کے قریب کیا تھا۔ اور اسکی آنکھوں میں جھانکا تھا۔ جو کے اس وقت سایہ فگن تھی۔

اور گویا ہوا تھا جانم ؟۔۔۔۔۔۔۔

جلال کی آواز میں ایسا تو کچھ تھا کے بیا اسکی طرف دیکھنے میں مجبور ہو گئی۔ لیکن اسے دیکھتے ہی اگلے پل پھر سے اپنی نظریں جھکا گئی۔

ج ج۔۔۔۔۔۔۔۔ جلال یہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ آپ کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیا کر رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔

بہت مشکل سے الفاظ ادا ہوئے تھے۔

جی جان جلال۔۔۔۔۔۔۔۔جلال تو فدا ہوا جا رہا تھا بیا کی حالت کو دیکھ کر۔

اچھا اچھا میں کچھ نہیں کر رہا لیکن اب اپنی شکل درست کرو۔بلال نے جب بیا کو رونی شکل بناتے ہوئے دیکھا تو فوراََ اسے ٹوکا۔

یار میں تو تم سے ایک بات کرنے آیا تھا۔لیکن تم تم تو مجھے ہمیشہ الجھا دیتی ہوں خود میں۔اور مجھے تمہارے اگے کچھ یاد ہی نہیں رہتا۔

اچھا چلو جو بتانی تھی وہ تو سن لو۔آج شام میں میرے فرینڈ کی وائف کہ برتھڈے ہے۔تو تم تم شام 6 بجے تیار رہنا۔اوکے تب تک میں ایک میٹنگ نپٹا کر آجاؤ گا۔

جلال بیا کے گل پر بھوسہ دے کر فوراسے کمرے سے نکل گیا تھا۔کوئی بھروسہ نہیں تھا کہ وہ ناراض ہو جاتی اس لئے خود ہی چلا گیا۔

پیچھے بیا اتنی اچانک یہ سب ہوا کے کچھ سمجھ ہی نہیں پائی کہ کیا ہوا۔ لیکن جب سمجھ آیا جلال جا چکا تھا۔ اور بیا بجائے غصّہ کرنے کے مسکرا پڑی تھی۔ جلال کی اس معصوم حرکت پر۔

جاری ہے۔

Ly g ek chota surprise hazir hai🙈❤️❤️short na kehna . kia pta sham mai ek or mil jaye . lekin short sun kr nahi meny🙄🙈

Another Surprise 🙈😍

Don't copy paste without my permission💣💣💣

#ناول_مریض_ء_عشق

#رائیٹر_سندس_پری

#قسط_27_پارٹ_2

بیا جلال کے جانے کے بعد سوچ رہی تھی کہ جلال نے مجھے کبھی اپنے دوستوں کو غیروں سے ملنے کبھی دیا ہی نہیں یہی کہہ کر کوئی مجھے دیکھ کر نظر نہ لگا دے۔

اور جلتنے مہربان کیسے ہو گئے کہ مجھے اپنے دوست کی وائف کی برتھ ڈے پر لے کر جا رہے ہیں۔ کیا وہ واقعی مجھے وہیں پر لے کر جا رہے ہیں۔؟.........

بی ابھی تک تیار نہیں ہوئی تھی اور سوچے جا رہی تھی کہ جلال اسے کہاں لے کر جا رہا ہے۔ لیکن جب اسے کچھ بھی سمجھ نہ آیا تو تھک ہار کر اس نے سوچنا ترک کیا. اور فوراً سے تیار ہونے لگی۔

جب اس نے تیار ہونے کے لئے الماری کھولی تو اس میں اسے جلال کی دی ہوئی وہی لال فراک نظر آئی۔ بیا نے وہ ڈریس اپنے ہاتھ می لیا اور بیڈ پر بیٹھ گئی۔

وہ کشمکش کا شکار تھی کے آیا وہ پہنے یہ نا پہنے۔ اسکے اور جلال کے نکاح کو 1 سال ہو گیا تھا۔ اور اس ایک سال میں جلال نے بیا سے رشتے کو لیکر کبھی بھی کوئی مانگ نہیں کی تھی۔

وہ تو اتا اور اتے ہی اسے اپنے آپ می الجھا دیتا کے بیا اسکی سنگت میں سب کچھ بھول جاتی۔ اور اسکی باتوں اور حرکتوں سے یاں تو کبھی ڈر جاتی یا تو اسکی باتو سے اسکے چہرے پر حیا کی لالی آجاتی۔

اور اب جب بیا کو بھی اس سے محبت ہو ہی گئی تھی۔ تو وہ اسے مزید انتظار نہیں کروانا چاہتی تھی۔ وہ چاہتی تھی کہ ان دونوں کا رشتہ اور بھی مظبوط ہو جائے۔

یہ سوچتے ہی اس نے جلال کا دیا ڈریس پہننے تہیہ کیا۔ یہ سوچ ہی اسکے چہرے پر مسکراہٹ کا باعث تھی۔ بیا نے چینجنگ روم کا رخ کیا اور وہی ڈریس زیب تن کئے وہ باہر آئی۔ اور اپنے پ کو شیشہ میں دیکھنے لگی۔

اور خود کو دیکھتے ہی شرما کر اپنا چہرہ اپنے ہاتھوں میں چھپا گئی۔ وہ سوچ رہی تھی کے وہ جلال کی نظروں کا مقابلہ کیسے کرے گی۔ بیا تیار تو ہو گئی تھی اب بس اسے اپنے بالوں کو حجاب سے کور کرنا تھا۔

اس سے پہلے کہ وہ کچھ کرتی جلال کمرے کا دروازہ کھولتا اندر داخل ہوا۔

جلال آج گھر جانے کے لئے بے تاب ہو رہا تھا کیوں کے اس نے بیا کے لئے سرپرائز پلین کیا تھا۔ اس لئے وہ اسے اپنے ساتھ کہیں باہر لیکر جانا چاہتا تھا۔

لیکن اسے یہ نہیں پتا تھا کہ گھر جا کر وہ خود سرپرائز ہونے والا تھا۔ اس لئے وقت سے پہلے ہی وہ گھر آ گیا اور آتے ہی کمرے کی طرف رخ کیا۔

لیکن جیسے ہی اس نے کمرے میں قدم رکھا اسکی نظر سیدھا بیا پر پڑی۔ اور کچھ دیر کے لئے تو جیسے سب کچھ ٹھہر سا گیا تھا۔ جلال تو بیا کی سادگی میں ہی اسکا دیوانہ تھا اور آج تو وہ ہتھیاروں سے لیس تھی۔

تو وہ کیسے نا اسے دیکھ کر باقی ساری دنیا کو بھولتا۔ اور اسکی خوشی کہ تو ٹھکانہ ہی نہیں تھا جب اس نے بیا کو لال ڈریس میں دیکھا وہی جو اس نے بیا کو دی تھی۔

اسکا مطلب تھا وہ کامیاب ہو گیا اپنے عشق کو کامل بنانے میں۔ اب وہ اکیلا ہی اس عشق کے مرض میں مبتلا نہیں ہے بلکہ اب بیا بھی اسی عشق کے مرض میں مبتلا ہو گئی تھی۔ وہ دونوں مریض_ء_عشق ہو گئے تھے۔

جلال ٹرانس کی کیفیت میں بیا کی طرف بڑھا اور جاتے ہی اپنا چہرہ اسکے کندھے پر ٹکا کر اسکے مکمل حسن کو شیشہ میں دیکھنے لگا۔

اگر تمہیں یہ جاننا ہے کہ تم کتنی خوبصورت اور پیاری ہو تو تمہیں اس شیشہ کی ضرورت نہیں تمہارے لئے تمہارا یہ خادم حاضر ہے۔

جلال نے اپنی طرف اشارہ کرکے کہا۔ اور بیا کا رخ اپنی طرف کیا اور بے ساختہ اسکی پیشانی پر جھکا۔ بیا نے فرط جذبات سے اپنی آنکھیں ہی میچ لی تھی کیوں کہ اسے پتا تھا۔ اب جلال کو روکنا مشکل ہے۔ کیوں کے وہ تو پہلے ہی نہیں رکتا تھا۔ اور اب تو اسے بیا کی طرف سے صاف اجازت مل گئی تھی۔ اب تو وہ اسکی ایک بھی نہیں سننے والا تھا ۔

جلال نے بیا کو اپنے سینے میں بھینچ لیا تھا ایسے جیسے اب وہ اسے کبھی کہی نہیں جانے دے گا۔ اور بیا وہ تو جلال کی مضبوط گرفت میں کراہ اٹھی تھی۔ جلال دھیرے سے بیا سے دور ہوا لیکن اپنا حصار جو اسکے گرد بندھا تھا وہ نا توڑا۔

اور اسکے کان کی لو کو اپنے لبوں سے چھوتے ہوئے گویا ہوا!۔۔۔"بہت تڑپایا ہے تم نے جانم اب تمہاری باری ہے۔ کیوں کہ آج تو جلال تمہارے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتنے والا"

بیا جو کے جلال کے حصار میں اپنا سانس روکے کھڑی تھی جب جلال نے گرفت ڈھیلی کی تو ابھی وہ ٹھیک سے دوبارہ سانس بھی نہیں لے پائی تھی کہ جلال اسکے کان پر جھکا تھا اور اپنا نرم گرم لمس چھوڑتا گویا ہوا تھا۔

بیا تو جلال کے سرگوشی نما الفاظ سن کر سٹل ھی ہو گئی تھی۔ چہرہ الگ اناری ہو رہا تھا۔ حیا کے سارے رنگ جیسے اسکے چہرے پر آگئے تھے۔ جسم کا سارا خون سمٹ کر اسکے چہرے پر آگیا تھا۔

وہ تو نظریں ھی نہیں ملا پا رہی تھی جلال سے۔ اور جلال تو مبہوت ہو کر بیا کے چہرے کے رنگوں کو دیکھنے لگا۔ اس کی لرزتی گھنی پلکوں سے ہوتے ہوئے جب جلال کی نظر اس کے ہونٹوں پر تو وہ بے ساختہ جھکا تھا۔

بیا نے جب جلال کو دوبارہ سے خود پر جھکتے پایا تو فوراسے گویا ہوئی جج۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جلال ہم۔
۔۔۔۔۔۔۔ہمیں دیر ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہو رہی ہے۔

جلال جو کہ بیا پر جھکنے ہی والا تھا لیکن جب بیا کی کپکپاتی آواز اس کے کانوں سے ٹکر آئی۔ تو وہ بیا کی حالت کو سمجھتے ہوئے اس سے دور ہوا۔

کیونکہ اگر وہ تھوڑی دیر اور اس کے قریب رہتا تو کوئی بھروسہ نہیں تھا کہ بیا بے ہوش ہو جاتی۔ اور آج کے دن تو وہ بیا کو بالکل بھی بخشنے کا ارادہ نہیں رکھتا تھا۔ آج تو وہ اس سے اپنے سارے حساب بے باک کرنے کا ارادہ رکھتا تھا۔

جلال جیسے ھی بیا سے دور ہوا بیا نے موقعہ غنیمت جانا اور جلدی سے اپنا حجاب باندھنے لگی۔ جبکہ جلال مسلسل بیا کو کو ہی دیکھے جا رہا تھا اسکی نظریں ایک پل کے لئے بھی بیا کے چہرے سے ہٹنے سے انکاری تھی۔

اور بیا تو جلال کی نظروں سے مزید کنفیوز ہو رہی تھی تیز تیز ہاتھ چلا کر اس نے حجاب باندھ اور جلدی سے کمرے سے باہر نکلی۔

جلال نے مسکراتے ہوئے بیا کی حرکت ملاحضہ فرمائی اور اسکے پیچھے ہی کار تک گیا۔ گاڑی میں بیٹھتے ہی حلال نے گاڑی زن سے بھگا دی۔ گاڑی اپنی منزل کی طرف رواں تھی جبکہ جلال کی نظریں تو بیا کی طرف تھی۔

جلال نے بیچ کے قریب گاڑی روکی۔ جبکہ بیا حیرانگی سے جلال کی طرف دیکھنے لگی کہ وہ تو کسی فرینڈ کی پارٹی کی بات کر رہا تھا۔

جانم ایسے ہی مجھے دیکھتی رہو گی یا آگے بھی بڑھو گی۔ بیا کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے جلال نے کہا تھا۔ کیونکہ بیا حیرانگی سے کبھی جلال کو دیکھ رہی تھی تو کبھی باہر کے منظر کو۔

جلال نے باہر نکل کر بیا کو بھی اترنے میں مدد دی اور اس کے پاؤں سینڈل سے آزاد کروا کر اسے اپنے ساتھ لگائے گیلی ریت پر چلنے لگا اس وقت بیچ بلکل سنسان تھا وہاں کوئی بھی زی روح موجود نہیں تھا۔

جلال آپ نے جھوٹ بولا تھا مجھ۔۔۔۔۔؟یہاں تو کوئی بھی نہیں ہے اور کون کرتا ہے بھلا یہاں پر برتھڈے سیلیبریٹ مجھے الو بنا کر لائے ہیں آپ۔

اور میں نے اسے ہی اتنا ہیوی ڈریس پہن لیا ہے۔بیا تو مسلسل بولے جا رہی تھی جبکہ جلال مسکراتے ہوئے بیا کو سن رہا تھا۔

اچانک جلال نے بیا کا رخ اپنی طرف کیا اور اس سے پہلے وہ کچھ سمجھتی اسے اپنے بازوؤں میں بھر لیا۔"جانم میں نے تو تمہارے لئے سرپرائز پلین کیا تھا لیکن یہ ڈریس پہن کر تم نے مجھے ہی سرپرائز کر دیا ہے۔"

اور اب گفٹ کے طور پر تمہیں ساری رات میری شدتیں برداشت کرنی پڑے گی۔بولو کر لوگی نا۔جلال نے بیا کو ہٹ میں اتے ہی اندر دروازے کے ساتھ لگا کر اسکے دونوہاتھوں کو اپنے ہاتھوں کی گرفت میں لیکر اوپر دیوار کے ساتھ لگا کر پوچھا تھا۔

جبکہ بیا تو اپنی پلکیں ہی نہیں اٹھا رہی تھی۔ جلال نے بیا کو ٹھوڑی سے تھام کر اسکا چہرہ اوپر کیا تھا۔ بیا نے ایک پل کے لئے جلال کی نظروں میں دیکھا تھا جہاں پر اسکے جذبات کا ایک ٹھاٹھیں مارتا سمندر موجزن تھا۔

تبھی میوزک پلیئر آن ہوا تھا۔ اور گانے کے بول کے ساتھ جلال بھی بیا کو لیکر اسے گول گول گھما رہا تھا۔

مریض عشق ہوں میں کردے دوا

مریض عشق ہوں میں کردے دوا

ہاتھ رکھ دے تو دل پہ ذرا

ہاتھ رکھ دے تو دل پہ ذرا

طلب ہے تو تو ہے نشہ

غلام ہے دل یہ تیرا

کھل کے ذرا جی لوں تجھے

آجا میری سانسوں میں آ

طلب ہے تو تو ہے نشہ

غلام ہے دل یہ تیرا

کھل کے ذرا جی لوں تجھے

آجا میری سانسوں میں آ

مریض عشق ہوں میں کر دے دوا

مریض عشق ہوں میں کر دے دوا

ہاتھ رکھ دے تو دل پہ ذرا

ہاتھ رکھ دے تو دل پہ ذرا

تجھے میرے رب نے ملایا

میں نے تجھے اپنا بنایا

اب نا بچھڑنا خدایا

محبت روح کی ہی لازم غزا

پورا کمرا اسرخ گلابوں سے سجا ہوا تھا۔بیڈ پر ہارٹ شیپ کا پھولوں سے دل بنایا گیا تھا۔

جلال نے دیرنا کرتے ہوئے ایک ہی جست میں بیا کو اپنے بازوؤں میں بھرا تھا اور لے جا کر بیڈ پر لٹایا تھا۔بیا کے ماتھے پر پسینے کی ننھی ننھی بوندے نمودار ہوئی تھی۔

جلال بیا کے پاس ہی بیڈ پر بیٹھ گیا۔اور بیا کو شانوں سے تھاما تھا۔اور اسکے ماتھے سے پسینے کی ننھی بوندھے صاف کرتے جھکا تھا۔

بیا نے بے اختیار جلال کو پکارہ تھا۔ ششش۔۔۔۔۔۔۔جانم۔۔۔۔۔آج بولنا نہیں ہے آج تو بس محسوس کرنا ہے ۔کہ کتنا تڑپا ہوں میں تمہارے لئے۔یہ دن و مہینے کیسے صبر کیا ہے یہ میں ہی جانتا ہوں۔

کہتے ساتھ ہی اس نے ہاتھ بڑھا کر لائٹ اوف کی تھی۔اور بیا کو اپنے حصار میں قید کرتے وہ جھکتا چلا گیا تھا۔کمرے میں فسوں خیز خاموشی کہ راج تھا۔اور یہ رات بیا اور جلال کی محبت کی تکمیل کی رات تھی۔

جیسے جیسے رات قطرہ قطرہ گزر رہی تھی۔ ویسے ہی بیا بھی اپنے آپ میں سمٹتی جا رہی تھی۔ اور ایسا کر کے وہ جلال کو اور اپنی طرف متوجہ کر رہی تھی۔ جلال کی بھڑتی شدتیں اور جسارتوں پر وہ پگھلی جا رہی تھی۔

جاری ہے۔

Ye ly g epi 🙈😍😍ab jaldi sy achy achy comments b kr dy 🙈😍❤️

Don't copy paste without my permission💣💣💣

#ناول_مریض_ء_عشق

#رائیٹر_سندس_پری

#قسط_28

کھڑکی سے چھن کر کے آتی سورج کی روشنی بیا کے چہرے پر پڑ رہی تھی. رات بیا کی خود سپردگی دیکھ کر جلال تو بلکل ہی بیا پر قابض ہو گیا تھا. تھا کہ بیا کبھیبا تکیہ کو اپنی مٹھیوں میں جکڑ لیتی تو کبھی اپنے ناخن جلال کی کمر پر گاڑھ دیتی.

اور جلال کسی قیمتی سرمایہ کی طرح بیا کو خود میں بھینچے جا رہا تھا. رات کا ایک ایک منظر جب جلال کی سوچ کے پردے پر لہرایا تو ایک دلکش مسکراہٹ نے اسکے لبوں کا آحاطہ کیا تھا.

جلال نے بیا کی چہرے پر آتے ہوئے بالوں کو اسکے کان کی پیچھے کیا پر اسکے کان میں سرگوشی کی "نئی زندگی کی خوبصورت صبح مبارک ہو جانم" کہتے ہوئے ہیکہتے اسکی کان کی لو کو اپنے لبوں سے چھو لیا.

جلال کا دل تو نہیں کر رہا تھا لیکن ٹائم لیٹ ہو رہا تھا اور انکو گھر بھی جانا تھا وہ دونوں ابھی تک بیچ پہ موجود ہٹ میں موجود تھے. تھے

اس لئے جلال بیا کو جگا رہا تھا کی وہ لوگ ٹائم سی گھر پہنچ جائے. جلال نی بیا کے بالوں لی لٹ کو اپنے ہاتھ میں لیا ور اسے بیا کے کان کی قریب کر کے اسے گدگدانے لگا. لیکن بیا ہر بار جلال کا ہاتھ جھٹک دیتی.

اب کی بار جلال نی بالوں کو چھوڑا اور خود بیا کی آنکھوں پر باری باری جھکا لیکن بیا ابھی بھی گہری نیند میں تھی. جلال نی آخری بار بیا کو کندھے سے پکڑ کر ہلایا لیکن کوئی جواب موصول نا ہوا اب کی بار جلال بیا کی ماتھے پر اپنے پیار کی مہر لگا کر ہٹا.

لیکن ندارد بیا تو اٹھنے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی۔ شاید وہ تھکن کی وجہ سے کچھ زیادہ ہی گہری نیند میں تھی۔ جلال نے اسے کندھوں سے پکڑ کے ہلایا لیکن بیا نے جلال کے ہاتھوں کو جھٹک دیا اور اور زیادہ مضبوطی سے اپنے بازو اس کے گرد حائل کر کے سو گئی۔

جلال نے بیا کا رخ اپنی طرف کیا۔ اور اپنے چہرے پر معنی خیز مسکراہٹ لیے وہ بیا کہ ہونٹوں پر جھکا۔ لیکن اس سے پہلے وہ بیا کے ہاتھوں کو اپنی گرفت میں لینا نہ بھولا تھا۔

بیا کو نیند میں ایسا محسوس کیا اس کا سانس لینا دشوار ہو رہا ہے۔ اس نے جھٹکے سے اپنی آنکھیں کھولی تھی۔ لیکن تب تک جلال بیا کو اپنی گرفت میں لے چکا تھا۔

بیا جلال کے سینے پر ہاتھ رکھ کر اسے کچھ دور کرنے کی کوشش کرنے لگی تھی۔ لیکن اب یہ ناممکن تھا۔ بیا تو جلال کی گرفت میں پھڑ پھڑا کر رہ گئی تھی۔

اور جلال وہ تو بس اسے تنگ کر رہا تھا۔ لیکن تنگ کرتے کرتے وہ خود اپنے آپ کو روک نہیں پایا تھا۔ اور ایک بار پھر سے بیا پر قابض ہو چکا تھا۔

جلال نے اپنی بھرپور من مانی کے بعد بیا کو اپنی گرفت سے آزاد کیا تھا۔ اور اس کے کان پر اپنا لمس چھوڑتے ہوئے گویا ہوا تھا۔

"جانم میرا دل تو نہیں کر رہا تمہیں چھوڑنے کا، لیکن کیا کروں گھر بھی تو جانا ہے تو باقی کی کلاس ہم گھر میں پوری کریں گے"

بیا نے جب جلال کے الفاظ سنے تو فوراً اسے اپنا منہ کمفرٹر میں چھپا لیا۔ اور گہرے گہرے سانس لے کر خود کو نارمل کرنے کی کوشش کرنے لگی۔

وہ تو ایک رات میں ہی جلال کی شدتوں سے گھبرا گئی تھی۔ اور صبح اٹھتے ہی جلال پھر سے شروع ہو گیا تھا۔

اب بیا کو کیا پتا تھا کہ وہ خود ہی اتنے معصوم طریقے سے سو رہی تھی کہ جلال خود پر کنٹرول نہیں کر پایا۔

اور جلال کو بھی ساری غلطی بیا کی ہی لگی تھی۔ کیوں اتنی حسین تھی۔ اور دن بدن وہ جلال کو اور بھی عزیز ہوتی جا رہی تھی۔ اب اس میں سارا قصور تو بیا کا ہی تھا۔

جلال تو ہر الزام سے بری الزماں ہو گیا تھا۔ اس کا ماننا تھا کہ اس کی جانم ہے ہی اتنی حسین کہ وہ خود کے منہ زور جذبات کو روک نہیں پاتا۔

جلال نے اپنا دایاں ہاتھ اپنے بالوں میں پھیرا تھا اور بیا کے منہ سے کمفرٹر ہٹایا تھا۔ بیا نے فوراً سے اپنے چہرے کو اپنے دونوں ہاتھوں میں چھپا لیا۔

"جانم اب چھپانے کا کیا فائدہ اب تو میں سب کچھ دیکھ چکا ہوں ابھی تو تم نے میری شدتیں دیکھی ہی کہاں ہے یہ تو بس ٹریلر تھا فلم ابھی باقی ہے"

تم مجھے یہ بتاؤ کہ وہ فلم گھر جا کر دیکھنی ہے یا ابھی یہاں پر کر کے دکھا دوں۔

جلال دوبارہ سے بیا کی طرف جھکا تھا۔ لیکن بیا نے جلال کو جھکتا ہوا دیکھ کر پاس پڑا تکیہ اٹھایا تھا اور جلال کو دے مارا تھا۔

تکیہ مارنے کے بعد فوراسے اسے دھکا دے کر خود بھاگ کر بیڈ سے اتری اور چپل اپنے پاؤں میں اڑستے ہوئے فوراسے واش روم میں بند ہو گی۔

بیا نے جو تکیہ جلال کو مارا تھا جلال نے فوراسے کیچ کیا۔ اور بیا کے دھکے کی وجہ سے جلال کو تو کوئی فرق پڑا نہیں تھا۔ ہاں البتہ بیا کی اس حرکت کی وجہ سے کمرے میں جلال کا زندگی سے بھرپور چھت پھاڑ قہقہہ گونجا تھا۔

بیا کے باتھروم سے نکلنے تک جلال نے ناشتہ منگوا لیا تھا۔ اور اب روم میں ہی ٹیبل پر ناشتہ لگا کر بیا کا ویٹ کرنے لگا۔ اسی اثنا میں بیا بھی فریش ہو کر باتھروم سے باہر آئی۔

اسے پتا تھا جلال بس اب اسے تنگ کرنے کے بہانے ڈھونڈتا ہے اسی لئے باتھروم سے ہی اپنے بالوں کو کور کر کے باہر آئی اور بیڈ پر رکھا اپنا دوپٹہ اپنے شانوں پر پھیلا کر جلال کے ساتھ ناشتہ کرنے بیٹھ گئی۔

اور جلال نے بھی بغیر بیا کو تنگ کئے آرام سے اپنا بریک فاسٹ ختم کیا۔ کیوں کہ اسے پتا تھا اگر وہ زیادہ تنگ کرے گا تو بیا ناشتہ ادھورا ہی چھوڑ دے گی۔ اور جلال بیا کی صحت کے ساتھ کوئی کمپرومائز نہیں کر سکتا تھا۔

ناشتے کے بعد دونوں نے واپسی کا سفر طے کیا۔ جس میں جلال نے تو قسم کھا رکھی تھی کہ وہ بیا کو زچ کر کے ہی رہے گا۔ کبھی گاڑی چلاتے ہوئے اسکا ہاتھ پکڑ لیتا۔ تو کبھی اسے ہی اپنے ساتھ لگا لیتا۔

اور جلال کی ان حرکتوں کو دیکھ کر بیا کا حلق خشک ہو جاتا۔ بیا نے تو توبہ کر لی تھی کہ ایک بار گھر آجائے وہ جلال کے ساتھ کبھی ڈرائیو پر نہیں جائے گی۔

اور اسی طرح وہ دونوں خوشی خوشی ایک دوسرے کے سنگ اپنی زندگی کی منزلیں طے کر رہے تھے۔ جلال اور بیا دونوں ہی ایک دوسرے کے ساتھ خوش تھے ایک اگر نظر نا اتا تو دوسرا بے چین ہو جاتا تھا۔

❤️ یہی تو محبت ہے کے محبوب نظروں کے سامنے نا ہو تو بے چینی ہو اور اگر ہو تو دل کا قرار ❤️

دو سال بعد۔۔۔۔۔۔!!!!!!!!

وقت کا کام ہے گزرنا اور وہ گزر رہا تھا۔ لیکن گزرتے ہر دن کے ساتھ۔ رزم کی تکلیف میں بھی اضافہ ہو رہا تھا۔ جو کے اسے نرم دل تو کیا ہی بات ہے بلکہ اور سنگدل بنا رہا تھا۔ اسے کسی سے کوئی غرض نہیں تھی۔ اسکا کام تھا ڈیوٹی اور اسکے بعد تنہائی میں مشی کی یاد۔

وہ خود کو معاف نہیں کر پا رہا تھا۔ کیوں کہ کام ہی ایسا کیا تھا۔ مشی کو اسکی فیملی کی نظر میں اسے بدنام کر دیا تھا رزم نے کہ وہ چاہ کر بھی ان کے سامنے نہیں جا سکتی تھی۔ اور جاتی بھی کیسے کونسا اسے رہائی دی گئی تھی ؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور اتنا ہی نہیں معاشرہ میں بھی بھلا ایک بھاگی ہوئی لڑکی کی کیا عزت رہ جاتی ہے۔ کوئی عزت نہیں ہوتی۔ اور اتنا ہی نہیں خود بھی تو ظلم کی انتہا کی تھی اس نے مشی پر۔ جب وہ چپ چاپ سب سہہ لیتی تو اپنے لفظوں کے نشتر چلاتا تھا اس پر۔

لیکن وقت کا کام ہے گزرنا اور وہ گزر رہا تھا۔ فرق بس اتنا تھا کے اب رزم جعفری وہی پر رک گیا تھا زندگی کے اس موڑ پر جہاں اسکی مشی تھی اسکی کھلکھلاتی ہنسی تھی۔

لیکن اس دوران جو بدلاؤ آیا تھا۔ وہ یہ تھا کہ اب تو رزم خاصا مغرور اور کم گھو ہو گیا تھا۔ اگر کوئی بات کرے تو جواب ندارد۔ اور اگر کوئی ظلم کرتے ہوئے پکڑا جاتا وہ بھی لڑکیوں پر تو اس وقت رزم اپنے اپے سے ہی باہر ہو جاتا۔

لیلیٰ نے اقرار جرم بھی کر لیا تھا۔ اس لئے اسکی سزا کم کر دی گئی تھی۔ اور اب وہ بھی ایک پر سکون اور عزت والی زندگی جی رہی تھی۔ مشی کا اسے بھی افسوس ہوا تھا لیکن یہ سوچ کر قبول کر لیا کے اب رزم اسکا ہی ہے۔

وہ ہر ممکن کوشش کرتی رزم کو خوش کرنے کی۔ اب تو وہ کیسز میں اسکی ہیلپ بھی کرنے لگی تھی۔ اسے پتا تھا اس جرم کی دنیا میں کیسے ٹریپ کیا جاتا ہے ایسے لوگوں کو۔

لیکن رزم تو وہی ایک مرغی کی ٹانگ اسکا ماننا تھا کے مشی اسکی زندگی میں انے والی پہلی اور آخری لڑکی تھی اب اسکی جگہ کوئی نہیں لے سکتا۔

اب رزم اور لیلیٰ جس کیس میں کام کر رہے تھے اس میں نابالغ لڑکیوں کو غیر قانونی طریقے سے باہر لے جایا جا رہا تھا۔ کوشش تو بہت کی تھی کے انکو روکا جاسکے لیکن وہ لوگ ناکام ہو گئے تھے۔ پر رزم نے ہار نہیں مانی تھی اس نے سوچ لیا تھا وہ ان لڑکیوں کو رہائی اور انصاف دلا کر رہے گا۔

اور اسی سلسلے میں اس نے اگلے دن سویڈن کی پہلی فلائٹ پر روانگی کرنی تھی۔ اسکا ارادہ پہلے لڑکیوں کو بازیاب کر وانے کا تھا۔ اس کے بعد وہاں پر اسکے انکل اور انٹی مس نیلوفر اور مسٹر خلیل رہتے تھے انکے پاس جانا تھا۔

مس نیلوفر نن مسلم تھی لیکن جب مسٹر خلیل انکی زندگی میں آئے تو انکے حسن اخلاق کو دیکھ کر وہ اتنا انسپائر ہوئی تھی کے انہوں نے اسلام قبول کر لیا۔

اور اسکے کچھ ہی مہینوں بعد انہوں نے ان سے نکاح کر لیا۔ وہ دونو بہت خوش تھے لیکن ایک کمی جو کے نیلوفر کو لگتی تھی وہ تھی اولاد. انکی شادی کو 5 سال ہو گئے اور کوئی خوشخبری نہیں ملی تھی۔

تب وہ اپنے دوست کے پاس نیلوفر کو لیکر آئے تھے انکی وائف کے پاس تاکہ نیلوفر بھی تھوڑا اس سوچ سے باہر نکلے گی۔ اس طرح انکی دوستی اور گہری ہو گئی۔

لیکن اللہ کو تو کچھ اور ہی منظور تھا جب رزم کے ساتھ یہ حادثہ ہوا اس دن وہ لوگ واپس جا رہے تھے۔ انہیں کیا پتا تھا اس دن انکا جان سے پیارا دوست انکو اکیلا چھوڑ کر چلا جائے گا۔ لیکن جاتے ہوئے اپنا لخت جگر انکو دے جائیگا۔

ان دونوں نے رزم کو اپنا سگا بیٹا بنا کر پالا تھا۔ وہ ایک پل کے لیے رزم کو خود سے دور جانے نہیں دیتے تھے۔ جب رزم ان کی زندگی میں آیا۔ تو اس کے آنے کے بعد تین سال میں ان کو بھی ایک خوشخبری مرحا کی صورت میں مل گئی تھی۔ لیکن وہ اپنی خوشیوں کا سارا حقدار رزم کو ہی سمجھتے تھے کیونکہ رزم ان کی زندگی میں جب آیا تھا تب ہی ان کو یہ خوشی نصیب ہوئی تھی۔

وہ تو ایک پل کے لئے رزم کو خود سے دور نہیں جانے دیتی تھی۔ لیکن مرحا کے آنے کے بعد رزم کو اور بھی بہانہ مل گیا تھا۔ پہلے تو نیلو فر یہی کہتی تھی کہ میں اکیلی بور ہو جاتی ہوں اکیلا محسوس کرتی ہوں۔ لیکن اب ان کی یہ وجہ مرحا کے آنے کے بعد ختم ہو گئی تھی۔ اس لئے رزم نے ان سے اجازت مانگی تھی پاکستان واپس جانے کے لئے۔

پہلے تو انہوں نے بہت منع کیا تھا لیکن رزم کی ضد کی وجہ سے انہوں نے اسے پاکستان جانے کی اجازت دی کیونکہ وہ پولیس افسر بننا چاہتا تھا۔

رزم اکثر ان سے ملنے کے لیئے جایا کرتا تھا۔ لیکن اس کی جاب کی نوعیت ہی ایسی تھی۔ کہ کبھی کبھی تو وہ سالہا سال ان کے پاس جا نہیں پاتا تھا۔

کومل کے بارے میں بھی اس نے انہیں کچھ نہیں بتایا تھا۔ اس نے یہی ظاہر کیا تھا کہ جب ان کو ملی تھیں اس کے بعد علاج کے دوران اس کی ڈیتھ ہو گئی تھی۔ اس لیئے اس کے انکل آنٹی دونوں اس بات سے انجان تھے۔

لیکن ان کو اتنا تو پتا تھا کہ رزم شجاعت سے بدلے کے لیئے واپس گیا ہے اور اس نے پولیس جوائن کی ہے۔ اور یہیں اس ہی بدلے میں تو اس سے غلطی ہوئی تھی۔

"اس بدلے کی آگ میں وہ ایک معصوم زندگی کو برباد کر چکا تھا۔ اور صرف اسے نہیں خود کو بھی برباد کر چکا تھا"۔

کم گو تو پہلے ہی تھا لیکن جو اس کی شوخی تھی جو کہ اس کی عادت کا خاصہ تھی وہ بھی اب چلی گئی تھی۔ اس نے اپنے آپ کو روبوٹک مشین بنا لیا تھا۔ جذبات سے عاری انسان۔

ان دو سالوں میں مطربہ کی زندگی بھی بہت بدل چکی تھی۔ ہر وقت وہ ایک نئی فرمائش لیکر جلال کے پاس موجود ہوتی تھی۔

پہلے تو جلال سے ٹال دیتا تھا لیکن اب بھی آکی وجہ سے وہ سٹال بھی نہیں سکتا تھا۔ کیوں کہ مطربہ ہمیشہ بیا کو آگے کر دیتی تھی اور ایسا ہو بھی نہیں سکتا تھا کہ بیا جلال کو کچھ کہے اور جلال کرے نا۔

اس مطربہ کو تو فل آزادی مل گئی تھی۔ اسے کچھ بھی جلال سے کروانا ہوتا تو فوراسے جا کے اپنی بھابھی کے پاس بیٹھ جاتی تھی۔ اور بیا اسے تو مطربہ میں مشی نظر آتی تھی۔

اس لیے اس نے مطلوبہ کو بھی بالکل مشی کی طرح ہی لاڈوں میں رکھا ہوا تھا۔ اسے کیا پتہ تھا کہ مطربہ اصل میں ہے کیا چیز۔

کیونکہ مطربہ فیس ہی اتنا معصوم سا بنا کر اس کے پاس بیٹھی تھی کہ دنیا جہاں کی ساری معصومیت کی اسے مطربہ کے چہرے میں نظر آتی تھی۔

اور مطربہ کی نئی نئی اور عجیب وغریب خواہشوں پر جلال اسے گھور کے رہ جاتا تھا۔ کیونکہ اگر وہ اسے نہ کرتا تو بیا اس سے ناراض ہو جاتی تھی۔

اور بیا کی ناراضگی کا مطلب تھا۔ کہ بیا ایک الگ کمرے میں سونا شروع کر دیتی تھی۔ حالانکہ رات کو جلال اسے زبردستی لے آتا تھا۔ لیکن بیا کا بھولا ہوا چہرہ دیکھ کر اسے اس پر اور ٹوٹ کر پیار آتا تھا اس لیے وہ اس کی کوئی بھی بات کو منع نہیں کرتا تھا۔

کیونکہ اگر منع کرتا تو وہ ایک ہی ضد کرتی کہ آمنہ بیگم سے بات کروں یا مشی سے۔ جلال غازی سے تو اس کی بات کروا دیتا تھا۔ لیکن مشی اور آمنہ بیگم سے وہ اس کی بات کیسے کرواتا۔

جب بھی اب بہت زیادہ ضد کرتی تو وہ وائس چینج کر کے آمنہ بیگم اور مشی کی بات اس سے کرواتا۔ جس سے اسے پتا نہیں چلتا تھا۔ کیونکہ جلال اسے کچھ سوچنے ہی نہیں دیتا تھا اور پھر اسے اپنے آپ میں اتنا مصروف کر لیتا کہ وہ سب کچھ بھول جاتی۔

اور اس آزادی اور بیا کی چھوٹ کی وجہ سے مطربہ نے ایک نئی خواہش کا اظہار کیا تھا جلال کے سامنے۔ پہلے تو جلال نہیں انکار کیا لیکن بیا کے سمجھانے کے بعد اس نے بھی سوچا کہ اس خواہش کو پورا کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

اور وہ خواہش یہ تھی کہ اسے باکسنگ گیراج اور جم ایریا چاہیے تھا۔ خود تو وہ تھی ہی بلیک بیلٹ، "اور اس کا یہی شوق تھا کہ وہ لڑکیوں کو بھی مضبوط بنائے تا کہ وہ خود کے لیے خود لڑ سکیں اور اپنے لئے خود اسٹینڈ لے سکیں"۔

اور جو لوگ لڑکیوں کو کمزور سمجھتے ہیں ان کو منہ توڑ جواب دے سکے۔ اس لیے وہ اس میں بچوں اور بچیوں کو بھی باکسنگ سکھاتی تھی۔

فلحال مطی نے اپنی رہائش سویڈن میں ہی کر رکھی تھی۔ وہ اکثر جلال کے پاس نیویارک چلی جایا کرتی تھیں۔ لیکن اپنا زیادہ تر وقت وہ یہاں پر صرف کرتی تھی۔ ان سالوں میں نہ چاہنے کے باوجود بھی وہ غازی کو بھلا نہیں پائے تھی۔

اس نے بے شک اس کا نمبر بلاک کر دیا تھا لیکن وہ سوشل میڈیا پر اس کی ایکٹیویٹی کو چیک کرتی رہتی تھی۔ کچھ ٹائم بعد وہ بھی بند ہو گیا تھا۔

اپنے دل کو بہت سمجھاتے کہ بہت پڑتی تھی لیکن پھر بھی اس کا دل کہ اس کے کنٹرول میں رہتا تھا۔ اور اب تو اس نے اپنے اوپر اس پھول چڑھا لیا تھا۔ کہ وہ کبھی گوزائل شجاعت عرف غازی سے ملی ہی نہیں۔

وہ تو یہی سوچ کر بیٹھی تھی اگر زندگی میں کبھی غازی سوچ کا سامنا ہوا تو وہ تو اسے پہچاننے سے صاف انکار کر دے گی۔ تب غازی کو پتہ چلے گا کہ ہوتے ہوئے بھی کسی کو اگنور کرنا کیا ہوتا ہے۔

آج بھی وہ باکسنگ کلاس ختم ہونے کے بعد گھر کی طرف روانہ ہو رہی تھی۔ کے راستے میں کچھ لڑکوں نے اسے دیکھ کر سیٹی بجانا اور تاڑنا شروع کر دیا تھا۔

مطربہ کہا پیچھے رہنے والی تھی۔ اس نے اپنی سائیکل کو ایک سائیڈ پر لگایا اور اتر گئی میدان میں۔ مطربہ خاموشی سے جا کر ان کے سامنے دونوں ہاتھ اپنے سینے پر باندھ کر کھڑی ہو گئی۔

بلیک سکرٹ اور بلیک ہی پینٹ میں گلے میں مفلر ڈالے ہوئے پور نو میں مسلسل ببل گم چباتے ہوئے وہ لڑکوں کا اوپر سے نیچے میں تک معائنہ کر رہی تھی۔

وہ تین لڑکے تھے۔ شکل صورت سے ہی لوفر ٹائپ لگ رہے تھے۔ تھے تینوں ہی کمزور سے لیکن وہی پرانی عادت کے اکیلی لڑکی کو دیکھ کر شیر بن کے کھڑے ہو جاتے تھے گیدڑ کہیں کے۔ اب ان کو کیا پتا تھا کہ سیٹی مار کر انہوں نے اپنی ہی شامت کو خود دعوت دی ہے۔

ایک لڑکے نے مطلوبہ کا ہاتھ پکڑنا چاہا تھا کہ مطربہ نے اس کا وہی ہاتھ مروڑ کر پیچھے لے جا کر دوسرے ہاتھ پانچ بنا کر اس کے منہ پر مکو کی برسات کر دی۔ اس لڑکے کے منہ سے منہ اور ناک سے خون نکلنا شروع ہو گیا تھا۔

اس کے بعد اس نے اس کے پیٹ میں ایک کک رسید کی تھی۔ اس سے پہلے کہ دوسرا ساتھی مطربہ پر حملہ کرتا مطربہ نے اسے بالوں سے پکڑ کر اسی کی بائیک کے اوپر اس کے سر کو مارنا شروع کر دیا۔

اس کے سر سے خون نکلنا شروع ہو گیا تیسرے نے آ کر پیچھے سے مطربہ کو چکڑا مطربہ کی رہو میں تو خون کی روانگی مزید بڑھ گئی تھی اس کی ہمت کیسے ہوئی کو شرم مطربہ کو ٹچ کیا۔

مطلب ہم اس کے دونوں ہاتھ پکڑے اور خود کو اس کی گرفت سے چھڑوا کر ایک زوردار کک اس کے مین پارٹ پر رسید کی تھی۔ اس لڑکے کی چیخیں تو سننے لائیک تھی۔ وہ تو وہی پر گر کر تڑپ تڑپ کر رونے لگا۔

مطربہ نے ان تینوں پر ایک افسوس بھری نظر ڈالی۔ اور ان کے پاس ہی نیچے بیٹھ کر۔ انگلی اٹھا کر ان کو وارن کیا۔

آج کے بعد اگر تم لوگ مجھے کسی بھی لڑکی کو چھڑتے ہوئی اتارتے ہوئے نظر آئے تو تم لوگوں کا اس سے بھی برا حشر کروں گی۔

تم لوگوں کو کیا لگتا ہے کہ لڑکی ذات کمزور ہے تم لوگ کچھ بھی کرو گے اور ہم تم لوگوں کو جواب نہیں دے سکتے۔

تو اپنی غلط فہمی دور کر لو۔ کیونکہ تمہارے سامنے کوئی دبو قسم کی لڑکی نہیں کھڑی "مطربہ سکندر" کھڑی ہے۔ جس نے نہ ہی جھکنا سیکھا ہے اور نہ ہی ٹوٹنا۔ ہاں البتہ توڑنا ضرور سیکھا ہے۔

"Yani çocuklar benden uzak dur"

"Ve bunu bir başkasıyla tekrar cesaret etme"

“Aksi takdirde bir dahaki sefere sonuç daha kötü olur”

(“ So boys stay away from me “

“And don’t dare to this agin with anyone else “

“Otherwise next time the result will be worse “)

اور پولیس کا سائرن سنتے ہی مطر بہ بھرتی سے اپنی سائیکل پر بیٹھ کر وہاں سے روانا ہو گئی۔

اور ادھر غازی بھی اپنی زندگی میں مصروف ہو گیا تھا۔ اس نے اپنے آپ کو ایک مشین بنا لیا تھا ایک کام کرنے والی مشین۔

اس نے اپنی پوری روٹین سیٹ کر کے رکھی ہوئی تھی کہ اس نے کتنے بجے اٹھنا ہے، کیا کرنا ہے، کیا کھانا ہے، کیا پینا ہے، کتنے بجے ماما کی کیئر کرنی ہے اور کتنے بجے ان کو پارک لے کر جانا ہے۔

کچھ مہینے پہلے ہی آمنہ بیگم کوما سے تو باہر آگئی تھی۔ لیکن نہ وہ بول سکتی تھی اور نہ ہی وہ ہل جل سکتی تھی بس سن سکتی تھی۔

غازی آج بھی انکو اپنے ساتھ لیکر پارک آیا ہوا تھا بس ایک یہی وقت ہوتا تھا جب اسے سکون میسر ہوتا تھا۔ کیوں کے وہ اس وقت اپنی جنت اپنی ماں کے ساتھ وقت گزارتا تھا۔

غازی نے آمنہ بیگم کی وہیل چیئر کو وہی پر موجود بینچ کے پاس لے جا کر روک دیا خود بھی انکے پاس وہی پر نیچے گھاس پر بیٹھ گیا۔

غازی نے آمنہ بیگم کے دونوں ساکت ہاتھوں کو اپنی گرفت میں لیکر ان پر دباؤ ڈالا تھا۔ اور گویا ہوا تھا۔

"ماما پلیز بات تو کریں آپ مجھ سے۔ کیا میں اتنا برا بیٹا ہوں کے آپ مجھ سے بات تک نہیں کرتیں"

آپ مجھ سے بلکل بھی پیار نہیں کرتی نا۔ آپ کو ترس نہیں اتا نا مجھ پر؟؟؟؟؟۔۔۔۔۔۔۔اسی لئے مجھے تنگ کر رہی ہیں۔ پلیز جلدی ٹھیک ہو جائیے۔ میری برداشت اب ختم ہو رہی ہے۔

پلیز ماما۔ غازی آمنہ بیگم کے ہاتھ کو تھامے مسلسل روئے جارہا تھا کہ اچانک غازی کو اپنے ہاتھ پر کچھ گیلا سا محسوس ہوا تھا اس نے جب نظریں اوپر اٹھائیں تو خوشی سے اس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے کیوں کہ آمنہ بیگم کی آنکھ سے آنسو ہی تھا جو اس کے ہاتھ پر گرا تھا۔

غازی نے فوراً سے آمنہ بیگم کے آنسو پونچھے تھے۔ یہ ایک مثبت سائن تھا۔ اس کا مطلب تھا کہ آمنہ بیگم اب ریکوری کی طرف جا رہی ہیں۔

ماما آپ بالکل بھی پریشان نہ ہوں میں بالکل ٹھیک ہوں اب آپ انشاء اللہ جلدی سے ٹھیک ہو جائیں پھر ہم خوب مستی کریں گے۔ لو یو ماما۔

اور غازی نے پارک میں بہت اچھا ٹائم گزارا تھا۔ اور شام کے سائے لہرانے سے پہلے وہ آمنہ بیگم کو لے کر واپس گھر آ گیا تھا۔

ان کو کھانا کھلانے کے بعد وہ سیدھا اپنے کمرے میں گیا اور کل کی میٹنگ کی تیاری کرنے لگا جو کہ بہت امپورٹنٹ تھی.

اور اسی میٹینگ کے سلسلے میں اسے کل پہلی فلائٹ سے سویڈن جانا تھا. آمنہ بیگم کو وہ اپنے ساتھ ہی لیکر جانے والا تھا. تاکے میٹینگ کی بعد بیا کی پاس لے جا سکے.

جاری ہے۔

Ab agr ap logon ky comments long nahi hoye na to mai nahi likho gi epi. 😒😒😒😒😒😒next epi ap logon ky comnts pr depend krti hai.🙈😜😍 q ky ab story or interusting hony j rahi hai 🙈🙈😍

Don't copy paste without my permission💣💣💣

#ناول_مریض_ء_عشق

#رائیٹر_سندس_پری

#قسط_29

بیا اور جلال کی زندگی اب پر سکون گزر رہی تھی۔ اور آج جلال نے جلدی انے کا کہا تھا تا کے وہ دونوں کہی باہر جاسکیں.

لیکن لاسٹ مومنٹ پر میٹینگ آ گئی جسکی وجہ سے رات کے ۸ بج رہے تھے اور جلال کا کوئی اتا پتا نہیں تھا بیا کب سے اسکاویٹ کر رہی تھی۔ لیکن جلال نے تو جیسے آج قسم کھائی تھی کہ جلدی گھر نہیں آئے گا۔ بیا تو منہ پھولہ کر بیٹھ گئی تھی.

جلال کے انے کے بعد وہ اچھے سے اسکی کلاس لینے کا ارادہ رکھتی تھی.

مسلسل چل چل کر بیا کے پیر دکھنے لگے۔ آخر کار تنگ اکر بیا نے اپنا رخ گارڈن کی طرف کیا۔ بیا کو یہ باغیچہ بہت پسند تھا۔

جب جلال اسے یہاں لایا تھا تو اسکی تو خوشی کا کوئی ٹھکھانا نہیں تھا۔ باغیچے کو بلکل بیا کی پسند سے بنایا گیا تھا. وہ تو حیران تھی کہ جلال کو بیا کی ہر پسند نہ پسند کا بغیر کہے کیسے پتا چل جاتا ہے.

جب کہ جلال کا ہر بار کی طرح ایک ہی جواب ہوتا تھا. کی اتنا تو تم خود کی بارے میں نہیں جانتی ہو گی جتنا میں جانتا ہوں. جلال اپنی بیا کی ہر بات بن کہے جان سکتا ہے.

بیا لان میں موجود جھولے پر جا کر بیٹھ گئی. اس جھولے ہ کو جلال نے خاص کر بیا کی پسند کو مد نظر رکھتے ہوئے بنوایا تھا. نیچے سبز گھاس تھی. جب پیر اسکو چھوتے تو ایک تازگی بھرا احساس پورے جسم میں سر آئیت کر جاتا تھا.

جھولے کو چاروں طرف سے رنگ برنگی پھولوں سے سجایا گیا تھا. بیا ان سب میں اتنا کھوئی ہوئی تھی کہ کب جلال اکر پیچھے کھڑا ہو گیا اسے پتا ہی نہ چلا. پتا تو تب چلا جب جلال نی اسے پیچھے سی ہی اپنے حصار میں لیا. وہ اسکے کان میں سر گوشیگوشی کی.

Üzgünüm aşkım buluşmakla meşguldūm

(Sorry my love I was busy at meeting)

اپ کو مجھ سی بات کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے. مجھے آپکی نارمل باتیں سمجھ میں نہیں اتی اور اب چالاک انسان ترکش ترکش لینگویج میں مجھ سی بات کرتے ہیں.

6ف فٹ کی فاصلے پر رہے گے اپ اگلے دو دو نوں تک. بیا فوراسے جھولے پر سے اٹھی تھی اور اپنے دو نوں ہاتھ سینے پہ باندھ کر جلال سے گویا ہوئی تھی.

ایک تو لیٹ آئے ہیں اپر سی جان بوجھ کر مجھ سی اس لینگویج میں بات کرتے ہیں. ہیں بیا تو ترکش زبان میں جلال نے پتا نہیں کیا کہا تھا سن کر تپ ہی گئی تھی.

اس سے پہلے وہ غصّے سے واک آوٹ کر جاتی جلال نے اسے کلائی سی پکڑ کر ایکدم اپنی طرف کھنچا تھا اور بغیر اسے سوچنے سمجھنے کا موقع دیے اسے اپنی باہوں میں بھرے رخ اپنی خواب گاہ کی طرف کیا.

"جانم کبھی فرصت میں ترکش سکھاؤ گا فیلحال تم مجھے پڑھ لو اور مجھے ہی سیکھو".

جلال نے کمرے میں اتے ہی بیا کو نیچے اتار دیا تھا. جلال اپ سمجھتے کی ہیں خود کو ایک تو لیٹ اتے ہیں جب کہ اپ نی کہا تھا اپ جلدی آئے گی ہم بھر جائے گی. لیکن اپ پھر بھی لیٹ آئے ہیں.

جلال جسے ہی بیا کی طرف مڑا وہ تو ہاتھ میں تکیہ لئے فل لڑنے کی موڈ میں تھی.

سوری یار بول تو رہا ہوں میں آرہا تھا بس لسٹ مومنٹ پی پتا نہیں کہا سی میٹینگ آ گئی. سوری میری جان لو میں نی کان بھی پکڑ لئے.

بیا کو جلال کی حالت پر مزہ تو بہت آ رہا تھا. لیکن غلطی بھی اسکی اپنی تھی تو سزا بھی تو بنتی تھی نہ.

ایک شرط پر معافی ملے گی. بولے منظور ہے کی نہیں. بانی تکیہ سائیڈ پر رکھا تھا اور لڑاکا عورتوں کی طرح ایک ہاتھ کمر پر رکھے دوسرے ہاتھ کی انگلی جلال کی طرف کئے وہ اس سی پوچھ رہی تھی.

پہلے بتاؤ تو سہی. جلال نی بیا کی وہی انگلی تھام کر اسے اپنے حصار میں لیا. ایسا تو ہو نہیں سکتا کی جلال کی جانم اسے کچھ کہے ور جلال وہ پورا نا کرے. اپنی بات کہتے ہوئے جلال نی اپنی ٹھوڑی بیا کی کاندھے پر رکھ لی تھی.

پہلے سن تو لیں. بیا نے خود کو جلال کی گرفت سے آزاد کروایا اور خود اپنے دونوں ہاتھ اپنے سینے پر باندھ کر کھڑی ہو گئی.

تو مائی ڈیئر ہبی آج سے 2 دن تک اپ اور میں دو انجان لوگ ہیں ہم ایک دوسرے کو نہیں جانتے ایسے بیہیو کرنا ہے لائک اننون پرسن. کہتے ہوئے بیا کی چہرے پر دل جلانے والی مسکراہٹ تھی.

جب کہ بابا بات سنتے ہی جلال نی ایک آئیبرو اچکائی تھی.

اچھا تو تمھیں ہیں لگتا ہی کی میں یہ بات مانو گا. کہتے ہوئے جلال با کی طرف قدم بڑھانے لگا.

جلال وہی رک جائے ورنہ میں بہت سخت والا ناراض ہو جاؤ گی اور مائیکے چلی جاؤ گی. (جو کہ ساتھ والا کمرہ تھا)

ہمممم اچھا ٹھیک ہے. ہے لیکن دیکھو جانم تم ہو تو تم میری بیوی نا تو اگر تم مجھ سے دور رہو گی تو اللہ ناراض ہو گا نا اللہ نی تو کہا ہے کہ جو عورت اپنے شوہر کو پیٹھ کر کے سوتی ہے وہ گناہگار ہے. ہے اسکے لئے سخت سزا ہے.

تو کیا تم ایسا چاہو گی ؟؟؟؟؟؟ـــــــــــــــ نہیں ناــــــــــــــــ تو رات میں تم یہی رہو گی میرے پاس ٹھیک ہے.

اور بیا جو کی جلال کی باتوں میں آگئی تھی. اللہ کی ناراضگی کا سوچ کر فورا گردن ہاں میں ہلاتی جلال کو مسکرانے پر مجبور کر گئی تھی.

چلو پھر ایک ہگ تو کرنے دو نا جلال جیسے ہی بیا کی طرف بڑھا بیا نے ہاتھ کا اشارہ کر کے اسے وہی روک دیا.

آپ مجھ سے دوری بنا کر رکھیں اگر میرے ہسبینڈ کو پتہ چل گیا کہ آپ میرے ساتھ کیسے بیہیو کر رہے ہیں تو وہ آپ کو چھوڑیں گے دوری نہیں۔۔۔بہتر نہیں ہے کے مجھ سے دور رہے ہے آپ.

جب کہ با کا اتنا کیوٹ فیس دیکھ کر جب جلال سی ور برداشت نہ ہوا تو قہقہ لگاتے ہوئے اسے کھینچ کر اپنے سینے ی میں بھینچ گیا.

وربیا جلال جلال کرتی ہی رہ گئی تھی. میں نے کان پکڑ کر سوری کہا تم نے ایکسپٹا نہیں کیا اب میں اپنے طریقہ سے مناؤ گا.

کہتے ہی جلال نی بیا کے ایک گال کا بھوسہ لیا بیا کی تو سٹی ہی گم ہو گئی. جب جلال نے یہی عمل دوسرے گال پر دہرایا.

اس سے پہلے جلال مزید کوئی گستاخی کرتا بیا نے اسکے لبوں پہ ہاتھ رکھا اور فورا سے گویا ہوئی ماف معاف کیا اپ کو.............

جب کہ جلال ہنستے ہوئے بیا کو ہی دیکھے گیا جو کی آج بھی پہلے دن کی طرح ہی اس سے شرماتی تھی.

جب کہ جلال کو بیا دن بدن اور خوبصورت لگنے لگی تھی دنیا کی ساری لڑکیوں سے خوبصورت.

چلو اب تم نے مجھے معاف کر ہی دیا ہے تو تمہیں بھی تو انعام ملنا چاہے نا جلال نے بیا کا ہاتھ لبوں سے ہٹاتے ہوئے کہا.

نہیں مجھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور بیا کے الفاظ اسکے منہ میں ہی دم توڑ گئے جب جلال اسکے لبوں پر جھکا تھا. کمرے میں فسوں خیز خاموشی چھا گئی تھی.

ایسے میں جلال بیا کی دھڑکنوں کو بخوبی سن سکتا تھا جو کی جلال کو اپنے اتنے قریب دیکھتے ہی بڑھ گئی تھی.

جلال نے بڑے آرام سے بیا کے لبوں کو آزادی بخشی تھی. اور خود بڑے غور سے اسکے چہرے پر پھیلے قزو قزاح کے رنگوں کو دیکھنے لگا.

"وجانم کیا ارادہ ہے پھر کھانا کھائے یا سین آن کریں پھر".

آنکھ دبا کر کہا گیا تھا جب کہ بیا جلال کو دھکا دے کر فورا بھاگی تھی کمرے سے لیکن جلال کی قہقہے نے دور تک اسکا پیچھا کیا تھا.

وہ کسی کی ایک نہ سننے والا
میری ہزاروں باتیں سنتا ھے

مطربہ ابھی گھر کی طرف ہی جا رہی تھی کے اسکی سائیکل کے اگے کوئی آیا تھا۔ جیسے دیکھ کر مطی نے ایک آنکھ دبائی تھی۔

"کیا مسلہ ہے مطربہ کیوں کرتی ہو ایسا؟۔۔۔۔پتا ہے نا اگر جلال بھائی کو پتا لگا تو گئی تم کام سے"

جیک نے اتے ہی مطربہ کو سمجھانا چاہا۔ کیوں کے جب جلال کو غصہ اتا تو تو سزا سب کو برابر ملتی تھی۔

اوہ جیک تم تو خاموش ہی رہو اوکے۔۔۔۔۔۔تم میرے پیچھے پیچھے آرہے تھے نا تو پھر اچانک کہاں غائب ہو گئے تھے۔

اب اگر تم نہیں تھے تو اپنی پروٹیکشن تو مجھے خود ہی کرنی تھی نا۔ تو بس میں نے تو انکو بہت پیار سے سمجھایا ہے۔ اور دیکھنا آج کے بعد وہ لوگ کبھی کسی کو تنگ نہیں کرے گے۔اب کسی نا کسی کو تو انکی عقل ٹھکانے لگانی ہی تھی نا تو یہ کام میں نے کردیا۔

گردن اکڑا کر کہتے ہوئے وہ جیک کی طرف متوجہ ہوئی۔اب تم اپنا موڈ بھی ٹھیک کرو کیوں کے مجھے بہت بھوک لگی ہے۔ چلو کچھ کھالیتے ہیں پہلے۔ ورنہ بھائی کی کال آگئی تو کچھ بھی نہیں ملنا کھانے کو۔۔۔۔

مطی آرام سے کہتے ہوئے پاس ہی موجود ریسٹورنٹ کی طرف بڑھی۔ کیوں کے اسے اتنا تو پتا تھا کے اب جلال کو پتا لگ جانا ہے جو کارنامہ وہ کر کے گئی ہے۔اسکی جھاڑ تو اسے بہت اچھی خاصی ملنی ہے۔

اور اگر ڈانٹ کھانی ہی ہے تو پہلے کیوں نا پیٹ پوجا کر لی جائے تاکہ پھر ڈانٹ کے لئے جگہ ہی نا بچے اور وہ کہی سے باہر چلی جائے۔

دونوں نے جاتے ہی کھانا آرڈر کیا تھا اور اس سے پہلے کہ کے کہی اور نظر ڈالتی۔ اسکے ہاتھ میں تھاما ہوا فون بج اٹھا تھا۔ مطربہ کو جیسے پتا تھا کہ کسکا فون ہے تبھی اپنی مسکراہٹ کو کنٹرول کر کے اس نے کال پک کی۔

"مطی میں آخری بار سمجھا رہا ہوں تم بعض آجاؤ اگر میں وہاں آگیا تو تمہارے لئے یہ بہتر نہیں ہو گا۔۔۔۔۔۔۔اور کیا ضرورت تھی راستے میں کھلے عام یوں مار پٹائی کرنے کی۔ اگر کرنی ہے تو مجھ سے کہو وہ لوگ تمہارے گودام میں پہنچ جائے گے پھر جو کرنا ہے کرو۔ لیکن یوں سب کے سامنے کچھ بھی کرنے کی کوئی ضرورت نہیں اگر اس سب کی وجہ سے تم کسی پرابلم میں پھنسی تو مجھ سے بڑا کوئی نہیں ہو گا۔"

مطی تو جلال کی باتوں پر مسلسل مسکرائی جا رہی تھی۔ مطلب مار سکتی ہوں لیکن چھپ کر واہ کیا سوچ تھی اسکے بھائی کی۔ آخر وہ بیسٹ تھا اور بیسٹ کی جان بھی تو اسکی بہن می ہی تھی لیکن بہن میں اگر جان تھی تو وہ طاقت بھی تھی اسکی۔

جلال نے مطربہ کو اتنا مظبوط بنایا تھا کے وہ کبھی اسکی کمزوری نہیں بن سکتی وہ اسکی طاقت تھی اور ہمیشہ رہنے والی تھی۔ لیکن اسے کھروچ بھی آئے یہ جلال کو گوارا نہیں تھا بھلے وہ خود اس پر غصّہ ہو ڈانٹے یا سزا بھی دے لیکن کوئی اور آنکھ بھی اٹھا کر دکھنے تو جلال اسکی آنکھیں تو کو اسانسیں بھی چھین سکتا ہے اسکی۔

بھائی میں ٹھیک ہوں بلکل اب جلال دی بیسٹ کی بہن اتنی بھی کمزور نہیں کہ کوئی بھی ایرا غیرا اسے پریشان کر سکے۔

تمہیں زیادہ خوش ہونے کی ضرورت نہیں ہے اپنی لمٹ میں رہنا سیکھو۔ ورنہ مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا۔ کہتے ساتھ ہی جلال نے فون بند کر دیا تھا۔

مطی نے منہ بنا کر فون کو دیکھا تھا اور کھانے کی طرف متوجہ ہوئی تھی۔

مطی اور جیک کھانا کھاتے ہوئے مسلسل کسی نہ کسی بات پر مسکرا رہے تھے اور ساتھ ساتھ کھانا کھا رہے تھے۔ کہ جیک نے پتا نہیں کیا کہا اور مطی نے ہاتھ ہوا میں لہرا کر اس کے ہاتھ پر پنچ مارا تھا۔

اور یہ منظر کسی نے اپنی شعلہ بار نگاہوں سے دیکھا تھا۔ ایک پل میں ان آنکھوں میں غصہ ابھرا تھا۔

جبکہ مطربہ ان سب سے انجان کھانا کھانے کے بعد جیک کے ساتھ وہاں سے روانہ ہو گی۔ لیکن کسی کی نگاہوں نے دور تک اس کا پیچھا کیا تھا۔

یہ منظر ترکی میں موجود ایک عالیشان کوٹھی کا تھا.

وہ خاموشی سے بیٹھ کر اپنا کام کرنے میں مصروف تھی۔ اسے بلکل بھی پسند نہیں تھا کہ کام کرتے ہوئے کوئی بھی اسے بولائے یاں ڈسٹرب کرے۔

کام کرتے ہوئے تو وہ اپنے بچوں کو بھی اپنے پاس بھٹکنے نہیں دیتی تھی۔ اور آج اوف ہونے ہی وجہ سے وہ گھر میں اپنا لیپ ٹاپ لے کر بیٹھ گئی تھی۔

کہ اسکے کمرے کے دروازے پر دستک ہوئی تھی اس نے کوفت سے دروازے کی طرف دیکھا۔ اور اپنی غصّہ بھاری آواز میں اندر انے کی اجازت دی۔

“ Zaten kapıyı çalmışsan, içeri gir “

“ Şimdi ne bekliyorsun “

(“ If you already knocked the door so come in “

“ Now What are you waiting for “)

اور بیچاری میگی وہ اسکی آواز سن کر اور سہم گئی تھی۔ کبھی کبھی وہ حیران ہو جاتی تھی کہ کوئی اتنا روڈ اور مغرور کیسے ہو سکتا ہے۔

جیسے دوسروں کی کوئی پرواہ ہی نا ہو۔ حالا کہ وہ اپنے بچوں کو بھی اگنور کر دیتی تھی کام کرے ہوئے۔ کیوں کہ اسے کسی کی بھی مداخلت پسند نہیں تھی۔

Şimdi söyle bana neden böyle şaka yapıyorsun ben şakacı görünüyorum?… ..

(Now tell me why are you stearing me like that am I looking joker ?.....)

اب بول بھی دو میرا منہ کیا دیکھ رہی ہو ؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سوری سوری میم لیکن آپ کے بیبیز بہت رو رہے ہیں اور سب سے زیادہ تو چھوٹی بے بی رو رہی ہے ۔

ایک تو میگی خود پریشان تھی کے وہ کیسے تین بیبیز کو ایک ساتھ سنبھالے ؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اوپر سے انکی ماں اتنی کھڑوس خود تو کام کے ٹائم کچھ بھی نہیں دیکھتی ۔

تو تم یہاں کیا کر رہی ہو چپ کرواؤ جا کر انہیں میرا منہ کیا دیکھ رہی ہو ۔ جاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

“ Kaybol “

(“ Get lost “)

وہ بولی نہیں دھاڑی تھی اور غصہ کرنے کی وجہ سے اسکے ناک کے نتھنے تک پھول گئے تھے۔

اور میگی نے فوراسے باہر کی راہ لی تھی کوئی بھروسہ نہیں تھا کے وہ کوئی چیز ہی اٹھا کر اسکے سر میں مار دیتی۔

میگی مسلسل بڑبڑ آئی جارہی تھی

"ایسی بھی کیا کام کی پابندی کے اپنی ہی اولاد کی کوئی فکر نہیں"

اب بے بی کو تو بڑی میڈم ہی خاموش کروا سکتی ہیں۔

آج ہی رزم پہلی فلائٹ سے سویڈن آیا تھا. اس نے ہوٹل میں ہی چیک ان کیا اور پاس ہی موجود ریسٹورنٹ کھانا کھانے کے لئے گیا. لیکن جسے ہی وہ اندر اینٹر ہوا اس نے لیلیٰن کو وہی پر اسکا انتظار کرتے ہوئے پایا.

رزم اتنی دیر لگادی میں کب سی تمہارا ویٹ وائٹ کر رہی ہوں. آجاؤ جلدی سی کچھ کھالیں پھر ہمیں نکلنا بھی ہے.

رزم کو اندر اتا دیکھ کر لیلیٰ فوراسی اٹھی ور اسکی طرف بڑھتے ہوئے گویا ہوئی.

رزم ہمیشہ کی طرح اسکی باتوں کو نظر انداز کئے ٹیبل پر جا بیٹھا انکے بیٹھتے ہی ویٹر کھانا سرو کرنے لگا کیوں کی آرڈر لیلیٰ پہلے ہی دے چکی تھی.

کھانا خانے کی دوران رزم مسلسل اپنی نظریں یہاں سی وہا دوڑا رہا تھا. جب کہ لیلیٰ کی نظریں تو رزم پر ہی ٹکی ہوئی تھی.

وہ حیران تھی کی اس نے اس انسان کی لئے خود کو اوپر سی نیچے تک بدل لیا تھا. اب وہ شارٹس وغیرہ نہیں پہنتی تھی.

پاکستان میں تو اس نی شلوار سوٹ پہننا سٹارٹ کر دیا تھا. دیا
لیکن یہاں اکر اس نی اپنی ڈریسنگ تھوڑی چینج کی تھی. ن کیوں کی ابھی وہ لوگ ایک مشن پر تھے.

اس لئے وہ بلیک کلر کی شرٹ اور بلیک کلر کی ہی پینٹ میں موجود تھی. تھی جب سکین کلر کا سٹالر اس نے اپنے گلے کے گرد لیا ہوا تھا. بھرے بھرے گال, گلابی پنکھڑیوں جیسے لب, لب ور کالی سرمائی آنکھیں جو ہر کسی کو زیر کرنے کی لئے کافی تھی. بلاشبہ وہ کوئی گڑیا ہی لگ رہی تھی.

لیکن پتا نہیں کیوں رزم جعفری زیر نہیں ہوا تھا. وہ تو زیر کرنے والو میں سے تھا. اور یہی بات لیلیٰ کو زیادہ پسند تھی .

اگر مشی زندہ ہوتی تو لیلیٰ کبھی انکی زندگی میں دخل اندازی نا کرتی. کرتی لیکن قسمت نی اسے دوسرا موقع دیا تھ تو وہ کیسے جانے دیتی.

رزم نے کھانا کھاتے ہی نیپکن سے اپنا منہ اور ہاتھ صاف کئے. کے بل پے کرتے ہی اس نے اپنے قدم باہر کی طرف بڑھائے.

جب کہ لیلیٰ بھی بھاگتے ہوئے اسکے پیچھے آئی تھی.

اس وقت کہا جا رہے ہو رزم کچھ دیر آرام کر لو پھر چلیں گے.

جب کہ لیلیٰ کی بات سنتے ہی رزم فوراً سے مڑا تھا۔ سے پہلی بات کی تم مجھے نہیں نہیں اے سی پی رزم کہو گی اور دوسری بات میں یہاں آرام کرنے کی لئے نہیں آیا ہوں۔

انگلی اٹھا کر وارن کرتے وہ دوبارہ سے چلنے لگا اور اپنی جیپ کی پاس پہنچ کر دوبارہ مڑا۔ تم کہی نہیں جاؤ گی ابھی کے ابھی ہوٹل جاؤ۔ جو میں وہی آ کر تم سی ملو گا۔

کہتے ساتھ ہی وہ اپنی جیپ میں بیٹھ کر روانہ ہو گیا۔ اب اس کا رخ این_جی_او کی طرف تھا۔ کیوں کی وہ جلد از جلد یہ کیس سولو کرنا چاہتا تھا۔

جب کہ لیلیٰ اپنا سامنہ لیکر واپس ہوٹل کی طرف بڑھی تھی۔

جاری ہے

Surprise surprise 🙈🙈😍😍

Don't copy paste without my permission💣💣💣

#ناول_مریض_ء_عشق

#رائیٹر_سندس_پری

#قسط_30

اگلے دن سزا کے طور پر جلال بیا کو لے کر شاپنگ مال جانا تھا. اور اب وہ کب سے نیچے کھڑے ہو کر بیا کا انتظار کر رہا تھا. لیکن بیا کی تیاری تھی کی مکمل ہی نہیں ہو رہی تھی.

جلال نے آخری بار با کو آواز دی تھی. جانم آ بھی جاؤ ورنہ میں اگر اوپر آ گیا تو ہم پھر آج تو شاپنگ پر نہیں جا سکیں گے. اگی تمہاری مرضی ہے.

جلال کی دھمکی سننے کی دیر تھی کے بیا فوراً سے سیڑھیاں اترتے دکھائی دی تھی.

جب کہ جلال باہر گاڑی سے ٹیک لگائے کھڑا تھا. بیا کو باہر آتے دیکھتے ہی اس نے سیٹی کے ساتھ ایک آنکھ بھی دبائی.

بیا کو دیکھتے ہی اسکے ہوش اڑ گئے تھے. وہ ڈارک براؤن کلر کے عبایا میں موجود تھی. جب کہ سکن کلر کے سٹالر کی ساتھ اس نے حجاب کیا ہوا تھا.

جلال کو اسکی یہی عادت تو سب سے زیادہ پسند تھی کہ وہ خود کو ہر بری نظر سی بچا کر رکھتی تھی. وہ جانتی تھی کے اسکی کیا حدود ہیں.

جب کہ بیا کا ماننا تھا کی حجاب پابندی نہیں ہے. بلکہ ہم لڑکیوں کا تو حسن ہی حجاب میں ہے.

اور لڑکیوں کی عزت اس میں ہی تو ہے کے وہ اپنے اپ کو اور اپنی عزت کو سب کی نظروں سے بچا کر رکھیں کسی ایک شخص کے لئے کے.

"بے شک نیک عورتوں کی لئے نیک مرد ہیں اور نیک مردوں کی لئے نیک عورتیں".

بیا کے نزدیک اتے ہی جلال نے اسے دیکھتے پھر سے آنکھ دبائی اور ور اپنے دل پر ہاتھ رکھ لیا. جب کہ بیا نے مسکراتے ہوئے اپنے ہاتھ کا پنچ بنا کر جلال کے بازو پر جڑا تھا.

جلال نے بڑے ادب سے اپنی لینڈ کروز کا دروازہ کھولا تھا. ور یل ہاتھ اپنے دل پر رکھ کر گویا ہوا.

"ہمارے دل کی ملکہ اپنی اداوں کے تیر اپ یہاں تشریف آور ہو کر چلایے تا کہ اپکا خادم آپکو اپنی سیوا کا شرف بخش سکے".

جب کہ بیا بڑے تفاخر سے سینا چوڑا کئے اپنی مسکراتی آنکھوں سمیت جلال کو دیکھتے ہوئے گاڑی میں بیٹھ گئی.

جلال نے بیا کی سائیڈ کا ڈور کلوز کیا اور خود جا کر ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ گیا اور گاڑی شاپنگ مال کے راستے کی طرف گامزن کر دی.

تو جانم کونسا سانگ سننا پسند کریں گی اپ؟؟؟

کوئی بھی نہیں خاموشی سے ڈرائیو کرے. آج میں بہت زیادہ تھکنے والی ہوں.

افففففففففففففففففففففف آج تو مزہ ہی آجائیگا نا. ور ہم شروعات آپکی شاپنگ سے کریں گے.

کیوں میری شاپنگ سے کیوں ؟؟؟؟

جلال جو کہ مسکراتے ہوئے بیا کی باتیں سن رہا تھا۔ اپنی شاپنگ کا سن کر حیرانگی سے بیا کی طرف دیکھنے لگا۔

وہ-------------وہ کیوں کا کیا مطلب اب میں اپنے لئے ہی شاپنگ کروں گی کیا۔؟؟؟

اور ویسے بھی اپ بوڑھے ہو گئے ہیں اس لئے آپکی یادداشت بھی کمزور ہو گئی ہے جب کہ میری تو بلکل ٹھیک ہے۔

یاد ہے آپکو اپ نے ہی کہا تھا کہ ہمیشہ اپ میری شاپنگ کریں گے اور میں آپکی۔

کیوں کہ اپ مجھے اپنی پسند کے کپڑوں میں تو کیا ہر وہ چیز جو مجھ سے تعلق رکھتی ہو گی ان سب کا خیال اور پسند آپکی ہی ہو گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہو گی نا؟؟؟؟؟ یا ابھی بھی کچھ یاد نہیں آیا۔ آیا اپ بھی نا جلال دن بدن بھولکڑ ہوتے جا رہیں ہیں۔

بیا نے پرانے زمانے کی اماؤں کی طرح اپنے سر پر ہاتھ مارا تھا. اور جلال کی عادت پر افسوس کیا تھا. جو کی بیا کے مطابق ابھی ابھی ہی جلال کو لگی تھی.

یاد نہیں آپ کو آپ نے ہی تو کہا تھا کہ آج کے بعد میں میں تمہاری پسند کے کپڑے پہنوں گا اور تم میری پسند کے پہنوں گی اور تب سے آج تک میں آپ کی پسند کے لئے تو پہن رہی ہوں. آپ بھی نا بہت جلدی بھول جاتے ہیں میرے بھلکڑ سائیں.

"جانم تم سے متعلق میں آج تک ایک بات نہیں بولا بھولا ہو تو یہ کیسے بھولتا"

"لیں آپ کی باتوں میں پتہ ہی نہیں چلا اور دیکھے شاپنگ مال بھی آگیا چلے جلدی چلیں.

جلال خود گاڑی سے باہر آیا اور بیا کے سائیڈ کا دروازہ کھولا اور اس کے گرد اپنے بازو حائل کر کے شاپنگ مال کے اندر انٹر ہوا

پہلا آدھا گھنٹہ تو بیا نے سب کچھ ریجیکٹ کرنے میں ہی ضائع کیا اس کے بعد اسے جو جو جلال چیز پسند آتی جا رہی تھی وہ چیز وہ پیک کرواتی جا رہی تھی اور اسی دوران وہ جلال کو کوئی بیس مرتبہ چینجنگ روم بھیج چکی تھی جبکہ جلال بغیر بیزاریت دکھائے بیا کے ہر حکم کی تعمیل کر رہا تھا

کیونکہ اس نے سوچ لیا تھا کہ اس کی شوپنگ کے بعد بیع کی باری بھی آنے والی ہے اور وہ پورا حساب بے باک کرنے کا ارادہ رکھتا تھا اللہ اللہ کر کے مزید دو گھنٹوں میں بیا نے جلال کی شاپنگ ختم کی تھی.

جس میں اس نے زیادہ تر بلال کے لیے شلوار سوٹ پسند کیے تھے کیونکہ وہ شلوار سوٹ کم ہی پہنتا تھا اور بیاہ کو وہ بہت پسند تھے ساتھ میں کھڑی والے چپل جو کے گاؤں میں بہت عام تھے

آج تو بیا نے جلال کی پوری لک چینج کرنے کی ہی تھام لی تھی اسے جلال کے لئے پرفیومز, کف لنکس, گھڑی, چین, رنگز نیز ہر چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی چیز اس نے جلال کے لیے خرید لی تھی.

اب باری تھی جلال کی جلال بیا کو لے کر فیمیل گارمنٹس کی طرف چلا گیا وہاں اس نے بیا کی پسند کے مطابق سلوار سوٹ لیے تھے.

ری ریڈ کلر کی بہت ہی خوبصورت نائنٹی چھکے سے پیک کروالی تھی.

جب یہ نے دیکھا کہ بلا لباس کے ساتھ وہی سب دہرا رہا ہے بار بار اسے چینجنگ روم بھیج رہا تھا چینج کرنے کے لیے تو اس کے ذہن میں ایک آئیڈیا آیا جس پر عمل کرتے ہوئے وہ جلال کی نظروں بچ کر خود فوراسے نیچے بیٹھ گئی اپنا پاؤں پکڑ کر

آہ............ اور جلال کو پکارنے لگی....

جلال نے جب بیا کو نیچے بیٹھے دیکھا تو فوراسے سے اس کے پاس گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا چہرے پر پریشانی سجائے اس سے دریافت کرنے لگا کہ کیا ہوا ہے....

جب بیا نے بڑی صفائی سے جھوٹ بولا کہ جلال میرا پاؤں پھسل گیا مجھے موچ آ گئی ہے اور جلال نے اسی وقت اسے اپنے بازو میں اٹھا لیا اور بیا کی سوچ کے عین مطابق وہ اسے لئے کار کی طرف بڑھ گیا....

لیکن جلال آپ نے تو میرے شاپنگ کرنی تھی نہ.........

کوئی بات نہیں جانم شاپنگ ہوتی رہے گی اور میرے پاس بہت ٹائم ہے میں تمہارے لئے کسی بھی وقت شاپنگ کر لوں گا اور ویسے بھی جو میں نے لینا تھا وہ تو میں لے چکا ہوں.

گاڑی میں آرام سے بیا کو بٹھایا اور گاڑی سٹارٹ کر دی. دی جب کہ اب بیا آرام سے بیٹھ کر اپنی خریدی ہوئی چیزیں دیکھنے لگی درد کا کوئی آثار اسکے چہرے پر نہیں تھا جو کہ تھوڑی دیر پہلے تھا.

جلال نے جب یہ دیکھا تو سمجھ گیا کے اسکی جانم نے اسے الو بنایا ہے.

جانم تمہیں تو چوٹ لگی تھی نا...... جلال کی بات سنتے ہی بیا نے ہڑبڑی میں دائیں پیر کی جگا اپنا بایاں پیر پکڑ لیا.

جلال نے ایک سائیڈ پر گاڑی روکی ور بیا کی طرف متوجہ ہوا جانو شاپنگ مال میں تو چوٹ دائیں پیر پر لگی تھی تو یہ اچانک سے چوٹ دائیں سے بائیں پھر میں کیسے منتقل ہو گئی کیا یہ کوئی نیو ریسرچ ہے.

جبکہ اپنی چھوٹی پکڑی جانے پر بھی آ معصومانہ نظروں سے جلال کی طرف دیکھنے لگی آپ بھی تو مجھ سے بدلہ لینے کے لیے مجھے بار بار چینجنگ روم بھیج رہے تھے اس لئے میں نے یہ بہانہ لگا دیا

چلو غلطی کی ہے تو اس کی سزا تو ملے گی نا اور یہ کہتے ہوئے ہی جلال نے بھیا کہ دونوں گال چٹاچٹ چوم لیے

اور مسکراتے ہوئے گویا ہوا میری زندگی کی بہار ایسے ہی میری زندگی کو ہمیشہ خوشیوں سے سجاتے رہنا تمہیں بھی تمہیں اس طرح کے چھوٹے موٹے گفٹ دیتا رہونگا

جلال بس کریں یہ بیڈ سونی ہے ہمارا ہم اس وقت کار میں موجود ہیں جلدی گھر چلی آپ سے تو بات کرنا ہی فضول ہے کہیں بھی شروع ہو جاتے ہیں نہ ہی جگہ دیکھتے ہیں اور نہ ہی ماحول دیکھتے ہیں
جبکہ جلال نے مسکراتے ہوئے گاڑی دوبارہ سٹارٹ کر دی تھی..

کھانا کھاتے ہی مطربہ اور جیک ریسٹورنٹ سے نکلے تھے اور انہوں نے گھر کی راہ لی تھی جیک تو رستے میں ہی اتر گیا تھا اسے کچھ کام تھا.

جبکہ مطربہ سیدھا گھر کی طرف گئی تھی ایک دفعہ تو اسے ایسا محسوس ہوا جیسے کوئی اس کا پیچھا کر رہا ہے جو وہ پیچھے مڑی تو پیچھے کوئی بھی نہیں تھا مطربہ نے اپنا سر جھٹکا اور دوبارہ سے گھر کی راہ لی وہ اس وقت بائی سائیکل پر ہی موجود تھی گھر میں داخل ہوتے ہی وہ سب سے پہلے دی جان کے کمرے میں گئی تھی.

دی جان جو کہ نماز پڑھنے کے بعد تسبیح کر رہی تھی مطربہ کو دیکھتے ہی خوش ہو گی آ گیا میرا بچہ اتنی دیر کیوں لگا دی آج آنے میں وہ مجھے بہت زور سے بھوک لگی ہوئی تھی اس لیے میں اور جیک کھانا کھانے کے لئے قریبی ریسٹورنٹ میں چلے گئے تھے .

لڑکی تمہیں کتنی بار کہا ہے میں نے کے اس موئے جیک سے دور رہا کرو مجھے تو ایک آنکھ وہ لڑکا نہیں بھاتا

اوہ دی جان اپ کیوں ڈر رہی ہیں میں ہوں نہ آپ تو جانتے ہیں کہ میں مارشل آرٹس جانتی ہوں جب میں دوسروں کو لڑنا سکھا سکتی ہو تو میں خود بھی خود کے لئے لڑنا اچھے سے جانتی ہوں اور اپنا یو میرے پریشان نہ ہوا کریں

آپ تو ابھی بھی جوان ہے داجان اگر زندہ ہوتے نا تو کیا ہی بات تھی لیکن قسم سے میں تو سوچ رہی ہوں کہ آپ کی شادی کروا دوا سی بہانے مجھے بھی ہینڈسم سے داجان مل جائیں گے

اور پر جوش ہو کر کہتے ہوئے مطربہ نے دی جان کو دیکھتے ہوئے آنکھ دبائی تھی اور فورا سے خارجی دروازے کی طرف بھاگی تھی کیونکہ دی جان کی چپل نے دور تک اس کا پیچھا کیا تھا اور ہمیشہ کی طرح ان کا نشانہ چوک گیا تھا اور مطربہ بھاگ گئی تھی اپنے کمرے میں

مطربہ قہقہہ لگاتے ہوئے اپنے کمرے میں داخل ہوئی اور داخل ہوتے ہی کمرے کا دروازہ لاک کیا اور بغیر لائٹ آن کیے سیدھا بیڈ پر جا گری لیکن جلد ہی اسے احساس ہوا کے اسکے علاوہ بھی کمرے میں کوئی موجود ہے

کسی کی موجودگی کو محسوس کرتے ہوئے ابھی وہ بیڈ سے اٹھی ہی تھی کہ کسی نے اسے بازو سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچا تھا.

مطربہ جو کہ ان سب کے لئے تیار نہ تھی سیدھا مقابل کے چوڑے سینے سے جا ٹکرائی خود کو سنبھالتے ہوئے مطربہ نے جب مقابل کے چہرے کی طرف دیکھنے کی کوشش کی تو کالی سیاہ آنکھیں اسے سنجیدگی سے دیکھنے میں مصروف تھی.

مطربہ نے دوسرے ہاتھ کا استعمال کرتے ہوئے اس کے پیٹ پر وار کرنے کی کوشش کی تھی جسے مقابل نے بڑے آرام سے ناکام بنا دیا تھا اور مطربہ کا وہی ہاتھ کمر کے پیچھے لے جا کر موڑ دیا تھا.

جبکہ مطربہ مسلسل خود کو اس کی فولادی گرفت سے آزاد کروانے کی کوشش کر رہی تھی آخر کون تھا وہ جس کے سامنے مطربہ بھی بن پانی کی مچھلی کی طرح پھڑ پھڑا رہی تھی ابھی وہ خود کو چھڑوانے کی کوشش کر ہی رہے تھے کہ اس کے کان میں ایک سرد سرگوشی کی گئی تھی

"کون تھا وہ لڑکا جس کے ساتھ تم ریسٹورینٹ میں ہنس ہنس کر باتیں کر رہی تھیں اور کھانا کھا رہی تھی"

سرگوشی سننے کی دیر تھی کہ مطربہ لمحے کے ہزارویں سیکنڈ میں ہی پہچان گئی تھی کہ وہ ہستی کون ہے اب جبکہ اسے پتہ چل گیا تھا کہ مقابل کون ہے تو وہ مکمل طور پر انجان بنتے ہوئے بولی

"میری مرضی میں جہاں جاؤ جس کے ساتھ بیٹھو جس کے ساتھ حسن جس کے ساتھ کھانا کھاؤ آخر تم ہوتے کون ہو مجھے ان سب چیزوں سے روکنے والے مجھ سے ان سب چیزوں کے بارے میں پوچھنے والے تم کیا میرے باپ لگے ہوئے ہو.................. آرام سے میرے ہاتھوں کو چھوڑو مجھے اپنی گرفت سے آزاد کرو ورنہ میں تمہارا وہ حال کروگی کہ تم پچھتاؤ گے کہ تم نے مطربہ کو ہاتھ لگانے کی کوشش کیا ہی کیوں

....

اوہ واہ خوبصورت تو تم جاننا چاہتی ہوں کہ میں کون ہوں حق تو میں تم پر بہت رکھتا ہوں اور یہ کبھی میں تمہیں فرصت میں سمجھاوں گا بیٹھ کر تو چلو پھر دیدار یار کروادیتے ہیں ہم کہتے ساتھ ہی اس نے کمرے کی لائٹ ان کی تھی.

اور مطربہ کی سوچ کے مطابق سامنے گوزیل عرف غازی کھڑا تھا مجھے لگا ہی تھا کہ تم ہی ہو سکتے ہو سو مسٹر گوزیل آپ اس وقت یہاں کیا کر رہے ہیں؟؟

زہے نصیب تم مجھے اب تک بھولی نہیں ہو واہ ویسے ویسے بھولنا بھی نہیں چاہیے آخر میں بھولنے والی چیز ہی نہیں.

ہاں بالکل تمہیں کوئی کیسے بھول سکتا ہے بندر جیسے جو دیکھتے ہو اور بندر بھی کوئی بھولنے والی چیز ہوتے ہیں کیا.......

جبکہ مطربہ کی بات سنتے ہی غازی فوراسے سنجیدہ ہوا تھا اور دوبارہ سے پوچھا..........

"کون تھا وہ لڑکا جس ساتھ تم ہنس ہنس کر باتیں کر رہی تھی؟؟؟؟؟

آخر تم.............

اس سے پہلے کے مطربہ کچھ کہتی دروازے کے اس پار سے دادی کی آواز آئی مطربہ بیٹیا دروازہ کھولو یہ فون تم اپنے کمرے میں ہی بھول آئی تھی اپنا فون تو لے لو...........

مواکب سے بجا جا رہا ہے میرے تو کان ہی درد کرنے لگ گئے ایک تو پہلے کم سنائی دیتا ہے دوسرا یہ پتہ نہیں کس نے یہ فون ایجاد کر دیا..........

آ... آ....... آ رہی ہوں دی جان................

چھوڑو مجھے دور ہٹو ورنہ دی جان اندر آجائیں گی ان کے پاس میرے روم کی ڈوبلیکیٹ کی موجود ہے.

مطربہ نے دروازہ کھولا اور دی جان سے فون لیتے ہی تھینکیو بولتے ہی دوبارہ دروازہ بند کر دیا جب کہ دی جان دروازے کو گھور کر رہ گئی

"یہ لڑکی کبھی نہیں سدھر سکتی" یہ کہتے ہوئے دی جان اپنے کمرے میں چلے گئے.

مطربہ نے دروازہ بند کرتے جیسے ہی پیچھے دیکھا تو.....................غازی بلکل اسکے پیچھے کھڑا تھا.

کیا ہے اب جاؤ یہاں سے ورنہ بہت برا ہو گا تمہارے ساتھ.........

کہتے ہی مطربہ نے دروازے کی طرف اشارہ کیا..... مطلب صاف تھا کہ اب تم جاؤ.......

لیکن غازی بھی اتنی جلدی جان کہا چھوڑنے والا تھا اتنے سالوں بعد تو ملی تھی. تو باقی سارے حساب بھی تو بے باک کرنے تھے. اسلئے اسکا بڑھا ہوا ہاتھ تھام کر ایک ہی جست میں اسے اپنے کندھے پر ڈالا اور بیڈ کی طرف بڑھ گیا.

مطربہ جو کہ اتنی جلدی یہ سب ہوا کہ اسے سمبھلنے کا بھی موقع نا ملا اب. اب غازی کو لاتیں ور اپنے ناخنوں اسکی کمر میں پیوست کرنے لگی.

غازی نے اسے بیڈ پر لا کر پٹکا پر اس سے پہلے کے وہ اٹھتی اس پر قابض ہو گیا.

ور مسکراتی آنکھوں سے گویا ہوا........ یہ ٹریکس اب کام انے والی نہیں ہیں میری جنگلی بلی اب میں وہ غازی نہیں ہوں جو تم سے مار کھالے....... لیکن اگر پیار کی مار مارو گی تو خوشی خوشی کھالوں گا....... کیا ارادہ ہے پھر ????????

اپنی بکواس بند کرو اور ہٹو دور مجھ سے........

آزادی تو ایک ہی شرط پر ملے گی بتاؤ کون تھا وہ ????????.........

کیوں بتاؤں ہاں کیوں تم تمہیں میری فکر نہیں تھی جب میں نے اتنی کالز کی........ تب کہاں تھے.......اب تمہیں سب جاننا ہے....

سب بتاؤ گا اور سمجھاؤں گا بھی لیکن تم پہلے بتاؤ وہ کون تھا. تھا غازی نے اسکے دونوں ہاتھوں پر گرفت ور مظبوط کی تھی کہ مطربہ کے منہ سے ایک سسکی نکلی تھی........

بتاؤ میں کیا پوچھ رہا ہوں. مطربہ کے چہرے پر تکلیف کے آثار دیکھ کر وہ اسے جلد آزاد کرنا چاہتا تھا. اس لئے دوبارہ پوچھا تھا.

بتا رہی ہوں بتمیز انسان چھوڑو تو سہی........

نہیں ایسے ہی بتاؤ.........

وہ میرا دوست ہے بچپن کا بس اب چھوڑو.......

غازی نے اسے فوراً اپنی گرفت سے آزاد کیا تھنکس کہتے ایک فلائینگ کس دیتا وہ بڑے آرام سے اسکے کمرے سے چلا گیا تھا.

منحوس انسان کتنی زور سے میرے بازوں کو پکڑا تھا مطربہ اسے سو صلواتیں سنانے کے بعد فریش ہونے کے لئے باتھ روم چلی گئی.

وہ میٹینگ اٹینڈ کر کے کل ہی سویڈن سے واپس آئی تھی۔ وہ گئی ہی بس میٹینگ کے لئے تھی اس لئے آج واپس پہلی فلائٹ سے وہ ترکی آگئی تھی۔

موڈ تو اسکا پہلے بھی کچھ اچھا نہیں ہوتا تھا لیکن آج تو کچھ زیادہ ہی خراب تھا۔

وہ جیسے ہی گھر میں داخل ہوئی تو مائیک کو آواز دی

Mike, arabadan tüm ţeyleri çýkar ve odama koy.

(مائیک جاؤ گاڑی میں سے سارا سامان لیکر میرے کمرے میں رکھواو۔)

Tamam ……….. tamam bayan

(جی…………جی میم)

ابھی وہ سیڑھیوں پر ہی تھی کی اسے عقب سے میگی کی آواز آئی۔

Bayan üzgünüm ama Bayan Nelufer seni özlüyor

(میم سوری لیکن میڈم نیلو فر آپکو یاد کر رہی ہیں.)

جب کہ وہ اپنی شعلہ بار آنکھیں لیکر مڑی تھی میگی کی طرف ور غصّہ سے گویا ہوئی تھی.

Onlara beş dakika içinde taze olacağımı söyle

(ان سے کہو میں پانچ منٹ میں فریش ہو کر آ رہی ہوں.)

Ve şimdi yüzüme bak ve en son kapıda iki sallama yap

(اور اب میرا منہ کیا دیکھ رہی ہو جاؤ اور دو شیک تیار کرو گیٹ لاسٹ)

اپنے کمرے میں انے کے بعد فرش اس نے چینج کیا اور فریش ہی کر اپنی انی کے کمرے میں چلی گئی.

گڈ ایوننگ انی......

آ گیا میرا بچا میری مرحا یہاں او ایک دن تم یہاں نہیں تھی تو میں تو بلکل اکیلی ہو گئی تھی.

جب کہ مرحا انکی گود میں سر رکھ کر لیٹ چکی تھی. کیا ہوا میرے بچے کوئی پریشانی ہے.؟ انہوں نے اسکے بالوں میں اپنی انگلیاں چلاتے ہوئے پوچھا تھا.

نہیں ماما میں تھک گئی ہوں. آرام کرنا چاہتی ہوں. ایک لمبی نیند سونا چاہتی ہوں جسکی کوئی صبح نا ہو.

یہ کیا کہہ رہی ہو تم تمہیں پتا بھی ہے. تم ایسا سوچ بھی کیسے سکتی ہو ؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟

اب تم اکیلی نہیں ہو تمہارے ساتھ 3 تین جانیں اور بھی ہیں کیا تمہیں انکا خیال نہیں.؟؟؟؟؟؟؟؟

میری پرواہ تو تمہیں نا پہلے تھی نا اب ہے. ہے لیکن وہ تو تمہارے وجود کا حصّہ ہیں. تم انہیں بے سہارا کرنا چاہتی ہو ؟؟؟؟؟؟

مرحا کی باتوں نے نیلو فر کو بہت ہرٹ کیا تھا. بچوں کی طرف سی لاپرواتو وہ پہلے ہی تھی نیلو فر اسے بہت سمجھاتی کے قسمت کے کھیل ہیں.

تمہیں تو شکر گزار ہونا چاہیے کہ اللہ نے تمہیں ایک ساتھ دو نہیں بلکہ ۳ تین اولادوں سے نوازا ہے. مجھے دیکھوں اتنی منتوں مرادوں بعد تم ملی تھی. لیکن تمہیں قدر نہیں ہے.

لیکن تم ہو کہ مجال ہے جو ایک نظر بھر کر انہیں دیکھ لو.
لیکن محیص اور محسن تو اتنا تنگ نہیں کرتے لیکن نائفہ وہ تو تم پر گئی ہے. کسی کی نہیں سنتی. تم کل کی گئی کوئی خبر نہیں لی تم نے ان ۳ تینوں کی.

"آخر ان بچوں نے کیا کیا ہے جو انکو ماں کی ممتا سے محروم رکھ رہی ہو"؟؟؟؟؟

اچھا کرتی ہے نائفہ تمہارے ساتھ کسی سے چپ نہیں کرتی تمہاری گود میں اتے ہی خاموش ہو جاتی ہے. تم پاس ہوتی ہو تو خوش رہتی ہے ورنہ تو وہ بیمار ہی ہو جاتی ہے.

تو تب تم اسکی اتنی کیئر کیوں کرتی ہو تب بھی نا کیا کرو رہنے دو اسے ایسے ہی. سہی ناک میں دم کرتی ہے.

مما میں نہیں کر سکتی تب مجبوری ہوتی ہے. میں جب کب اسکے پاس جاتی ہوں مجھے اس میں اپنا عکس نظر اتا ہے. اگر اسکے ساتھ بھی وہ سب ہوا تو وہ جو جو میرے ساتھ ہوا تھا. نہ......... نہیں کبھی نہیں میں کبھی نہیں ایسا ہونے دوں گی. اس لئے نہیں جاتی میں. اپ تو سمجھے....... پلیز......

لیکن مرحا بچے تم بھی سمجھو وہ قسمت میں لکھا تھا. جو گزر گیا اسے بھول جاؤ اسکی سزا اپنے ڈیڑھ سال کے بچو کو تو مت دو.

مما میں نے کہہ دیا نا مجھے کوئی پرواہ نہیں انکی........

اگر کوئی پرواہ نہیں تو کیوں ہر ویک تم انکی دیکھ بھال سہی سے نا کرنے پر انکی آنیز کو نکال دیتی ہو ؟؟؟؟؟؟؟؟.

جب کہ میں اتنی مشکل سے انہیں دیکھ کر چیک کر کے رکھتی ہوں. یہ پرواہ نہیں تو کیا ہے پھر.

مجھے نہیں پتا مما کیا ہے یہ اور مجھے جاننا بھی نہیں ہے. کہتے ہوئے مرحا اپنے کمرے میں بھاگ گئی تھی اس وقت اسے اکیلا رہنا تھا.

جب کہ نیلوفر افسوس کرتے ہی رہ گئی تھی. کیوں کہ انکی بیٹی کسی ایک انسان کی سزا اپنے ہی بچوں کو دے رہی تھی. لیکن انہوں نے بھی سوچ لیا تھا کہ اب کیا کرنا ہے.

رزم کی دنیا تو جیسے اس ایک پل میں ہی رک سی گئی تھی. اور جب تک اسے ہوش آیا وہ جا چکی تھی......

اور رزم پاگلوں کی طرح دیوانہ وار اسے یہاں سے وہاں تلاش کرنے کی کوشش کر رہا تھا.

اس وقت وہ کوئی ضدی بچہ ہی لگ رہا تھا جس کی کوئی چیز گم ہو جائے تو وہ اسے ڈھونڈنے کی کوشش جاری رکھتا ہے

لیلا جو کہ رزم کے منع کرنے کے باوجود بھی اس کا پیچھا کر رہی تھی اسے دیوانہ وار پاگلوں کی طرح یہاں سے وہاں دوڑتے ہوئے .... جو کہ ہر کسی کا چہرہ دیکھتے ہوئے اس میں اسے تلاش کرنے کی کوشش کر رہا تھا........

وہ اس کی طرف بڑھی اور بازو سے پکڑ کے اسے کھینچا تھا اپنی طرف...........

وزن کیا ہو گیا ہے تم پاگل تو نہیں ہو گئے ہو اس طرح کا بیہیو کیوں کر رہے ہو؟؟؟؟؟؟؟؟

جبکہ کچھ دیر تک تو رزم حیرانگی سے اور انجان نظروں سے لیلیٰ کو دیکھتا رہا اس کے بعد گویا ہوا میں نے اسے دیکھا ہے ابھی..........ابھی وہ...........وہ یہی..............یہی پر تھی وہ زندہ ہے. میں نے دیکھا ہے اسے اپنی ان آنکھوں سے دیکھا ہے میں نے..........

کسے دیکھا ہے اور کس کے بارے میں یہ تم باتیں کر رہے ہو مشی میں نے مشک کو بھی دیکھا ہے وہ یہی پر تھی

رزم تمہیں وہم ہوا ہے ایسا نہیں ہو سکتا مشی یہاں کیسے ہو سکتی ہے وہ تو مر چکی ہے اور تم نے خود ہی تو اسے اپنے ہاتھوں سے دفنایا تھا تو پھر تم ایسا کیسے یہ سکتے ہو؟؟؟؟؟؟؟

یہ صرف تمہارے ذہن کا وہم ہے فتور ہے تمہارے ذہن کا کیونکہ تم ابھی تک اسے بھلا نہیں پائے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بھول جاؤں اسے اور اپنی زندگی میں آگے بڑھو دیکھو اور بھی لوگ ہیں جو تمہیں چاہتے ہیں۔۔

بقواس بند کرو تم اپنی میں۔۔۔۔۔۔۔۔ میں کیسے آگے بڑھ سکتا ہوں میں گنہگار ہوں اس کا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"میں کل بھی اس کا تھا آج بھی اس کا ہو اور آنے والے کل میں بھی اس کا رہوں گا یہ دل کل بھی اسکے لئے دھڑکتا تھا آج بھی اسکے لئے دھڑکتا تھا اور آنے والے کل میں بھی اس کے لیے ہی دھڑکتا رہے گا چاہے وہ ہو یا نہ ہو" ....

اب ہٹو تم میرے راستے سے..........

رزم سیدھا این جی او آیا تھا. سارے راستے وہ یہی سوچتا آیا تھا کہ کیا وہ اسکا وہم تھا.........ہاں وہ اسکا وہم ہی تھا.

اور ایسا پہلے بھی بہت بار ہو چکا تھا کہ وہ اسکے پاس اتی تھی لیکن اس سے پہلے کہ رزم اس تک پہنچے وہ دور چلی جاتی تھی بہت دور ور ہر بار وہ اسے ایک نئی اذیت میں مبتلا کر دیتی تھی .....

ان سب سوچوں کو جھٹکتے ہوئے وہ این جی او میں داخل ہوا وہاں جا کر اسے پتا لگا کہ یہاں کی آنر آج ہی تھوڑی دیر پہلے کی فلائٹ سے ترکی چلی گئی ہیں .

وہ وقت کی بہت پابند ہے اس لئے انکو دیر سے انے والے لوگ نہیں پسند . یہاں وہ میٹینگ کیلئے آئی تھی . وہاں پر بھی انکے وہ این جی اوز ہیں

رزم ایک بار پھر مایوسی سے ہوٹل کی طرف روانہ ہوا . لیکن اب وہ ہارنے والا نہیں تھا اس لئے لیلیٰ اور اپنی ترکی کی ٹکٹ کروا کر ہی وہ ہوٹل آیا تھا . اب کل کی انکی فلائٹ تھی .

جاری ہے ۔

Epi achi khaaaaaasi long hi to koi short na khy 😒😒apny achy achy reviews dena na bholy😍😍

Don't copy paste without my permission💣💣💣

#ناول_مریض_ء_عشق

#رائیٹر_سندس_پری

#قسط_31

مرحا صبح ناشتے کے بعد سے اپنے کمرے میں تھی جب اسے نائیفہ کے رونے کی آواز آئی.....

لیکن مرحا اگنور کئے بیٹھی رہی جب مسلسل پانچ منٹ تک بھی وہ چپ نہ ہوئی تو مرحا کمرے سے باہر آئی اور میگی کو آواز دینے لگی لیکن کوئی بھی نہیں آیا.

جب وہ نیچے آئی تو دیکھا کہ نائیفہ جھولے سے نیچے گری ہوئی تھی اور بس روئی ہی جارہی تھی.

مرحا کے دل میں گھونسہ پڑا تھا اسے یوں دیکھ کر آخر وہ ماں تھی اسکی کیسے اسکی فکر نا کرتی ......

مرحا بھاگی تھی اور جاتے ہی اسے اٹھا کر اپنے تڑپتے سینے کے ساتھ لگائے اسے چپ کروانے لگی اور مرحا کی گود میں اتے ہی تھوڑی دیر میں وہ چپ ہو گئی تھی.

اور اب مرحا کے گلاسز کے ساتھ کھیلنے لگی تھی اور مسکرا رہی تھی. اتنے عرصے بعد وہ خود بھی مسکرائی تھی اپنی شیطان کی نانی کی ہنسی دیکھ کر........

جب کہ مس نیلوفر جو کہ چھپ کر یہ سب دیکھ رہی تھی اب اسکے سامنے آئی تھی ور انکو اپنے سامنے دیکھ کر مرحا فورا بولی تھی.

"مما یہ یہاں سے گر گئی تھی اور رو رہی تھی کوئی بھی نہیں تھا یہاں سب اتنے لاپروا کیسے ہو سکتے ہیں"

اگر میں نا اتی تو میری بچی روتی ہی رہتی. لیکن دیکھیں اسے چوٹ نہیں آئی اپ بھی دیکھیں نہیں آئی نا ....کے ہوئے کب اسکی آنکھوں سے آنسو بہنا شروع ہو گئے اسے بھی پتا نہ چلا.

مما میں بہت بری ماں ہوں کبھی انکا خیال نہیں رکھا. کبھی انکو اپنے سینے سے نہیں لگایا ایک ماں کا پیار کیا ہوتا ہے اسکا کبھی احساس ہی نہیں کروایا........ وہ نائیفہ کو خود میں بھینچے اسے دیوانہ وار چومے جارہی تھی.

اور ساتھ ساتھ ہی روئے بھی جارہی تھی. جب کہ نیلوفر جو یہی ٹائم سہی لگا کہ اسے اسکی غلطی کا احساس کروایا جائے.

میں تو تمہیں کہتی تھی مرحا لیکن تم سنتی کہاں تھی. تم جب پریگننٹ تھی. تو کتنی بار خود کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر چکی تھی. کیسے تمہیں سنبھالا ہے یہ میں جانتی ہوں.

آخر ماں ہوں اکیلا کیسے چھوڑ دیتی. تمہارے ٹرپیلیٹس تھے. پریمیچور ڈیلیوری ہوئی تھی انکی کچھ عرصہ انکیوبیٹر میں رہے. لیکن تمہیں تو کوئی فرق ہی نہیں پڑتا تھا.

جب انکو گھر لایا گیا تو تم نے یہی کہا کے تم انھیں نہیں سمبھال سکتی. میں نے ذمہ داری لے لی لیکن شرط یہی رکھی کی فیڈ تم کرواؤ گی وہ بھی ٹائم پر تب تم انہیں اپنے پاس رکھتی ور تھوڑی دیر میں پھر سے مجھے دے دیتی.

میں زبردستی کرتی تو تم خیال کرتی تھی ورنہ نہیں. میں ترس گئی تھی اس دن کی لئے جب تم انکو اپنے پتھر دل سے لگاؤ گی.

مجھے پتا تھا جس دن تمہیں انکی ماں ہونے کا احساس ہو گا اس دن یہ پتھر دل پھر سے دھڑکنا شروع کر دے گا. ور دیکھو آج وہ دن بھی آ گیا.........

یہ مت سمجھنا کے میں تنگ آ گئی ہوں اپنے نواسے اور نواسی سے. لیکن وقت کا کیا بھروسہ اگر مجھے کچھ ہو گیا تو کون دیکھے گا انہیں بس یہی سوچتی تھی میں.

لیکن اب اس پریشانی سے نجات مل گئی مجھے اب آرام سے مر سکوں گی میں.

مرحا جو کے روتے ہوئے نیلوفر کی سری باتیں سن رہی تھی انکی آخری بات پر تڑپ کر انکی طرف بڑھی تھی. ور انکے منہ پر ہاتھ رکھ دیا تھا.

"مما اپ ایسا سوچ بھی کیسے سکتی ہیں. اگر پکو کچھ ہو گیا تو میرا کیا ہو گا مجھے کون سمبھالے گا. اپ مجھے معاف کر دے آج کے بعد آپکو شکایت کا کوئی موقع نہیں ملے گا."

اپنے بچوں کو میں خود سمبھالوں گی. کسی اور کی غلطی کی سزا اب میرے بچے نہیں بھگتے گے.

مما محیص اور محسن کہاں ہے ؟؟؟؟؟؟ میں انکو بھی اپنے سینے سے لگانا چاہتی ہوں تا کہ میرے بے قرار دل کو قرار آجائے........

وہ دونوں تو سوزی کے ساتھ پارک گئے ہیں.........

ٹھیک ہے تب تک میں نائیفہ کے کپڑے چینج کروادیتی ہوں........

دھیان سے ذرا یہ تمہارے بیٹوں کی طرح شریف نہیں ہے ایک نمبر کی شرارتی ہے...... نیلو فر نے مسکراتے ہوئے مرحا کو بتایا تھا.

جب کہ مرحا بھی مسکراتے ہوئے نائیفہ کو لیکر اندر چلی گئی تھی. لیکن اسے یہ نہیں پتا تھا کہ جیسے وہ گئی ہے ویسے ہی بھاگ کر واپس بھی آئیگی.

مماااااااااااااااااا.................

مرحا کی چیخ سن کر نیلو فر فوراً سے مرحا کے کمرے کی طرف گئ تھی. لیکن اگے کا منظر دیکھ کر وہ شوکڈ رہ گئ تھی.

،

غازی کے جانے کے بعد کتنی ہی دیر مطربہ سوچتی رہی کے وہ کیوں اسکے اگے کمزور پڑ گئ تھی. ور خود سے ہی عہد کیا کے اب کمزور نہی پڑے گی.

لیکن جب ایک بار پھر غازی کی چھوِی اسکے ذہن کے پردے پر لہر آئ تو وہ سوچنے لگی کے کمبخت کتنا ہینڈسم ہو گیا ہے. اففففففففف مطی تو بھی کچھ بھی سوچتی ہے.

پھر اپنی ہی سوچ پر خود کو ہی سر پر ہاتھ مارتی سرزنش کرتی سونے کیلئے لیٹ گئ.

جب کہ نیند تو اسکو انی نہیں تھی آخر اتنے سال جسکی پروفائل دیکھتی رہی اب جب سامنے ہے تو نیند کیسے انی تھی اسے.

سوچتے سوچتے کب وہ نیند کی وادیوں میں چلی گئی اسے پتا ہی نہ نا چلا صبح اٹھا کر فریششہ ہوئی ور اور مار ننگ واک پر چلی گئی.....

ابھی راستے میں ہی تھی کے کوئی اچانک سے اسکے سامنے آیا تھا اور مطی سیدھا اسکے کشادہ سینے سے جا ٹکرائی. اس سے پہلے وہ کچھ کہتی اسکی نظریں اوپر اٹھی تھی اور پلٹنا بھول گئی تھی...........

کیا کوئی اتنا بھی ہنڈسم ہو سکتا ہے. وہ اسکی بڑھی ہوئی شیو کالی گہری انکھیں جن میں اس وقت بھی شوخی نمایاں تھی.

بلیو شرٹ اور ساتھ میں شارٹس پہنے وہ مطربہ کو مسکراہٹ دبائے دیکھ رہا تھا جو کہ اپنا منہ کھولے بغیر پلکیں جھپکائے اسے ہی دیکھنے میں محو تھی.

جب اچانک غازی نے اسے کمر سے تھام کر اپنے قریب کیا ور اسکے کان میں سرگوشی کی تھی.

"میری جان اگر اتنا ہی پیار آرہا ہے تو چلو پھر رخصتی کی بات کرتے ہیں........ پھر تم میرے کمرے میں اووہ سوری ہمارے کمرے میں بیٹھ کر فرصت سے یوں مجھے نہارنا اور میں تمہیں اسکی بخشش بھی دوں گا لیکن اپنی مرضی کی......."

کہتے ہوئے اس نے مطربہ کے کان کی لو کو اپنے لبوں سے چھوا تھا........ایک انوکھا سا احساس ہوا تھا اسے اور گھبرا کر وہ غازی سے دور ہوئی تھی اور اب کھا جانے والی نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی.......

"افففف ظالم ایسے نا دیکھ کچھ ہوتا ہے
تیرا یہ محبوب بڑے نازک دل کا ہے"

کہتے ہوئے غازی نے ایک آنکھ دبائی تھی......... جب کہ وہ اسے مارنے کے لئے سرپیر دوڑی تھی لیکن غازی بھی اپنے نام کا ایک تھا فورا بھاگ گیا وہاں سے اور وہ غصّہ سے لال پیلی ہوتی گھر گئی بریک فاسٹ کیا اور جلدی جلدی جم کے لئے نکلی............

لیکن اسے کیا پتا تھا جم میں اسکے لئے ایک سرپرائز موجود ہے.....اب وہ کیا ہے یہ تو مطربہ کو جم جا کر پتا چلنا تھا.

#Upcoming_Episode

#ناول_مریض_ء_عشق

#رائیٹر_سندس_پری

وہ آج پھر اپنے سیل میں موجود تھا.......اسے ایک تسکین ملتی تھی خوشی ہوتی تھی اس شخص کو یوں موت مانگتے ہوئے اور موت اسے اتی نہیں تھی.

پچھلے دو سال سے وہ یہی تو کر رہا تھا اس شخص کے ساتھ.......

جب دل کرتا تھا اتا تھا اور اسے اسکے گناہوں کے کی سزا کے طور پر تکلیف کا ایک چھوٹا سا نمونا پیش کرتا تھا. جو کہ اسکے لئے چھوٹا تھا لیکن اس شخص کے لئے پل پل مرنے جیسا تھا.

اور پھر آج تو وہ بہت چوٹی سزا لیکر آیا تھا........اس نے سیل کے اندر اتے ہی اسے ایک نظر دیکھا جو کے اوپر لٹکا ہوا ہوا میں جھول رہا تھا. اور مسلسل نا میں گردن ہلا رہا تھا.......

کیوں کہ اسے پتہ تھا کے اسے اسکی آواز نہیں پسند اگر چلاتا تو اپنے لئے ہی مشکل کھڑی کرتا آئ لئے صرف گرد
نا میں ہلا کر اسے منا کرنے کی کوشش کر رہا تھا.......

جسکا مقابل پر کوئی اثر نہیں ہوا تھا......... وہ تو اسے ایگنور کیئے ایک کرسی لیکر اس پر بیٹھ گیا.........

جب کہ جو وجود ہوا میں جھول رہا تھا وہ بھی ریلیکس ہوا تھا لیکن یہ سب کچھ ہی سیکنڈز بعد دردناک چیخوں میں بدل
گیا.

کیوں کہ اچانک سے نیچے موجود زمین میں سے ایک بڑا سا گولا اوپر کی طرف ابھرا تھا....... اور اس میں ابلتا ہوا
تیل تھا پانی تھا کیا تھا آخر اس بارے میں اسے زیادہ سوچنا ناپڑا جب وہ اوپر اٹھتے ہوئے اسے بھی اس میں ڈبونے
لگا.........

یہ سب کچھ ہی سیکنڈز کا دورانیہ تھا........ لیکن اسکی دردناک چیخوں سے اندازہ لگایا جا سکتا تھا کہ وہ کس تکلیف میں
ہے......

اور ٹھیک ۲ دو منٹ بعد وہ گولہ نیچے گیا تھا واپس انے کے لئے......... لئے

جب وہ نیچے گیا تب پتا لگا کہ وہ ابلتا ہوا موم (ویکس) تھا. جو دور سے پانی یا تیل کا دھوکہ تھا.........

جب وہ گولہ واپس گیا تو اسکا پورا جسم سوا آئے چہرے کے لال سرخ ہو گیا تھا...... سارے جسم پر ویکس چپک گیا تھا........

اور ابھی سزا ختم نہیں ہوئی تھی........ اوپر سے دیوار ہٹی تھی اور آگ کی تپش سے موم پگھلنا سٹارٹ ہو گئی تھی........

ایک بار پھر چیخوں کا دورانیہ چلا تھا....... جب ساری ویکس پگھل گئی تو ایک بار پھر اسے ویکس میں ڈالا گیا اور یہ عمل تب تک جاری رہا جب تک وہ تکلیف سے بے ہوش نا ہو گیا......

اسکے بے ہوش وجود پر ایک نفرت اور حقارت بھری نظر ڈال کر وہ ٹارچر سیل سے نکلتا چلا گیا.......

کوئی سوال نہیں تھا اور نا ہی کوئی جواب...... بس تھی تو سزا فقط سزا.........

اب سلسلہ کب تک چلنا تھا یہ تو وہی جانتا تھا........

رزم پہلی فلائٹ سے ترکی آیا تھا...... اور یہاں اتے ہی اس نے پہلے مرحا سے اپنی میٹنگ فکس کروائی تھی
......

کیوں کہ وہ وقت کی کتنی پابند تھی یہ اسے سویڈن میں پتا چل چکا تھا اس لئے غلطی کی گنجائش چھوڑے بغیر وہ کام کر رہا تھا...........

لیکن آئ دوران بھی وہ مشی کے بارے میں ہی سوچتا رہا.........

جب میٹنگ فکس کرنے وہ افس گیب لگا مرحا اس وقت بزی ہے...... وہ افس میں موجود نہیں........ ون ویک تک کوئی اپائیمنٹ نہیں ہو سکے گی............

لیکن ایک انجانا سا احساس تھا جو رزم کو اپنے گھیرے میں لئے ہوا تھا.........اسکا دل نہیں مان رہا تھا کہ وہ وہاں سے جائے...... لیکن جب پی اے نے بتایا کہ اب مرحا ایک ہفتے بعد آئیگی تو.... غصّہ کا ایک اشتعال اسکے وجود میں دوڑا تھا.......

اتنا انتظار کسی نے اسے نہیں کروایا تھا جتنا اسے مرحا کی وجہ سے کرن پڑ رہا تھا......

لیکن ابھی اسے کم تھا جس کی لئے وہ سب باتیں چپ چاپ برداشت کر رہا تھا.

جاری ہے.

Epi likhni to nhi thi waja kl bta di thiiiii…..ky hurt hoi thi lekin sb side py rakh kr likhi hai ap logon ky liye ab short na krna 😒😒😒

Next epi likh rahi hun lekin agr is #epi_pr_1.5k likes na hoye to epi post nahi kron gi…… or bbye mat khaiye ga ky esa na kry hm

to krty hai ....jo krty hain unko nahi bakion ko keh rahi hun......

Surprise surprises 🙈😍

Don't copy paste without my permission💣💣💣

#ناول_مریض_ء_عشق

#رائیٹر_سندس_پری

#قسط_32

مرحا جیسے ہی نائیفہ کو لیکر روم میں آئی وہاں اسے لٹایا تو وہ پھر سے رونا شروع ہو گئی ....

مرحا نے کبھی بچوں کو سمبھالا نہیں تھا تو ابھی وہ یہ سوچ ہی رہی تھی کہ کیا کرے کہ اسکے ناک کے نتھنوں سے ایک عجیب سی بد بو ٹکرا آئی تھی ....

جب مرحا نے اپنی سوچ کو جھٹکتے ہوئے رحم طلب نظروں سے نائیفہ کی طرف دیکھا تو وہ اور رونے لگی ....

مرحانے ڈرڈر کراسکی نیپی اتاری تو دیکھا اسکا سارا پیمپر سٹول (پوٹی) سے بھرا ہوا تھا.........

مرحانے پہلے تو اپنی ناک کو اپنی دو انگلیوں سے بند کیا اسے بعد.....اسکا پیمپر اتارا اور پاس پڑے کچرے کے ڈبے میں ڈالا.......

نائیفہ خاموش ہوئی تھی اور اب اچانک سے اس مے ہاتھ پاؤں مارنا سٹارٹ کر دیے.....اور مرحا جو صاف کر رہی تھی......

اسے سمجھ نا آیا کیا کرے.....اور جو وہ صاف کر راہب ساری خود پر بھی اور نائیفہ کو بھی پورا سٹول سے بھر دیا تھا پھر خود ہی چلاتی ہوئی باہر سے مس نیلوفر کو آواز دینے لگی.

جب مس نیلوفر کمرے میں آئی اور مرحا کو اور نائیفہ کو اس حالت میں دیکھ کر ہنسنے لگی.......

ماما یہاں یہ سب خراب ہو گیا ہے اور اپ ہنس رہی ہیں.ہاہاہا.......ہاہاہا اچھا......اچھا نہیں ہنستی.......

میگی جلدی سے یہ بیڈ شیٹ چینج کرو اور مرحا تم یہاں او ور دیکھو مجھے آج کے بعد تم نے ہی کرنا ہے یہ سب ....

میں نے تو تمہیں وارن بھی کیا تھا لیکن تم ہی چلی گئی تھی بھاگ کر اندر ....نائیفہ کی عادت ہے ...... وہ ہمیشہ ایسا ہی کرتی ہے ....

اسکو صاف کرنے کا ٹرک بتاتی ہوں یہ دیکھو .... پھر مس نیلو فر نے مرحا کو پورا طریقہ سمجھایا اور کروایا بھی ...... اور اس بار اس نے سہی سے کیا ......

جب سب صاف کر لیا تو مس نیلو فر نائیفہ کو اپنے ساتھ لے کر چلی گئی اور ہنستے ہوئے مرحا سے گویا ہوئی ....

بیٹا تم خود بھی شاور لیلو .... بہت اسمل آ رہی ہے .....اور مرحا بھی اپنی حالت کو دیکھتے نائیفہ کو گھور کر باتھروم میں بند ہو گئی ....

نہا کر مرحا نیچے آئی تو این جی او سے پی اے کی کال آئی تھی تو مرحا بات کرنے کے لئے سائیڈ پر گئی تھی ....

ہاں بولو نہیں...... میں 1 ہفتہ تک بزی ہوں تو کوئی بھی مجھے ڈسٹرب نا کرے.........

اگے سے پتا نہیں کیا کہا گیا مرحا نے ایک ہفتے تک ٹال دیا.......اور کال بند کر کے اپنے دونوں شہزادوں اور اپنی نٹھکھٹ سی پری کو لیکر پارک جانے لگی تھی......

اس نے سوچ لیا تھا وہ یہ پورا ہفتہ ان تینوں کے ساتھ گزارے گی.......اس لئے اپنا نمبر ہی بند کر کے پارک چلی گئی اور جاتے ہوئے ساتھ میگی کو بھی لے گئی تھی.......

اسے پتا تھا کہ اب زندگی کو نسا نیا موڑ لانے والی ہے اسکی زندگی میں.....ابھی ہی تو اسنے ہنسا مسکرانا سٹارٹ کی تھ اور اب ہی پھر کوئی نیا موڑ اوالا تھا......

اب دیکھنا یہ تھا کہ یہ موڑ اسکی زندگی پر خوشگوار اثرات لاتا ہے یا نا خوشگوار...........

پچھلے کچھ دنوں سے بیا کی طبیعت سہی نہیں تھی..... لیکن اس نے اسے لائٹ ہو لیا ہوا تھا.....اسکی روٹین ہی اتنی بزی تھی یہاں اکر اس نے ہارٹ میں اسپیشلسٹ کیا تھا......

اور بیا کے ہی زور پر جلال نے جو ہسپتال پہلے سے ہی غریبوں کے لئے بنوایا ہوا تھا.... وہاں ایز آ ہارٹ اسپیشلسٹ کنسلٹنٹ جاب کی اجازت دے دی تھی...... لیکن ہفتہ میں صرف دو دن.......

جلال کا ماننا تھا اسکا سارا وقت بیا کا ہے اور بیا کا سارا وقت جلال کا.......

لیکن آج جب اسکی طبیعت زیادہ خراب ہو گئی وہ بھی ڈیوٹی ٹائم میں تو چیک اپ کروانے پر جو نیوز اسے ملی..... اسے سن کر اسکے گال دھک کر سرخ گلاب ہو گئے تھے.......

جب جلال کو بیا کی طبیعت کا پتا لگا تو وہ فوراً ہسپتال آیا.....بیا نے سب کو منا کر دیا کہ کوئی بھی کچھ نہ بتائے وہ آج رات خود جلال کو یہ نیوز بتانا چاہتی تھی بلکہ سرپرائز دینا چاہتی تھی.........

بیا جلال کے ساتھ گھر تو آ گئی لیکن جلال بیا کو اکیلے چھوڑ ہی نہیں رہا تھا.....بہت مشکل سے بانے جلال کو باہر بھیجا اور خود سرپرائز پلین کرنے لگی.......

تم جلال کے انے می تھوڑی دیر رہ گئی تو وہ وہی لال فراک جو جلال نے اسے تحفہ میں دی تھی جب اسنے بیا کی رضامندی جاننا چاہی تھی......

وہ پہن کر خود بھی تیار ہو گئی...... جلال جو کہ عجلت میں اندر آرہا تھا...... کمرے کو یوں غباروں سے سجا دیکھ کر رکا اور اصل ہوش تو اسکے بیا کو اپنی سب سے فوریٹ ڈریس میں دیکھ کر اڑے تھے......

لیکن جب اس نے بیا کی نظروں کے تعاقب میں دیکھا...... تو بے یقینی سے ایک بار پھر بیا کی طرف دیکھا جو کہ سر جھکائے کھڑی تھی.......

اس نے دوبارہ سے دیوار میں نسب اس پیارے سے بچے کی تصویر کو دیکھا جسکے ساتھ ہی لکھا تھا.......

ویلکم ہوم پاپا........اینڈ سٹے ویٹنگ فور می انٹل آئی کم

Welcome home Papa …… .. and stay waiting for me until I come……

یہ پڑھنا تھا کہ جلال بڑھا اور ربا کو خود میں بھینچ لیا..........دنیا کی سب سے بڑی خوش خبری دی ہے تم نے مجھے جانم

ورلڈز بیسٹ سرپرائز ایور......

Seni çok seviyorum

آئی لوو یو سو مچ..........

جب بیا منہ پھلا کر دور ہوئی تھی.....اپ آج بھی باز نہیں آ رہے.....یا تو آج کے بعد اپ ترکش بولے گی نہی یا مجھے سکھائے........

وارنہ........وارنہ میں ور میرا بے بی دونوں اپ سے نراض ہو جائے گے......دیدہ دلیری سے کہنے کے ساتھ ہی اپنی زبان دانتوں تلے دبا کر وہ اپنا چہرہ جلال کی کشادہ سینے میں چھپا گئی......

جب کہ جلال نے بھی کہہ دیا کہ کل سے کلاس سٹرٹ ہوگی اور آج کا دن میرا اور میری جانم کا کہتے ساتھ اسنے بیا کو باہوں میں بھرا اور آرام سے بیڈ پر لٹا کر خود بھی ساتھ لیٹ گیا اور بیا کے پیٹ پر ہاتھ رکھا کر بولا.......

"دنیا کی سب سے بڑی خوشی دینے کا بہت بہت شکریہ میری جان.......اگر آج تم جلال سے اسکی جان بھی مانگو تو یہ بہت کم ہو گا...."

جب کہ بیا نے جلال کے منہ پر ہاتھ رکھ دیا تھا...... خوشی کے دن کیسی باتیں کرتے ہیں اپ......

میں ناراض ہوں اب مجھ سے بات مت کریے گا..... کہتے ہی رخ موڑنے لگی تھی کہ جلال نے اسے کھینچ کر اپنے سینے سے لگایا.....

ویسے اپنی جانم کو منانے کا مجھے بڑا مزہ اتا ہے....... کہتے ہی وہ بیا کی گردن پر جھکا تھا......

جب کہ اپنی گردن پر جلال کی بڑھی ہوئی بیرڈ کی چبھن محسوس کرتے بیا اپنا قہقہ نہیں روک پائی تھی اور مسلسل جلال کو پیچھے کرنے لگی......

اچھا......اچھا جلال چھوڑے بھی......اب کیک نہیں کٹ کرنا کیا.........مجھے بھوک لگی ہے

......

جلال جو گستاخیوں پر ابھی بھی عمادہ تھا.....بیا کی بھوک کا سن کر فوراً اٹھ بیٹھا........

کیک کٹ کرنے کے بعد بیا کو کھلایا اور کہنے لگا آج سے تمہارے کھانے پینے کی ساری ذمہ داری آپکے اس خادم کی ہے.......

جب کہ جلال کی نیچر کو با اچھے سے جانتی تھی اس لئے بغیر چوں چرا کئے اسکی بات پر اثبات میں سر ہلا گئی...... اسکے بعد دونوں نے یل ساتھ کھانا کھایا...... جو کہ جلال نے اپنے ہاتھوں سے بیا کو کھلایا تھا........اور ایک حسین رات ایک دوسرے کے پہلو میں گزارے وہ دونوں اگلی صبح کا انتظار کر رہے تھے......

سب سے زیادہ تو جلال ایکسائیٹڈ تھا.....بیا تو سو گئی تھی جلال پوری رات بیا کو کوئی تکلیف نہ ہو اسکی وجہ سے اور اسکے حسین چہرے کو دیکھ کر جو کہ اس خوشی کی بعد اور حسین ہو گیا تھا اپنی رات آنکھوں میں کاٹی..........

لیکن وہ انجان تھا کہ اب انکی زندگی میں کیا طوفان انے والا ہے....وہ بھی اسکی خود کی ہی وجہ سے......

مطر بہ جم آئی اور روٹین کے مطابق بچوں کو بھی مارشل ایزی ٹرکس سیکھانے لگی..... جس سے وہ آسانی اگلے بندے کو منٹوں میں زیر کر سکے......

جب اچانک اسکی نظر سامنے اٹھی تھی اور پلٹنا بھول گئی تھی........ کیوں کہ سامنے ہی غازی رننگ مشین پر اسکی طرف ہی رخ کئے رننگ کر رہا تھا.......

جب اس نے اسکی طرف دیکھا تو فوراسے ایک آنکھ دبا آئی اسنے.......

اور مطرابہ جو کے ایک بار پھر سے اسکی وجیہہ پرسنیلیٹی کو دیکھ کر پھر سے کھو گئی تھی........

شارٹ گھوٹنوں تک اتی شارٹس میں موجود تھا...... جب کہ اس نے براؤن کلر کی سلیولیس پتلی سی بنیان پہنی ہوئی تھی...... جس سے اسکا کسرتی جسم نمایا ہو رہا تھا.......

وہ سوچ رہی تھی کہ غازی کتنا ہندسم ہو گیا ہے. ہاٹ باڈی بائیسیپس, بڑھی ہوئی شیو اور واضع سکس پیک دکھائی دے رہے تھے....... جب اسنے غازی کی حرکت نوٹ کی تو اپنا کھلا ہوا منہ بند کر کے ادھر سے ادھر دیکھنے لگی

....

پھر غازی کی حرکت یاد کر کے غصّہ ایک بار پھر سے عود آیا تھا...... لیکن وہ اپنے بدلتے دل کی کیفیت کو پشت پست ڈال کر پھر اچانک اپنی دلی کیفیت پر قابو پا کر اسے گھورتے ہوئے باہر جانے لگی........

آج کی کلاس ختم باقی کل..........اوکے.......

اوکے ٹیچر........بائے داوے وی ڈیڈ نٹ سی اینی تھنگ......

سٹوڈنٹس کہتے ہی باہر کی طرف بھاگے تھے آور وہ خود بھی انکے پیچھے بھاگی تھی......

لیکن راستے میں ہی غازی نے اسے جالیا تھا.......

ہٹو آگے سے.......

کیوں...... تم تو بہادر ہو نا مارشل آرٹس جانتی ہو........ تو چلو تھوڑا سا جلوہ یہاں بھی دکھا دو.........

کہتے ساتھ ہی اسنے مطرابہ کو قابو کرنا چاہا تو اسنے اسکا وہی ہاتھ جھٹک کر پاؤں کا استعمال کیا اور ایک کک رسید کرنی چاہی غازی کے پیٹ میں.........

غازی نے اسکا وہی پاؤں پکڑ لیا........... لیکن اگلے ہی پل مطی نے اپنا پاؤں اسکی گرفت سے آزاد کروایا اور کلابازیاں کھاتی وہ رنگ میں داخل ہو گئی تھی.......

اور ہاتھ کے اشارے سے غازی کو بھی انے کا کہا.........

غازی تو مطی کا ایٹیٹیوڈ دیکھ کر مسکراتا ہوا اسکے پیچھے رنگ میں داخل ہوا تھا.......

ویسے مزہ آئیگا اپنی جنگلی بلی کو ہرانے میں........ مسکرا کر کہتے اس نے اپنی پوزیشن سمبھالی تھی.......

جب کہ غازی کا اتنا اعتماد مطی کو اور غصّہ دلا گیا تھا......

وہ تو ابھی پتا چل جائیگا......

کہتے ساتھ ہی اسنے ایک پنچ مارا تھا غازی کو.......

غازی جو اسکے لئے تیار نہیں تھا ایک قدم پیچھے ہوا اور مسکرا کر مطی کو تھمزاپ کیا اور اسکی طرف بڑھا ہو تھا کہ اسنے پھر سے ایک کک رسید کی تھی اس بار اسکا وار خالی گیا تھا......

غازی نے مسکراتے ہوئے اسے اپنی گرفت سے آزاد کر دیا تھا......

جب کہ مطی ایک بار پھر اپنے دوسرے ہاتھ کا پنچ بنا کر بڑھی تھی اسکی طرف غازی نے اسکا وہی ہاتھ پکڑ کر اسے موڑ دیا.......

اور گویا ہوا...... اگر میں جیتا تو تمہیں آج ڈنر میرے ساتھ کرنا پڑے گا.......

ایسا کبھی ہو گا ہی نہیں.............

منظور ہے لیکن میں تمہیں جیتنے ہی نہی دوں گی.........اور اگر میں جیتی تو جو میں کہوں گی وہ تمہیں کرنا پڑے گا.......غازی کی حالت کا سوچتے ہوئے وہ مسکرا کر بولی............

اور یہی وہ لمحہ تھا.....جب غازی نے اس پر حملہ کیا اور اسکے ساتھ ہی خود بھی نیچے گرا..........

مطی نیچے اور غازی اسکے اوپر تھا جب کہ غازی نے مطی کے ایک ہاتھ کو قابو کیا ہوا تھا اور دوسرے ہاتھ کو وہ ہلا ہی نہیں سکتی تھی.......

یہ تم نے چیٹنگ کی ہی اٹھو بتمیز نا ہو تو.....تم ایک نمبر کے چلاک انسان ہو......ہم دوبارا اسے کرے گے چلو.....اٹھو میرے اوپر سے.......

اللہ کو مانو لڑکی میں نے پوری ایمانداری سے یہ شرط جیتی ہے......اب تم میرے سامنے ہونے کے باوجود بھی میرے ہی خیالوں میں کھوئی ہوئی تھی تو یہ تو تمہاری غلطی ہوئی نہ......

بج........جی نہیں.....اپنی غلط فہمی دور کر لو میں اور تمہارے خیالوں میں کھوؤں گی ناممکن......اپنی چوری پکڑی جانے پر فورا بہانہ بنا گئی.......اب اٹھو بھی........

اور دوسری بات کیا کہی تم نے کہ ہم دوبارہ سے کریں گے....... کیا کریں گے ہمنے تو کچھ کیا ہی نہیں ابھی ....غازی کا دل نہیں کر رہا تھا....... کہ مطی کو آزاد کرے اس لئے آخر میں معنی خیز بات کرتے ہوئے اسنے بات کو طویل دینی چاہی..........

تم.........تم بے شرم انسان تمہیں تو میں بتاتی ہوں......غازی کی بات کا مفہوم سمجھ کر وہ سرخ پڑتے ہوئے غازی کو ہٹانے کی کوشش کرنے لگی.......

جب کوئی راستہ نہ دکھا تو مطی نے اپنے دوسرے ہاتھ سے بڑے آرام سے غازی کو گدگدی سٹارٹ کر دی اور یہ دیکھ کر حیران رہ گئی کہ اسے ابھی بھی اتنی ہی گدگدی ہوتی ہے جتنی کہ پہلے........

غازی کی ہنستے ہوئے گرفت ڈھیلی ہوئی تو مطی فورا سے اٹھ کر بھاگی تھی......اور غازی بھی اپنے اپ کو سمبھالتے ہوئے اسکے پیچھے بھاگا تھا......

دیکھو مطی آرام سے میری بات سن لو..... کچھ نہای کہو گا.......

تم نے مجھے پاگل سمجھا ہوا ہے میں تمہاری باتوں میں نہیں انے والی..........اوکے.......

اور یہی وہ لمحہ تھا جب مطی نے انگلی اٹھا کر اسے وارن کیا........ تبھی غازی نے اسے پکڑ کر اسکی کمر اپنے ساتھ ٹکادی.......

تم بہت......... ہو......... چھوڑو مجھے....... خود کو چھڑوانے کی کوشش کرتی جب وہ ناکام ہوئی تو غازی سے گوا ہوئی.......

تم کہہ دو آج ڈنر میرے ساتھ کروگی ابھی چھوڑ دو گا اور چلا بھی جاؤ گا بغیر تنگ کئے.......

نہیں.......

تو ٹھیک ہے پھر رہو ایسے ہی......... کہتے ہی اسنے گرافت مظبوط کی تھی......

اوکے .... اوکے اب ہٹو .... اسی وقت غازی نے اسے آزاد کیا تھا ....

اب نکلو یہاں سے ....

ایسے کیسے ابھی انعام تو دو اتنی محنت کی میں نے ....

کوئی انعام نہیں ہے جاؤ ....

انعام تو ہے یہ دیکھو ...... کہتے ہی غازی نے جلدی سے اسکے گل بوسہ دیا اور آنکھ مار کر بھاگ گیا ....

جب تک مطی کو سمجھ آئی وہ منہ کھولے اسکی دیدادلیری دیکھے گئی .... تم .... تم کمینے انسان ...... میں نہیں آؤں گی .....

سوچ لونا آئی تو آج رات میں خود آؤں گا .... اور بی بی جان کو بھی بتاؤں گا کہ میں انکا اکلوتا داماد ہوں

......

تم.......اس سے پہلے وہ اور کچھ کہتی غازی بھاگ گیا تھا جب کہ مطی غصہ سے اپنی مٹھی بھینچ کر رہ گئی تھی

......

مرحا بچوں کو لیکر پارک میں بیٹھی ہوئی تھی نائیفہ, محیص، اور محسن کو لیکر....تینوں اپنے چھوٹے چھوٹے پیروں سے چلنے کی کوشش کر رہے تھے.....کبھی ایک دوسرے کو پکڑ کر کھڑا ہوتا تو کبھی دوسرا......

اور نائیفہ دونوں کو ہی انکی شرٹ سے پکڑ کر کھینچتی کے دونوں گر کر رونے لگتے......پھر خود ہی اپنے چھوٹے ہاتھوں سے کمر پر تھپکی دے کر چپ کروانے کی کوشش کرتی.....

جب کہ مرحا مسکراتے ہوئے ان تینوں کی حرکتوں کو انجوئے کر رہی تھی......

وہ سوچ رہی تھی کہ کتنی بد نصیب ماں ہے جو اپنے بچوں کو پہلا قدم رکھتے نا دیکھ سکی.......انکا ایسے مستی کرنا ....اور کسی اور کی سزا وہ پنے ہی بچوں کو دیتی رہی.......

ابھی وہ انکو دلہ ہی رہی تھی کہ سامنے اسے ایک آئیسکریم والا سٹال نظر آیا تو وہ اسکی طرف بڑھی تھی.....اور میگی کو بچوں کے پاس چھوڑ گئی.....

رزم تھوڑی دیر پہلے ہی این جی او سے ہو کر آیا تھا......اور اب کچھ دیر اپنے بے قرار دل کو سکون بخشنے کے لئے وہ تھوڑی دیر پارک میں آیا تھا.........

لیکن اچانک اسکی نظر ایک جگہ رک سی گئی تھی اور وہ تھے وہ تین بہت ہی پیارے اور بھرے بھرے گالوں والے تین بچے جن میں ایک لڑکی تھی جب کہ دو لڑکے انکی شرارتیں دیکھ کر رزم کا دل چاہا وہ قریب سے انہیں دیکھے...........

اور اپنے دل کی مانتے ہوئے رزم انکے پاس چلا گیا تھا..... میگی فون پر نیلوفر کی ہدایات نوٹ کر رہی تھی اسکا رخ دوسری طرف تھا......

رزم جاتے ہی انکے پاس بیٹھ گیا تھا.....بچے اسے پہلے تو حیرانگی سے دیکھنے لگے پھر خود ہی ہنسنے لگے.......
جب کہ نائیفہ نے رزم کی طرف اپنے ننھے سے تھا بڑھائے تھے مطلب صاف تھا کہ مجھے گود میں لو......

رزم نے اسے گود میں لیا اور چٹاچٹ چوم لیا..... ان بچوں کو دیکھ کر اسے اپنے پن کا احساس ہو رہا تھا.......
نائیفہ میں اسے مشی کی چھوی نظر آئی تھی......... چھوٹی تھی سی تھی لیکن شرارتی سی......

رزم کی گود میں اتے ہی وہ خوشی سے کھل اٹھی تھی اور اپنے چھوٹے چھوٹے ہاتھ اسکی بڑھی ہوئی شیو پر رکھ کر اسے کھینچنے لگی......

رزم تو اپنا ہر غم بھولائے ان بچوں میں خوش ہو گیا تھا تھوڑی دیر کے لئے ہی سہی لیکن وہ سب کچھ بھول گیا تھا
....

رزم کے فون پر لیلیٰ کو کال آئی تو نا چاہتے ہوئے بھی اسے کال اٹھانی پڑی اور کال سن کر جب وہ پلٹا تو وہاں کوئی نہیں تھا..... اسے جی بھر کر غصّہ آیا تھا لیلیٰ پر.......

لیکن اسکے احسان اتنے تھے کے وہ اسے زیادہ کچھ کہتا نہیں تھا..... اور ویسے بھی اب تو وہ بدل بھی گئی تھی
....

رزم نے سوچا اگر وہ آیا ہوا ہے تو کیوں مس نیلوفر سے بھی مل لے......ویسے بھی وہ انہیں بغیر بتائے آیا تھا

....

اسنے اپنا رخ گھر کی طرف کیا تھا......اسے پتا تھا اسے دیکھ کر اسکی ماما کھ سے پھولے نہیں سما آئے گی

....

جاری ہے.......

Ye ly g surprise epi meri tarf sy vo kia hai na ….. mera mood b ach ho gya or mai khush b ho gai ….. narazgi b jo thi vo b khatm ho gai ……..

Lekin ap log likes or comment na kr ky mujy naraz krny pr tuly hoye hain😈😈

Ek like mai kia jata hai (jo krty hain mere shone mony ab vo comnt mi na shoro ho jna hm to krty hin😬😬ary mujy pta hi ap log pyry readers krty hin) ...jo nahi krty ye un dheet readers ke liye hi .... Comnt na sahi ek like pr click to kr skty ho na ...... angry pr hi krlo(uski wja b mai pocho gi)🙈😍

Surprise surprise 😍🙈

Don't copy paste without permission 💣💣💣💣

#ناول_مریض_ء_عشق

#رائیٹر_سندس_پری

#قسط_نمبر_33_پارٹ_1

مطی نے غازی کی بات ایک کان سے سنی اور دوسرے سے نکال دی تھی...... لیکن وہ شاید بھول گئی کہ اب یہ غازی پرانے وال غازی نہیں رہا.....

اور اس بار وہ کبھی بھولنے والی بھی نہیں تھی...... اب کیا ہونا تھا یہ غازی ہی جانتا تھا کب جب کہ وہ ان سب سوچوں سے انجان گھر بھر میں مستی کرتی پھر رہی تھی......

بی جان یہ اپ نے کی بنایا ہے...... مجھے بھی کھانا بہت بھوک لگی ہے....... لڑکی خاموش ہو جاؤ یہ پنجیری بنا رہی ہوں اور آج جمعرات ہے.....

اور پہلے ختم ہو گا نیاز ہو گی پھر تم اپنا نمبر لیکر آنا........

چلو شاباش اب کمرے میں جاؤ..... ورنہ تمہارا دل خوشبو سونگھ کر اور کرے گا کھانے کو........

اوکے دی جان....... اپ کبھی میری بات نہی سنتی ہیں ایک بات مان لیں لیکن اپ ہیں کی مانتی ہی نہیں ....

ہیں ایسی کونسی بات ہے........

پہلے اپ کہیں اپ غصّہ نہیں کریں گی.........

اچھا نہیں کرتی اگر تمہاری کوئی بے تکی بات نا ہوئی تو........

میں نے یہ کہنا تھا کہ......... کیوں اپ مجھے دادا لا کر نہیں دے رہی اب غصّہ نہیں کرنا...... اتنی جوان اور خوبصورت تو ہو.....

تم کنہ نہیں سدھر سکتی...... اچھا سنو میں کیوں کہتی ہوں ایسا........

تمہارے دادا کی اور میری کوئی لوو میریج نہیں ہوئی تھی...... گھر والوگی مرضی سے ہی نکاح ہوا...... تب کھا زمانہ تھا کہ دیکھ کر پسند کیا جائے.....

میں نے تو تمہارے دادا کو دیکھا تک نہی تھا..... لیکن پتہ نہی انہوں نے مجھے کہ دیکھا تھا...... پھر خیر سے نکاح ہو گیا اور نکاح کے دو بولو میں کتنی طاقت ہوتی ہے......یا مجھے تمہارے دادا لے ساتھ رہتے ہوئے پتا چل گیا تھا.......

پھر اللہ کی مرضی تھی اور وہ مجھ بوڑھی کو چھوڑ کر چلے گئے...... لیکن میرے پاس تم لوگ تو تھے ستہ انکی یادیں بھی ہیں.....پتا ہے جب ہم پیار سے عشق کی منزل طے کرتے ہیں نا تو محبوب رہے یا نا رہے........ہم کسی اور کو اس محبت میں شراکت نہیں ٹھہراتے........

میری محبت بھی تمہارے دادا کے لئے ایسی ہی ہے.....اس عمر میں بھی مجھے ان سے ہی محبت ہے.......اور اللہ کا شکر ہے کے اس نے ہمارے دل میں حلال محبت ڈالی تھی.......ورنہ آجکل تو حرام عام ہے.......

اسی لئے می تمہیں جیک سے زیادہ بات چیت کرنے سے منا کرتی ہوں.......

مطی جو کہ شیلف پر بیٹھ کر بڑے ہی غور سے بی جان کی باتیں سن رہی تھی...... حیران رہ گئی.... کہ کوئی عمر کے اس حصّہ میں بھی اپنے ہی شوہر سے اتنی محبت کر سکتا ہے.....

بی جان کی آخری بات پر چونکی....او ہو بی جان وہ بس میرا دوست ہے.....اور اپ تو بڑی رومینٹک نکلی ہاں .....دادا ہوتے تو خوشی سے بھولے نہ سماتے یہ محبت یہ ادائیں دیکھ کر ہٹ بدماش.......

چلو کمرے میں جاؤیہ بس تیار ہونے والی ہے.....اوکے میری سویٹ سی بی جان......وہ محبت سے بی جن دونو گال چومتی کمرے کی طرف بھاگی تھی....

اور جاتے ہی باتھروم میں بند ہو گئی.......غازی کو تو وہ بلکل ہی فراموش کر بیٹھی تھی.......

باتھروم سے نکلتے ہی شیشہ کے سامنے کھڑے ہو کر اپنے بال سنوارنے لگی......براؤن رنگ کی شرٹ اور اسکے ساتھ ہی سمپل پلازو پہنا ہوا تھا......

گیلے بالوں میں وہ جلدی برش کر رہی تھی.....چہرے پر تو ہمیشہ کی طرح کچھ بھی لگانے کا موڈ نہیں تھا..... ابھی وہ بیڈ سے اپنا مفلر اٹھاتی کہ غازی کو پورے بیڈ پر بڑے استحاق سے لیٹے دیکھ کر وہ چونک گئی......

بلیک کلر کے کجویل سے سوٹ میں بھی وہ پیارا ہی لگ تھا مطی کو......یا شاید اسکے دیکھنے کا انداز بدل گیا تھا ....

اس بار وہ اپنے کیفیت پر جلدی سے قابو پاتی اس سے گویا ہوئی......

تم اٹھو اور نکلو یہاں سے یہ تمہارا نہی میرا گھر ہی جہاں جب دیکھو منہ اٹھا کر چلے اتے ہو........

آہ میرا بس چلے تو ابھی ہی رخصتی کروا کر تمہیں اپنے ساتھ لے جاؤں...... لیکن تم ہو کہ مانتی نہی ہو.......

اسکے قدرے قریب اتے سرگوشی نما الفاظ میں کہا گیا تھا....... کہتے ساتھ ہی اسکے کان کی لو کو اپنے لبوں سے چھوا.....

کہ مطربہ کے جسم میں سنسنی سی دوڑ گئی تھی..... جب کہ غازی مقابل کی حالت سے حظ اٹھاتے اسکے نم بالوں میں اپنا چہرہ چھپا گیا...... اور ایک ہاتھ اسکی کمر کے گرد حائل کر کے اس ور اپنی گرفت سخت کر دی.....

اور گویا ہوا........ میں نے کہا تھا نا کہ آنا ہے ڈنر پر تو ابھی تک تیار کیوں نہیں ہوئی........ اسکی گردن پر اپنا لمس چھوڑتے اسنے اسکی آنکھوں میں دیکھ کر دریافت کرنا چاہا.......

جب کہ مطربہ کی زبان تو جیسے کچھ بولنے کی حالت میں ہے ہی نہیں.......

تب اسے آرام سے بیڈ پر بیٹھا کر اسکے ساتھ بیٹھتے ہوئے غازی نے پھر سے پوچھا تھا.....

جب کہ مطربہ سوچ رہی تھی کہ کیا کہے..... کیوں کہ وہ تو انے والی ہی نہی تھی........اسے کی پتا تھا پھر سے آ دھمکے گا......اب تو پکا یقین ہو گیا تھا یہ اسکا معصوم سا غازی نہیں رہا..... تیز طرار جن بن گیا ہے.....

جو پنی ہر کتوں سے اسے ڈرانے لگ جاتا ہے.....اور اب تو بہت ہی بتمیز بھی ہو گیا ہے......مانا کہ نکاح ہوا ہے لیکن وہ سب انجانے میں ہوا تھا.....

اور اگر یہ بات جلال بھائی کو پتہ چل گئی یہ تو جایئگا میں بھی مروں گی..........کچھ تو سوچنا پڑے گا......

غازی مے جب مطی کو سوچوں میں پایا تو اپنا چہرہ اسکے قریب کر کہ گویا ہوا......میں یہی ہوں تمہارے پاس ......جب چلا جاؤں گا تب میرے خیالوں میں کھونا ابھی نہیں.......

مطی فوراسے اٹھی تھی اسکے پاس سے اور سمبھل کر بولی تھی.........

تم.......تم جاؤ میں........میں آجاؤں گی........

تمہارا دماغ تو ٹھیک ہے نا 6 بج چکے ہیں ...... اور کب جانا ہے ...... ابھی چلو میرے ساتھ ....

لیکن ابھی تو میں تیار بھی نہیں ہوئی ...... مطی نے بہانہ بنانا چاہا لیکن اگے بھی غازی تھا ......

تم میرے دل سے پوچھو اس وقت کیا غضب لگ رہی ہو ....

اب کوئی بہانہ نہیں چلو ...... اسکا ہاتھ پکڑ کر غازی نے کہا تھا ....

اچھا اچھا میں بی جان کو بتا کر اتی ہوں ....

ہاں چلو دونوں چلتے ہیں میں بھی مل لوں گا ......

کیوں تم کیوں جاؤ گے ...... بی جان غصّہ ہوں گی ..... وہ کیا سوچے گی تم کیا کر رہے تھے میرے کمرے میں ......

تو جنگلی بلی تمہیں کیا لگتا ہے اتنا الو ہوں تمہیں جانے دوں اور تم واپس ہی نا آؤ ....

کوئی بہت ہی کمینے انسان ہو تم........بتمیز.......اپنی چوری پکڑی جانے پر غازی کو سو صلواتیں سناتی وہ اسکے ساتھ پچھلے دروازے سے جانے لگی........

روکو یہ سٹالر اپنے سر پر لو اور اپنا چہرہ بھی کوور کرو......

کیوں کروں میں یہ سب....... کیوں کہ تمہیں دیکھ کر کمنٹس دینا یا سٹی مارنا کسی اور کا نہیں میرا حق ہے .... خود ہی اسے سٹالر پہنایا.............. اور بھی بہت سارے حق ہیں جو وقت انے پر وصول کروں گا ....

کہتے ستہ گاڑی کا دروازہ کھولا اور مطی کے بیٹھتے ہی گاڑی زن سے بھگا لے گیا......

رزم سیدھا گھر آیا تو نیلو فر کسی کام سے باہر گئی ہوئی تھی.......وہ اپن کمرے می گیا فریش ہو کر نیچے آیا تو سوزی کو کافی کا کہہ کر وہیں بیٹھ گیا....

کافی پی کر جب وہ بور ہو گیا اور اسکی ماما بھی ابھی تک نہیں آئی تھی تو وہ اوپر انکے کمرے کی طرف بڑھا.......
کیوں کہ کمرے میں انکی اور پوری فیملی کی تصاویر کا ایک بڑا سا البم موجود تھا.....

ابھی وہ انکے کمرے میں جاتا کی وہ ٹھٹک کر ایک انجانے احساس کے تحت اس ادھ کھلے کمرے کی طرف بڑھا جب تھوڑا دروازہ کھولا تو کوئی وجود جائے نماز پر بیٹھا ہیچکیاں لے رہا تھا.....

شاید وہ اللہ کے حضور رو رو کر کچھ مانگ رہی تھی لیکن وہ تھی کون........ یہ کمرہ تو مرحا کا تھا.......... تو کیا وہ مرحا تھی.......

لیکن اسکی تو شادی ہو گئی تھی...... اپنی پسند کی شادی....... پھر وہ یہاں.......ابھی وہ اندر جاتا کہ سوزی نے اکر بتایا کہ نیلوفر میڈم آ گئی ہیں........

رزم دروازہ بند کرتا نیچے کی طرف بڑھا تھا..... جب کہ نیلوفر اپنے بیٹے کو دیکھ کر تو نہال ہی ہو گئی تھی.......

میرا بچا آ گیا تو انہوں نے اسکے ماتھے پر بوسہ دیا اور اسے لیکر گارڈن ایریا میں چلی گئی...... وہاں بیٹھ کر اس سے انے کی بابط دریافت کرنے لگی.......

جب رزم نے ہلکی پھولکی باتوں میں تھوڑا ساذ کر کیا.......

اوہو تو تم مرحا سے کیوں نہیں بات کرتے........وہ بھی تو این جی او دیکھ رہی ہے.......

مرحا اور این جی او ماما یہ سب کب اور کیسے ہوا......وہ تو کبھی ان سب میں نہیں پڑتی تھی اسکی تو جان جاتی تھی
......ان سب چیزوں کا نام سن کر ہی.........

وقت سب کچھ سکھا دیتا ہے میرے بچے....... مرحا بھی تو اب وہ
مرحا نہیں رہی......

بیا ایک چور نظر جلال پر ڈال کر میڈیسن دیکھنے لگی........ جب کہ جلال نے سوچ لیا تھا بیا کی ایسی حالت میں کسی بڑے کا ہونا ضروری ہے......

اسنے فیصلہ کیا تھا کہ آج ہی فون کر کے بوجان کو یہاں بولا لے گا... اور اب جتنی نرمی برتنی تھی بس.......... اب بیا کی ہر چیز وہ خود دیکھے گا.......

پورے راستے جلال نے بیا سے کوئی بات نہیں کی تھی...... بس خاموشی سے ڈرائیو کر رہا تھا.....

بیا نے اپنے ہاتھ مسلتے ہوئے ایک چور نظر جلال پر ڈالی تھی...... اور جب جلال نے اسکی نظروں کو خود پر پایا تو صرف ایک لمحے کے لئے اسکی آنکھوں میں دیکھا تھا.......

جب کہ اس ایک لمحے میں بیا کانپ کر رہ گئی تھی...... وہ ڈر کی وجہ سے اپنے ناخن اپنے دانتوں سے کاٹنے لگی...... گھر پہنچتے ہی جلال نے بیا کو سوچنے کا کوئی موقع دیے بغیر اسے اپنے بازووں میں بھرا اور کمرے کی طرف اپنا رخ کیا.......

کمرے میں آکر جلال نے بیا کو آرام سے بیڈ پر لٹایا اور خود بغیر کچھ کہے کمرے سے باہر چلا گیا تاکہ اسکے لئے کھانے کے لئے کچھ لے آئے......

تھوڑی دیر بعد وہ کھانے کی ٹرے ہاتھ میں لئے کمرے میں داخل ہوا.....

بیا کو خود اپنے ہاتھوں سے کھانا کھلایا.....اسکے بعد دوائی دے کر لٹا دیا.......اور خود ٹرے باہر کھڑی ملازمہ کو دیکر واپس کمرے میں آیا.....

اپنے کپڑے لیکر الماری کا پٹ بند کرنے کیساتھ سائیڈ ٹیبل کی لائٹ اوف کی.......اور خود چینج کرنے چلا گیا واپس اتے ہی بیڈ پر جا کر لیٹا اور کتاب لیکر اسکا معائنہ کرنے لگا.......

اس دوران اس نے ایک غلط نگاہ بھی بیا پر نہیں ڈالی تھی......ات یہی بات بیا کو پریشان گئی تھی......اسے احساس تھ کی اس سے غلطی ہوئی ہے.........اور اس غلطی کا انجام خطرناک بھی ہو سکتا تھا اگر ج جلال اسے ہسپتال نا لیکر جاتا تو.........

بیا نے جلال کی طرف کروٹ لی.....اور اسکے سینے پر سر رکھ گئی.......

جانم کی جان پلیز مجھے معاف کر دے.....میں آج کے بعد آپکی کوئی بات نہیں ٹالوں گی..........اپ نے پچھلے ایک گھنٹے سے مجھ سے بت نہی کی مجھے ایسا لگ رہا ہے کہ میں پاگل ہو جاؤ گی........

کیا اپ اپنی بیا کو پاگل ہوتے ہوئے دیکھ سکے گے کیا........پکّا میں اپنا بہت سارا خیال رکھوں گی.......

بیا کی باتیں سن کر جہاں اسکے چہرے پر مسکراہٹ آئی تھی...وہی جانم کی جان لفظ سن کر وہ سرشاری کی کیفیت میں اسکے بالوں میں ہاتھ چلانے لگا اور جھک کر اس کے ماتھے پر اپنا لمس چھوڑا........جسے محسوس کرتے ہوئے بیا نے اپنی انکھیں موندھ لی تھی.......

اب جا کر اسکی بے چینی کم ہوئی تھی.......اسے سکون آیا تھا....

جانم تم نے صرف اپنا ہی نہیں بلکہ انے والے مہمان کا بھی بہت خیال رکھنا ہے...... سرگوشی کرتے ہوئے جلال کے ہونٹ بیا کے کان سے مس ہوئے تھے......وچہرے پر ایک خوبصورت سی مسکراہٹ آئی تھی .....

اور اسی لئے کل بی جان آرہی ہیں...... مطربہ کچھ دنوں بعد آئیگی...... جانم بہت مشکل سے میری زندگی میں خوشیاں آئی ہیں اور وہ سب تم سے وابستہ ہیں...... جلال اپنی بیا کے بغیر ادھورا ہے.......

کہتے ساتھ ہی جلال نے بیا کے گالوں پر لب رکھے تو وہ جلال کی بڑھی ہوئی شیو کو محسوس کرتی کھلکھلا کر ہنس پڑی ....

جبکہ جلال اس پر اپنی گرفت مضبوط کرتا اس پر اپنی محبت نیچھاور کرتا چلا گیا.........

اسکے اسی انداز کی تو وہ دیوانی ہو گئی تھی کہ جب بھی وہ ناراض ہوتا...... بیا کی تھوڑی سی فکر مندی پر جلال اسکے اگے اپنی پلکیں تک بچھا دیتا...... بے شک وہ ایک بہترین ہمسفر ثابت ہوا تھا.......

جب کہ جلال اسے ہر سوچ سے بہت دور کسی اور ہی جہان میں لے گیا تھا.......

مطی کی آنکھ کھٹکے پر کھلی تھی اس سے پہلے کے وہ اٹھ کر جاتی........ کوئی تھا جو دروازہ بند کرتے فوراً اسکے قریب آیا تھا........ اور اسکے اٹھنے سے پہلے ہی اسے دوبارہ لٹا کر اسکے منہ پر اپنا ہاتھ رکھ کر اسکی چیخ کو اندر ہی دبا گیا........

کھڑکی سے چاندا تی چاند کی روشنی میں جب مطی نے مقابل کو دیکھنے کی کوشش کی تو پتا چلا کی وہ کوئی اور نہی بلکہ غازی ہی ہے........ اسے دیکھ کر وہ خود کو اسکی گرفت سے چھوڑوانے کی کوشش کرنے لگی........ جو کہ اب اتنی آسان بھی نہیں تھی.... جتنا وہ سمجھ رہی تھی........

غازی جو کہ چاند کی روشنی میں مطی کا چمکتا ہوا چہرہ دیکھ رہا تھا...... اور اس پر ظلم کہ نیند سے بوجھل اسکی مخمور آنکھیں دیکھ کر سینے میں دبا دل شور زور پکڑنے لگا اور ابھی وہ کچھ کرتا کہ مطی کی مزاحمت اسے ہوش کی دنیا میں لائی.......

غازی نے اسکے لبوں کو اپنی گرافت سے آزاد کیا لیکن مطی ابھی بھی غازی کی گرافت میں بن پانی کی مچھلی کی طرح تڑپ رہی تھی....... اسکا بس چلتا تو غازی کا منہ نوچ لیتی.......

تم کمینے انسان یہاں کیا کر رہے ہو.........

دیدار یار کرنے آیا تھا....... فوراً سے پہلے جواب حاضر تھا........

تم کوئی بہت ہی بے شرم اور ٹھرکی قسم کے انسان ثابت ہوئے ہو....... ابھی کے ابھی مجھے چھوڑو ورنہ تمہارا حشر برا کر دوں گی..........

ابھی تو تم نے میری بے شرمی اور ٹھرک پن دیکھا کہاں ہے.......... لیکن سوچ رہا ہوں تمہیں ٹریلر دکھا ہی دوں...... آنکھ دبا کر کہتے وہ مطی کے اور قریب ہوا تھا.... کہ اب دونوں میں انچ بھر کا بھی فاصلہ نہیں تھا ....

تمہیں تو میں.......... غازی کو اپنے اتنا قریب دیکھ کر مطی کے دل نے ایک بیٹ مس کی تھی...... وہ خود کی بدلتی کیفیت پر قابو پاتی ابھی غازی کو کچھ کہہ ہی رہی تھی کہ غازی نے اسے بغیر کچھ کہنے کی مہلت دیے اسکے لبوں کو اپنی مضبوط گرفت قید کر دیا تھا.......

کہ مطی بس پھڑ پھڑا کر رہ گئی.......وہ بھرپور مزاحمت کرتی خود کو آزاد کروانے کی کوشش کر رہی تھی ....جب مطی کو لگا کہ وہ اگلا سانس نہیں لے پائے گی تو اس نے غازی کے سینے پر مکے مارنا سٹارٹ کر دیے تھے.......

جب غازی کو بھی مطی کی حالت پر رحم آیا اور اس نے اسکے لبوں کو آزادی بخشی تھی....... جب کہ آزادی ملتے ہی مطی غازی کے کندھے سے سر ٹکا کر اپنا سانس بحال کرنے لگی........

کہ غازی اسکی حالت سے محفوظ ہوتا اسے تنگ کرنے کی غرض سے ایک بار پھر جھکا تھا اسکی گردن پر ....وہ دیوانہ وار اس پر اپنی محبت کی بارش کئے جا رہا تھا.........

جب مطی ہوش میں اتی غازی کی ڈھیلی گرفت محسوس کرتی اسے زور سے دھکا دیا کہ غازی اگر بیڈ کو نا تھامتا تو یقینا زمین بوس ہوتا........

اس سے پہلے مطی اٹھتی غازی نے اسے بازوؤں سے پکڑ کر جھنجھوڑا تھا........ کیا مسلہ ہے تمہارے ساتھ ہاں ....یہ کیا حرکت تھی.......

تم مجھے بتاؤ تمہارے ساتھ کیا مسلہ ہے اور یہ کیا بتمیزی تھی........ تم اتنا کیسے گر سکتے ہو.......... اٹس ڈیزگسٹنگ.......

اپنی بکواس بند کرو تم غازی نے اسکے بازو پر گرفت مزید سخت کرتے پوچھا تھا.... اور کیا کہہ رہی ہو...... میں اتن کیسے گر سکتا ہوں..... اٹس ڈیزگسٹنگ...... تو میڈم سنو تم کوئی غیر نہی ہو....... شرعی بیوی ہو میری اور ہمارا نکاح ہو چکا ہے شاید تم بھول گئی ہو.......... لیکن میں نہیں........

وہ سب ہماری مرضی کے بغیر ہوا تھا...... سمجھے تم..... اس لئے تمہیں کوئی حق نہی پہنچتا کہ تم اسطرح مجھ سے بیہیو کرو.......

کر تو میں بہت کچھ سکتا ہوں سویٹ ہارٹ...... پہلے تو صرف تنگ کر رہا تھا........ لیکن اب میں تمہیں بتاتا ہوں کہ می تم پر کیا کیا حق رکھتا ہوں...... کہتے ہی وہ اسکی طرف بڑھا تھا....... پہلے تو وہ اسے صرف تنگ کر رہا تھا...... لیکن جذبات کی رو میں شاید وہ تھوڑا اگے نکل گیا تھا......

اس لئے مطی کا یہ ری ایکشن تھا...... اور جب مطی کے منہ سے اپنے سچے جذباتوں کی اسطرح سے تزلیل سنی تو وہ ایک بار پھر اسکی طرف بڑھا تھا لیکن مقصد صرف اسے احساس دلانا تھا......

جب مطی نے اسے خود کی طرف بڑھتے دیکھا تو نادانستہ طور پر پاس پڑا واس اٹھا کر اسے دے مارا.........

غازی کو مطی کی طرف سے اس شدید عمل کی تواقع نہی تھی اس لئے اپنے زخم کی پرواہ کے بغیر وہ بڑھا اور ایک ہی جست میں مطی تو قابو کر گیا........

تمہاری ہمت کیسے ہوئی یہ سب کرنے کی.........

بلکل ویسے ہی جیسے تمہاری ہوئی....... مطی کو افسوس تو ہوا تھا لیکن وہ غازی کی حرکت کا سوچ کر ایک بار پھر اپنی ٹون میں واپس آئی تھی........

تم کیا سمجھتے ہو تم مجھے یہاں روک کر اپنی ہوس پوری کر لو گے اور میں کچھ کر بھی نہیں سکوں گی........ تم نے کیا مجھے کمزور سمجھا ہو ہے......... میں ابھی جا کر انٹی کو تمہارا اصلی چہرہ دکھاتی ہوں.......

جب کہ غازی تو اسکے منہ سے اپنے لئے ہوس کا لفظ سن کر دنگ رہ گیا تھا....... تو کیا وہ اسے اتنا گرا ہوا سمجھتی تھی........

غازی نے ایک جھٹکے سے اسے اپنے قریب کیا اور اسکے جبڑے کو پر اپنی پکڑ سخت کرتے گویا ہوا.........اب تک تو سب مذاق چل رہا تھا.......لیکن آج جو تم نے میری تذلیل کی ہے.......اور مرد سب برداشت کر سکتا ہی لیکن اپنے سچے جذبات کی توہین نہیں.....

کہتے ساتھ ہی غازی نے اسے خود سے دور دھکیلا تھا......اور اپنے اشتعال کو کم کرنے کے لئے اپنے ہاتھ کا مکا بنا کر شیشہ پر مارا.......ڈریسنگ ٹیبل سے ساری چیزیں اپنا ہاتھ مار کر گرادی تھی..........

جب پھر بھی اسکا غصّہ کم نا ہوا تو کھینچ کر اس نے اسی ٹیبل کو لات دے ماری........اور اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتے اس نے اپنی لہو رنگ آنکھیں مطی کی آنکھوں میں گاڑھی تھی......اور ایک افسوس اور نفرت بھری نظر اسکے وجود پر ڈالتا وہاں سے نکلتا چلا گیا.....

جب کہ اسکے جانے کے بعد مطی کو بھی احساس ہو تھا وہ جلد بازی میں بہت برا بھلا بول چکی ہی غازی کو......لیکن اب کوئی فائدہ نہیں تھ ان سب باتوں کا........

جاری ہے...

Ye ly g part 1 ……part 2 b abi hi likh rahi hun……jesy hi complete hoga post kr do gi……❤️🙈kuch hi iqsaat baki hai….novel ki …..saber rakhy thora …..routine thori busy hai to….mai ziafa likh nahi pa rahi…..ab ghussa na krna ap log…..abhi hi mi likh hi rahi hun…..koshish hi jaldi completw kr ky sent kro😍🙈itna sabr krne ky liye thnks😍🙈

Don't copy paste without permission 💣💣💣

#ناول_مریض_ء_عشق

#رائیٹر_سندس_پری

#قسط_نمبر_36_پارٹ_2

رزم کو نہیں پتا تھا کیسے اس نے یہ سفر طے کیا.....اسے بس اتن پتا تھا کہ کیسے بھی کر کے اسے اپنی مشی کے پاس جانا ہے اسے جی بھر کر دیکھنا ہے.......اسے محسوس کرنا ہے.......

کوئی نہیں جانتا کی کتنی تکلیف ہوئی تھی اسے مشی کی موت کی خبر سن کر وہ ٹوٹ گیا تھا........

لیکن مشی زندہ ہے اس ایک خبر نے اسے دوبارہ سے زندہ کر دیا تھا........ وہ پورے راستے یہی سوچ رہا تھا کی اللہ نے اسے یہ سنہرا موقع دیا ہے تو وہ اسے خالی نہیں جانے دے گا....

وہ منالے گا اپنی مشی کو پھر چاہے وہ اس سے نفرت ہی کیوں نا کرے....... لیکن اسے تو یک گونہ سکون ہو گا نا کہ اسکی مشی زندہ تو ہے.......

اگر وہ اسے ساری زندگی نفرت بھی کرتی رہے گی تو وہ ہنس کر بغیر اف کئے یہ سزا کاٹ لے گا.....

لیکن کیا یہ سب اتنا آسان تھا؟

گھر کے پورچ میں گاڑی روکتے ہی رزم اندھا دھند اندر کی طرف بھاگا تھا...... جلدی ہوتی بھی کیوں نا پورے 2 سال بعد وہ اپنی مشی کا دیدار کرنے والا تھا....... ایک الگ ہی خوشی اسکے ہر انداز سے پھوٹ رہی تھی جو کہ کچھ ہی دیر کی تھی........

رزم جیسے ہی گھر میں داخل ہوا...... اندھیرے نے اسکا استقبال کیا تھا....... ماما کہاں ہے اپ......

اسنے مس نیلوفر کو آواز دی تھی جب اچانک سے پورا گھر روشن ہوا تھا..... لیکن رزم کو اس خاموشی سے وحشت ہوئی تھی.......

ایک ڈر اور کچھ کھو جانے کا خوف ایک بر پھر سے اسکے چہرے پر لہرایا تھا...... وہ پنی بدلتی کیفیت پر قابو پا کر نیلوفر سے گویا ہوا تھا......

"ماما مرحا کہاں ہے...."

کیا تمہیں نہیں پتا مرحا کہاں ہے.....وہ تو مر چکی ہے..... تم تو جانتے ہو نا اس بارے میں سب کچھ..... پھر کیوں پوچھ رہے ہو...... نیلوفر نے سپاٹ لہجے میں رزم سے سوال کی تھا......

انہوں نے سوچ لیا تھا اب وہ پورا سچ اسکے منہ سے جان کر رہے گی......

ماما میرا کہنے کا مطلب ہے وہ لڑکی جسے اپ نے مرحا کی پہچان دی تھی وہ کہا ہے ...... رزم نے بڑی مشکل سے یہ سوال کیا تھا.... کہی نیلوفر کو کچھ پتا نا چل جائے .... وہ پچھلے دو سال سے رزم کے ساتھ سہی سے بات کر رہی تھی یہ اس بات کا ثبوت تھ کہ مشی نے انہیں کچھ نہیں بتایا.......

لیکن وہ انہیں سچ بتا کر پریشان نہیں کرنا چاہتا تھا..... اور نا ہی انکی نظروں میں اپنے لئے نفرت دیکھ سکتا تھا ...... اس لئے ایسے ہی دریافت کرنے لگا.....

اسکا بس چلتا تو اڑ کر اسکے کمرے میں پوھنچ جاتا اور اسی اپنے سینے سے لگا کر....... اپنے سینے میں لگی جلتی آگ کو بجھاتا......

کیا واقعی تمہیں اسب لڑکی کے بارے میں جاننا ہے جسے تم جانتے تک نہیں......... اور اتنے سالوں میں ت نے اسک پوچھا تک نہیں تو آج اچانک یہ خیال کیسے آیا......

مس نیلوفر نے بھی سوچ لی تھ اتنی آسانی سے تو وہ بھی اسے کچھ نہی بتانے والی اس لئے بات کو گول گول گھمانے لگی.........

وہ........وہ ماما میں نے این جی او کے بارے می کچھ پوچھنا تھا.........رزم کا لہجہ بہت ہی کھو کھلا لگا تھا نیلو فر کو........وہ ایسا تو نہیں تھا...... لیکن بدلے کی آگ میں اندھا ہو کر بن گیا تھا ایسا..... تبھی تو اسے وٹ نا چلا کہ بدلے کے چکر میں وہ اونی ہی زندگی کو خد سے دور کر رہا ہے......اور جب تک عقل اتی سب کچھ ختم ہو چکا تھا......اور اب پچھتا رہا ہے.....

کہی تم مشی سے تو نہیں ملنا چاہتے.....جب نیلو فر کو لگا کہ رزم نہی بتانے والا تو خود ہی بول پڑی.......

جب کہ نیلو فر کی زبان سے مشی کا نام سن کر رزم نے کرنٹ کھا کر انکی طرف دیکھا تھا........

تو کیا وہ سب کچھ جان گئی تھی.......انہیں پتا لگ گیا تھا کی انک بیٹا اتنی گری ہوئی حرکت کر چکا ہے....... جسکی وہ دنیا بھر کے لوگوں کو کڑی سزا دیتا آیا ہے.......اور اپنے بدلے کے اگے وہ سب کچھ بھول گیا تھا .... کیا سہی ہے کیا غلط ہے سب کچھ فراموش کر چکا تھا......اس پر تو اس بیچاری کی آہ و پکار بھی اثر نا کر سکی..........

رزم ایکدم سے مس نیلو فر کے قدموں میں بیٹھ گیا تھا اور انکے دونو گھوٹنوں پر ہاتھ رکھتے ہوئے بولا.......ماما مجھے معاف کر دے.....اپکا بیٹا ایک ایسا گناہ کر بیٹھا ہے جسکی کوئی مافی نہیں........

لیکن ماما میں بدلے کی اگ میں اندھا ہو گیا تھا نہیں پتا چلا کب اپنی ہی سانسوں کو خود سے دور کر دیا...... اپنی ہی محبت پر بد کرداری کا الزام لگا بیٹھا...... مم...... مجھے پتا ہے ماما وہ پاک دامن تھی....... لیکن صرف اسے تکلیف دینے کے لئے اتنے سخت الفاظوں کا استعمال کرتا تھا میں......

ماما ایک بار صرف ایک بار اسے کہیں کہ وہ مجھے معاف کر دے....... میں اس یہ احسن کبھی نہیں بھولو گا...... اسے اتنی خوشیاں دوں گا کہ وہ ہر غم بھول جائے گی........

رزم کی یہ حالت دیکھ کر انکے سینے میں بھی ٹھیس سی اٹھی تھی لیکن اگلے ہی پل وہ انے دل کو سخت کر گئی.....وہ کیسے بھول سکتی تھی مشی کی حالت..... کس ذہنی دباؤ میں رہی تھی وہ معصوم........ کیسے وہ انکے ہی بیٹے کی وجہ سے پچھلے ڈیڑھ سال سے اپنے ہی بچوں کو نظر انداز کر رہی تھی.......

کیسے وہ سب بھول جاتی...... کہ ایک پاک دامن لڑکی جسکی گواہی خود اسکا شوہر دے رہ ہے.....اسی نے اسے بد کردار کہا تھا...... ایک عورت ہونے کی وجہ سے وہ بہت اچھی طرح سمجھ سکتی تھی مشی کے دکھ کو........

رزم نے اسے بد کردار کہہ کر سخت لفظ استعمال نہیں کی تھا..... بلکہ گالی دی تھی........ اپنی ہی بیوی کے کردار پر کیچڑ اچھالا تھا........ اور اتنے مظالم کرنے کے بعد وہ مافی مانگنے کا کوئی حق نہیں رکھتا تھا.......

مشی نے یہاں سے جا کر جو فیصلہ کیا تھا وہ سہی لگا تھ نیلو فر کو..........

تم کیا ہو رزم....... تم...... کیسے ایک معصوم لڑکی کے ساتھ یہ سب کر سکتے ہو...... بد کردار لفظ کا مطلب بھی جانتے ہو تم.......

کیا تم نے اپنی بہن کی حالت نہیں دیکھی نہیں تھی....... جب وہ غائب ہوئی تھی تو لوگوں نے اسے کیا کہا تھا...... تم سب بھول گئے.......

تم پر تو یہ سب گزر چکا ہے نا تو تم اتن کیسے گر گئے...... کیسے کر گئے اس معصوم کے ساتھ اتنی بڑی ناانصافی...... کیا یہ اسک قصور ہی کہ وہ شجاعت کی بیٹی ہے........

اور بیٹی ہی کیوں......... اسک تو بیٹا بھی تھا نا تمہیں اگر بدلہ لیں تھا تو تم اسکے ذریعہ دھمکا کر اسے بلاتے..... اور لیتے اپنا بدلہ...... کم از کم ایک معصوم کی زندگی تو بچ جاتی........

لیکن تم یہ کیوں کرتے...... آخر وہ اتنی معصوم اور خوبصورت جو تھی...... تمہارے اندر کا شیطان جاگ گیا ہو گا...... اور تم ان سب می ایک بے قصور کو بغیر کسی وجہ کے جسمانی اور روحانی طور پر ٹارچر کرتے رہے

....

پتا بھی ہے اسکی کی حالت تھی جب وہ ہمیں ملی تھی....... اس میں جینے کی کوئی رمک باقی نہیں تھی...... کتنی بار وہ خود کشی کی کوشش کر چکی تھی..... نروس بریک داؤن ہوا تھا اسکا........

لیکن تمہیں ان سب سے کیا....... مرد پہلے غلطی کرے...... غلطی نہیں گناہ کیا ہے تم نے.....اور پھر آجائے مافی مانگنے کیا یہ سب اتنا آسان ہے........

کیا تم شجاعت کو معاف کر سکتے ہو جو کچھ بھی اس نے تمہاری بہن کے ساتھ کیا اسکے لئے.......

نہی نا.......

تو پھر کیوں امید کر رہے ہو کہ وہ بھی تمہیں معاف کر دے.......

جب کہ رزم سے جب تکلیف برداشت نہ ہوئی تو وہ چیخ اٹھا تھا........اور زارو قطار رو رہا تھا.......اسکی یہ حالت دیکھ کر مس نیلوفر کو اس پر رحم نہیں بلکہ ترس آیا تھا........

وہ اپنا دل مظبوط کئے اپنے جوان بیٹے کو یوں روتے اور تڑپتے ہوئے دیکھ رہی تھی..... لیکن وہ کچھ کر نہیں سکتی تھی...... سیوائے دعا کرنے کے........

جب ان سے برداشت نا ہوا تو روتے ہوئے وہ بھی اٹھ کر جانے لگی جب رزم انکے پیروں میں گر گیا اور انکے پر پکڑ کر انسے التجا کرنے لگا.......

ماما اپ پلیز مت جائے...... پلیز اسے کہے ایک بر مجھ سے مل لے بس ایک بار........ میں اسے بتاؤ گا سمجھاؤ گا... سب کچھ...... لیکن بس ایک بار وہ میری بات سن لے.........بس ایک آخری بار......

رزم روتے اور التجا کرتے ہوئے کوئی دیوانہ ہی لگا تھا مس نیلوفر کو........ لیکن وہ کی کر سکتی تھی.......انکو بھی تو نہی معلوم تھا کہ مشی کہاں گئی ہے.......اور اگر ہوتا بھی تو وہ رزم کو نہیں بتا سکتی تھی.......

مجھے نہیں پتا کہاں گئی ہے وہ........ب اتن پتا ہے کہ وہ اب تمہاری شکل کبھی نہی دیکھنا چاہتی اسی لئے چلی گئی مجھے بھی چھوڑ کر......... تم بھی چلے جاؤ جب جب تمہیں دیکھتی ہوں تو اس بچی کا تکلیف میں گزرا ہوا ہر درد بھرا لمحہ میری آنکھوں کے سامنے گھوم جاتا ہے.......

جب کہ مشی کا جانے کا سن کر رزم پتھر کا ہو گیا تھا...... نیلو فر اسے وہی کھڑا چھوڑ کر کمرے میں چلی گئی تھی ..... اور وہ وہی پر اپنے ساتھ ہوئے مذاق پر ماتم کنا تھا........

سوچ بھی کیسے لیا اس نے کہ زندگی میں وہ بھی خوش رہ سکتا ہے..... اسے تو خوش رہنے ک کوئی حق ہی نہیں تھا...... پہلے ماں باپ کی موت..... پھر بہن کے ساتھ ہوا حادثہ.......اور اسکے بعد مشی کے ساتھ ہوئی نا انصافی جسکا ذمہ دار وہ خود تھا...... اور اب ایک بار پھر.......

جب اسے لگا اب سب س ہو گا تو وہ پگر ٹوٹ گیا تھا...اسکی امید بھی ٹوٹ گئی تھی..........

وہ پر بیٹھتا چیخ چیخ کر رونے لگا........ آنسوں ختم ہو گئے تھے لیکن دل میں اٹھتی تکلیف تھی کہ ختم ہو ہی نہی رہی تھی......

وہ اپنی سرخ انگارہ آنکھیں لئے خود سے عہد کرتا اٹھا تھا...... اب جب اسے پتہ چل ہی گیا تھ کہ مشی زندہ ہی تو وہ اسے ڈھونڈ ہی لے گا......

وہ نہیں جانتا تھا کہ بہت جلد اسکی زندگی میں بھی خوشیاں انے والی تھی لیکن وہ انجان تھا ان سب باتوں سے .... اگر جان لیتا تو قدر کیسے جانتا وہ کہ جب سب سے قیمتی چیز جب کھو جائے تو بار بار موقعہ نہیں ملتا اسے پانے میں....... یہ بات اب رزم بہت اچھے سے سمجھ چکا تھا......

مشی جب نیچے آئی تو نئی میڈ تھی جسے میگی کی مدد کے لے ہی رکھا گیا تھا تاکہ انکو کوئی مسلہ نا ہو..... کیوں کہ نائیفہ تو اپنی حرکتوں سے باز انے والی نہیں تھی...... اور محسن اور محیص بھی پورا پورا ساتھ دیتے تھے اپنی نٹھکھٹ سی بہن کا.......

مشی نے سکھ کا سانس لیا اور کمرے کی طرف بڑھی..... لیکن اپنے تینوں جنوں کو وہاں نا دلہ کر اپنا سر تھام کر بیٹھ گئی.....

ضرور وہ تینوں اپنے نئے محاذ پر گئے ہوئے ہونگے...... جو تھا اپنی ماں کی ناک میں دم کرنا........

وہ تینوں ایسی ایسی شرارتیں کرتے کہ مشی سب کچھ بھول کر انکے ساتھ ہی ہنسنے لگتی تو کبھی غصہ ہو جاتی.......

اب بھی وہ انکو دیکھنے کے لئے کچن میں جا رہی تھی....... کیوں کہ انکا ایک ہی مقصد تھا فریج میں سے چاکلیٹ نکلنا اور کھانا کم لیکن خود کو اس سے بھرنا زیادہ........

وہ تینوں ڈیڑھ سال کے ہو گئے تھے...... لیکن سب سے پہلے مما بولنا نائیفہ نے سٹارٹ کیا تھا..... اور اسے دیکھتے اسکے چیلوں نے بھی.......

ان تینوں نے جب سے چلنا شروع کیا تھا تب سے تو یل آفت آئی رہتی تھی گھر میں...... وہاں تو نیلو فر سنبھال لیتی تھی لیکن یہاں اسے خود ہی دیکھنا پڑتا تھا.....

ابھی وہ کچن میں آئی ہی تھی کہ اگے کا منظر دیکھ کر اسکی چیخ نکل گئی.......

جاری ہے......

Ye ly g part 2 😍🙈...... ab agr ap log acha response nahi dy gy to next post ko parhna na bholiye ga ....us mai hoga surprise ap logon ke liye😤😤

Don't copy paste without permission 💣💣💣💣

#ناول_مریض_ء_عشق

#رائیٹر_سندس_پری

#قسط_نمبر_37_پارٹ_1

مشی کچن میں آئی تو آگے کا منظر دیکھ کر اسکی چیخ نکل گئی...... کچن کا جو حشر ان نمونوں نے کیا تھا اس پر ایسا ری ایکشن بنتا بھی تھا.........

فریج کھلی ہوئی تھی اس میں سے ساری چیزیں باہر پڑی اپنے اپ پر گزری ہوئی قیامت بیان کر رہی تھی...... جب کہ محیص فریج کے پاس ہی بیٹھا ایک ہاتھ سے چاکلیٹ کھا رہا تھا جب کہ دوسرے ہاتھ میں پالک لے کر اس کا معائینہ کر رہا تھا....... جیسے اس سے ضروری کام تو کوئی ہے ہی نہیں........

مشی گئی اسکی طرف اور اسے اٹھا اسکا چہرہ صاف کرنے لگی...... کہاں ہے وہ دو تمہارے ساتھی...... محیص نے مسکراتے ہوئے پیچھے کی طرف اشارہ کیا تھا.......

جب مشی کی نظر پیچھے گئی تو وہاں نیچے کیبنیٹ کا ایل دروازہ کھلا ہوا تھا.....جہاں سے محسن کی ٹانگے نظر آرہی تھی ......

مشی نے جب نیچے جھک کر دوسرا دروازہ کھولا تو سامنے ہی وہ اپنے دانتوں کی نمائش کرتے ہوئے کبھی ٹماٹر کا بائیٹ لیتا تو کبھی چاکلیٹ کا.......اور اسکے ایکسپریشن سے تو یہی لگ رہا تھا کہ اسے یہ عمل بہت اچھا لگ رہا ہو ....

مشی نے ہاتھ پکڑ کر اسے بھی باہر نکالا اور دونوں کو گھورتے میگی کے حوالے کیا........

خبردار اگر اب تم دونو نے کوئی مستی کی تو...... انگلی اٹھا کر وارن کرتے اس نے میگی کو اشارہ کیا کہ جاؤ جا کر انکو نہلا کر انکی حالت درست کرو........

اور اب وہ اپنی سب سے شرارتی بیٹی نہیں بلکہ آفت کی پڑیا کو ڈھونڈنے کے لئے گارڈن کی طرف گئی........ کیوں اسکا فیوریٹ جھولا تو وہی پایا جاتا تھا......جہاں وہ اپنا زیادہ تر وقت گزارتی تھی........

مشی کے اندازہ کے مطابق نائیفہ نے وہی پر ملنا تھا........

نائیفہ ان دونوں کو وہی کچن میں چھوڑ کر خود اپنی چاکلیٹ لیکر اپنی پسندیدہ جگہ پر آ گئی تھی...... جھولے کے پاس اتے ہی فٹ سٹیپ کی مدد سے وہ جھولے میں سوار ہوئی اور اپنے مخملی سے بستر پر لیٹتے ہی اس نے پاس ہی ایک بٹن دبایا تو جھولا اپنی مخصوص رفتار سے جھولنے لگا........

اور وہ خود جھولتے ہوئے ساتھ ساتھ چاکلیٹ کھا رہی تھی..... بلیو آنکھوں میں ایک الگ ہی چمک تھی...... اپنے ننھے ہاتھوں سے کبھی اسے منہ کی طرف لے جاتی تو کبھی جھولے سے ہی صاف کرنے لگتی......

اگر مشی اسے اتنے گندے طریقہ سے کھاتے دیکھ لیتی تو شامت آجانی تھی....... لیکن اسے کیا پرواہ تھی ....بے پرواہ سی اپنی خوشی میں خوش ہوتی وہ اپنا چاکلیٹ ختم کرنے کی کوشش کر رہی تھی...... جو کہ ختم ہونے سے رہا.......

مشی آئی تو سامنے ہی وہ جھولے میں جھولا جھول رہی تھی....... مشی اسکی طرف بڑھی لیکن اگے کا منظر دیکھ لر تو وہ چکرا کر رہ گئی تھی......

اسنے اپنا تو برا حال کیا ہی تھا........ جھولے کو بھی پورا بھر دیا تھا چاکلیٹ سے.......اس سے پہلے مشی اسے نکال کر دو لگاتی میگی اگے آئی اور اسے اٹھا کر لے گئی...... جاتے ہوئے بتانا نا بھولی میڈم وہ دونوں بابا تنگ کر رہے ہیں اپ آجاؤ نا......

چلو میں اتی ہوں...... ابھی کہہ کر وہ اگی بڑھنے ہی لگی تھی کہ ایک بار پھر ڈور بیل بجی تھی....... مشی کا دل دھک سے رہ گیا تھا... لیکن وہ خود کو ڈپٹتی دروازے کی طرف بڑھی....... چوکیدار تو وہاں موجود تھا پھر بیل کیوں بار بار بج رہی تھی.....

مطی صبح جب ناشتے کی ٹیبل پر آئی تو وہاں غازی موجود نہیں تھا.....شاید وہ وہ مطی سے اپنی ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے پہلے ہی چلا گیا تھا.......

مطی کا دل اداس ہوا تھا اسے ناشتے کی ٹیبل پر نا پا کر....... بے دلی سے اسنے ناشتہ کیا تھا.......

جب کہ مطی کی ایک ایک حرکت پر آمنہ بیگم کی نظر تھی.....اس لئے اسکی بے چینی کو نوٹ کرتی وہ بول پڑی
....

مطر بہ بیٹے غازی کو آج بہت ضروری کام تھا اور اپ سو رہی تھی آئی لئے وہ جلدی چلا گیا...... پریشان نا ہو میں دوپہر میں اسے کہوں گی کہ وہ تمہیں گھر چھوڑ آئے.......

نہیں انٹی کوئی بات نہیں...... اسے ہو گا کوئی کام اس لئے چلا گے ہو گا...... مجھے کیوں برا لگے گا.......

اور بی جان پریشان ہو رہی ہونگی میں خود چلی جاؤ گی...... اور میرا تو بریک فاسٹ بھی ہو گیا میں چلتی ہوں ...... اپ نسے مل کر بہت اچھا لگا......... اگر میری ماں زندہ ہوتی تو وہ ضرور آپکی طرح ہی ہوتی
....

مطی نے اگے بڑھ کر انکا ماتھا چوما تھا اور پیچھے ہوئی تھی........ جب کہ آمنہ بیگم مطی کی اس حرکت پر خوشی سے نہال ہوتی اسکی بلائے لے رہی تھی........

اوکے انٹی اللہ حافظ....زندگی رہی تو پھر ملاقات ہوگی.......

اللہ حافظ میری بچی......اللہ تمہیں خوش رکھے اور عمر دراز کرے...... مسکراتے ہوئے انہوں نے مطی کو گیٹ تک چھوڑا تھا........

جب کہ جاتے ہوئے ایک آخری بار مطی نے مڑ کر پیچھے دیکھا تھا........شاید اسکی آنکھیں کسی کو تلاش کر رہی تھی...... لیکن وہ ہوتا تو نظر اتا نا.........

اداس سی مطی نے گھر کی راہ لی تھی........

گھر اکر بھی مطی نے زیادہ بات نہیں کی تھی.......بس اتے ہی سو گئی تھی کہ سر میں درد ہے کہہ کر البتہ آمنہ بیگم کی بہت تعریفیں کر رہی تھی...

شام کو بھی مطی کا موڈ اوف تھا.....اب وہ سوچ رہی تھی کہ کیسے منائے غازی کو جسکو وہ جلد بازی میں اتن غلط بول گئی تھی.....

وہ نہیں واقف تھی اپنی دلی کیفیت سے ...... وہ بھی تو اسکو چاہنے لگی تھی اور ابھی سے نہی شاید جب انکا نکاح ہوا تھا اسکے بعد سے ......

نکاح سے پہلے تو اسے اپنی دلی کیفیت بس ایک اٹرایکشن لگتی تھی .... لیکن جب نکاح ہوا .....اسکے بعد جب وہ یہاں آئی تو اسکے احساسات بدل گئے تھے غازی کو لیکر .....

لیکن جب بھی جلال کا خیال آیا تو اپنے باغی دل کو خاموش کروادیتی ..... لیکن سچ تو یہی تھا کہ ان دونوں کا نکاح ہوچکا ہے .....دیر سویر تو جلال کو پتا لگنا ہی ہے ....اور اسکے ری ایکشن کا سوچ کر ہی مٹی جھر جھری لی تھی

....

لیکن اب اسے منانا تو پڑے گانا ......بیڈ پر ٹیک لگا کر سوچتے سوچتے کب اسکی آنکھ لگی اسے پتا ہی نا چلا

....

کھڑکی سے کوئی آیا تھا اندر ....اور اب بڑے آرام سے مطی کو اٹھا کر پلو اسکے سر کی نیچے رکھا .....اور خود کہنی کے بل بیٹھ کر اسکے حسین چہرے کا طواف کرنے لگا ......

مطی کے اٹھنے سے پہلے اسے جانا بھی تھا.... آخر کو وہ ناراض تھا مطی سے........

وہ جانتا تھا کہ یہ سب اسکے لئے نیا ہے.... لیکن اسے اس طرح نہیں کہنا چاہے تھا... پھر جب وہ گھر سے چلی آئی تو اسے دیکھنے یہاں چلا آیا.....اپنے بے قرار دل کو قرار بھی تو دینا تھا.......

اب جا کر کہی اسے قرار آیا تھا.........غازی نے مطی کے چہرے پر اتی بالوں کی شریر لٹوں کو کان کے پیچھے کیا اور اسکے ماتھے پر جھکا...... تھوڑی دیر بعد اس سے دور ہوا اور جانے کیلئے مڑا....... لیکن جاتے ہوئے بھی ایک نظر بھر کر اسے دیکھنا نہیں بھولا تھا.....

تمہاری ساری نادانیوں کا تو سود سمیت بدلہ لوں گا میں بس ایک بار میرے دل کی ملکہ اپنی اصل جگہ پر تو آجاؤ شریر مسکراہٹ لئے وہ خود کلام ہوا تھا.......اور کمرے سے نکلتا چلا گیا.......

جاری ہے.....

Is ka prt 2 likh rahi hun ….ap log ziada tang kr rahy thy is liye prt 1 de dia ……abhi 2 likh rahi hun ….. thira sbr rakhy…… mi busy

hun lekin ap logon ky pyar ki waja sy buhat mushkil sy ye time nikal kr likha hi .... Reviews dena na bholy

Surprise surprise 😍🙈

Don't copy paste without permission 💣💣💣💣

#ناول_مریض_ء_عشق

#رائیٹر_سندس_پری

#قسط_نمبر_37_پارٹ_2

اگلے دن مطی وقت سے پہلے ہی جم پہنچ گئی.......جلدی جانے کا مقصد کیا تھا یہ تو وہ خود کو بھی نہیں بتا پائی تھی ....شاید سوچنے سے بھی ڈر رہی تھی........

ساری سوچوں کو جھٹک کر وہ بچوں مارشل آرٹس سکھانے لگی.......لیکن دھیان اسکا پورا گیٹ کی طرف تھا ....

شاید اسکی نگاہیں کسی کے دیدار کی منتظر تھی... لیکن کسی کو بھی آتا نا دیکھ کر مایوسی سے واپس لوٹ اتی ....

مطی نے پورا دن انہیں سوچوں میں گزار دیا...... گھر جا کر چائے کا کہہ کر خود کمرے میں بند ہو گئی اور سوچنے لگی کہ کیا کرنا چاہے.......

چائے کے سپ لیتے ہوئے بھی غازی ہی اسکی سوچوں کا مرکز تھا............

ویسے میں نے اتنا بھی کچھ غلط نہیں کیا........

کیسے غلط نہیں کیا....... تم نے اسکی محبت کو اسکے سچے جذبوں کو ہوس کا نام دیا.........

ہاں یہ تو غلطی ہوئی ہے....... لیکن وہ خود بھی تو وطن فری ہو رہا تھا....... تو کچھ تو کرنا تھا نا........

تو تم اسے کسی اور طریقہ سے سمجھا لیتی یا سزا دیتی........ لیکن جو تمہارا انداز تھا اور جو تمہارا مطلب تھا........ اس مے غازی کو کی کچھ سوچنے پر مجبور نہیں کر دیا ہو گا........ اور اسنے خود کو چوٹ بھی لگوائی تھی........ کتنا خون بہہ رہا تھا تمہیں احساس بھی ہے.......

احساس ہے تبھی تو سوچ رہی ہوں نا........ مطی جو کہ کب سے اپنی ہی پر چھائی کو بھونڈے سے جواز پیش کر رہی تھی دروازے پر ہوتی دستک سے اسکی طرف متوجہ ہوئی........

جی کون.........

بی بی جی اکر کھانا کھالے بی جان آپکو یاد کر رہی ہیں......

اچھا تم جاؤ میں آرہی ہوں.........

اور تم کہاں گئی....... اپنی پر چھائی کو ڈھونڈتے وہ زچ ہوئی.......

اور فیصلہ کیا کہ غازی کو منانا ہے...... انھیں سوچوں میں وہ نیچے گئی اور کھانا کھاتے ہوئے بھی منصوبے کے بارے میں سوچ رہی تھی........

کیوں کہ غازی نے تو قسم کھا رکھی تھی کہ اسکی کوئی کال نہیں اٹھائے گا........ وہ چاہتا تھا کہ مطی کو اسکے سخت الفاظ کا احساس ہو تا کہ وہ پھر کبھی اس طرح کے الفاظ استعمال نا کرے..........

اگلے دن مطی نے اپنے مطابق غازی کے لئے تحفہ لیا اور اسے منانے کی غرض سے اسکے گھر چلی گئی........ آمنہ بیگم سے بات چیت کر کے اس نے سرسری سا بتایا کہ غازی ناراض ہی تو اسے منانے کے لئے گفٹ لائی ہے.......

آمنہ بیگم نے شفقت سے ہتھ اسکے سر پر رکھا اور اسے غازی کے کمر کا بت کر خود بھی اپنے کمر میں چلی گئی .... تھوڑی تھوڑی کوشش وہ کرتی تھی کہ اپنے پیروں پر چل سکے...... اسی لئے آرام آرام سے چلتے اپنے کمرے میں چلی گئی........

کمرے میں اکر اس نے گفٹ کو سائیڈ ٹیبل پر رکھا اور خود کمرے کا جائزہ لینے لگی.......

بے شک وہ لوگ یہاں رہتے نہیں تھے لیکن پھر بھی یہ گھر اپنی مثال اپ تھا......

کمرے کے وسط میں جہازی سائز بیڈ موجود تھا...... دیواروں کا کلر وہائیٹ تھا جبکہ پردے بلیک اور سکن کلر کے کمبینیشن سے بہت ہی خوبصورت منظر پیش کر رہے تھے......

وہ آرام سے چلتی ہوئی کھڑکی کی طرف آئی تھی جہاں سے چاند اپنی روشنی ہر طرف بکھیر رہا تھا......

مطی چاند کو دیکھنے میں اتنی محو تھی کہ اسے پتا ہی نا چلا کب غازی آیا اور اسکے پیچھے کھڑا ہو گیا........

غازی جو کہ ابھی تھوڑی دیر پہلے ہی گھر آیا تھا جب ماما سے اسے مطی کے انے کا پتا لگا تو اپنے کمرے کی طرف بڑھا...... مطی کی موجودگی کا سن اسے خوشگوار حیرت ہوئی تھی.......

اور اسے یہاں اپنے کمرے میں دیکھ کر تو اسکی لہو اور دوبالی ہو گئی تھی....... لیکن اپنے اپ پر سنجیدگی کا خول چڑھا کر ابھی وہ اسے اپنی طرف متوجہ کرتا کہ........

مطی اپنے پیچھے کسی کی موجودگی کو محسوس کر کے پلٹی تھی.....اس سے پہلے وہ اس سے ٹکراتی...غازی فوراً پیچھے ہوا تھا.......صاف ناراضگی کا اظہار تھا......

جب کہ غازی کی اس حرکت پر ناچاہتے ہوئے بھی مطی کو تکلیف ہوئی تھی کہ وہ اتنا ناراض ہے کہ اسکا چھونا بھی برداشت نہیں کرسکتا اسی لئے فوراً پیچھے ہٹ گیا....

لیکن غلطی بھی تو مطی کی تھی اس لئے اب معافی بھی تو مانگنی تھی........

وہ......وہ میں تم.........اتنے قریب سے غازی کو دیکھ کر مطی کی دھڑکنیں منتشر ہوئی تھی......

جب کہ غازی نے مطی کی حالت کو سمجھتے ہوئے اسے اور تنگ کرنے کی غرض سے اپنا ایک ہاتھ اسکی کمر میں ڈال کر اسے اپنے اور قریب کرلیا.......

اب دونوں میں انچ بھر کا بھی فاصلہ نہیں تھا......دونوں یل دوسرے کی دھڑکنوں کو باآسانی سے محسوس کر سکتے تھے.......

جب غازی نے مطی کو خاموش پایا تو اسکے کان میں سرگوشی کی.......جب پتا ہو کہ بعد میں مداوا کرنا آسان نہیں تو ایسے الفاظوں کا چناؤ کرنا ہی نہیں چاہیے..........

سرد آواز میں سرگوشی کرتے غازی نے اسے آزاد کیا اور خود وہاں سے چینج کرنے کی غرض سے باتھروم جانے کے لئے مڑا..........

مطی نے اسکی سرگوشی سنی تو اسکی طرف دیکھنے لگی جب کہ وہ خاموشی سے وہاں سے جارہا تھا...... مطی کو لگا اب اگر وہ گیا تو کبھی نہیں منا پائے گی اسے..........اس لئے آگے بڑھتے ہوئے اس نے غازی کا ہاتھ تھام کر اسے روکا تھا جانے سے........

جب مطی کی اس حرکت پر غازی نے پلٹ کر اسے دیکھا تو وہ غازی کے ہاتھ کو آزاد کرتی گھوٹنوں کے بل اپنے کان پکڑ کر بیٹھ گئی.......

آئی ایم ریئلی سوری.......... میرے کہنے کا وہ مطلب نہیں تھا........پتا نہیں کیسے یہ سب میرے منہ سے نکل گیا پکا پرامس........اور دیکھو میں تمہارے لئے تمہارا سب سے پسندیدہ تحفہ بھی لائی ہوں.......اب تو معاف کردو..........

مطی نے بیڈ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا اور ایک بار پھر سے اپنے کان پکڑ لئے............ جب غازی نے مطی کی نظروں کا تعاقب کیا تو وہاں واقعی ایک گفٹ رکھا ہوا تھا.........

جب دوبارہ سے مطی کی طرف دیکھا تو وہ پھر سے کان پکڑ کر بیٹھ گئی تھی........غازی نے بہت مشکل سے اپنی ہنسی کو روکا تھا.......... کیوں کہ دی گریٹ مٹی اس وقت یوں نیچے بیٹھی اسے بہت ہی کیوٹ لگی تھی ....

اور جو اسنے سوچا تھا بلکل ویسا ہی ہوا تھا....... مطی نے اپنی نادانی میں وہ سب کہا تھا.......اگر وہ پست سوچ کا مالک ہٹا تو اس بات کو آنا کا مسلہ بناتا..........

نا کہ یوں اتنی جلدی معاف کر دیتا........واقعی اس نے اپنا بیگم کی پرورش پر حرف نہیں انے دیا تھا...... ہاں ناراضگی کا اظہار ضروری تھا...... تا کہ مطی کو اسکی غلطی کا احساس ہو جو کہ اب ہو گیا تھا......

اور اگر میں معاف نا کروں تو.......غازی کو پھر سے شرارت سوجی تھی.......

ایسا تو مت کہو....... دیکھو میں کتنے پیار سے تمہارے لئے یہ سب کر رہی ہوں اور منا بھی تو رہی ہوں نا ....

ہاں تو ناراض بھی تو تم نے ہی کیا ہے نا........

اوکے چلو بولو کیا کرنا ہے.........

غازی نے اسے اٹھنے کا اشارہ کیا اور خود بد پر جا کر اپنا تحفہ کھولا اور اسے پتا تھا کہ مطی اسے کیسے منائے گی......

اور سوچ کے عین مطابق اس کے اندر ڈھیر ساری چاکلیٹس تھی...... کیوں کہ پیگ غازی کو وہ بہت پسند ہوا کرتی تھی..... لیکن جم سے جب جوائن کیا تھا اس نے ان سب چیزوں کو چھوڑ دیا تھا........ ایک وجہ چھوڑنے کی یہ بھی تھی کہ اسے مشی کی یاد اتی تھی ان سب چیزوں سے..........

اور اس وقت جو مشی کی حالت تھی اسکے پیش نظر نا وہ آمنہ بیگم کو کچھ بتا سکتا تھا اور نا ہی خود جا سکتا تھا اسکے پاس کیوں کہ اسے اس وقت.... کچھ وقت درکار تھا...... اپنے ساتھ ہوئے سانحہ کو بھولنے کے لئے.......

جو کہ غازی تو تیار نہیں تھا لیکن جب جلال نے اسے سمجھایا تو وہ مان گیا تھا........... لیکن اب بہت جلد وہ پنی مشی سے ملنے والا تھا....... اور اسکے گناہگار کو وہ سخت سزا دینے کا ارادہ رکھتا تھا........

مطی نے غازی کے اگے چٹکی بجائی تھی اور وہ اپنی سوچوں سے باہر اتا مطی کی طرف متوجہ ہوا تھا.......

یہں میرے قریب بیٹھو اور یہ مجھے کھلاؤ تب ہی معافی ملے گی.........

مطی کو تو یہ سب بہت آسان لگا تھا وہ فورا اگے آئی اور غازی کو چاکلیٹ کھلانے کے لئے ابھی اسنے اسکی طرف کیا ہی تھا جب غازی نے اسکی انگلی پر بائیٹ کیا تھا....... ایک تو اسکے ہونٹوں کا لمس اسکے اوپر بائیٹ..... مطی تو کانپ گئی تھی........ اس نے اپن ہاتھ پیچھے کھینچا اور خود اٹھ کھڑی ہوئی......

کہاں جانے کی تیاری...... لگتا ہے تم نہیں چاہتی میں.... مان جاؤں تو ٹھیک ہے.... جاؤ.......

جب کہ مٹی ایک بار پھر سے ناراضگی کا سن کر بیٹھ گئی تھی اور اپنی انگلیوں کو اپس میں چٹخنے لگی تھی.......

غازی نے دیکھا تو بولا......... اچ ٹھیک ہی ایک آخری بائیٹ میں کھلاؤ گا اوکے.......

مطی نے صرف ہاں میں سر ہلایا تھا اسے اپنے ارد گرد خطرے کی گھنٹیاں بجتی ہوئی سنائی دی تھی........

رزم نے وہاں ہر ممکن کوشش کی لیکن اسے مشی کا پتا نہیں چلا.....چلتا بھی کیسے یہ کام جلال نے جو کروایا تھا لیکن کم رزم بھی نہیں تھا اسنے جب پتا کروایا..... تو علینا کے نام کی نیویارک کے نام کی ٹکٹ تھی........

....

علینا مشی کی سیکٹری تھی...... لیکن وہ تو یہیں تھی اسکا مطلب تھا کہ مشی پچھلے ایک ہفتہ سے نیویارک میں رہا آئیش پزیر تھی.........

رزم نے یہاں کا سارا کام لیلیٰ کے حوالے کیا اور خود مشی کے پاس جانے کا فیصلہ کیا........

لیکن قسمت کہ انہیں آج ہی پتا لگا تھا ان لڑکیوں کے ٹھکانے کا....... تو رزم نے پہلے فرض کو رکھا اور لڑکیوں کو بازیاب کروانے انکے خفیہ اڈے پر پہنچ گیا.........

جب کہ لیلیٰ پیچھے کے راستے سے اندر جا کر سب لڑکیوں کو آزاد کروانے لگی....... جیسے ہی اس نے آخری لڑکی کو باہر نکلوایا کسی نے پیچھے سے اسکے سر پر وار کیا تھا..........

جب کہ ان سب باتوں سے بے خبر رزم نے لڑکیوں کو سیف جگہ پر پہنچایا اور خود بھی ان غداروں کا نام و نشان مٹانے کے عزم کے ساتھ اس نے وہاں بم فٹ کیا......

تھوڑی ہی دیر میں وہ وہ بے حیائی کا اڈا اب راکھ بن چکا تھا......

اور وہاں سے اپنی کامیابی اور جیت کے جھنڈے گاڑھے وہ اپنی ٹیم کے پاس آیا سبکا شکریہ ادا کرتے اسنے لیلیٰ کا جب پوچھا تو اسے جو جواب ملا وہ سن کر اسے شدید اشتعال آیا تھا.......

غصّہ سے اسکی راگیں تن گئی تھی....... وہ جانتا تھا وہ لوگ کتنے خطرناک ہیں اگر کوئی بچ گیا ہے تو مطلب صاف ہے کہ لیلیٰ خطرے میں ہے......

رزم پچھلے ایک ہفتے سے جی توڑ کوشش کر رہا تھا لیلیٰ کو ڈھونڈنے کی....... لیکن ناکامی کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا........

وہ حیران تھا اتنی جلدی وہ کیسے اسے لے کر جا سکتے ہے.......

وہ انجان نہیں تھا اسے سب پتا تھا کہ لیلیٰ بدل چکی ہے.....اسکارزم کی پسند کے کپڑے پہننا اسکی آنکھوں سے چھپا نہیں تھا...... لیکن وہ اسے کوئی جھوٹی امید نہیں دلانا چاہتا تھا......

لیلیٰ بھی باقی لڑکیوں کی طرح ایک معصوم لڑکی تھی جب 13سال کی ہوئی تو اپنے کھ بیٹی کو دیکھ کر اس کے باپ کی نیت خراب ہوئی...........

وخود تو کچھ نا کر سکا لیکن اپنے کالے دھندے میں اس نے لیلیٰ کو انولو کر لیا تھا........ شروع شروع میں کھانے میں ڈرگز دیا جاتا اسکے بعد جب اسے عادت ہوئی...... اسے بھی اپنے ساتھ ان غلط راستوں میں لے آیا ......

جب کالج می داخلہ دلوایا تو مقصد اتنا ہی تھا کہ لڑکیوں کو ڈرگز کی عادت ڈال کر........ ہر روز ایک نئے درندے کے اگے پھینکا جاتا اور صرف انکو ہی نہی........یہ سب لیلیٰ کے ستہ بھی ہو چکا تھا.......

لیکن اسکی قسمت اچھی تھی جو اسے رزم مل گیا....... اور اس نے اسے اس دلدل سے نجات دلائی.........

ان سب میں اسکی تو کوئی غلطی نہیں تھی.........ماں کے مرنے کے بعد باپ نے بھی اسے استعمال ہی کیا تھا .....دولت حاصل کرنے کے لئے..........

اس نے کبھی پیار کو پہچانا ہی کہا تھا......شاید اسی لئے جب زندگی میں رزم آیا تو اسے پیار کے معائینے پتا لگے تھے......... لیکن وہ بھی مشی کے پیچھے پاگل تھا......... لیلیٰ نے قسمت سمجھ کر چھوڑ دیا تھا....... کیوں کہ وہ بھی سمجھ گئی تھی کہ رزم اسکے بارے میں سب جانتا ہے اور ایسی لڑکی سے شادی کوئی بھی کرنا نہیں چاہے گا

....

لیکن جب مشی کی موت کا سنا تو اسے افسوس تو بہت ہوا تھا.....رزم بھی اکیلا ہو گیا تھا.....اسی لئے وہ انکی مدد کرنے کے لئے انکی ٹیم کا حصّہ بن گئی........... تاکہ وہ بھی سکون کی زندگی جی سکے..........

رزم کو اس سے محبت نہیں تھی....... لیکن وہ ایک اچھی لڑکی تھی اور دوست چکی تھی اس لئے اب وہ زیادہ پریشان ہو رہا تھا........

جب اگلے دن اسے سراغ ملا تھا...... وہ گئے بھی تھے وہاں........ اور وہاں جا کر جب ان لڑکوں کو پکڑ کر تفتیش کی گئی تو پتا لگا کہ.......

کوئی لیلیٰ کو 4 دن پہلے انہیں بیچ کر گیا تھا....... تب اسکی حالت بہت خراب تھی........ کیوں کہ ۳ دن مسلسل اسکے جسم کو نوچا گیا تھا......

اور جب انکے حوالے کیا تو اسکی حالت کو دیکھ کر اس دن تو اسے بخش دیا لیکن اسکے بعد 3 دن تک مسلسل وہ 2 لڑکے اور انکے ۳ عیاش دوستوں نے بھی اسے نا بخشا.........

اور اب جب اسکی سانسیں اسکا ساتھ چھوڑنے کو تھی تو وہ لوگ اسے کسی بیچ پر پھینکنے جا رہے تھے........

یہ ساری باتیں سن کر رزم کے آگے کچھ دنوں پہلے کھانا کھاتے ہوئے لیلیٰ کا معصوم چہرہ لہرایا تھا....... وہ ان سب باتوں کو سوچتا ایک کمرے کی طرف بڑھا تھا جہاں داخل ہوتے ہی اسے اپنی نظریں جھکانی پڑی تھی.....

اس لڑکی نے کبھی کوئی خوشی دیکھی ہیں تھی اور آج وہ اپنی آخری سانسیں گن رہی تھی وہ بھی اتنی اذیت بھری .... رزم نے اسکے اوپر چادر ڈالی لیکن اسکی نظریں جھکی ہوئی تھی........

رزم کی آنکھوں سے بے اختیار آنسوں جاری ہوئے تھے.........

جب لیلیٰ نے اسے کچھ کہنا چاہا تھا...... اسے بہت مشکل ہو رہی تھی لیکن اسے بولنا تھا....... آج تو رزم بھی اسے بولنے سے نہیں روک سکتا تھا........

مم........ میں.........!!!!!اسے تکلیف ہو رہی تھی لیکن وہ رکی نہیں تھی مسلسل بولنے کی کوشش کر رہی تھی............

مم...... میں نے..... تت........ تم... سے مح...... محبت سچی کک.........کی ہے.........
اس......اسے فریب.......نا..... سمجھنا.........

بولتے ہوئے اسکی سانسیں اکھڑنے لگی تھی لیکن وہ پھر بھی بول رہی تھی......اسکی آنکھوں سے آنسوں بہہ رہے تھے.......اسکی حالت اس پر بیتی ہوئی اپ بیتی بتا رہی تھی........

جب رزم نے اسے بولنے سے منا کیا تھا.......رونے کی وجہ سے اسکی اپنی آنکھیں سرخ ہی چکی تھی

....

تم کچھ مت بولو بلکل چپ رہو..... تمہیں کچھ نہیں ہو گا.......میں تمہیں ابھی ڈاکٹر کے پاس لے چلتا ہوں

....

رزم اسکے پاس سے اٹھا تھا.......جب لیلیٰ نے اسکا ہاتھ پکڑا تھا.........

مم........ میری دعا ہے.... کک...... مش...... مشی تمہیں... مل....... مل جائے

....

یہ کہنا تھا کہ لیلیٰ کا ہلتا وجود پل میں ساخت ہوا تھا.........وہ معصوم لڑکی دنیا کی تکلیفیں برداشت کرتے کرتے آج دم توڑ گئی تھی.......

جسے کبھی کسی نے دعا نادی بس نفرت ہی کی تھی آج وہ جاتے ہوئے بھی اپنے محبوب کے لئے دعا کر گئی تھی .... جس سے یسے اذیت تو ہوئی تھی....... لیکن یہ کرنا بھی تھا........

رزم کے دل میں آج پھر سے ایک نیا درد اٹھا تھا........وہ رویا تھا اس معصوم کے لئے جسکے لئے شاید اس دنیا میں رونے والا کوئی نہیں تھا............

کچھ دنوں تک تو وہ بلکل خاموش ہو گیا تھا........ لیکن زندگی کبھی بھی کسی ایک انسان کے جانے کی وجہ سے نہیں رو کتی........ انکی پوری ٹیم کو لیلیٰ کا بہت افسوس ہوا تھا..........

رزم آج پورے پانچ دن بعد اس نے نیویارک کا رخ کیا تھا...... وہ اپنی زندگی میں جسکے بھی قریب رہتا وہ لوگ اس سے دور چلے جاتے تھے..........

مس نیلوفر نے بھی رزم سے بات چیت بند کی ہوئی تھی انہوں نے صاف صاف لفظوں میں کہہ دیا تھا کہ اگر مشی مان جائے تو اسے اپنے ساتھ لے آنا.......... میں اپنی ناراضگی ختم کر دوں گی........

صبح تک اس نے نیویارک پہنچ جانا تھا...... اور اگر اسے مشی کے پاؤں بھی پڑنے پڑے تو وہ پڑے گا......... لیکن منا کر ہی رہے گا.....

جلال کی کیئر اور توجہ نے بیا کو اس ایک ہی مہینہ میں بلکل فٹ کر دیا تھا.........وہ اسکی ڈآئیٹ کا خود خیال رکھتا........جسکی وجہ سے وہ تھوڑی ہیلدی بھی ہو گئی تھی.......

لیکن جلال کو وہ بم بھرے بھرے وجود میں اور بھی اپنے دل کے قریب محسوس ہوتی.......

ابھی بھی وہ بے فکر سی جلال کے سینے پر سر رکھے سو رہی تھی.......اسکے بال اسکے چہرے کو کور کئے ہوئے تھے......

جب کہ جلال ایک کہنی کے بل اسے دیکھنے میں محو تھا......

جلال نے ہٹے بڑھا کر بیا کے چہرے سے بل ہٹائے تھے......اسکے ماتھے پر لب رکھتا وہ ابھی پیچھے ہوا ہی تھا جب بیا نے کروٹ لی تھی.......

یہ کیا جانم اب میں تمہیں دکھوں گا کیسے.........جلال کو اسکا کروٹ لینا پسند نہیں آیا تھا اس لئے بول پڑا
....

تو اپ ایسے مجھے گھور کر دیکھیں گے تو میں کیسے سوؤں گی ....بیا نے نیند سے بوجھل سر گوشی کی تھی

...........اگر جلال اسکے قریب نہ سویا ہوتا تو کبھی نا سنائی دیتی ....

حدیبیہ تم آ رہی ہو قریب یا میں اوں............

بیا کا پورا نام لینا مطلب وہ اس سے اپنی ناراضگی کا اظہار کر رہا تھا........

جب کہ بیا کی بھی آنکھ کھلی تھی نیند بھگ سے اڑی تھی ....وہ آرام سے کروٹ لیکر دوبارہ جلال کے سینے پر سر رکھ گئی........

اپ یوں بار بار ناراض نا ہوا کریں ......بیا نے اپنا چہرہ اوپر اٹھا کر بڑے لاڈ بھرے انداز میں اس سے استفسار کرنے لگی.......

جلال نے مسکرا کر اسکا سر دوبارہ سے اپنے سینے پر رکھا اور بالوں میں انگلیاں چلانے لگا........جانم اٹس کالڈ ایموشنل بلیک میلینگ.........

جب کہ بیا نے سنتے ہی مسکرا کر اس کے سینے پر مکا جڑا تھا.......اور کب دوبارہ سے نیند کی وادیوں میں اتر گئی اسے پتا ہی نا چلا جب کا جلال ایک بار پھر سر اسے نہارنے لگا..........

بیا کو دیکھ کر اسے احساس ہوت تھا کہ دنیا بہت ہی خوبصورت ہے.......اپنا نرم گرم لمس اسکے ماتھے پر چھوڑتا وہ خود بھی آنکھیں بند کر گیا.........اور بیا کی موجودگی کو محسوس کرنے لگا......

جاری ہے.......

Ye ly g waqt sy pehly hi epi hazir hi...... is epi mai shaiyed ap logon ko laila pr rehm ajye....... 🙈😍 mai group mai ap logon ky reviews ka wait kro gi .... Next epi mai sham mi likhna start kron gi😁😍😎......subha subha ap logon ki waja sy uth kr epi likhi hi.........ab to thora rehm krlo😢....... Warna likes barha kr 2k kr do gi........😈😈😈

Don't copy paste without permission 💣💣💣💣

#ناول_مریض_ء_عشق

#رائیٹر_سندس_پری

#قسط_نمبر_38

مطربہ نے حامی تو بھر لی تھی لیکن اب وہ کرنے کیا والا تھا یہ اسے نہیں پتا تھا.

غازی نے چاکلیٹ کا ایک پیس الگ کیا اور اسے مطی کے منہ کر قریب کیا کہ کھاؤ اسے..........

مطی نے جب وہ چاکلیٹ کا پورا پیس اپنے منہ میں لینا چاہا تو غازی نے ہاف اسکے منہ میں ڈالا اور اسے بغیر سمجھنے کا کوئی بھی موقع دیے جلدی سے خود بھی جھکا اور بچا ہوا آدھا پیس کھانے لگا.......

یہ سب اتنی جلدی ہوا کہ مطی کو کچھ سمجھنے کا موقع ہی نا ملا......

وہ تو حیرانگی سے غازی کو دیکھ رہی تھی جو اب جھک کر اسکے لبوں کو ٹچ کرتے ہوئے خود بھی چاکلیٹ کھانے کے بہانے اسکی جان کو مشکل می ڈال چکا تھا..........

مطی نے غازی کے سینے پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے خود سے دور کرنا چاہا..........

لیکن غازی نے اسکے دونوں ہاتھوں کو اپنی مضبوط گرفت میں لیکر اسکی یہ کوشش ناکام بنادی.........

مطی مسلسل خود کو اسکی مضبوط گرفت سے آزاد کروانے کی کوشش کر رہی تھی........ جب غازی کو بھی اس پر رحم آیا اور اسنے اسے آرام سے آزادی بخشی.........

اس سے پہلے مطی باہر کی طرف بھاگتی غازی نے اسے کمر سے پکڑ کر دروازے کے ساتھ لگادیا.......... جب کہ مطی لمبے لمبے سانس لیکر خد کو نارمل رکھنے کی بھرپور کوشش کر رہی تھی.......

چھوڑو مجھے تم کمینے انسان....... تم......... تم ایک نمبر کے چھچھورے انسان ہو...... دور ہٹو مجھ سے.

تم کیوں اتنا گھبرا رہی ہو میری قربت سے........

کہی تمہیں مجھ سے پیار شیار تو نہیں ہو گیا........غازی نے اسکے نے اسکے دونوں ہاتھ دیوار سے لگاتے ہوئے شریر انداز اپنایا تھا........

تم.......... تم پہلے مجھ سے دور ہٹو ہاتھی کہیں کے مجھ سے سانس نہی لی جا رہی......... موٹے ہو گئے ہو تم کافی.........

مطی مٹی اغازی کا دھیان بٹانے کے لئے بات کو نیا رخ دیا تھا........

میں تمہارا مطلب صاف سمجھ رہا ہوں......... یہ جو تمہارے چہرے کی لالی ہے نا اور یہ جو تمہارا دل ہے .... یہ مجھے سب کچھ صاف صاف بتا رہا ہے....... اب تم منہ سے بھی بول دو تبھی تمہیں آزادی ملے گی ....

کیوں کہ یہ تو میں جان گیا ہوں کے آگ دونوں طرف برابر لگی ہوئی ہے.........

غازی نے کہتے ہوئے پہلے تو اسکے رخسار کو اپنے ہاتھوں سے چھوا اسکے بعد اسکے دل کے مقام پر اپنی انگلی رکھ کر اسکی سانسیں روک گیا تھا.........

مطی دم سادھے بس اسکی اپنی دھڑکن کو نارمل رکھنے کی کوشش کر رہی تھی......

اب بتا بھی دو......غازی نے اسے ٹھوڑی سے پکڑ کر اسکا چہرہ اوپر کیا تھا اور اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا

....

بتاؤ......... تمہارے دل کی بات تو میں جانتا ہوں.....اب تم بھی اظہار کر ہی دو........

جب کہ مطی خاموشی سے بس اسکی شرٹ کے بٹن کو دیکھ رہی تھی........اور سوچ رہی تھی کہ وہ کیا کہے ....وہ کیسے اپنے جذبات اسکے سامنے رکھ سکتی تھی........جب اسکے بھی کو کچھ پتا ہی نہی تھا.........

وہ لاکھ بولڈ سہی لیکن وہ کیسے یہ سب کرتی اور جب جلال کو پتا چلے گا تو کیا ہو گا.......اسکے اگے وہ سوچنا بھی نہیں چاہتی تھی.........

غازی نے مطی کو سوچوں میں ڈوبا پایا تو اپنی گرفت اس پر مظبوط کرتے اسے اپنی طرف متوجہ کیا........

🍁 "خبر رکھتا ہے میرے پل پل کی

گمان ہے، محبت وہ بھی کرتا ہے" ❤️

مطی نے غازی کی طرف دیکھنے سے مکمل گریز کرتے ہوئے یہ شعر کہا تھا........

غازی مطی کی چالاکی پر جی بھر کر ہنسا تھا...... اب تمہارے جیسا محبوب ہو گا تو خبر تو رکھنی پڑے گی نا...... لیکن تم بات کو بدل نہیں سکتی اوکے....... اب بتاؤ وارنہ جانے تو آج میں بھی نہیں دو نگا.........

مطی خاموش رہی تو غازی نے اس پر اپنی گرفت اور سخت کی تھی مطلب صاف تھا کہ جواب دو میں انتظار میں ہوں ......

مطی نے بھی سوچ لیا تھا کہ اگر وہ اسے دل کی بات نا بتائے اور اشارہ دے دے..... تو باف نی جلال کا بھی بتا دے گی.....

مطی نے مسکراتے ہوئے اسکی آنکھوں می دیکھا تھا...... لیکن جلد ہی اسے احساس ہوا کے وہ غازی کی لو دیتی نظروں کا مقابلہ نہیں کر سکتی....... اس لئے نظریں جھکاتے وہ اسکے سینے پر اپنا سر ٹکا گئی تھی..........

مطی کا انوکھا اظہار دیکھ کر غازی نے اسے اپنے سینے میں بھینچ لیا تھا......... جب مطی نے پر سکون سی اپنی آنکھیں بند کر لی تھی.......

غازی نے اسکے بالوں پر بوسہ دیا تھا....... اور خوشی سے جھومتے اسے اپنی باہوں می اٹھایا تھا.........

جب مطی نے اسکی کمر نی مکا جڑا اور خود کمرے سے باہر کی طرف بھاگی......

یہ اتنا آسان نہیں ہی جتنا تمہیں لگ رہا ہے........ ابھی تمہیں میرے بھی سے ملنا بھی ہے........ اور انکو دیکھتے تمہارا کیا حال ہونے والا ہے یہ دیکھ کر میں تو بہت انجوے کرنے والی ہوں......

اس سے پہلے غازی مطی تک پہنچتا..... مطی کمرے کا دروازہ باہر سے لاک کر کے بھاگ گئ...... پیچھے غازی مطی کی چالاکی پر کڑھتا رہ گیا..........

لیکن وہ خوش تھا کہ مطی بھی اس سے محبت کرتی ہے.......... اب بھائی کو بھی دیکھ لے گے........ اتنے ڈولے میں نے ایسے ہی نہیں بنائے.......... سالے صاحب کو بھی منالے گے...... اور اب تو جلد ہی ملنا پڑے گا ان سے........

اس بات سے انجان کے اسکا سالا کوئی اور نہیں بلکہ جلال ہے.....وہ خیالی پلاؤ بنا رہا تھا.......اب دیکھنا تھا کے اس ملاقات میں کس کے چھکے چھوٹنے والے ہیں......

رزم سارے کاموں سے فارغ ہو کر اب اپنی متاع جاں کے پاس جا رہ تھا جو کہ اسے دیکھنا بھی گوارا نہیں کرنے والی لیکن پھر بھی وہ جانا چاہتا تھا اس سے معافی مانگنا چاہتا تھا.

تھوڑی ہی دیر میں وہ اسکے روبرو ہونے والا تھا جسکا وہ گناہگار تھا۔۔۔۔۔۔۔

رزم نے اپنے آپ کو ہر چیز کے لئے تیار کر لیا تھا اسے پتا تھا اتنی آسانی سے اسے اسکے گناہوں کی معافی نہیں ملنے والی۔۔۔۔۔۔اس لئے اسنے سوچ لیا تھا وہ مشی کی ہر بات چپ چاپ سنے گا۔۔۔۔۔

رزم نائیفہ مینشن کے باہر کھڑا تھا اس میں اتنی ہمت نہیں ہو رہی تھی کہ وہ دروازہ کھٹکا سکے۔۔۔۔۔۔۔ کانپتے ہاتھوں سے اس نے ڈور بیل بجائی تھی۔۔۔۔۔

مشی جو کہ واپس جانے والی تھی بیل کی آواز پر مڑی تھی اور جا کر دروازہ کھولنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دروازہ کھولتے ہوئے اسکا دل اچانک ہی گھبرایا تھا جیسے کچھ برا ہونے والا ہو۔۔

لیکن اپنے دل کہ وہم سوچ کر اسنے دھڑکتے دل کے ساتھ دروازہ کھولا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اور اسکی سانس وہی کہیں سینے میں اٹک گئی تھی اپنے سامنے اس ستمگر کو دیکھ کر۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مشی کی آنکھوں سے شفاف موتی گرتے ہوئے بے مول ہو رہے تھے جب کہ وہ اپنے منہ پر ہاتھ رکھے نا میں سر ہلا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

اس سے پہلے وہ بے ہوش ہو کر گرتی۔۔۔۔۔۔۔۔ رزم جو رو رہا تھا اسکی ایک جھلک پر ہی تڑپ کر اسکی طرف بڑھا اور اسے اپنے بازوں کے گیرے میں بھرتا اندر ہی طرف بڑھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

جہاں جا کر اسکی دنیا ہی بدلنے والی تھی۔۔۔۔۔۔ اپنے جگر کے گوشوں کو دیکھ کر۔۔۔۔۔۔۔۔ اگر مشی ہوش میں ہوتی تو کبھی اسے اتا بھی نا لگنے دیتی۔۔۔۔۔۔۔۔

لیکن جو ہم سوچتے ہیں وہ کبھی ہوا ہے۔۔۔۔۔۔۔ جو آج ہو گا۔۔۔۔۔۔۔۔ ہونا تو وہی ہے۔۔۔۔۔۔ جو لکھا جا چکا ہے قسمت میں۔۔۔۔۔۔۔۔

اور رزم کی قسمت اسکے ساتھ تھی کہ آج مشی کی ساتھ ساتھ اسے اپنی اولاد بھی ملنے والی تھی۔۔۔۔۔۔۔اسکی زندگی میں بھی خوشیاں انے والی تھی۔۔۔۔۔۔۔

لیکن کیا یہ سب اتنا اسان تھا۔۔۔۔۔۔ مشی معاف کرے گی اسے۔۔۔۔۔۔

ان سوچوں سے انجان وہ اسے لئے ڈرائینگ روم میں گیا۔۔۔۔۔

اور ڈاکٹر کو بلوانے کے لئے میگی کو کہا جو کہ رزم کو دیکھتے وہاں آگئی تھی۔۔۔۔۔۔۔اور سوچ رہی تھی کہ اٹھنے کے بعد پتا نہیں کونسا طوفان انے والا تھا۔۔۔۔۔۔

لیکن اس نے رزم کو بچوں کے بارے میں کچھ بھی نہیں بتایا تھا۔۔۔۔۔۔ وہ فون کرتے ہی خاموشی سے بچوں کے پاس چلی گئی تا کہ وہ شیطان یہاں نا آجائے۔۔۔۔۔۔۔

پچھلے ایک مہینہ سے جیک اسکے ساتھ تھا....... پہلے تو ہسپتال میں 20 دن رہے کیوں کہ اسکی حالت ہی اتنی خراب تھی...... سبکو جہاں لگا تھا کہ وہ زندگی سے ہار گئی ہے.......

لیکن نہیں وہ ہاری نہیں تھی......... جب رزم نے اسے گلے سے لگایا تھا تب اسے محسوس ہوا تھا کہ اسکی دل کی دھڑکن بہت ہی سست رفتار سے چل رہی ہے......

اس نے بغیر کسی کو بھی بتائے اسے ہسپتال میں داخل کروایا تھا لیکن اسکی شناخت بدل کر اب وہ لیلیٰ نہیں بلکہ میرب تھی.......

جسکی ذمہ داری رزم نے جیک یعنی جسیم قنوان کو دی تھی وہ مطی کا دوست تھا...... لیکن رزم کی ملاقات بھی اس سے پچھلے سال ہوئی تھی وہ ایک واحد دوست تھا مطی کا......... رزم نے جیک کو میرب کی ذمہ داری دی تھی

......

جو کہ وہ بخوبی نبھا بھی رہا تھا........ وہ تو حیران تھا کہ اتنا بھی کوئی پیارا ہو سکتا ہے...... معصومیت تو اسکے چہرے سے ہی جھلک رہی تھی...... اسے غصہ تھا........ کہ لوگ اتنے ظالم کیسے ہو سکتے ہیں........ کہ اپنی ہی بیٹی کے ساتھ اتنا برا کرے اور پھر اسے اس ظالم دنیا میں بھیڑیوں کے اگے ڈال دے........

اور وہ بھی کتنی معصوم تھی اور جتنی معصوم تھی اتنی ہی بہادر جو اس دنیا کی اتنی تلخی جھیلنے کے بعد بھی نہیں ہاری تھی......

اور آج جیک نے بھی وعدہ کیا تھ خود سے کہ اب وہ کبھی بھی اسے جوئی تکلیف نہیں پہنچنے دے گا.........

جسیم قنوان اسکا پورا نام تھا لیکن یہاں پر سب اسے اسکے نک نیم جیک سے جانتے تھے..... وہ چوڑی جسامت والا 25 سالہ مرد جسکی بلیو آنکھیں کوئی بھی دیکھتا تو مانتا ہی نا کے وہ کوئی گورا نہیں بلکہ پاکستان میں رہنے والا ایک وجاہت کا شاہکار تھا...... یونی کی ساری لڑکیاں تو اسکی ان نیلی آنکھیں پر ہی فدہ تھی......

وہ کوئی سخت مزاج نہیں تھا ہنس مکھ سا تھا خود بھی خوش رہتا اور اپنے سے جڑے لوگوں کو بھی خوش رکھنا اسکا کام تھا....... اسکے ماں باپ..... مسٹر قنوان علی اور عینی دونوں نے اسکی تربیت میں کوئی کمی نہیں چھوڑی تھی.......

وہ بھی انکے ساتھ یہی سویڈن میں رہائش پزیر تھے....... جب انکو جسیم نے میرب کے بارے میں بتایا تو انہوں نے خوشدلی سے اسے ویلکم کیا تھا...... لیکن وہ بھی اس حالت میں نہیں تھی کہ سمجھتی کہ وہ کہا ہے....... یہ سب آسان بھی نہیں تھا اسکے لئے......... اب شاید ہی وہ کسی پر یقین کرتی یا محبت کرتی.......

فلحال اسکے بیرونی زخم تو بھر چکے تھے لیکن اندرونی کا کچھ پتا نہیں تھا....... وہ بس سارا سارا دن خاموش رہتی تھی ...... جسیم اس سے اتنی باتیں کرتا اسے ہنسانے کے جتن کرتا لیکن اس نے تو جیسے اپنے اوپر کفل لگا دیے تھے کے کسی بات کا کوئی اثر ہی نہی ہوتا تھا.......

رزم نے جسیم سے کچھ بھی نہیں چھپایا تھا اس نے میرب کا سارا پاسٹ کھول کر رکھ دیا تھا....... اسکے سامنے ...... اسکے باوجود بھی جسیم نے یہی کھا تھا کہ وہ آپنائے گا میرب کو........ لیکن وہ نکاح ابھی کرے گا اس سے.......

جب اسکی طبیعت تھوڑی سمبھلی تو اپنے ماں باپ کے ہمراہ سادگی سے ان دونوں کا نکاح کر دیا گیا........ میرب کو نہی پتا تھا کہ کیا ہوا ہے......... بس اسے یہ احساس تھا کہ اب اسکی بھی ایک فیمیلی ہے....... اسکے ماں باپ...... جب بھی وہ لوگ اسکے ساتھ ہوتے اسے اپنے پن کا احساس ہوتا تھا.......

جسیم نے کسی کو بھی کچھ نہیں بتایا تھا میرب کے بارے میں بس سرسری سا بتایا تھا....... کہ وہ اکیلی ہے ....اور ماں باپ کی دوری نے اسکی یہ حالت کر دی ہے..........

رزم ان سب سے خوش تھا اسے معلوم تھا کہ جسیم اسے ایک خوشگوار اور خوشحال زندگی دے سکتا ہے اور وہ سب خوشیاں بھی جسکی وہ حقدار ہے........

جاری ہے....

Dua kary ky mai jald theek ho jao........ Ab to ankhon mai b pain hai.....😥😥koi b heran na ho .... Q ky mai pehly keh chuki hun kisi b kirdar ke sath na insaafi nahi hogi...... agr dukh mily hain to us sy barh kr khushian b mily gi .... bs sbr rakhy or muj pr yakeen b .... like comment krna na bholy ....

Don't copy paste without permission 💣💣💣💣

#ناول_مریض_ء_عشق

#رائیٹر_سندس_پری

#قسط_نمبر_39

مشی بے ہوش بستر پر پڑی ہوئی تھی جب کہ رزم پریشان سا اسکے ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں لئے بار بار اپنے لبوں سے لگا رہا تھا۔۔۔۔۔اور ڈاکٹر مشی کا چیک آپ کر رہی تھی۔۔۔۔چیک اپ کرتے وہ رزم کی طرف متوجہ ہوئی تھی

۔۔۔۔۔۔

کیا لگتی ہیں یہ آپ کی؟۔۔۔۔

یہ میری۔۔۔۔۔۔۔۔۔میری وائف ہے۔۔۔۔۔آج پتا نہیں مشی کو اپنی وائف کہتے ہوئے کیوں اسکی زبان لڑکھڑ آئی تھی۔۔۔۔۔لیکن وہ خود کی کیفیت پر قابو پاتے ہوئے گویا ہوا۔۔۔۔۔۔

ڈاکٹر کیا ہوا ہے انھیں؟؟؟؟۔۔۔۔یہ ٹھیک تو ہے نا۔۔۔۔۔۔

پریشانی والی بات تو ہے۔۔۔۔۔ کیا انکو کوئی صدمہ ہوا ہے۔۔۔۔۔۔ پہلے کبھی انکا نروس بریک ڈاؤن ہوا ہے ؟؟؟؟؟؟۔۔۔۔۔

جب کہ رزم تو بلکل خاموش تھا اور حیرانگی سے ڈاکٹر کی طرف دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ کیسے یہ بھول گیا کہ وہ ہی تو تھا جس نے اسے اتنے دکھ دیئے کہ وہاں سے جانے کے بعد بھی مشی کی حالت ایسی رہی۔۔۔۔۔یہ سب سنتے اسکے سینے میں ایک نئی تکلیف اٹھی تھی۔۔۔۔۔

لیکن اسے برداشت کرنا تھا سب کچھ برداشت کرنا تھا آخر کو سب کچھ اسکا اپنا ہی تو کیا دھرا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

